۱۔ اب مین اپنے گردیو کے چرن کملون کی پراگ رج کو بندن کرتا ہون جو سرچ دھتا ہے سگندھت ہے سرس ہے اور چرن کملون کی ارنائی کی جھلک سے کچھ ارن بھی ہے پھر وہ رج کسی امرت مور کا سندر چورن ہے جو جنم مرن کے سمست روگون کے پروار کو ناش کرتا ہے ۳۔ شش برگون کے سکرت روپی شو کے شریر کی بمل بھبھوت ہے اور آنند منگلون کی جنم بھوم ہے ۴۔ شش برگ (چیلہ لوگ) کے من روپی درپن کے اگیان مل کی ہرنی ہے اور تلک کرنے سے سب گنون کی بس کرنی ہے ۵۔ سوامی کے چرنون کے نکھون کی من گنون کے سمان جوت کے اسمرن کرتے ہی ہردے مین دبیہ درشٹ ہوتی ہے۔ ۶۔ انکا سندر پرکاش موہ تم (اندھکار) کو ناش کرتا ہے بڑے بھاگ اسکے جسکے ہردے مین آوین۔ ۷۔ اسکے آتے ہی ہردے کے نیتر کھل جاتے ہین اور اگیان رات کا اندھیرا دور ہو جاتا ہے۔ ۸۔ تب تو سمست رام چرتر من مانک سوجھنے لگتے ہین۔

گپت اور پرگٹ جہان جس کھان کے ہین ۔ ۱۔ دوہا ۔ جیسے سو انجن ار تھات منتر سدہ ہونکا انجن کو نیترون مین آنج کر سجان سادھک اور سدہ دونون انایاس پربت بن سمدر پرتھوی سبکو گھر بیٹھے ہی دیکھتے ہین ایسے ہی رام چرتر دیکھ پڑتے ہین ۔

۱	بندون پرتھم مہی سُر چرنا		موہ جنت سنشی سب ہرنا	
۲	مد منگل مے سنت سماجو		جو جگ جنگم تیرتھ راجو	
۳	رام بھکت جہہ سرسر دھارا		سرسوت برہم بچار پرچارا	
۴	بدہ نکھیت مے کل مل ہرنی		کرم کتھا رب نندن برنی	
۵	ہر ہر کتھا براجت بینی		سنت سکل مد منگل دینی	
۶	بٹ بشواس اچل نج دھرما		تیرتھ راج سماج سکرما	
۷	سب ہی سلبھ سب دن سب دیشا		سیوت سادر شمن کلیشا	
۸	اکتھ الوکک تیرتھ راؤ		دیہی سدی پھل پرگٹ پربھاؤ	
۲- دوہا	سن سمجھین جن مدت من مجین اتی انراگ لہین چار پھل اچھت تن سادھ سماج پرماگ			

۱- اب انیہ رام بھکت گسائین تلسی داس شری مد بھاگوت کے اس اشلوک کے انسار سمست بشو کو رام آتمک جانکر بندن کرتے ہین ۔ اشلوک کھنگت بائیو نگنشنگ سللنگ مہینگ چہ جوتینگ شیچ ستوان دشو درما دین ۔ سرت سمدرانشچ ہر شیہ شریرنگ یت کنچ بھوتنگ پرنمید ننیہ ۔

स्लो॰ खंवायुमग्निंसलिलंमहीञ्चज्योतींषिसत्वानि
दिशोद्रुमादीन्। सरित्समुद्रांश्चहरेःशरीरंयत्किं-
चिभूतंप्रणमेदनन्यः ॥

یہان پرتھم آچارج دوج (براہمن) دیوتا کو بندن کرتے ہین جو مہی سُر اس پرتھوی پر دیو گرو برہسپت کے سمان بدیاوان ہین اور برن آشرم بیدک دھرم پر آرُوڑہ ہین کرم اپاسنا گیان بھگت براگ سمپنن ہین اور اپنے آشرت موکش چاہنے والون کے موہ جنت سب سندیہون کو دُور کر انکو سچا مارگ درشاتے ہین جیسے ہاریت اسمرت مین لکھا ہے اشلوک ۔ آچارج نگت سنگ شریت پورب منا گھنگ بشنو نگت دوجنگت ۔ تسدہ ٥

ستوگنوپیتن نوبجیا کرم کارکنگ - ست سمپردائے سنجگتنگ منتر رتنارتھ کوبدنگ گیان
بیراگ سنجگتنگ بید بیدانگ پارگنگ - شاستار سداچاریہ سرب دھرم
بداپرنگ - مہابھاگوتم بپرم سداچار نسیونم - آلوڈییہ سرب شاستران پرانانچ سربشہ
تدرتھ ماچرے دلیشت آچارج اتی ریتہ —

श्लो० आचार्य्यसंश्रयेत्मुख्यमनघंवैष्णवंद्विजम् । शुद्धसत्त्वगुणो-
पेतन्नवेज्याकर्म्मकारकम् ॥ सत्सम्प्रदायसंयुक्तंमंत्ररत्नार्थको-
विदम् । ज्ञानवैराग्यसंयुक्तंवेदवेदांगपारगम् ॥ शासितारंस-
दाचारैःसर्व्वधर्म्मविदांवरम् । महाभागवतंविप्रंसदाचारंनि-
सेविनम् ॥ आलोड्यसर्व्वशास्त्राणिपुराणानिचसर्व्वशः ।
तदर्थमाचरेद्यस्तुसआचार्य्यइतीरितः ॥

ایسے جو بھی سترنکو مین بندن کرتا ہون - ۲- جن سنت جن مہی سرونکا سماج آنند منگل روپ
ہی ہے اور اس سنسار مین جنگم ارتھات چلتا پھرتا تیرتھ راج پریاگ راج ہی کے سمان شوبھتا ہے

अथनवेज्यकर्म्माः ॥ अर्च्चनंमंत्रपठनंध्यानंहोमञ्चवन्दनम् । स्तु-
तियोगंसमाधिञ्चतथामंत्रार्थचिन्तनम् ॥ एतैर्नवविधःप्रोक्ता
नवेज्यावैष्णवोत्तमाः । नित्यमभ्यर्च्चयेद्विष्णुंयावज्जीवमतन्द्रितः

۳- سرلوتم رام بھگت تو جس سنت سماج تیرتھ راج مین پرموتم شری گنگا ہین جو برہم بچار
گیان کی پرچارک ہین پرباہ کو سدا بڑھاتی ہین اور جیسے پریاگ راج مین سرسوتی گنگا جمنا
کے سمپٹ مین گپت ہین تیسے ہی سنت جن برت سرسوتی کو بھگت گیان کے سمپٹ مین
گپت رکھتے ہین لوک سنگرہ کے نمت شبھ کارجون مین برتمان رہتے ہین یہ گیان کانڈ ہے
۴- بدھ ارتھات شبھ کامون کا کرنا نکھیدھ ارتھات اشبھ کامون کا کرنا ایسی بدھ نکھیدھ
سنجگت کرم کتھا جو پاپون کو ہرتی ہے سوئی سنت سماج مین رب تندنی جمنا جی ہین یہ کرم
کانڈ ہے — ۵ بید پران اتہاسون مین کی جو ہرہرادکون کی کتھا جنمین کرم کانڈ اور گیان
کانڈ دونون کی سندھ ہے سوئی سنت سماج پریاگ مین گنگا جمنا دونون کی بینی ارتھات
سنگم ہے یہ اپاسنا کانڈ ہے — ۶ — اپنے دھرم مین جو اچل بسواس سوئی سنت سماج مین
اکشی بٹ ہے جیسا شری مدبھاگوت مین کہا ہے — اشلوک

श्लो० त्रिभुवनविभवहेतवेप्यकुण्ठस्मृतिजितश्चात्मसुरादिभिर्विमृग्यात्। नचलतिभगवत्पदारविन्दाल्लवनिमिषार्द्धमपिसवैष्णवाग्र्यः॥ ननाकपृष्ठंनचसार्व्वभौमंनपारमेष्ठिंनरसाधिपत्यं। नयोगसिद्धिंनपुनर्भवंवावाञ्छन्तियत्पारजःप्रपन्नाः॥

ایسا ششون کا تیرتھ راج سُکر یا سماج ہی۔ ۷ اپنی پرم دیالتا سے استھاور جنگم جیوون کو سرب دیش سرب کال مین سُلبھ ہوتے ہین اسی سے جنگم (چلنے والے) تیرتھ راج کہے ہین اور سیوون کرتے ہی سب کلیشون کو ناش کرتے ہین۔ اشلوک۔

नारदपंचरात्रे॥ यंयंस्पर्शतिपाणिभ्यांयंयंपश्यतिचक्षुषा। स्थावराण्यपिमुच्यन्तेकिम्पुनर्बान्धवाजनाः॥ तत्पादाम्बुवरन्तीर्थंतदुच्छिष्टंसुपावनं। तदुक्तंमात्रमन्त्राग्रंतत्स्पृष्टमखिलंशुचि॥

ارتھات جس جس کو بھگوت جن اپنے ہاتھون سے چھوتے ہین اور جس جس کو اپنے نیترون سے دیکھتے ہین تے استھاور جیو بھی پاپون سے چھوٹ جاتے ہین تو پھر انکے سمبندھیون کو کیا کہنا ہی انکے چرن پرچھالن کا جل (یعنی چرنامرت) اُتم تیرتھ ہی انکا اچھشٹ (جوٹھا) اَت پاون ہی انکا بچن مہا منتر ہی۔ انکا چھوا سمست پوتر ہی۔ ۸ اس تیرتھ راج کی مہما اکتھ ہی اور یہی تیرتھ راج اپراکرت ہی۔ اشلوک۔

भागवते॥ स्वधर्म्मनिष्ठःशतजन्मभिःपुमान्विरंचितामेतिततःपरस्तुमां। अप्राकृतंभागवतोयवैष्णवंपदंयथाहंविबुधाःकलात्यये॥

اور اپنے سیوون کا پھل تُرت ہی دیتا ہی یہ پربھاو اسکا لوک اور بید مین پرسدھ ہی۔

۲۔ دوہا۔ جو کوئی اس سماج کے اپدیش کو سنکر سمجھتے ہین اور پرسن ہوتے ہین سوئی نانو بڑے پریم سمیت اس اپدیش روپی جل مین اشنان کرتے ہین اور اسی جنم مین چارون پھل پاتے ہین ایسا یہ سنت سماج تیرتھ راج ہی۔

۱ جن اسنجرج کری سن کوئی ۔ سنت سناشت مہما نہین گوئی
۲ بالمیک نارد گھٹ جونی ۔ نج نج مکھن کہی نج ہونی
۳ جل چر تھل چر نبھ چر نانا ۔ جے جڑ چیتن جیو جہانا
۴ مت کیرت گت بھوت بھلائی ۔ جب جہ جتن جہان جہ پائی

۵ سو جانی ست سنگ پربھاؤ لوکہو بید نہ آن اپاؤ
۶ بن ست سنگ ببیک نہ ہوئی رام کرپا بن سلبھ نہ سوئی
۷ شٹھ سدھرہن ست سنگت پائی پارس پرس کدھات سہائی
۸ بدھ بس سجن کسنگت پرہین پھن من سم نج گن انسرہین

۳۔ دوہا
سنت سرل چت جگت ہت جان سوبھاؤ سنیہہ
بال بنے سن کر کرپا رام چرن رت دیہہ

۱۔ ست سماج پریاگ راج کی ایسی مہما سنکر کوئی آشچرج نکرے کیونکہ ست سنگ کی مہما چھپی نہین ہے ۲۔ دیکھو بالمیک جی نے اپنا بیادھ جون سے برہمرشی ہونا اور نارد جی نے اپنا داسی پتر سے دیورشی ہونا اور اگست جی نے اپنا گھٹ جون سے مہارشی ہونا اپنے اپنے مکھون ہی سے کہا ہے ۳۔ اور بھی جو جلچر تھلچر نبھچر اکاش گامی چر اچر جیتنے جیو ہین ۔ ۴ و ۵۔ ان سبھون مین سے جس جس کسی نے ست سنگ کے پربھاو سے مت اتھوا کیرت گت بھوت بھلائی جس جتن سے جہان پائی ہے سو اسی کے پربھاو کو جانتا ہے کہ لوک اور بید مین اور کوئی اپاے نہین ہے ۶۔ بنا ست سنگ کے ببیک نہین ہوتا ہے اور بھگونت کرپا بنا ست سنگ نہین ملتا ہے ۷۔ ست سنگ کو پاکر شٹھ بھی سدھر جاتے ہین جیسے پارس کو چھوکر لوہا بھی کنچن ہو جاتا ہے ۸۔ اور جو دیو آدھین سجن کسنگت مین پڑ جاتے ہین تو سرپ کی منی کے سمان اپنا ہی گن کرتے ہین ۔ ۳۔ دوہا۔ آپ سنت جن تو سرل چت اور جگت کے ہتکاری ہین میرے سوابھاوک سنیہہ کو جانکر اور بال بنے سنکر سری رام چندر جی کے چرنون مین پریت ہونے کا بردان دیجیے ۔

دوہا
بندون سنت سمان چت ہت ان ہت نہین کوے
انجل گت شبھ سمن جم سم سگندھ کر دوے

جو سنت جن سب جیون کو بھگوت بھوت جانکر سب کو کرپا درشٹ ہی سے دیکھتے ہین شتر اور متر (دشمن اور دوست) مین کچھ بھید نہین سمجھتے ہین جتھا شکت (اپنے مقدور بھر) سب کے ساتھ بھلائی ہی کرتے ہین جیسے انجل مین آئے ہوئے سگندھ ہت پشپ دونون ہاتھون کو سمان ہی سگندھ دیتے ہین داہنے بائین کا کچھ بچار نہین کرتے ہین انکو مین بندن (نمسکار) کرتا ہون۔

۱ پُن بندون کھل گن ست بھائین ۔ جے بن کاج داہنے بائین
۲ پرہت ہان لابھ جن کیرے ۔ اُجرے ہرکھ بکھاد بسیرے
۳ کہت سنت پراگھ نہ اگھاہین ۔ جے پرتھ شیش سہرس جگ تاہین
۴ ہر ہر جس راکیش راہُ سے ۔ پراکاج بھٹ سہس باہُ سے
۵ جے پردوش لکھہین سہس آنکھی ۔ پرہت گھرت جنکے من ماکھی
۶ تیج کرشان رُوش مہکھیشا ۔ اگھ اوگن دھن دھنک دھنیشا
۷ اُدی کیت سم ہت سب ہی کے ۔ کُمبھ کرن سم سووت نیکے
۸ پراکاج لگ تن پرہرہین ۔ جم ہم اُپل کرکھی دل گرہین

۴- دوہا

اُداسین ار ہت ہت سُنت جرہن کھل ریت
جان پان جگ جور کے بنتی کرون سپریت

۱- اِس پرکار پرتھم سنت جنون کو نمسکار کرکے - پُن بندون کھل گن ست بھائین - ارتھات سنت جنون کے پرت شیل (برخلاف) جو دشٹ گن ہین انکو بھی ست بھاو سے بندن کرتا ہون جو بنا کاج ارتھات لپسر نوجن اپنے داہنے ارتھات ہترون کے بھی بائین ہین - ۲- اور پرائے ہت کی ہان کو ہی لابھ جانتے ہین اور جنکو پرائے ناش مین آنند اور بردھ مین دکھ ہوتا ہے - ۳- اور جو پرائے پاپون کو کہتے سُنتے اگھاتے نہین ہین مانو دوسرے سہس کرن پرتھ اور سہس مُکھ شیش جی اوترے ہین -

۴- ہر بشن ہر پرم بھاگوت اگوا کاری شری شوجی تنکے پرم پاون جس روپی چندرما کو راہُ کے سمان بادھک اور پرایا آکاج کرنے کو بلوان سہس باہُ اور بانا سُر سے ہین - ۵- جو پرائے دوش کے درشتا سہس نیتروان اِندر کے سمان اور پرائے ہت روپی گھرت کو جنکے من ماکھی کے سمان ہین - ۶- وُسہ تیج جنکا اگن کے سمان اور کرودھ مہکھاسُر کے سمان اور سب پاپ اور سب اوگن روپی دھن کے سوامی دھنیش کُبیر کے سمان ہین - ۷- جنکا اُدے ارتھات اُنکے دھن ایشور ج بل کی بردھ کیتُ نام تارے کے اُدے کے سمان سب کا ان ہت ہے اور جنکے بھلی بھانت سونے مین سب ہی کا ہت ہے - ۸- اور پرائے آکاج کے ارتھ اپنا پران تیاگ کرنے پر بھی اُدت ہو جاتے ہین جیسے ہم اُپل دپالا اور اولا کھیتی کو مٹا کر آپ بھی مٹ جاتے ہین -

۴- دوہا۔ اپنے شترو امترو اداسینون مین سے کسی کا بھلا سنتے ہی بنا اگن اپنی کھل ریت کے انسار جل مرتے ہین تنکو جان پان (گھٹنے اور ہاتھ) دونون جور کر پریت سمیت بنتی کرتا ہون۔

۱	مین اپنی دش کینہ نہورتن	تے نج اور نہ لاوب بہورن
۲	بائیس پالیے ات انراگا	ہوہنہ نرامکھ کبہون کہ کاگا
۳	بندون سنت اسجن چرنا	دکھ پرد ابھے بیچ کچھ برنا
۴	بچھرت ایک پران ہر لیہین	ملت ایک دارن دکھ دیہین
۵	اپجہین ایک سنگ جگ ماہین	جلج جونک جم گن بلگاہین
۶	سدھا سرا سم سادھو اسادھو	جنک ایک جگ جلدھ اگادھو
۷	بھل ان بھل نج نج کرتوتی	لہین سجس اپلوک بھبوتی
۸	گن اوگن جانت سب کوئی	جو جیہہ بھاو نیک تیہہ سوئی

۵- دوہا

بھلے بھلائی پی لہی لہی نچائی نیچ
سدھا سراہیے امرتا گرل اسراہیے میچ

۱- مین نے بنتی اپنی اور سے انکو بڑے نہورے سمیت کی ہی پرنتُ وے مہاتما اسکو اپنی اور سے بھول کر بھی نہ لاوینگے ارتھات انگی کار نہ کرینگے ۲- جیسے جو ات سورچھ سوادشٹ پالیں ارتھات کھیر کرکے بڑے پریم سے پالے جاوین تو کیا کوے کبھی نرامکھ ہوتے ہین ارتھات مہا درگندھت مرتک پشوؤن کا مانس (یعنی گوشت) کھانا چھوڑ دیتے ہین ۳- اب مین سنت اور اسنت دونون کے گنون کا پھل ایک ہی جانکر دونون کے چرنون کو بندن کرتا ہون کیونکہ دونون دکھ داتا ہی ہین بدھمانون نے کچھ تھوڑا ہی انتر (فرق) کہا ہی ۴- ایک سنت جن تو اپنے شبھ گنون سے بچھڑتے سمے پران ہر لیجاتے ہین اور ایک ارتھات اسنت اپنی آسری پرکرت کے انسار ملتے ہی مہا دارن دکھ دیتے ہین ۵- اپجتے تو ایک ہی ساتھ اس جگ مین سنت اسنت دونون پرنتُ کمل اور جونک کے سمان انکے گن الگ الگ ہو جاتے ہین ۶- سدھا اور سرا (امرت اور مدرا) کے سمان سنت اور اسنت کو کرم سے جانو کیونکہ پتا ان دونون کا ایک ہی جلدھ جگ ہر جیسے سدھا اور سرا کا پتا ایک ہی سمندر ہی ۷- بھلے اور برے اپنی اپنی کرنی ہی کرکے لوک مین سجس

پاتے ہین اور سمپت بھی پاتے ہین - ۸- گن اور اوگنون کو جانتے سب ہین پرنتو جوجسکو اچھا لگے اسکو سوئی اچھا ہی - ۵- دوہا - بھلے جو ہین سو بھلائی ہی کرکے شوبھا پاتے ہین اور نیچون کو نیچائی ہی سوہتی ہی جیسے امرت امرتو (زندگی جاوید) ہین ہی سراہا جاتا ہی اور بکھ تت کال مرت مین سراہا جاتا ہی

۱	کھل اگھ اگن سادھو گن گاہا	ابھی اپار اددھ اوگاہا
۲	تاتے کچھ گن دوش بکھانے	سنگرہ تیاگ نہ بن پہچانے
۳	بھلو پوچ سب بدھ اپجائے	گن گن دوش بید بلگائے
۴	کہین بید اتہاس پرانا	بدھ پرپنچ گن اوگن سانا
۵	دکھ سکھ پاپ پن دن راتی	سادھ اسادھو سجات کجاتی
۶	دانو دیو اونچ ار نیچو	امی امر پا ہا سر میچو
۷	کاشی مگ سر سر کرم ناسا	مرہا نو مہ دیو گواسا
۸	سورگ نرک انراگ براگا	نگم اگم گن دوش بھاگا

۶- دوہا

چرط چیتن گن دوش می بشو کینھ کرتار
سنت ہنس گن گہین پی پر ہر باری بکار

۱- کھل اسنت تو پاپ اور اوگنون کی کتھا کے گاہک ہین اور سادھ جن شبھ گنون کی کتھا کے دونون اپار سمدر اتھاہ ہین - ۲- تاتے ہین نے تھوڑے سے سنتون کے گن اور اسنتون کے دوش کہے ہین کہ سنگرہ اور تیاگ کا ٹھیک بنا پہچانے نہین ہوتاہی ۳- بھلے اور برے سب برھاتا ہی نے اتپن کیے ہین پرنتو بیدون نے بھلے کے گن اور برون کے دوش سنگرہ اور تیاگ کے لیے الگ الگ کر دکھائے ہین ۴- بید اتہاس اور سمست پران کہتے ہین کہ برھ کا پرپنچ گن اور دوش ملا ہوا ہی - ۵- دیکھو اس سنسار مین گن اور دوش روپ سکھ دکھ پن پاپ دن رات سنت اسنت اُتم برن ادھم جات - ۶- دانو ارتھات دیت دیوتا اونچ نیچ لوک آدی نو ارسی نیچ زہر او نرک بھوگی امرت امر ہونا ماہر ارتھات بکھ مرت - ۷- کاشی مگدھ گنگا اور کرمناشا مرو جل ویش اور مالوہ مہ دیو برہم رکھ اور گو اس ملیچھ ۸- سورگ نرک پریم اور بیراگ یہ سب دودھ اور پانی کے سمان ملے ہوئے ہین

نگم بید اگم شاستر و انشتروں مین اُنکے گن اور دوشون کا بھاگ ارتھات برنن ہی۔

۶۔ دوہا۔ جڑ یعنی مایا چیتن ارتھات جیو اور گن دوش سہت کرتار نے بشو کو رچا ہے تسمین سنت جن ہنشون کے گن روپی دودھ کو گرہن کرتے ہین، اوگن روپی جل کو تیاگ کردیتے ہین جیسا کہ اس اشلوک مین کہا ہی۔ اشلوک۔

श्लो० अनन्तपारंबहुवेदितव्यं स्वल्पश्चकालोवहवश्चविघ्नाः। यत्सारभूतंतदुपासितव्यं हंसोयथाक्षीरमिवाम्बुमिश्रम् ॥

۱	اس ببیک جب دیہہ بدھاتا	تب تج دوش گنہہ من راتا
۲	کال سوبھاو کرم بریائی	بھایو پرکرت بش چکین بھلائی
۳	کھلو کرین بھل پائے سسنگو	مٹین نہ ملن سوبھاو ابھنگو
۴	لکھ سبیش جگ بنچک جے اؤ	بیکھ پرتاپ پوجیت تے اؤ
۵	اگھرین انت نہوئے نباہو	کال نیم جم راون راہو
۶	کیے کبیکھ سادھو سنمانو	جم جگ جاموَنت ہنو مانو
۷	ہان کسنگ سسنگات لاہو	لوکہہ بید بدت سب کاہو
۸	گگن چڑھے رج پون پرسنگا	کیچہی ملے نیچ جل سنگا

۷۔ دوہا	گرہ بھیشج جل پون پٹ پائے کجوگ سجوگ ہوہہ کبست سبست جگ لکھہین سلچھن لوگ

۱۔ ایسا ببیک جب جسکو بدھاتا دیتا ہی تب اُسکا من دوشون کو چھوڑکر گنون پر پریت کرتا ہی۔ ۲۔ جیسے کال سوبھاو کرم انکے پربل ہونے سے بھلے لوگ بھی پراکرت شریر کے بش ہوکر کبھی بھلائی مین چوک جاتے ہین۔ ۳۔ تیسے ہی کھل لوگ بھی اچھی سنگت پاکر اچھا کرم کر لیتے ہین تو بھی اُنکا جو نرنتر میلا سوبھاو ہی سو نہین چھوٹتا ہی۔ ۴۔ اچھا بھیش دیکھکر جو جگ بنچک بھی ہین سو بھی بھیش (وضع) کے پربھاو سے کچھ کال پوجے جاتے ہین۔ ۵۔ پرنتو جیسے تے انت کو کال نیم راون اور راہ کے سمان اُگھر جاتے ہین نباہ نہین ہوتا تیسے ہی کبھیش (برا بھیش) کیے پر بھی کچھ کال پیچھے سنمان ہی ہوتا ہی جیسے جگ مین جاموَنت اور ہنومان کا۔ ۷۔ کسنگ مین ہان اور سسنگ مین لابھ کا ہونا لوک اور بید مین سب کوئی جانتا ہی۔ ۸۔ دیکھو پون کے

پرسنگ سے دھول تو آکاش کو چڑھ جاتی ہے اور نیچ گت جل کے جوگ سے کیچ مین ملجاتی ہے ۔ دوہا۔ جیسے سورج آدِ گرہ ستّر ہتر کے جوگ سے برے اور اچھے ہوتے ہین اور بھیکھج ارتھات اوکھدھ انوپان کے جوگ سے اور جل شبھ اشبھ کرم وا پاتر آدِ کے جوگ سے اور پون سگندھ اور درگندھ کے جوگ سے اور بسترا و پنچ انگ کے اسپرش سے برے بھلے لگتے ہین اسکے لچھن لکھتے ہین ۔

دوہا

سم پرکاش تم پاکھ دوہو نام بھید بدھ کینھ
سسی پوکھک سوکھک سمجھ جگ جس اپجس دینھ
جڑ چیتن جگ جیو جے سکل رام مے جان
بندون سب کے پد کمل سدا جوڑ جگ پان
دیو دنج نر ناگ کھگ پریت پتر گندھرب
بندون کنر رجنی چر کرپا کرو اب سرب

بچار سے دیکھو کہ مہینون کے دونون پاکھون مین پرکاش بھی سمان ہوتا ہے اور اندھیرا بھی سمان ہی ہوتا ہے کیول انکا نام ہی الگ کر دیا ہے کہ پرتھم پاکھ تو چندرما کے پرکاش کی نت بردھ کرتا ہے تاتے سنسار اسکو شکل اور بھلا کہتا ہے اور پچھلا پاکھ چندرما کے پرکاش کی پرت دن (ہر روز) ہان کرتا ہے تاتے اسکو اندھیرا اور برا کہتے ہین ۔ جڑ ارتھات استھاور چیتن دیو منکھ ترجگ چارون پرکار کے جیو جو جگ مین ہین ان سب کو رام مے جانکر سب کے چرن کملون کو سدا انجل جوڑ کر بندن کرتا ہون ۔ سنسار مین جو دیوتا ہین اور جو دیت ہین جو منکھ ہین جو ناگ ہین جو آکاش گامی ہین جو کمپرش ہین جو راچھس ہین ان سبکو بھگوت بھوت جانکر پرتیک (ہر ایک) کو بندن کرتا ہون سب مجھپر کرپا کرو ۔

۱ آکر چار لاکھ چوراسی ۔ جات جیو جہ جل تھل باسی
۲ سیام رام مے سب جگ جانی ۔ کرون پرنام جوڑ جگ پانی
۳ نج بدھ بل بھروس موہ ناہین ۔ تاتے بنے کرون سب پاہین
۴ کرن چہون رگھپت گن گاہا ۔ لگھ مت موُر چرت اوگاہا
۵ سوجھ نہ ایکو انگ اپاؤ ۔ من مت رنک منورتھ راؤ

۶ مت اَت نیچ اُونچ رُچ آچھی چہئ امی جگ جُرئی نہ چھاچھی
۷ چھمہین سجن مُور ڈھٹھائی سُن ہین بال بچن من لائی
۸ ہنسہین کُور کُٹل کبچاری جے پر دوکھن بھوکھن دھاری

۸- دوہا- بھاگ چھوٹ ابھلاکھ بڑ کرون ایک بسواس
سجن سن سکھ پاوے ہین کھل کرہین اُپہاس

۱- چارکھان ارتھات سویدج (جو پسینے سے پیدا ہوتے ہین) جر اُیج (جو جالی مین بندھے ہوئے پیدا ہوتے ہین) انڈج (جو انڈون سے پیدا ہوتے ہین) اُدبھج (جو بیج سے جمتے ہین) اُتھوا دیو منکھ تریجک آستھاور یہ چار کھان کے چوراسی لاکھ جون جیو جو آکاش اور جل تھل باسی ہین - ۲- تن سبکو شری سیتارام آتمک جانکر اننیہ بھاو سے دونون ہاتھ جوڑکر پرنام کرتا ہون جیسا کہ شری مد بھاگوت مین لکھا ہے- اشلوک- کھنگ بایو مگنینگ سلالنگ مہینگ چ جیوتینشی ستوانی دشو درما دین- سرت سمدرانشچ ہرہ شریرنگ یتکنچ بھوتنگ پرنمید اننیہ

श्लो० खंवायुमग्निंसलिलंमहींचज्योतींषिसत्वानिदिशोद्रुमादीन्।
सरित्समुद्रांश्चहरेःशरीरंयत्किंचिद्भूतंप्रणमेदनन्यः॥

اشلوک کے ارتھ- کھنگ ارتھات آکاش بایو اگن جل پرتھوی تار اگن ستوان (یعنے سب جیو) اور ندی سمدر ان سبکو بھگوت شریر جانکر اننیہ بھگت پرنام کرے-

۳- اپنی بدھ کے بل کا بھروسا میرے کو نہین ہے- ۴- اور شری رام چندر سوامی کے گنون کا برنن کیا چاہتا ہون بدھ میری چھوٹی ہے اور چرتر اتھاہ ہین- ۵- ایک ہو انگ اُپاو نہین سوجھتا ہے من کی مت تو ودیا ورتیون کی اور منورتھ راجون کا- ۶- مت تو ات نیچ اور رُچ ات اونچ- چاہئے امرت جُرتی چھاچھ بھی نہین- ۷- ایسی میری ڈھٹھائی کو سجن لوگ تو چھما ہی کرینگے اور میری بال بنتی من لگا کر سُنین گے- ۸- اور کُٹل کبچاری جو پرائے دوکھن ہی کا بھوکھن دھارن کرتے ہین سو میری اس ڈھٹھائی کو سنکر ہنسین ہی گے- ۸- دوہا بھاگ تو چھوٹا ہے اور ابھلاکھا بڑی ہے پر جان کر ایک بات پر مین بسواس کرتا ہون کہ اس میری کبتت (ارتھات بانی) کو سنکر سجن لوگ ترپت ہی پاوین گے اور جو کھل لوگ (اسجن) ہین وے میری ہنسی ہی کرینگے-

۱	کھل پرہاس ہوئے ہت مورا		کاگ کہین کل کنٹھ کٹھورا	
۲	ہنسہین بک دادر چاتک ہی		ہنسہین ملن کھل بمل بتکہی	
۳	کبت رسک نہ رام پد نہو		تنکہہ سکھد ہاس رس ایہو	
۴	بھاکھا بھنت بھورمت بھوری		ہنسبے جوگ ہنسے نہین کھوری	
۵	پربھو پد پریت نہ سامجھ نیکی		تنھین کتھا سن لاگ پھیکی	
۶	ہر ہر پد رت مت نہ کترکی		تنکہہ مدھر کتھا رگھبر کی	
۷	رام بھگت بھوکھت جیہ جانی		سنہین سجن سراہ سبانی	
۸	کب نہوؤن نہین چتر پربینا		سکل کلا سب بدیا ہینا	
۹- دوہا	بھنت مور سب گن رہت بسو بدت گن ایک سو بچار سن ہین سمت جنکے بمل ببیک			

۱- سو کھل لوگون کے ہنسنے سے تو میرا ہت ہی ہوگا کیونکہ کوے تو کوکلا کے کنٹھ کو کٹھور ہی کہتے ہین - ۲- جیسے ہنسون کو بگلے اور پپیہون کو مینڈھک ہنستے ہین تیسے ہی جو ملین کھل ہین سو نرمل بانی کو ہنستے ہین - ۳- جو کبتائی کا سواد نہیں جانتے ہین اور نہ بھگوت چرنار بندون مین پریم رکھتے ہین تنکو یہ میرا کتھن کیول ہاسیہ رس ہی ہو کر سکھ دیگا - ۴- بھاکھا بانی اور میری مندمت سے رچت ہنسنے جوگ تو ہی ہی جو ہنسینگے تو انکو کچھ دوش بھی نہین ہے - ۵- جنکو پربھو کے پدون مین پریت اور سمجھ بھی اچھی نہین ہے تنکو تو کتھا سنکر پھیکی ہی لگے گی - ۶- جنکو ہر ہر کے چرنون مین جنکا چت پریت ہے اور جنکی مت سمجھ بھی کترک کی (ناقص اعتراض کرنے والی) نہین ہے تنکو شری رام چندر جی کی یہ کتھا اُت مدھر ہے - ۷- رام بھگت کرکے بھوکھت ہردے مین جانکر سجن جن تو اسکو سندر بانی سراہ کر سنینگے - ۸- نہ تو مین کب (شاعر) ہون نہ کچھ چتر پربین ہون مین تو سب کلا اور سب بدیا کرکے ہین ہون - ۹- دوہا جدپ میری بانی سب گنون سے رہت ہی پرنت بشو بکھیات جو ایک ارتھات ادوتیہ گن کرکے پرپورن ہے سو بچار کے جو سمت سجن ہین اور جنکے نرمل گیان ہے پریم سے سنینگے -

۱	اِہ مان رگھپت نام اُدارا		اُت پاون پران شرت سارا	

۲ منگل بھون امنگل ہاری — اُما سہت جہہ جپت پُراری
۳ بھنت بچتر سُکب کرت جوؤ — رام نام بن سوہ نہ سوؤ
۴ بدھ بدنی سب بھانت سنواری — سوہ نہ بسن بنا بر ناری
۵ سب گن رہت کُکب کرت بانی — رام نام جس انکت جانی
۶ سادر کہیں سُنیں بُدھ تاہی — مدھکر سرس سنت گن گراہی
۷ سوئی بھروس مورے من آوا — کہہ نہ سُسنگ بڑا پن پاوا
۸ دھوم تجے سہج کرڑوائی — اگر پرسنگ سگندھ بسائی

۱۰۔ دوہا

پریہ لاگ ہی اَت سب ہی مم بھنت رام جس سنگ
دارُ بچار کہ کرہی کوؤ بندیے ملَی پر سنگ

سُواُدہ تیّہ (دُو نہو نا) ایک گن رگھپت کا ایسمین پرم اُدار ارتھات سب کچھ دینے الا رام نام ہی کیسا رام نام ہے اَت پاون ہے — چوپائی — تیرتھ اَمِت کوٹ سم پاون نام اکھل اگھ پُنج نشاون — گیتا کا اشلوک — گو کوٹ دانَنگ گرہنے کُھ کاشی پریاگ گنگایت کلپ باسی — جگّا یتنگ میر سبرن دانگ گوبند نام اشمرنے نہ تلنگ

प्रपन्नगीतायां ।। गोकोटिदानंग्रहणेषुकाशी प्रयागगंगायुतकल्पवासी। यज्ञायुतंमेरुसुवर्णदानं गोविन्दनामस्मरणेनतुल्यम् ।।

اشلوک کا ارتھ — گرہن کے سمے کروڑ گؤ کاشی میں دان کرنا اور پراگ اور گنگا میں کلپ باس کرنا اور جگ میں سونے کا پہاڑ دان کرنا گوبند نام لینے کے برابر نہیں ہے اور سب پران اور بیدوں کا سار رام نام ہی ہے جیسا سورساگر پرکار بچن میں ہے — چوپائی — سار بید چاروں کی جوئی — چھوٹوں شاستر سار پن سوئی — سب پران ماہیں جو سار رام نام میں ہر ہیون بچار — بالمیک بچن — اشلوک —

वाल्मीकिवचन ।। प्रातर्व्वदामिवचसारघुनाथनामवाग्दोषहारिसकलंशमलंनिहन्ति। यत्पार्व्वतीशंपत्यासहभुक्तकामाप्रीत्यासहस्रहरिनामसमंजजाप ।। श्रीशिवउवाच ।। रामरामेतिरामेतिरमेरामेमनोरमे। सहस्रनामतत्तुल्यंरामनामवरानने ।।

پھر کیسا ہے رام نام کہ سب منگلوں کا گھر اور امنگلوں کا ہرنے والا ہے — اشلوک

सहस्रनामे ।। पवित्राणांपवित्रंयोमंगलानांचमंगलं । मंगलंभगवान्विष्णुर्मंगलंगरुडध्वजः । मंगलंपुण्डरीकाक्षोमंगलायतनोहरिः ।। रामरुचिराजे ।। श्रीरामेतिपरंजाप्यंतारकंब्रह्मसंज्ञकम् । ब्रह्महत्यादिपापघ्नमितिवेदविदोविदुः ।। रामरामेतिरामेतियेजपन्तिचसर्व्वदा । तेषांमुक्तिश्चभुक्तिश्चभविष्यतिनसंशयः ।।

ارتھات شری رام جپنا ہی پرم جاپ ہی اور یہی تارک منتر ہی جسکے اُپدیش سے شری شوجی کاشی جی مین بشنو دُروہی بنا سبکو مُکت دیتے ہین جیسا کاشی کھنڈ مین لکھا ہی۔ اشلوک- مُکت کیٹ پتنگا نام سربے کھامپ دیہہ نام۔ مُکت چھیتر مدم پراپیہ بشنو دُروکھیم بنا-

श्लो० मुक्तिःकीटपतंगानांसर्वेषामपिदेहिनां । मुक्तिक्षेत्रमिदंप्राप्यवैश्वानदेहिनांविना ।।

اشلوک کے ارتھ۔ سوا بشنو بِردھی کے کیڑے پتنگے وغیرہ سب کوئی اس مُکت چھیتر یعنی کاشی مین آنے سے اسی دیہہ مین مُکت کو پاتے ہین۔ اور برہم روپ اور برہم ہتیا آدک جو مہاپاپ ہین اُن سب کا ناش کرنے والا ہی ایسا بید کے جاننے والے کہتے ہین رام رام وا رام ایسے جو سدا جپتے ہین تنکو بھکت اور مُکت دونون پراپت ہوتی ہین اور اسی مین یہ بھی لکھا ہی۔ چوپائی۔ جنکر نام لیت جگ ماہین۔ سکل اَمنگل مول نساہین کرتل ہوہنہ پدارتھ چاری۔ تے سیہ رام کہیو کاماری۔ اور شری پاربتی جی سمت جسکو سُمر اسُر نِندت شری شوجی مہاراج جپا کرتے ہین۔ شوجی ۱۲۔ہ۔ جو بانی اَت بچتر ارتھات مدھر کومل للت پدون کرکے سنجگت اور بڑے اچھے کب کی کہی بھی ہی شو رام نام کے بنا کبھی شوبھا نہین دیتی ہی۔ شری بھاگوت کا اشلوک۔ نیہ دبچش چتر پدم ہریرجسو جگت پوترم اپرگرنیت کرہچت۔ تدبایسم تیرتھم شنت مانسانہ یتر ہنسا برمنت سرک چھیا۔

श्लो० नयद्वचश्चित्रपदंहरेर्यशोजगत्पवित्रंप्रगृणीतकर्हिचित् । तद्वायसंतीर्थमुशन्तिमानसानयत्रहंसाविरमन्त्युशिक्क्षया ।।

اشلوک کے ارتھ۔ جس بانی مین تین لوک کو پوتر کرنے والا بھگوت جس نہین ہی وہ بانی کیسے ہی بچتر پدون سے بھری ہو تو بھی پنڈت لوگ اُسکو کوّے اورگاؤن کا تیرتھ ہی

جانتے ہین ارتھات اُنکو لوگون کے کہنے سُننے جوگت جانتے ہین جہان مان سرُود رکے سمان کتنی تو اُس تو اسی نتھس بھگوت جن نہین رمتے ہیں۔ جیسے چندرمکھی استری کیسے ہی بھوکھن آدک سے سنواری جاوے پرنت بستر ون بنا شوبھا نہین پاتی ہے ۔ ۵ و ۶ ۔ اور جو بانی سب گنُون سے رہت اور کُکب کی کہی ہوئی بھی ہے تو بھی اُسکو رام نام رام جس کرکے انکت جانکر بڑے آدر سمیت سُنت جن کہتے ہین اور سُنتے ہین کیونکہ مدھکر کے سمان سادھ جن تو گُن ہی کے گاہک ہوتے ہین۔ شری مدبھاگوت کا اشلوک۔

श्रीभागवते ॥ तद्वाग्विसर्गोजनताघविप्लवोयस्मिन्प्रतिश्लोकम वद्धवत्यपि । नामन्यनन्तस्ययशोंकितानियच्छृण्वन्तिगायन्ति-गृणान्तिसाधवः ॥

۷ — سوئی بھروسا میرے من مین آیا ہے کہ اچھی سنگت کرکے کسنے بڑائی نہین پائی ہے —

۸ — دیکھو دھوان بھی اپنی سوابھاوک کڑوائی کو چھوڑکر اگر کے پرسنگ سے سُگندھت ہو جاتا ہے ۔ ۱۰ — دوہا ۔ ایسے ہی شری رام جس کے ساتھ سب ہی کو میری بانی پیاری لگی گی کیونکہ برچھ کی جات کا بچار کون کرتا ہے ملیاچل کی سُگندھ کے پرسنگ سے سب ہی شری کھنڈ چندن کو اپنے سر پر رکھتے ہین —

۱	من مانک مکتا چھب جیسی	اہ گر گج سر سوہ نہ تیسی
۲	نرپ کریٹ ترُنی تن پائی	لہین سکل شوبھا ادھکائی
۳	تیسے سکب کبت بدھ کہہ ہین	اپجین انت انت چھب لہہین
۴	بھانت ہیت بدھ بھون بہائی	سُمرت شاردا آوت دھائی
۵	رام چرت سر بن انھوائے	سو شرم جاے نہ کوٹ اپائے
۶	کینھے پراکرت جن گن گانا	سر دھن گرا لاگ پچھتانا
۷	ہردے سندھ مت سیپ سمانا	سوات شاردا کہین سُجانا
۸	جو برسی بر بار بچارو	ہونہہ کبت مکتا من چارو

۱۱ — دوہا

جگت بیدھ پن پوہیے رام چرت بر تاگ
پہرہن سجن بمل ار شوبھا ات انراگ

۱ — من سانپ کی من ۔ مانک پتھر کی من ۔ مکتا گج مکتا من ان تینون کی جیسی چھب ہے

تیسی سانپ اور پربت اور ہاتھی کے مستک مین جتھا رتنہ شوبھا نہین دیتی ہر اور تھاٹ اُنپت تیسے استھان پر کوئی شوبھا نہین پاتا ۔ ۲ ۔ اور جب راجون کے مُکٹ اُتھوا نے جوبن والی استری کے جھونجھن مین لگاکر پھیرے جاتے ہین بہت شوبھا دیتے ہین ۳ ۔ ایسے ہی اچھے کب لوگون کی کبتائی کو پنڈت لوگ کہتے ہین کہ بنائی اور دیش مین جاتی ہر اور پھیرا ہی اور دیش مین جاتی ہر ۔ ۴ ۔ ہم بچار کرو کہ کب لوگون کی پریت سے سرستی اُسمرن کرتے ہی برہم لوک سے دَوڑ کر آتی ہر ۔ ۵ ۔ جو اُسکو رام چرتر مان سر دُور مین اسنان نہ کرایا جاے تو اسکی تھکائی اور کسی اپاے سے نہین جاتی ہر تاتے اُچت ہر کہ جو بھگوان سرسوتی (قوت ناطقہ) دیوی ہر تو بھگوان ہی کے گن گایا کرے اور جو پراکرت منکھون کے گن گاوی تو سرسوتی سر دھن کر اپنے آنے پر پچھتاتی ہر ۔ ۷ و ۸ ۔ کب لوگون کے ہردے روپی سمدر مین بدھ سیپی کے سمان ہر پرنت جب بھگوت کرپا سے سرسوتی روپی سواتی بچار روپی جل برستا ہر تب کبت روپی سندر مکتا من پیدا ہوتے ہین ۔ ۱۱ ۔ دوہا ایسے مہا درلبھ مکتا من کو پا کر اچت ہر کہ بڑی سادھانی سے انکو بدھا شری رام چرتر روپی سندر دھاگے ہی مین پروے جاوین تو سجن پرش اپنے نرمل ہردے مین پھیرتے ہین اور پریم روپی شوبھا کر کے شوبھایمان ہوتے ہین

۱	جے جنمے کل کرال کر الا	کرتب بایس بیکھ مرالا
۲	چلت کپنتھ بید مگ چھانڑے	کپٹ کلیور کل مل بھانڑے
۳	بنچک بھگت کہاے رام کے	کنکر کنچن کوہ کام کے
۴	تن مین پرتھم ریکھ جگ موہی	دھرگ دھرم دھوج دھندھک دھوری
۵	جو اپنے اوگن سب کہہ ہون	باڑھی کتھا پار نہین لہہ ہون
۶	تاتے مین ات الپ بکھانے	تھوڑے مین جان ہین سیانے
۷	کہانو رگھپت کے چرت اپارا	کہان مت مور نرت سنسارا
۸	جہہ مارت گر میر اڑاہین	کہج تول کہہ لیکھے ماہین
۱۲ ۔ دوہا	شارد شیش مہیش بدھ آگم نگم پران نیت نیت کہہ جاس گن کرین نرنتر گان	

۱ ۔ دیکھو شری رام چندرجی کے چرترون کو اور موسے کب کو کیسا مین ہون کہ جیو مہا کرال

اس کلجگ مین جتنے ہین مہاکپٹی کرتب تو کووُن کا ایسا اور بھیش ہنس کا ایسا —
۲- بید وکت بھکت گیان بیراگ والے اچھے مارگ کو چھوڑ کر بید کے باہر جو گرنتھ جیسا لکھا ہی
دوہا- کل مل گرسے دھرم سب گپت بھئے سدگرنتھ — دمبھن نج مت کلپ کر پرگٹ
کیے بہہ پنتھ — تن پر چلتے ہین اور مورت مان کپٹ اور پاپون کے کھون سمجھتے ہین —
۳- مہا نچ جو کام کرودھ لوبھ کے لولنکر غلام۱۲ ہین اور رام بھکت کہاتے ہین- ۴- تینین
ٹھگ۱۲
پہلی گنتی میری ہی ایسا جو مین ادھرم کی دھوجا بگمی آتمک دھندھون کی دھری سو
ایسے مجھکو دھکار ہی- ۵- جو مین اپنے سب اوگن کہون تو کتھا بڑھ جانے پر بھی پار
نہ پاؤن- ۶- تاتے مین نے اتِ تھوڑے ہی کہے ہین بدھ جہان لوگ اتنے ہی مین
سب جان لینگے- ۷- کہان تو شری رام چندر جی کے چرتر اپار اور کہان میری
مہا مند بدھ سنسار کے کرمون مین لگی ہوئی- ۸- جس پر چنڈ پون کے بیگ مین سمیر
[illegible] ۱۲
ایسے پربت اڑ جاتے ہین اسکے سامنے رُئی کا پھاہا کون گنتی مین ہے —
۱۳- دوہا- پرنت شارد سوپنگ سرستوتی اور سہسر مکھ شیشن جی اور مہیش جی اور
برہما جی اور نگم اگم آد سب گرنتھ جسکے گنون کو نیتِ نیتِ کہکر بھی نرنتر کہے چلے
جاتے ہین تو پھر جیسے یہ سب پار نہین پاتے اور کہتے ہی ہین تیسے مجھکو بھی کہنا اچت ہی
اور پھل تو اس اپار سمندر کے پیرنے کا سب کو ڈوب جانا ہی ماننا ہی سو مجھکو تھوڑی ہی
گت ہونے کے کارن نکٹ ہی ملجاویگا —

۱	سب جانت پربھ پربھتا سوئی	تدپ کہے بن رہا نہ کوئی
۲	تہان بید اس کارن راکھا	بھجن پربھاو بھانت بہہ بھاکھا
۳	ایک انیہہ اروپ انا ما	اج سچدانند پر دھاما
۴	بیاپک بشوروپ بھگوانا	تیہہ دھر دیہہ چرت کرت نانا
۵	سو کیول بھگتن ہت لاگی	پرم کرپال پرنت انراگی
۶	بُدھ برنہین ہر جس اس جانی	کرین پنیت سپھل نج بانی
۷	تہہ بل مین رگھپت گن گاتھا	کہہ ہون نائے رام پد ماتھا
۸	منن پرتھم ہر کیرت گائی	تہہ مگ چلت سگم موہہ بھائی
۱۳- دوہا	اَتِ اپار جے سرت بر جو نرپ سیت کراہہ	

چڑھ پپلکا پرم لگھو بن شرم پارہ جاتہہ

ا۔ سب جانتے ہین کہ پربھو کی پربھتا ایسی ہی جسکا پار شاردا آدک بھی نہین پاتے توبھی بنا کہے کوئی نہین رہا۔ ۲۔ تہان بیدون نے ایسا کارن رکھا ہی کہ سب شاستروں کے دوارا بھگونت بھجن کا پربھاو انیک بھانت سے برنن کیا ہی۔ شری مدبھاگوت کا اشلوک ۔

श्रीभागवते ॥ यत्कीर्त्तनंयत्स्मरणंयदीक्षणंयद्वन्दनंयच्छ्रवणं यदर्हणम् । लोकस्यसद्योविधुनोतिकल्मषंतस्मैसुभद्रश्रव-सेनमोनमः ॥

اشلوک کے ارتھ۔ جسکے گنون کا برنن کرنا اور جس پربھو کا اسمرن کرنا اور جسکی ارچا بگرہون کا درشن کرنا اور انکو دنڈوت پرنام کرنا اور جسکے چرترون کا سننا اور جسکی نرسنگھ رام کرشن آدک مورتیون کا پوجن کرنا لوک کے سب پاپون کو تت کال ناش کرتا ہی ایسے جو کلیان سندر وہ پربھو نمسکار ہی۔ ۳ و ۴۔ دیکھو جو اجنما سچدانند بشو بیاپک پرمیشور آدی و تیہ ہو اسنے جو نانا روپ دھر کر چرتر کیے ہین۔ ۵۔ سو کیول اپنے بھکتون ہی کے ہت کے نمت اپنا سندر بنا اور شیل و ادارتا اور دیالتا اور گمبھیرتا اور سلبھتا آدک گن انی کرپالتا سے آپنے پرگٹ کیا۔ ۶۔ بدھ برنن اسکا ارتھ سگم ہی۔ ۷۔ اسی بل سے مین بھی رام گن گاتھا کہونگا۔ ۸۔ مُن لوگون نے جو پہلے ہر چرتر گائے ہین اسی مارگ پر چلنا مجھکو بھی سگم ہوگا۔ ۱۳۔ دوہا۔ جیسے بڑے بڑے ندا اور ندیون پر راجا لوگ پل بندھوا دیتے ہین تو اسپر چڑھکر بہت چھوٹی جو چیونٹی ہی سو بھی پار اتر جاتی ہی۔

۱	یہہ پرکار بل منہہ درڑھائی	کرہون رگھپت کتھا سہائی
۲	بیاس آدک کب پنگو نانا	جن سادر ہر جس بکھانا
۳	چرن کمل بندون سب کیرے	پرؤہ سکل منورتھ میرے
۴	ہوے پرسن دیہہ بردانو	سادھ سماج بھنت سنمانو
۵	جو پربندھ بدھ نہین آدرہین	سو شرم باد بال کب کرہین
۶	کیرت بھنت بھوت بھل سوئی	سرسر سم سب کر ہت ہوئی
۷	رام سکیرت بھنت بھدیسا	اسمنجس اس موہہ اندیسا
۸	گرہ انگرہ اسس جیہہ جانی	بمل جسہہ انہرہ سبانی
۱۴۔ دوہا	سرل کبت کیرت بمل سوئی آدرہن سجان	

نج بیر بسرائے پت جو سن کریت بکھان

۱- اس پرکار اپنے من کو دڑھ بل بندھا کر مہا سندر شری رام کتھا کا آدم کرونگا ـ ۲- مہامنی شکدیو بیاس پرانتر آدسب بید پرانون کے بکتا کبیشورون مین پرتھم گنے گئے جنھون نے بڑے آدر سے بھاگوت چرتر برنن کیے ہین ـ ۳- ان سب کے چرنار بندون کو نمسکار کرتا ہون کہ سب ملکر میرے منورتھ کو پورا کرو ـ ۴- اور پرسن ہوکر بر دان دیو کہ سنتون کی سماج مین میری بانی کا سنمان ہو ـ ۵- کیونکہ جسکے پربندھ کو سنت جن آدر نہین کرتے ہین وہ مورکھ کب برتھا پرشرم کرتا ہے ـ ۶- کیرت ارتھات لوگ بڑائی اور بھنت ارتھات کبتائی اور بھوت ارتھات سمپت سوئی بھلی ہوتی ہے جس سے سرسر ارتھات شری گنگا جی کے سمان سب کا ہت ارتھات بھلا ہو ـ ۷- سو یہان رام کیرت تو اَت سندر اور میری بانی بھدیل البیا اسنجس ارتھات آلس مین پرودھ سمجھکر مجھکو بڑی چنتا ہے ـ ۸- یہ میرا اشنکا پ لکلپ جی مین جانکر ایسی کرپا کرو کہ تمھاری کرپا سے نرمل شری رام جس کو میری بانی انہر کر ارتھات کچھ بھی تو اسکے جوگ ہو جاوے ـ

۹- دوہا ـ اُس سرل کبتائی اور نرمل کیرت کو سجان پنڈت لوگ آدر دیتے ہین ارتھات پرشنسا کرتے ہین جسکا سوابھاوک بیر کو چھوڑ کر اسکے بیری لوگ بکھان کرتے ہین

دوہا ۵

سو نہوے بن بمل مت موہ مت بل اتِ تھور
کرہو کرپا ہرجس کہون پن پن کرون نہور
کب کوبد رگھبیر چرت مانس منج مرال
بال بنی سن سرج لکھ مو پر ہوہو دیال

سو نرمل لیتال بدھ بنا نہین ہوسکتا ہے اور میرے کو کچھ بھی بدھ کے بل کا بھروسا نہین ہے تاتے اب سب میرے اوپر کرپا کیجیے مین بھگوت جس کہا چاہتا ہون بارم بار آپکو نہورتا ہون مہا پربین کبیشورو آپ شری رام چرت مانس سروور کے اجل ہنس ہو سب میری بال بنی کو سنکر اور میرے رام چرتر کہنے پر سندر رچ دیکھکر میرے اوپر اپنی کرپا کرو کہ جس سے مین رام جس برنن کر سکون ـ ارتھات میرے کرنے سے کچھ نہین ہو سکتا کیول آپ کی کرپا کا بھروسا ہے ـ

سورٹھہ

بندون من پد کنج رامائن جن نرمیو
ساکھر سکومل منج دوش رہت دوشن سہت
بندون چارہ بید بھو بارد بوہت سرس
جنہیں نہ سپنیو کھید برنت رگھبت بشد جس
بندون بدھ پد رین بھوساگر جن کینہہ یہہ
سنت سدھا سنشش دھین پر گھٹے کھل بکھ بارنی

دوہا

بندہ بپر بدھ گر چرن بندہ کھون کر جور
ہوئے پرسن پروو سکل منج منورتھہ مور

اب شریمد رامائن کے مکھ آچارج شری بالمیک جی کو بندن کرتے ہین جن بالمیک جی کے مکھ سے رامائن روپ ہو کر چارون بید اوترے ہین جیسا کہ اس اشلوک مین کہا ہے—

श्लो० वेदवेद्येपरेपुंसिजातेदशरथात्मजे । वेदःप्राचेतसादासीत्साक्षाद्रामायणात्मकम् ॥

پھر کیسی رامائن کتھا نربان کی جو سکھر بھی ات کومل ہے اور سدوشن بھی نردوش ہے ارتھات راون کے بھائی کھر کے چرتر سمیت کومل اور آجل ہی ہے ویسے ہی دوشن کے جدھ سمیت بھی نردوش ہے جیسا اس اشلوک مین کہا ہے—

श्लो० नमस्तस्मैकृतायेनरामायणकथाशुभा । सदूषणापिनिर्दोषासखराचातिकोमला ॥

تن جن کو بندن کرتا ہون - اب مین چارون بیدون کو بندن کرتا ہون جو سنسار ساگر سے پار اتارنے کو اپنے روپ جہاز ہین جنکو اپنے سوامی شری رام چندر کے جس برنن کرنے مین سپنے مین بھی شرم (یعنی تھکانا) نہین ہوتا ہے ارتھات آدِ مدھ انت تک سدا شری رام ہی کا جس برنن کرتے ہین— پھر جگت پتا مہ شری برہما جی کے چرن کمل کی رج کو بندن کرتا ہون جنھون نے یہ سنسار ساگر رچا ہے جس سنسار ساگر مین سنت جن تو امرت اور چندرما اور کامدھین کے سمان اتپن ہوئے ہین

اور کھل دُشٹ جن بلھ اور بارنی کے سمان پرگٹ ہوئے ہین اب پھر دیوتا براہمن پنڈت جن اور گرو دیو کے چرنون کو بندن کر کے ہاتھ جوڑ کر کہتا ہون کہ سب میرے اوپر پرسن ہو کر میرے اِس اچل منورتھ کو پورا کرو۔ اِس پرکار اِس پرتھم چوپائیون کی چتر دشی مین سب چتر دِش بھون نواسی جیودن کو شری سیتارام مے سمجھکر بندن کیا ہے۔

۱	بندون اودھ پُری اَت پاون		سرجو سر کل کلکھ نساون	
۲	پرنوَون پُر نر نار بہوُری		ممتا جنہہ پر پربھہ نہ تھوری	
۳	سیہ نندک اگھ اوگھ نسایے		لوک بشوک بنائے بسائے	
۴	بندون کوشلیا دِشِ پراچی		کیِرت جاسُ سکل جگ ماچی	
۵	پرگٹے جہان رگھپت سسِ چارو		بشو سکھد کھل کمل تسارو	
۶	دشرتھ راو سہت سب رانی		سُکرت سُمنگل مورت مانی	
۷	پرنوون سبہی کرم من بانی		کرہُ کرپا سُت سیوک جانی	
۸	جنھین برچ برڈ بھیو بدھاتا		مہما اودھ رام پت ماتا	

۱۵ - سورٹھا	بندون اودھ بھوآل ستیہ پریم جیہہ رام پد بچھرت دین دیال پریہ تن ترن اِو پریہریو	

۱- اجودھیا پُری کو بندن کرتا ہون کیسی ہے اجودھیا پُری کہ اَت پاون ہے ارتھات پُن چھیترون مین پہلی گنی جاتی ہے جیسا پرسدھ ہے اشلوک ۔

श्लो० सप्तपुरीत्रयोग्रामाः नवारण्यनवोषराः । नवैतेनगरख्याताश्चैतेपठनाः स्मृताः ॥ सप्तपन्थाःपंचक्षेत्रादुर्गामेकोन विंशति । चतुर्दशानिशुद्धानिमुक्तिद्वाराणिभूतले ॥

ارتھات پرتھوی پر یے بانوے چھیتر مکت کے دوارا ہین تِن سب مین سات پُری مکھ ہین اور سات پُری مین اجودھیا پہلے گنی جاتی ہے ۔ اشلوک ۔ اجودھیا متھرا مایا کاشی کانچی اونتکا ۔ پُری دواراوتی گیئیا سپتیتا موکش دایکا ۔ اشلوک

श्लो० अयोध्या मथुरा माया काशी काञ्ची अवन्तिका । पुरीद्वारावती ज्ञेया सप्तैता मोक्षदायकाः ॥

یے ساتون پُری وشن بھگوان کے انگ ہین جیسا اِس اشلوک مین کہا ہے ۔ اشلوک ۔

بشنوہ پادم اونتکا گن وتی مدھے چہ کانچی پری ۔ نابھو دواروتی بدنت ہردے مایاپری جون تہہ + گریوا مول مدا ہرنت متھرا ناسا گرہ بارانسی ۔ ایتد برہم پدنگ بدنت منی توہ اجودھیاپری مستکے ۔ کلپ کوٹ سہسرانانگ کاشی باسسیہ یت پھلنگ تت پھلنگ چھن ماترین کلو داشرتھی پری ۔

श्लो० विष्णोःपादमवन्तिकांगुणावतीमध्येचकांचीपुरी । नाभौद्वारवतीवदन्तिहृदयेमायापुरीयोगिनः ॥ ग्रीवामूलमुदाहरन्तिमथुरानासाग्रवाराणसी । एतद्ब्रह्मपदंवदन्तिमुनयोयोध्यापुरीमस्तके ॥ कल्पकोटिसहस्राणांकाशीवासस्ययत्फलं । तत्फलंक्षणमात्रेणकलौदाशरथीपुरी ॥

چوپائی ۔ اودھ پربھاو جان تب پرانی ۔ جب اربھیتن رام دھن پانی ۔ اور جسمین باتس نندنی شری سر جو نام ندی سب پاپ ناشنی بہتی ہے جسکی مہما شری رام چندر مہاراج شری مکھ سے کہتے ہین یعنی ۔ چوپائی ۔ جا مجن تے بنا ہر یاسا ۔ مم سمیپ نر پاوین باسا ایسی جو سر جو جی تنکو بھی مین بندن کرتا ہون اس پرکار سر جو سمیت شری اجودھیاپری کو بندن کرکے ۔ ۲ ۔ اب مین شری اجودھیا باسیون کو پرنام کرتا ہون جنپر شری رام چندر سوامی کی بڑی ممتا ہے جیسا لکھا ہے جنھین رام جانین کر مورے ۔ ات پریہ موہے یہان کے باسی ۔ ۳ ۔ دیکھو پرم سنت دتی جگ جننی شری سیتا ماتا کے دوش مرو پک رجک آدکے بھی سب پاپون کے سموہ دور کرکے انکے لیے نیا بشوک لوک بناکر انکو لبسایا ۔ ۴ ۔ اب مین اپنی ماتا مہی پورب دشارو پ شری کوشلیا دیبی کو بندن کرتا ہون جس پورب دشا کی کیرت سب سنسار مین پرکاشت ہے ۔ ۵ جہان سے چارو ارتھات پرپورن نہہ کلنک راون راہ کے گرسنے والے ادبھت شری رام چند بشو کے آنند داتا اور بشو برودھی گماون کے تسار پرکٹ ہوئے ۔ ۶ ۔ اب چکروری مہاراجا دھراج شری دشرتھ راو کو انکی سب رانیون سمیت سبھا سکرت اور منگل کی مورت مان کر ۔ ۷ ۔ کرم من بانی کرکے پرنام کرتا ہون سو اپنے پتر کا سیوک جان کر میرے اوپر کرپا کرو ۔ ۸ ۔ جنکو رچ کر جگت کے رچنے والے برہما جی بھی اپنے کو بڑا مانتے ہین ایسی مہما کے اودھ شری رام چندر جی کے پتا ماتا ہین ۔ ۱۵ ۔ سورٹھ

اب پھر اَوَدھ بھُوال مہاراج دَشرَتھ کو بَندَن کرتا ہون جنکا سَچّا پریم شری رام چندر کے چرنارَبِندون مین دیکھا کہ جنھون نے شری رام چندر جی کے بچھڑتے ہی اَتِ پیارا اپنا شریر تِنکے کی طرح تیاگ کر دیا (ارتھات پران دے دیا) —

श्लो० धन्यायोध्यादशरथनृपस्साचमाताचधन्या । धन्योवंशोर
घुकुलभवोयत्ररामावतारः ॥ धन्यावाणीकविवरमुखेरामना
मप्रपन्ना । धन्योलोकेप्रतिदिनमसौरामनामश्रृणोति ॥

۱	پرنووْن پُرجن سہت بدیہو		جاہ رام پد گوڑھ سنیہو	
۲	جوگ بھوگ مانْہ راکھیو گوئی		رام بلوکت پرگٹیو سوئی	
۳	پرنووْن پرتھم بھرت کے چرنا		جاس نیم برت جاے نہ برنا	
۴	رام چرن پنکج من جاسو		لُبدھ مدھُپ اِو تجی نہ پاسو	
۵	بندون لچھمن پد جلجاتا		شیتل سُبھگ بھگت سُکھداتا	
۶	رگھپت کیرت بمل پتاکا		دنڈ سمان بھیو جس جاکا	
۷	سدا سو سانکول رہ مو پر		کرپا سندھ سومتر گناکر	
۸	رپ سودن پد کمل نمامی		شور سُشیل بھرت انگامی	
۱۶ — سورٹھ	بندون پون کمار جاس ہردی آگار		کھل بن پاوک گیان گھن بسین رام شر چاپ دھر	

۱ — اب شری مَن مہاراج متھلا دھپت بدیہہ سیر دھوج جنک راج کو اُنکے سب پرکرن سمیت پرنام کرتا ہون جنکو بھگوت چرنار بندون مین گوڑھ ارتھات اَت گُپت پریم رہا ۲ — کیونکہ اُنھون نے اُس پریم مہا رتن کو اپنے جوگ اور بھوگ کے سمپٹ مین چھپا رکھا تھا سو شری رام چندر جی کو دیکھتے ہی پرگٹ ہو گیا جیسے شورج کرانت منی (آتشی شیشہ) کی اگن اُسی مین چھپی رہتی ہی اور سورج کے سامنے ہوتے ہی پرگٹ ہو جاتی ہی — ۳ — اب تینون بھائیون مین بڑے بشومبھر مانڈولش شری بھرت جی کو پرتھم پرنام کرتا ہون جنکے نیم اور پریم کو — چوپائی — پرنت سکل شاستر سکچا ہین — شیش گنیش گرا اگم نا ہین — سن برت نیم سادھ سکچا ہین — دیکھ دشا من راج لجا ہین — ۴ — شری رام چندر کے چرن کمل پر جنکا من بھونرا کے سمان لوبھت

رہکر اُسکے سیشپ کو نہین تیاگتا ہی - اشلوک -

श्लो० विश्वम्भरम्भरतमम्बुजपत्रनेत्रं नीलाम्बुदाभवपुषंकनकाभवस्त्रम् । भक्तायभक्तप्रदमनेकविभूषणाढ्यंजाड्यंहरंसुभजतांभजमाराडवीशम् ॥

۵ - تاپیچھے شری اُرملاپت لچھمن جی کے چرن کمل اَت شیتل اور سُندر بھگت جنون کے آنند داتا تنکو مین پرنام کرتا ہون - اشلوک -

श्लो० कर्प्पूरगौरवपुषंशरदेन्दुवक्त्रंपीतांवरंसरसिजाक्षमनन्तमाद्यम् । यस्योर्म्मिलाललितभूषणाभाविताङ्गंरामानुजंभजमनोभयदंनिजानाम् ॥

۶ - شری رام چندر جی کی کیرت رُوپی اُجّل پتاکا کو جنکا جس ڈنڈ رُوپ ہی ارتھات لچھمن جی کا سمپورن ساہس کیول رام پرتاپ سے اُدے کا ہیت ہی دیکھو جگت رچھا اور رنگ بھوم اور پرشرام اگمن ایسے ہی سب کانڈون مین جانو اور چارون جگون مین ایسا ہی دیکھو ست جگ مین اننت اوتار ہوکر اپنے سہس مکھون سے کیول بھگوت ہی کا گن گایا اور دواپر رام اوتار مین مشٹک چانور آدِ دیتون کا بدھ اور جمنا اور ہستناپور کا کھینچ لینا آدِ کیول بھگوت پرنت یعنی بلرام ۱۲ کے نمت ہی اور کلجگ مین جب پاکھنڈ بودھ چارواک اور کُدرشٹیون کرکے بھگوت کیرت رُوپی پتاکا بے سہارے ہو گیا تب شری لچھمن جی نے جتی ہوکر اپنے سوکت ڈنڈ سے اُسکو اُٹھا کر کھڑا کردیا جیسا پدم پران مین لکھا ہی اشلوک

श्लो० पाखण्डबहुलेलोकेकुदृष्टीजनसंकुले । कलौचैयावसिद्धान्तंपुनरुद्धार्य्यतेयती ॥

اشلوک کے ارتھ - جب کلجگ مین جین بودھ چارواک پاکھنڈ پھیل جائیگا اور کُدرشٹیون سے سنسار بھر جائیگا تب بیشنو سدھانت کو پھر جتی اُدھار کرینگے - اشلوک -

श्लो० अनन्तंप्रथमयुगेद्वितीयेलक्ष्मणंतथा । तृतीयेबलरामंचकलौरामानुजोयती ॥

اشلوک کے ارتھ - جو ست جگ مین اننت ہوئے اور تریتا مین لچھمن اور دواپر مین بلرام سوئی کلجگ مین شری لچھمن جی جتی ہونگے - یہ سو شری لچھمن جی میرے اوپر

بھی پرسنّ رہو کرپا کے سمدر سمترا کے پتر گنون کے کھان — ۸- اب رپ سُودن شری شترہن جی کے چرن کملون کو مین پرنام کرتا ہون بڑے سُور بڑے شیلوان شری بھرت کے انگ کا ارتھات مہا بھاگت سیون کرنیوالے — اشلوک

श्लो० कैशोरमूर्त्तिमनुरूपमनूपभूपं पुब्येन्दुसुन्दरतरंस्तुतिकीर्त्तिकान्तम् । गौरंसुवर्णामणिभूषणा-भाचितांगं पीतांबरम्भज मनोखिलसिद्ध्युपेतम् ॥

۱۶- سورٹھ — اب مہا بیر لوپن پتر شری ہنومان جی کو پرنام کرتا ہون جو دُشٹون کے بن کو اگن اور گیان کے راشن ہین جنکے ہردے روپی مندر مین دھنکھ دھاری شری رام چندر جی مہاراج سدا براجتے رہتے ہین —

उद्यद्दिनेशकररंजितकंजवक्त्रं पिंगारुणाक्षनयनंनयनाभिरामं। सौवर्णावर्णाबसनंरसनादिभूषंभक्तेषुकामदतरुम्भजवायुसूनुम् ॥

۱	کپ پت رچھ نشاچر راجا	انگد آدِ جو کپش سماجا
۲	بندون سب کے چرن سہائے	ادھم سریر رام جن پائے
۳	رگھپت چرن اپاسک جیتے	کھگ مرگ سُر نر اسر سمیتے
۴	بندون پد سروج تن کیرے	جے بن کاج رام کے چیرے
۵	جنک سُتا جگ جنن جانکی	ات شی پریہ کرنا ندھان کی
۶	تاکے جگ پد کمل مناؤن	جاسُ کرپا نرمل مت پاؤن
۷	پن من بچن کرم رگھنایک	چرن کمل بندون سب لایک
۸	راجو نین دھرے دھن سایک	بھگت بپت بھنجن سکھدایک

۱۷- دوہا-
گرا ارتھ جل بیچ سم کہیت بھن نہ بھن ۴
بندون سیتا رام پد جنھیں پرم پریہ کھن ۴

۱- کپ پت سُگریو رچھ راج جاموَنت نشاچر راج لنکیش بھبیکھن اور انگد آدِک جو سب بندرون کا سماج — ۲- سب کے سُندر چرن کملون کو مین بندن کرتا ہون کہ جنھون نے ادھم شریر ہی مین شری رام چندر کو پایا — ۳ و ۴- اب جتنے شری رام چرن اپاسک اس سنسار مین ہوتے ہین کھگ جٹایو آدِ مرگ گجیندر آدِ سُر برہما آدِ اسر پرہلاد آدِ نر اتیر رکھ آدِ جو نشکام ہی بھگوت داس ہین تن سب کے چرن کملون کو مین بندن کرتا ہون — ۵ و ۶- اس پرکار سب رام داسون کو نمسکار آدِک

کر کے جگت ماتا جنک آتمج شری جانکی جی کے چرن کملون کو مناتا ہون جو کرپا ندھان شری
رام چندر جی کی اَت پیاری ہین اور جنکی کرپا سے نرمل بدھ پاؤنگا۔ ۷ ۔ تسکے پیچھے من بچ
کرم کر کے رگھنایک شری رام چندر جی کے چرن کملون کو بندن کرتا ہون جو سب کلیان
اور گنون کے امرت سندھ ہین ۔ ۸ ۔ جو کمل نین اپنے بھگت جنون کی بپت
ناش کرنے اور انکو سب سکھ دینے کے لیے سدا دھنکھ بان دھارن کیے رہتے ہین سلوک

श्लो० दूर्व्वादलद्युतितनुं तरुणाब्जनेत्रं हेमाम्बरं वरविभूषणभूषितांगम् । कन्दर्प्पकोटिकमनीयकिशोरमूर्त्तिं पूर्त्तिमनोरथभवाम्भजजानकीशाम् ॥

۱۷ ۔ دوہا ۔ جیسے گرا ارتھات شبد اور شبد کا ارتھ اور جل اور جل کی بیچ ارتھات ترنگ
(لہر) یے کہنے ہی کو الگ ہین پرنتو واستو مین ایک ہی ہین ایسے ہی شری سیتا رام کو
ایک مان کر انکے چرنون کو بندن کرتا ہون جنکو کھن ارتھات نہت آرت جیو پرم پیارے ہین
ارتھات جب یہ جیو کرم اپاسنا گیان روپ سب اپائے کر کے کھید کھن ہو کر اپای رہت
ہو جاتا ہی اور تب آدھین ہو کر بھگوت بھروسا کرتا ہی تب بھگوت کا پرم پیارا ہوتا ہی —

۱	بندون رام نام رگھبر کو	ہیت کرشان بھان ہمکر کو
۲	بدھ ہر ہر مے بید پران سو	اگن انوپم گن ندھان سو
۳	مہامنتر جو جپت مہیشو	کاشی مکت ہیت اپدیشو
۴	مہما جاسُ جان گن راؤ	پرتھم پوجیت نام پربھاؤ
۵	جان آدکب نام پرتاپو	بھیو شدھ کر الٹا جاپو
۶	سہس نام سم سن شو بانی	جپ جیئن پیہ سنگ بھوانی
۷	ہرکھے ہیت ہیر ہر ہی کو	کیے بھوکھن تیہ بھوکھن تیہ کو
۸	نام پربھاو جان شو نیکو	کال کوٹ پھل دینھ امی کو

۱۸ ۔ دوہا	برکھا رت رگھپت بھگت تلسی شال سداس رام نام بربرن جگ ساون بھادون ماس	

۱ ۔ اب مین جگت جنم آدکارن رگھوبنس بھوکھن کے رام نام کو بندن کرتا ہون جو رام
نام بھی اپنے تینون برنون کے ارتھ سے اگن سورج چندرما کا کارن ہو کر جگت کے جنم آدکا

کارن ہی کیونکہ اگنی سورج چندرما تینون جگت کے جنم آدی کے کارن ہین ارتھات اگنی پرلی کا کارن ہی اور سورج اُتپت کا کارن ہی اور چندرما پوکھن کا کارن ہی اور رام نام کے تینون برن (یعنی حرف) ان تینون کے بیج اچھر ہین ارتھات رام نام کا رکار تو کرشانُ کا بیج ہی اور اکار بھانُ کا بیج ہی اور مکار ہمکر کا بیج ہی جسکا جو بیج کا اچھر ہوتا ہی سو اسکے نام کے انترگت ہوتا ہی یہان رکار کرشانُ کے انترگت ہی اور اکار بھان کے انترگت ہی اور مکار ہمکر کے انترگت ہی تاتے رام نام کے تینون برن جگت جنم آدی کارنون کے بھی کارن ہین تو نکہ پرم کارن رام نام کے تینون برن ہی ہین جیسے سونیگ رام جگت کے پرم کارن ہین اور جو نکہ کارن ہوتا ہی سوئی سب کا کارن ہوتا ہی جیسا بھگوان نے بھارت مین کہا ہی

श्लो० रुद्रंसमाश्रितादेवाःरुद्रोब्रह्माणमाश्रितः । ब्रह्माममाश्रि-
तोनित्यंनाहंकञ्चिदुपाश्रितः ॥ ममाश्रियोहिनाकश्चित्सर्वे-
षामाश्रयोह्यहं । अन्याश्रयोश्रयोनास्तिमुख्यमाश्रयमाश्रयं ॥

تاتے یہ رام نام کیول دشرتھی رام ہی کا جتھارتھ ہی اور رام تو کیول نام دھارک ہی ہی کیونکہ جیسا نام کا ارتھ ہی تیسا نامی بھی ہونا چاہیے سو جگت جنم آدی کارن تو کیول دشرتھی رام ہی ہین جیسا رام جی نے پرشرام جی سے کہا ہی ــ رام ماتر لگھو نام ہمارا ــ پرش سہت بڑا نام تمہارا ــ ارتھات رام ماتر تو کیول تین ہی برن کا میرا ہی نام ہی دوسرے کسی کا نہوا ہی نہوگا کیونکہ جو اس نام کا ارتھ ہی سو میرے ہی مین گھٹت ہوتا ہی دوسرے مین نہین تاتے تم تو پرشرام ہو کیول رام نہین ہو کیول رام تو مین ہی ہون ــ اس ارتھ سے تو رام نام کیول دشرتھی رام ہی کا ہوتا ہی رام پد کا اور ارتھ کرنے سے پرشرام وا بلرام کا نام ہوتا ہی ــ اشلوک ــ

श्लो० वन्देदाशरथिंरामंजगज्जन्मादिकारणम् । यस्येदंरामना-
मोपिजगज्जन्मादिकारणम् ॥

۲- جیسے برہما اُتپت کے اور بشن پالن کے اور رُدر سنگھار کے کارن ہین ایسے ہی رام نام کے بھی تینون برن (یعنی حرف) تینون شکت کے دھارن کرنے والے ہین تاتے برہما بشن رُدر مئی بھی رام نام ہی اور بید پران پرنو کے سمان بھی رام نام ہی کیونکہ جیسے پرنو کے اکار اُکار مکار تینون تتو باچک ہین ارتھات اکار ایشور باچک اُکار مایا باچک

مکار جیو باچک ہی جیسا اجودھیا کانڈ مین لکھا ہی۔ چوپائی۔ آگے رام لکھن پن پاچھے
مُن بر بھیکھ براجت کاچھے۔ اُبھے بیچ سیہ سوہت کیسے۔ برہم جیو بیچ مایا جیسے۔
ایسے ہی رام نام کے تینون برن بھی تینون تتو کے باچک ہین ارتھات رکار مایا باچک ہی
کیونکہ اگن اچیتن تتو کا بیج ہی۔ اکار ایشور باچک ہی۔ مکار جیو باچک ہی اور اگن ارتھات
تینون گنون سے رہت ہین اور انوپم (بے مثال) ہین ایک ہی ہین ارتھات کوئی انکا
دوسرا نہین ہی اور گن ندھان ارتھات سب کلیان گنون کے سمندر ہین۔ ۳۔ پھر رام نام
منترون مین مہا منتر ہی جسکو مہیش ارتھات بڑون کے بڑے تینون بھون کے ایشور
جگت گرو شری شوجی مہاراج سدا جپتے رہتے ہین اور جو کاشی پری مین جیوون کی
مکت کے نمت شری رام چندر جی نے آپ ہی شری شوجی کو اپدیش کیا ہی جیسا کہ
رام تاپنی اپنکھد مین لکھا ہی۔ اشلوک۔

श्लो० श्रीरामस्यमनु:काश्यांजजापवृषभध्वज:। मन्वन्तरसहस्रै-
स्तुजपहोमार्च्चनादिभि:॥१॥ तत:प्रसन्नोभगवान्श्रीराम:प्राह
शंकरम्। वृणीष्वपरमीष्टन्तद्दास्यामिपरमेश्वर॥२॥ श्रीशिवउ-
वाच॥ मणिकर्णिकाममक्षेत्रेगंगायांवातटेपुन:। म्रियतेय:प्र-
भोदेहीमुक्तिंनातोवरान्तरम्॥ ३॥ श्रीरामउवाच॥क्षेत्रेस्मिन्तव
देवेशयत्रकुत्रापियोमृत:। कृमिकीटादयोप्याशुमुक्तिंयान्ति-
हिनान्यथा॥ ४॥ त्वत्तोवाब्रह्मणोवापियेलभन्तेषडक्षरं।जीवं-
तोमंत्रसिद्धि:स्युर्मृत्वामामाप्नुवंतिते॥५॥ मुमुक्षोर्दक्षिणेकर्णेयस्य
कस्यापिवास्वयं।उपदेक्ष्यसिमन्मंत्रंसमुक्तास्यभवेच्छिव॥ ६॥

اشلوک کے ارتھ۔ جب جیوون کی مکت کے واسطے شری شوجی مہاراج نے ہزار منونتر تک
شری رام منتر کاشی سدھ پیٹھ مین جپ کیا تب شری رام نے پرسن ہوکر بردان دیا کہ
اس کاشی چھیتر مین تم جسکے داہنے کان مین یہ چھ اچھر کا منتر انت کے سمے اپدیش کروگے
وہ کیڑا مکوڑا آدِ بھی نہ سندیہ مکت ہوجایگا ایسا ہی اگست سنگھتا مین بھی لکھا ہی۔ اشلوک

श्लो० अस्तिवाराणसीनामपुरीशिवमनोहरा। सर्व्वदापिशिव-
स्तत्रपार्वत्यासहतिष्ठति॥१॥ तस्याप्युपासका:सर्वेभक्त्यातंप्रतिपे-

दिरे। मुमुक्षवः परित्यज्यसर्व्वंतत्रैवसंस्थिताः॥ २॥ सदाशिवशि-
वेत्येवंवदन्तिशिवतत्पराः। शिवार्प्पितमनःकायावाचाशिवप-
रायणाः॥ ३॥ शिवोपितानिसर्व्वानिपश्यन्भूत्वापरायणाः। क-
थमेवप्रदास्यामिमुक्तिमत्यन्तदुःखितः॥ ४॥

اشلوک کے ارتھ ۔ ۱ ۔ شوجی کی من بھاونی جو بارانسی نام کاشی پُری ہی تاہین شری
پاربتی جی سمیت شری شوجی نِت نِواس کرتے ہین ۔ ۲ ۔ تہان اُنکے اُپاسک پرنیت
سہت اُنکی اُپاسنا کرتے ہین موکش والون کو چھوڑکر اور سب جو وہان رہتے ہین ۔
۳ ۔ تے سدا شو شو پرائن جپتے ہین اور شو ہی مین من اور کایا کو ارپن کیے ہین اور بانی
بھی اُنکی شو پرائن ہی ۔ ۴ ۔ تنکو شوجی دیکھکر یہ چنتا کرنے لگے کہ مین اُنکو کیسے مُکت
دے پاؤن گا یہ کہکر جب بہت دُکھی ہوئے تب اُسی سمے شوجی کے پاس برہماجی آئے ۔

श्लो॰ एवंचसतिभूर्लोकेआजगामचतुर्मुखः। ममाराध्येहमांमुक्तिं
प्रार्थयंतिमुमुक्षवः॥ केनोपायेनतेषांवैफलंदास्यामितद्वद॥ ५॥

۵ ۔ تب اُنکا آرادھن کرکے شوجی بولے کہ مہاراج یہ موکش چاہنے والے لوگ
میرا آرادھن کرکے مُکت چاہتے ہین سو جس اُپاے سے مین انکو مُکت دے پاؤن سو
اُپاے آپ کہیے تب برہماجی بولے ۔ اشلوک ۔

श्लो॰ अस्त्युपायोगोपनीयंमंत्रराजंषडक्षरं। नियतःसोपितत्रैव
जजापवृषभध्वजः॥ मन्वन्तरशतंभक्त्याध्यानहोमार्चनादिभिः॥ ६
॥ ततःप्रसन्नोभगवान्रामःप्राहत्रिलोचनं। वृणीष्वयदभीष्ट-
न्तेदेवानामपिदुर्लभम्॥ ७॥ तदेवाहंप्रदास्यामिमाचिरंवृषभ-
ध्वजः। ततस्तमब्रवीद्विश्वात्मीश्वरःकृपयामुदा॥ ८॥ एतेमदी-
यास्सर्व्वेपिनापरम्पर्युपासते। मुक्त्यर्थेतत्कुरुष्वैषांतदेवाभि-
मतंमम॥ ९॥ श्रीरामउवाच॥ मुमुक्षोर्दक्षिणेकर्णेयस्यकस्यापि
वाशिव। उपदेक्ष्यसिमन्मंत्रंसमुक्तस्यभवेच्छिव॥ १०॥

اشلوک کے ارتھ ۔ ۶ ۔ تب برہماجی نے کہا کہ ایک اُپاے گُپت ہے جسکو منتر راج کہتے ہین
اور شوجی تارک منتر چھہ اچھر کا ہی یہ سنکر شوجی رام منتر کاشی چھیتر مین ۱۰۰ سو منونتر تک

پرتیت سمیت دھیان ہوم پوجن کر کے شیوجی نے جپ کیا۔ ۷۔ تب شری رام نے پرسن ہوکر
کہا کہ ہے ترلوچن شیوجی جو تمھاری اچھا دیوتاؤن کو بھی دُرلبھ ہو سو تم ہمسے مانگ لو
۸۔ ہم تمکو دینگے تم ڈھیل مت کرو یہ سُنکر شری رام چندر جی سے شری شیوجی نے کہا کہ
۹۔ یہ جو سب میرے بھکت ہین اور سِوائے میرے اور کسی کو نہین سمجھتے ہین اُنکی مُکت کا
اُپاے آپ بتا دیجیے یہی میری ابھلاکھا ہے۔ ۱۔ یہ سُنکر شری رام جی نے رام منتر ہی اُپدیش کیا۔
۴۔ پھر شری رام نام کی مہما کو رُدر گنا وِسپت گنیش جی جانتے ہین جو سُد پیٹھ مین رام نام ہی
کے پربھاو سے رُدر گنون مین پہلے پوجے جاتے ہین۔ ۵۔ اور آدِکب شری بالمیک جی
بھی رام نام کے پرتاپ کو جانتے ہین جو رام نام کو اُلٹا ہی ارتھات مرا مرا ہی جپ کر شُدّھ
اور سِدّھ ہو گئے۔ ۶۔ پھر بھگوت سہستر نام کے سمان ایک رام نام ہی کی مہما شری
پاربتی جی شری شیوجی کے مُنہ سے سُنکر اُسی کو جپ کر اپنے پتِ کے ساتھ کھانے لگین۔
۷۔ ایسا پاربتی جی کے ہردے کا اِستِنہہ شری رام نام پر دیکھکر شری شیوجی اُنپر ایسے
پرسن ہوئے کہ اُنکو اپنے انگ کا آبھوکھن کر لیا ارتھات اُردھنگی بنا لیا تب سے اُنکا
نام تیہ بھوکھن ہوا۔ ۸۔ اور رام نام کے پربھاو کو بھلے پرکار سے شری شیوجی ہی
جانتے ہین جو اُسپر دِڑھ بشواس کر کے مہا کال کوٹ بکھ کو پی لیا اور اُس نام کے
پربھاو سے اُس کال کوٹ بکھ نے اُنکو امرت کا پھل دیا کہ اُسکو پی کر امر ہو گئے ۱۸۔
دوہا۔ رام بھگت تو برکھا کے سمان ہے اور بھگوت داس سُندر شالی یعنی دھان ہین اور رام
نام کے جو دونون اُتم برن (حرف) ارتھات رکار مکار بھی اُسمین ساون بھادون مہینے
کے سمان جانو ارتھات رام بھگت روپی برکھا رُت مین رکار مکار ساون بھادون کے سمان
شالی روپ بھگوت داسون کے جیون پران ہین۔

۱	آکھر مدھر منوہر دوؤ		برن بلوچن جن جیہ جوؤ	
۲	سُمرت سلبھ سکھد سب کاہو		لوک لاہہ پرلوک نباہو	
۳	کہت سُنت سمجھت سُٹھ نیکے		رام لکھن سم پریہ تلسی کے	
۴	برنت برن پریت بلگاتی		برہم جیو سم سہج سنگھاتی	
۵	نرنارائن سرس سبھراتا		جگ پالک بسیکھ جن تراتا	
۶	بھگت سُتیہ کل کرن بھوکھن		جگ ہت ہیت بمل بدھ پوکھن	

۷	سُواد توکھ سم سُگت سُدھا کے		کمٹھ شیش سم دھر بسُدھا کے	
۸	جن من منج کنج مدھکر سے		جیبھ جسومت ہر ہلدھر سے	
۱۹- دوہا	ایک چھتر اک مکٹ من سب برنن پر جو و تلسی رگھبر نام کے برن براجت دو و +			

۱- رام نام کے جو رکار اور مکار دو اچھر ہین سو دونون اچارن مین اَت مدھر اور مکھیے ہین پرم منوہر ہین اور سب اچھرون مین نیتر روپ ہین کیونکہ سب اچھر سرسوتی کے ہی انگ ہین تہان رکار اور مکار ہی نیتر ہین جن جیبہ جو ہین ارتھات دن رات اپنے جن جاپک کے جی کی ابھلاکھا کے پورن کرنے کو دیکھا ہی کرتے ہین ۔ ۲- پھر سُمرن کرنے مین سُلبھ اور سکھد ایک ہین سب کا ہتو کو ارتھات کوئی اس نام کا ان ادھکاری نہین ہی سبکو ادھکار ہی لوک مین جس آدر اور پرلوک مین موکش تک کے دآتا ہین ۔ ۳- اور کہنے مین جیبھ کو اور سُننے مین کانون کو اور سمجھنے مین من کو اَت نیکے لگتے ہین میرے پیارے تو رام اور لچھمن کے ہی سمان یے دونون اچھر ہین ۔ ۴- دونون برنون کے الگ الگ برنن کرنے مین انکی پریت مین انتر ہوتا ہی کیونکہ انکے آکار استھان ارتھ آدک سب الگ الگ ہین جب ایک کے برنن کرینگے تب دوسرے کے چھوٹ جاوینگے تو انکی پریت مین بھی انتر ہو جاویگا یا تے انکے ایسے لشیکمن کہنے چاہئین جو دونون مین ایک ہی نت بشیکمن گھٹت ہوتے ہون کیونکہ یے دونون تو برہم اور جیو کے سمان سہج ارتھات ساتھ ہی جنمے ہین اور سنگھاتی ارتھات پرسپر سکھا ہین ۔ ۵- پھر یے دونون برن نرنارائن کے سمان سُبھر آتا ہین اور جیسے نرنارائن اپنے ایشورتو گن کرکے جگت کے پالن کرنے والے ہین اور باتسل گن کرکے اپنے بھگتون کے رچھک بشیکھ کرکے ہین ایسے رکار مکار کو سب جیو سب برنون کے ساتھ انیک پدون مین اچارن کیا کرتے ہین یا تے جگ پالک ہین اور جو کوئی سب برنون کو چھوڑکر کیول انھین دو برنون کا آشرا رکھتا ہی اسکی رچھا بشیکھ کرکے کرتے ہین ۔ ۶- بھگت روپی جو اچھی اور پت برتا استری ہی اسکے کانون کے بھوکھن روپ یے دونون برن ہین ارتھات سوبھاگیہ کے ٹکہ چنھ ہین اور سب جگت کے ہت کے کارن دونون برن نرمل چندرما کے سمان ہین ۷- پھر رام نام کے دونون اچھر سُگت ارتھات پرم پد موکش روپی امرت کے سواد

اور توکھ کے سمان ہین جیسے اُمرت ہین سواد اور توکھ یہی دونون مُکھ گُن سار ہین سواد سے اُسپر رُچ اور مَن کو آنند ہوتا ہی اور توکھ سے پیاس اور مَرنے کا ڈر نہین رہتا ہی جو اُسمین یہ دونون گُن نہون تو کوئی اُسکو پانی کی طرح بھی نہ لیوی ایسے ہی رام نام رُوپی سواد اور توکھ سمیت تو مُوکش رُوپی اُمرت سدا لینے جوگ ہی اور رام نام رَہِت پرم پد موکش کا لابھ کبھی سَنت لوگ نہین چاہتے جیسا لکھا ہی ۔ چوپائی ۔ راوُز بدَل بھوُ گھ وَاہو ۔ پربھ بِن بادِ پَرم پد لاہو ۔ اور لچھمن شیش کے سمان پرتھوی کو دھارن کرتے ہین جیسا سُندر کانڈ مین لکھا ہی ۔ چوپائی ۔ جہہ بل شیش دھرت سہانَن ۔ اَنڈ کوش سمیت گرِکانَن ۔ ۸ ۔ جن جاپک کا جو مَن سوُئی سُندر اَجل کمل تا کے پریم پراگ رس کے لوبھی دونون اَچھر بھونرا کے سمان ہین ارتھات جیسے سَرس پراگ مکرند پر پُورن پرِتھاپت کمل بھونرے کو نہین تیاگ سکتے تیسے ہی یہ دونون اَچھر اپنے جاپک جن کے مَن کا بیوگ نہین سہہ سکتے ہین اور جاپک جن کی جیبھ کے دوار اشتری کرشن بلدیو کے سمان جنم لیکر اُسکو بارم بار جشودا بناتے ہین ارتھات ماتا کی پدوی دیتے ہین ۔ ۱۹ ۔ دوہا ۔

اَب رام نام ہی کے دونون اَچھرون کو سب اَچھرون مین اُتم کہتے ہین دیکھو اِس نام کا پہلا اَچھر جو رکار ہی سو ریپھ رُوپ چھتر اکار سب اَچھرون پر شوبھایمان ہوتا ہی اور مکار اَنُسوار مُکٹ مَن کے سمان سب اَچھرون پر رہتا ہی ارتھات رام نام ہی کے دونون اَچھر سب اَچھرون کو چھتر مُکٹ دھاری کر کے اُنکو بڑائی اور مان دیتے ہین یاتے یہی دونون اَچھر سب اَچھرون کے شرومن ہین یا پکار ”بندون مُن پدکنج“ سے لیکر یہان تک پانچ چوپائیون مین رام پر کر کو بندن اور رام نام ہی سے سب کو سدھ ہونا کہا جیسا نرسنگھ پُران مین لکھا ہی ۔ اشلوک ۔

श्लो० ब्रह्मादयः सुराः सर्व्वे विष्णुमाराधितेपुरा । स्वस्वंपदमनुप्राप्ताः केशवस्यप्रसादतः ॥

۱	سمجھت سَرس نام اَرُ نامی		پرِیت پرسپر پربھو اَنُ گامی	
۲	نام رُوپ دو اِیش اُپادھی		اَکتھ اَنادِ سُوسامجھ سادھی	
۳	کو بڑ چھوٹ کہت اَپرادھو		سُن گُن بھید سمجھ ہین سادھو	
۴	دیکھیے رُوپ نام آدھینا		رُوپ گیان نہین نام بہینا	

۵	رُوپ بشیشکھ نام بن جانے		کرتل گت نہ پرت پہچانے	
۶	سُمریے نام رُوپ بن دیکھے		آوت ہردی سنیہہ بشیکھے	
۷	نام رُوپ گت اکتھ کہانی		سمجھت سُکھد نہ پرت بکھانی	
۸	اگن سگن بچ نام سُساکھی		اُبھے پربودھک چتر دُوبھاسی	
۲- دُوہا-	رام نام من دیپ دھر جیہہ دیہری دوار تلسی بھیتر باہرہ جو چاہس اُجیار +			

اب یہان سے سات چوپائیون مین اس اشلوک کے انُسار نامی سے ادھک نام کی مہما کہتے ہین

श्लो० नामैवतवगोविन्दनामत्वत्तःशताधिकम् । ददात्युच्चार-
णान्मुक्तिंभवानष्टांगयोगतः ॥

اشلوک کے ارتھ- نام تمھارا ہی پربھو تم سے سو گنا ادھک ہے کیونکہ نام تمھارا تو اپنے جاپک جن کو کہنے ہی سے مکت دے دیتا ہے اور تم تو بہت کشٹ سادھن یم نیم اسن پرانایام پرتیاہار دھارنا دھیان سمادھ اشٹانگ سدھ جوگ سے دیتے ہو- ا- سمجھنے مین تو نام اور نامی دونون سمان ہی جان پڑتے ہین کیونکہ دونون مین سمان ہی گن ہین اور انکے پرسپر پریت سوامی اور سیوک کی ایسی ہے ارتھات جیسی پریت سیوک پر سوامی کی ہوتی ہے تیسی ہی سوامی پر سیوک کی ہوتی ہے- گیتا کا بچن ہے- کہ جو مجھکو جس طرح مانتا ہے مین بھی اسکو اسی طرح مانتا ہون- اشلوک-

गीतायां ॥ येयथामांप्रपद्यन्तेतान्तथैवभजाम्यहम् ॥

جیسے روپ بغیر نام کے نہین ہوتا ہے تیسے ہی نام بھی بغیر رُوپ کے نہین ہوتا ہے تا تے یے دونون پرسپر سمان پریت کے کارن ایک دوسرے کو نہین چھوڑتے ہین جہان رُوپ تہان نام اور جہان نام تہان رُوپ جانو- ۲- نام اور رُوپ دونون ایشور کی اپادھ ارتھات نکھ مجھن ہین اور دونون کی مہما اننت ہونے کے کارن اکتھ ہے اور دونون اناد کال سے ہین ارتھات تین ۳ کال مین کوئی کال ایسا نہین کہ جب ایشور مین سوروپ اور نام نہو اس بات کو سسامجھ ارتھات اچھی سمجھ والے جتھارتھ جاننے والے سو آپ سمجھونا شبھ کمار کپل مُن آدک سادھے ہین ارتھات نردویک ہین- ۳- ان گنون کرکے تو کون چھوٹا اور کون بڑا ہے یہ کہنے مین اپرادھ ہوتا ہے پرنتو آگے جو ان دونون کے گنون کے بھید

۴۰

کہے جائینگے اُنکو سنگیہ سنت جن روپ کر نام سے بشیکھ یان لیوینگے ہم دیکھو پرتچھ مین نام کے آدھین روپ دیکھ پڑتا ہی کیونکہ روپ کا گیان نام بنا جانے ہوتا ہی نہین ۔ ۵ ۔ جسکا روپ پرتچھ ہی اور نام نہین جانتے ہین سو ہاتھ پر رکھا ہو تو بھی اُسکو پہچان نہین سکتے ۔ ۶ اور جو نام کا اُسمرن روپ کے نہونے مین بھی کیا جاے تو اُس نام کے نامی کا سوروپ ہردے مین بڑے اُشنیہہ سمیت آجاتا ہی ۔ ۷ ۔ نام اور روپ دونون کے گنون کی کتھا سمجھنے مین تو سکھد آیک ہی پرنت کہی نہین جاتی ہی ۔ ۸ ۔ تو بھی نام مین روپ سے بشیکھ گن ہین اگن ارتھات سب گن بیاپار سے شون لسو بیاپک برہم اور سگن ارتھات چھہ ایشورج آدِ گن پرورتک نرسنگھ رام کرشن آدِ بھو بگرہا تمک برہم اِن دونون پرکار کے اُنتر بھگوت سوروپ کا نام ہی سُندر ساکھی دونون کا بودھ کرنے والا اُت پربن دو بھاشی ہی ۔ دو بھاشی اُسکو کہتے ہین جو دو شون کی بولی کو جانی ۔ ۲۰ ۔ دوہا ۔ رام نام سُندر سب اپادم رہت دبیہ پرکاش من دیپ کو دیو در لبھ منکھ شریر پرم پاون سندر مندر کے مکھ روپی دوار کی جیبھ دہری پر سدا دھارن کرنا چاہیے ہے جیو جو تو بھیتر یا باہر دونون استھانون مین پرکاش چاہتا ہی بھیتر ارتھات انتہ کرن من بدھ آدِ بھیتر کی اندریان باہر کی اندری ناک کان آدِ ۔ گیان اندری مین پرکاش چاہتا ہی ارتھات جو ان سنکھیہ سمجھل کیا چاہتا ہی اتھوا باہر ارتھات اس لوک مین سکھ سجس اور بھیتر ارتھات پرلوک مین سُگت چاہے ۔

۱	نام جیہہ جپ جاگین جوگی	برت بچار پرپنچ بجوگی
۲	برہم سکھہ انبھوہ انوپا	اکتھ انامے نام نہ روپا
۳	جانا چہین گوڑھ گت یے او	نام جیہہ جپ جانین تے او
۴	سادھک نام جپین لولاے	ہوہن سدھ انمادک پاے
۵	جپین نام جن آرت بھاری	مٹین کسنکٹ ہوہن سکھاری
۶	رام بھگت جگ چار پرکارا	سکرتی چار انگھ ادارا
۷	چہون چتر کہ نام ادھارا	گیانی پربھہ بشیکھ پیارا
۸	چہون جگ چہون شرت نام پربھاو	کل بشیکھ نہین آن اپاو
۲۱ ۔ دوہا ۔	سکل کامنا ہین جے رام بھگت رس لینہ	

نام سپریم ہوکھ ہردا تن ہو گیے من مین ۴۵
۴ ۳

۱- اب جو چار پرکار کے بھگوت بھگت ہین ارتھات گیانی جگیاسو ارتھارتھی آرت جیسے بھگوت گیتا مین کہا ہی — اشلوک —

श्लो॰ चतुर्विधाभजन्तेमांजनाःसुकृतिनोऽर्जुन । आर्त्तोजिज्ञासुरर्थार्थी ज्ञानीचभरतर्षभ ॥

سو چارون کو نام ہی سدھ وایک کہتے ہین تہان پرتھم جو گیانی اپنے بیراگ اور گیان کے بل سے بدھ پرپنچ سنسار سے بجوگی ہو کر جوگی جن ارتھات سمادھ اوستھا مین بھگوت ہلا پی گیانی جنہہ سے نام ہی کو جپ کر مہا گھور رجو را تر مین جاگتے ہین- گیتا کا پرمان لکھتے ہین- اشلوک-

श्लो॰ यानिशासर्व्वभूतानां तस्यांजागर्त्ति संयमी ॥

۲- انوپ ارتھات جسکے سمان کوئی دوسرا نہو- اکتھ جو کہنے سے باہر- انامی جو ابدیا سے دور برہم تیسکے سکہ کو بھوگتے ہین جس برہم کا نام اور روپ نہین جیسے شوشنک سنک ادی

۳- اور جو جگیاسو گوڑہ ارتھات پرکرت پرش کے شریری برہم کی گت ارتھات پراپت کو جاننا چاہتے ہین سو بھی جنہہ سے نام ہی کو جپ کر جانتے ہین جیسے دیو ہوتی یا رنتی بدر اودھو راجا پرچھت- ۴- اور جو ارتھ سادھک کا سادھن لوتکا کر نام جپتے ہین سو انما مہما آدک سدھیون کو بھی پاکر سدھ ہوتے ہین جیسے دھرو سگریو وبھیشن جنک آدک- ۵- چوتھے بھگت جو مہا آرت بپت مین پربھو کا نام لیتے ہین انکے مہا کشٹ ترتہی مٹ جاتے ہین اور سکھی ہو جاتے ہین جیسے پرہلاد گجیندر درو پدی الشن لیشی براہمن کلجگ کے انت مین ہوئے ہین- گیتا کا اشلوک-

प्रपन्नगीतायां ॥ आर्त्ता विषण्णाः शिथिलाश्च भीता घोरेषु-व्याघ्रादिषु वर्त्तमानाः । संकीर्त्यनारायणशब्दमात्रं विमुक्तदुःखाःसुखिनोभवन्ति ॥

۶- یے جو چار پرکار کے رام بھگت جگ مین ہین سو چارون سکرتی ارتھات پن شیل ہین اور انگھ ارتھات پاپ رہت ہین جیسا سندر کانڈ مین کہا ہی- چوپائی-

سنمکھ ہوت جیو موہنہ جب ہی- جنم کوٹ اگھ ناسون تب ہی- گیتا کا اشلوک-

प्रपन्नगीतायां ॥ नारायणोनाममरोनराणां प्रसिद्धचौरःकथितः पृथिव्यां । अनेकजन्मार्जितपापसंचयं हरत्यशेषं स्मृतमात्रएव ॥

اور چارون اُدار ہین ارتھات اُدار بُدھ والے ہین ۔ سُو اُن چارون چتُر شُدھ منون کو نام ہی کا سہارا ہی پرنتُ اُن چارون مین گیانی بھگت ایشور کو بہت پیارے ہین کیونکہ کوئی کامنا نرکھکر بھگوت کو بھجتے ہین اور جنکے سرسبو بھگوت ہی ہین اور سب سمبندھ بھگوت ہی ہین مانتے ہین ایسے گیانی بھگت ایشور کو بھی دُرلبھ ہین اِس سے بہت پیارے ہین ۔ اشلوک ۔

श्लो० वासुदेवः सर्व्वमितिसमहात्मासुदुर्ल्लभः ॥

اشلوک کے ارتھ ۔ جسکے باسدیو ہی سب رُوپ ہین ایسا مہاتما اَتِ دُرلبھ ہی اشلوک

प्रपन्नगीतायां ॥ त्वमेवमाताचपितात्वमेव त्वमेवबन्धुश्चसखा त्वमेव । त्वमेवविद्याद्रविणंत्वमेवत्वमेवसर्व्वंममदेवदेव ॥ रामोमातामत्पितारामचन्द्रः स्वामीरामोमत्सखारामचन्द्रः । सर्व्वस्वंमेरामचन्द्रोदयालुर्नान्यंजानेनैवजानेनजाने ॥

۸ ۔ چارون جگون کے لیے چارون بیدون مین نام کا اُدھکار کہا ہی پرنتُ کلجگ مین بشیکھ ہی کیونکہ دُوسرا اُپاے نہین ہی ۔ چوپائی یہ کلِ کال نہ سادھن دُوجا ۔ جوگ جگ جپ تپ برت پُوجا ۔ رامہ سمِرِیے گاییے رامہ ۔ سنتت سُنیے رام گُن گرامہ ۔ گیتا کا اشلوک

प्रपन्नगीतायां ॥ हरेर्नामैवनामैवनामैवममजीवनम् । कलौनास्त्येवनास्त्येवनास्त्येवगतिरन्यथा ॥

۱۲ ۔ دوہا ۔ اور جو سب کامنا سے رہت ہین ارتھات بیکنٹھ باس ہونے سے موکش تک کی کامنا نہین ہی جیسا اِس اَستوتر مین لکھا ہی ۔ اشلوک ۔

श्लोक ॥ लोकंवैकुण्ठनामानं दिव्यंषड्गुणसंयुतं । अवैष्णवानामप्राप्यंगुणत्रयविवर्जितम् ॥

ایسے جو سب کام پرپورن اننت گُن ولبھوک سُکھ آدِ کیول بھگوت بھگتِ رس مین لولین اُنھون نے بھی بھگوت نام کے پریم رُوپی سُندر اگادھ جل استھان مین اپنے اپنے منون کو مین کر دیا ہی ارتھات سُو بھی نام ہی کو اپنا پران آدھار جانتے ہین ۔

اگُن سگُن دُوؤ برہم سرُوپا ۔۔ اکتھ اگادھ اَنادِ انُوپا

۲ مورے مت بڑ نام دو ہو تے ۔ کیئے جیہ جگ بس نج بوتے
۳ پرود سجن جن جانین جن کی ۔ کہون پرتیت دونون ۱۲ پریت رچ من کی
۴ ایک دارگت دیکھئے ایکو ۔ پاوک سم جگ برہم بیبکو
۵ اُبھے اگم جگ سگم نام تے ۔ کہون نام بڑ برہم رام تے
۶ بیاپک ایک برہم ابناشی ۔ ست چیتن گھن آنند راشی
۷ اس پربھ ہردے اچھت ابکاری ۔ سکل جیو جگ دین دکھاری
۸ نام نروپن نام جتن تے ۔ سوو پرگٹت جم مول رتن تے

۲۲ ۔ دوہا ۔ نرگن تے یہہ بھانت بڑ نام پربھاو اپار
کہون نام بڑ رام تے نج بچار انسار

۱ ۔ اگن ارتھات سب گن ہو ہار شونیہ ارچا بگرہ اور سب کے انتر جامی اور سگن ارتھات سب اچھے گنون سہت دونون برہم کے سوروپ کہنے سے باہر اور اتھاہ اور اناد کال سے ہین اور انوپ ہین ۔ ۲ ۔ میری مت سے تو نام دونون سے بڑا ہے کیونکہ ان دونون سوروپون کا بتانے والا نام ہی ہے جسنے اپنے بل کرکے دونون کو اپنے بس کر رکھا ہے ۔ ۳ ۔ پرودھ ارتھات بڑے جو سجن لوگ ہین جو اپنے من کی پریت اور پرتیت اور رچ کہتا ہون اُسکو جان لیوینگے ۔ ۴ ۔ جیسے دو پرکار کی اگن ہوتی ہے ایک تو پرکاش اور داہ آدک گنون سے رہت سب لکڑیون مین چھپی رہتی ہے اور ایک سب گنون سہت پرتچھ دیکھ پڑتی ہے ایسے ہی دونون اگنیون کے سمان برہم کے دونون سوروپون کا نرنے جانو ۔ ۵ ۔ سو یہ دونون سوروپ اگم ہین نام کے سہارے سے سگم ہو جاتے ہین ایسا بچار کر نام کو دونون سوروپون سے ارتھات بشو بیاپک اور رام آدی سوروپون سے بڑا کہتا ہون ۔ ۶ ۔ دیکھو ایک جو بشو بیاپک برہم سچدانند گھن ابناشی ہے ۔ ۷ ۔ سو ایسے نربکار پربھ کے ہردے مین براجمان ہونے پر بھی سب جیو سنسار مین نام نروپن بنا دین اور دکھی ہی رہتے ہین ۔ ۸ ۔ نام نروپن ارتھات نام سنتر کا ارتھ سمجھنے سے اور نام جتن ارتھات اُسکو بدھ کے موافق جپنے سے برہم آنند پرگٹ ہو جاتا ہے جیسے رتن کا مول رتن ہی مین گپت رہتا ہے جب اُسکے نام کا ارتھ جانا جاے اور اُسکے نام کے جتن نمیت ۱۲ کیے جاوین اور پرکھنے والے اُسکے گن کہین تب اس سے

تُول پرگٹ ہوجاتا ہی۔ ۲۲۔ دوہا۔ نرگن برہم تے تو اِس بھانت نام کا پربھاو بڑا ہی اب اپنے بچار کے انُسار رام سے بھی نام کو بڑا کہتا ہوں۔

۱ رام بھگت ہت نر تن دھاری　　سہہ سنکٹ کیے سادھ سکھاری
۲ نام سپریم جپت اَنایاسا　　بھگت ہوہِ مُد منگل باسا
۳ رِکھ ہت رام سکیت سُتا کی　　سہت سین سُت کینہہ بباکی
۴ سہت دوش دُکھ داس دُراشا　　دلہہ نام جم رب نِشِ ناشا
۵ رام ایک تاپس تیہ تاری　　نام کوٹ کھل کُمت سُدھاری
۶ بھنجیو رام آپ بھوچاپو　　بھو بھی بھنجن نام پرتاپو
۷ دنڈک بن پربھ کینہہ سُہاون　　جن من اَمت نام کیے پاون
۸ نشچر نکر دلے رگھنندن　　نام سکل کل کلکھ نکندن

۲۳۔ دوہا۔ شوری گِدھ سُسیوکن سُگت دینہہ رگھناتھ
نام اُدھارے اَمت کھل بید بدت گُن گاتھ

۱۔ رام نے اپنے بھگتوں کے ہت کے لیے منکھ روپ دھارن کرکے اور آجودھیا پُری کا راج سُکھ چھوڑ کر برہم تُول برہما آدِ بندِت جر نار بندوں سے مہا کٹھور بندھیاچل آدِ پربت اور دنڈک آدِ بن میں جا کر اِت دُسہ تاپ برکھا شیت بات سہے اجِن بلکل دھارن کیے کند مول پھل بھوجن کیے پران پریا شری جانکی جی کا بجوگ سہا تب دُشٹوں کو ناش کرکے بھگتوں کو سُکھی کر دیا۔ ۲۔ نام کو تو پریم سہت جپتے ہی بنا پریاس بھگت لوگ آنند منگل کے نواس ہو جاتے ہیں۔ ۳۔ یا پرکار سمجھ سے سب رام چرتر کہا اب اُسکا بَرن کرتے ہیں کہ رام نے تو اپنے پتا کی آگیا کے انُسار اپنے گرو سب بشیٹھ یا پردانک بشوامتر کی جگت کی رچھا کرنے کے لیے سکیت نام جچھ کی پُتری تاڑکا کی سینا اور پُتر سباہ ماریچ سمیت بیاکی کر دی ارتھات کچھ مارے کچھ بھگا دیے۔ ۴۔ اور رام کا نام داس ارتھات جیووں کی کام کرودھ آدِ جنت انیک دُشٹ آشاؤں کو اُنکے ہِت انیک دوش ارتھات پاپ اور سینا دُکھ سمیت اَنایاس ناش کرتا ہی جیسے سورج رات کو ناش کرتا ہی۔ ۵۔ رام نے تو کیول ایک گوتم کی استری اہلیا کو شاپ سے اُدھار کیا اور نام نے انیک کھلوں کی کُمت کو سُدھار دیا۔ ۶۔ رام نے آپ جا کر بڑا اتا دُھنکھ شری

مہادیوجی کا توڑ ڈالا اور نام کا پرتاپ تو پرم ورج بھور ارتھات بہت بیا جنم مرن روپ سنسار کا بھی توڑ ڈالتا ہی ۷- رام نے ایک سوکھا ڈنڈک بن شوبھایمان کیا اور نام نے اپنے انیک جاپک لوگون کے من روپی بن پاون (پوتر) کردیے -۸- رام تے تو کیول کھر ودوشن او چودہ ہزار ہی راچھس مارے اور نام اپنے جاپکون کے انیک جنم کے پاپ ناش کرتا ہی -۲۳- دوہا- رام نے جٹایو گدھ اور شوبری دونون اچھے سیوکون کو سگت دی جب گدھ نے سیتاجی کے نمت اپنے پران دیے اور شوبری نے اس بھوکے پیاسے اوستھا مین شیتل جل او مدھر پھل دیے اور نام نے تو نہہ پر یوجن بید پرسدھ انیک کھل لوگون کو (ارتھات دشٹ جیودن کو) سگت دی ہی -

۱	رام سکنٹھ بھبھیکھن دوو	راکھے شرن جان سب کوو
۲	نام انیک گریب نواجے	لوک بید بر بردِ براجے
۳	رام بھال کپ کٹک بٹورا	سیت ہیت سرم کینہ نہ تھورا
۴	نام لیت بھو سندھ سکھاہین	کرہو بچار سجن من ماہین
۵	رام سکل رن راون مارا	سیا سہت نج پر پگ دھارا
۶	راجا رام اودھ رجدھانی	گاوت گن سر من بر بانی
۷	سیوک سمرت نام سپریتی	بن سرم پربل موہ دل جیتی
۸	پھرت سنیہہ مگن سکھ اپنے	نام پرساد سوچ نہین سپنے

۲۴- دوہا

برہم رام تے نام بڑ بر دایک بر دان
رام چرت ست کوٹ مین لیو مہیش جیہ جان

۱- رام نے تو سگریو اور بھبھیکھن دونون راجون کے بھائیون کو سوا ارتھمت اپنے شرن رکھا یہ سب جانتے ہین -۲- اور نام نے انیک گریب ارتھات سب پن کرم سے رہت والون کو نہہ پر یوجن ابار دیا جو لوک اور بیدمین پرسدھ ہی -۳- بہر بہیر کا مین کہا ہی کپیش کیوٹ آپر بھال پنچھ شوبری گدھ سم دم دیا دان ہینے سنام لیے تے اودھکے پرم پاون سکل نرت نرنگے گن گان کینے -۴- رام نے تو ساتون سمدرون مین سب چھوٹا کھاری سمدر یعنی بھرت کھنڈ اور بر کو ٹاپل کے بیچ کی چھوٹی کھاڑی تا پر سیت باندھ کے لیے اٹھارہ پدم ریچھ اور بندرون کے سیناپت اکٹھے کیے تب بڑی محنت سے

اُسکو باندھ پایا ہے۔ اور نام کے تو لیتے ہی مہا وِستر اپار سنسار سمدر اننت جیوون کے سوکھ جاتے ہین سو ہے بدھمان لوگو رام اور نام کے گھٹ بڑھ ہونے کا بچار کر لیو

۵ و ۶ ۔ رام نے تو جس راون کو شونیت دیپ مین ایک بِردھ استری نے پکڑ کر سمدر مین ڈال دیا تھا اور پاتال مین لڑکون نے گھوڑون کے طویلے مین باندھ رکھا تھا ایسے دربل راون کو کل سمیت مار کر سیتا سہت اپنی پری اجودھیا مین آکر راج کیا یہ جس اُنکا دیوتا اور مُن لوگ سب گاتے ہین پر بانی ارتھات بید آدِ سد گرنتھون مین۔

۷ و ۸ ۔ اوچا پک جن تو پریم سہت نام کے جپتے ہی آنایاس پریم درڑھ موہ روپی راون کو اُسکے مہا پربل پریوار کام آدک سمیت جیت کر پریم مین مگن اور بڈر ہو کر بچرتے ہین جنکو نام کی کرپا سے کسی بات کا سوچ اور کسی کا ڈر سپنے مین بھی نہین ہے ۲ ۔ دوہا ۔ جب برہم اور رام دونون سے بڑا اور برتھا آدک بردانیکون کا بھی بردایک نام کو جانا تب تو سد گرو ڈ شری رام چرتر مین سے شری رام نام ہی کو شری شبو جی مہاراج نے بچار کر اپنے ہردے مین دھارن کیا۔

۱ نام پرساد سنبھو ابناشی ۔ ساج امنگل منگل راسی
۲ شُک سنکادِ سدّھ مُن جوگی ۔ نام پرساد برہم سکھ بھوگی
۳ نارد جانیو نام پرتاپو ۔ جگ پریہ ہر ہر ہر پریہ آپو
۴ نام جپت پربھ کینہ پرساو ۔ بھگت شرومن بھے پرہلادو
۵ دھرو سگلانِ جپیو ہر ناؤن ۔ پائیو اچل انوپم ٹھاؤن
۶ سمر پون سُت پاون نامو ۔ اپنے بس کر راکھے رامو
۷ اپر اجامِل گج گنکاؤ ۔ بھئے مکت ہر نام پربھاؤ
۸ کہون کہان لگ نام بڑائی ۔ رام نہ سکہِن نام گن گائی

۲۵ ۔ دوہا ۔ رام نام کو کلپ تر کل کلیان نواس
جو سمرت بھیو بھانگ تے تلسی تلسی داس

۱ ۔ اب مہا بھگتون سے لیکر مہا پاپیون تک سبکو نام ہی سے پرم لابھ دکھاتے ہین دیکھو نام ہی کے جپ کے پرساد سے جگد ایشور شری مہا دیو جی امر ہوئے اور مہا امنگل ساج ارتھات چتا بھسم لیپن منڈمال دھارن بیاگھر چرم پہر دہان بھجنگ بھوکھن دھتورا آد

بلکہ بھوجن کرنے پر بھی مہامنگل راشن ہوتے بھئے۔ ۲۔ اور مہا بھاگوت پروھان شری شنکر یوجی اور سنک سنندن سناتن سنت کمار تو مس کپل آدِ سدّہ من جوگی بھی نام ہی کے پرساد سے برہم سُکھ کو بھوگ رہے ہین۔ ۳۔ ناردمن نے جب واس جون مین نام کا پرتاپ جانا تب ات پریہ سنسار کو جسکا چھوڑنا کٹھن ہے تیاگ کرکے ہر کے پیارے ہوئے۔ ۴۔ نام ہی کے جپنے سے پربھو نے پرہلاد کو بھگتون کا شرومن (مکھیا) کردیا کیونکہ پرہلاد نے پربھو کے بشو بیاپک ہونے کو پرتچھ دکھادیا اس سے بھگت شرومن ہین۔ ۵۔ دھرو نے پتا کے نرادر کرنے کی گلانی بچپا مان کر بھگوت نام کو جپا تو اچل اور ات اونچا استھان پایا جسکی پرکرما سب گرہ نچھتر کرتے ہین۔ ۶۔ پھر ہنومان پرم پاون جو رام نام اسکے پرتاپ کے بشو اس سے اسکو اسمرن کر کر سمدر کو نانگھنا اکچھ آدِ ندھن لنکا دہن آدِ کرتے بھئے ایسے ڈرہ بشو اس گن سے شری رام چندرجی کو بس کرلیا ۷۔ اپرا بھات اور اجامل گج گنکا آدِ بھی رام نام کے پربھاو سے مکت ہوگئے۔ ۸۔ نام کی بڑائی کہان تک کرون اننت گنون کے کارن رام بھی اسکے گنون کو گاکر پورا نہین کرسکتے ہین۔ ۲۵۔ دوہا۔ کلجگ مین تو سب کا یا ان گنون کانو اس رام نام ہی کلپ برچھ ہی جسکو اسمرن کرتے ہی مین مہا پاون بھانگ تے جو نیچ سن کے سمان شدھ اور سہج ندرا ہیترا کے سمان تلسی سو پرم اتم تلسی کے سمان ہوگیا۔

۱ چہون جگ تین کال تہون لوکا ۔ بھئے نام جپ جیو بشوکا

۲ بید پران سنت مت ایہو ۔ سکل سکرت پھل رام سنیہو

۳ دھیان پرتھم جگ مکھ جگ دوجے ۔ دواپر پرتوکھت پربھو پوجے

۴ کل کیول مل مول ملینا ۔ پاپ پیونِدھ جن من مینا

۵ نام کام ترو کال کرالا ۔ سمرت سمن سکل جگ جالا

۶ رام نام کل ابھمت داتا ۔ ہت پرلوک لوک پتو ماتا

۷ نہین کل کرم نہ دھرم بِبیکو ۔ رام نام اولمبن ایکو

۸ کال نیم کل کپٹ ندھانو ۔ نام سمت سمرتھ ہنومانو

۲۶۔ دوہا

رام نام نرکیشری کنک کشپ کل کال ✤
جاپک جن پرہلاد جمی پالہین دل سرشال

۱۔ جیُّون جگ ارتھات ست جگ مین دھرو پرہلاد آد، ترتیا مین سُگریو بھبھیکھن آد، دواپر مین اگر سین پانڈو آد، کلجگ مین مہا گھور برہم شاپ سے ترچھت آد اور تین کال ارتھات بھوت بھوشیہ برتمان تہان بھوشیہ کال مین لشن جس آد اور تینون لوک ارتھات سورگ پرتھوی پاتال تہان سورگ مین نارد آد پاتال مین راجا بل آد جیو نام ہی کو جپ کر سب شوک سے رہت ہوئے۔ ۲۔ بید پُران آد گرنتھ اور سب پرانے آچار جون کا مت یہی ہے کہ سب سُکرمون کا پرم پھل یہی ہے کہ بھگوت بھگت ہو۔ ۳۔ سو بھگوت بھگت اگلے جگون مین بہت کشٹ سے سدھتی تھی ارتھات ست جگ مین دھیان سے ترتیا مین جگ کرنے سے دواپر مین جتھا بدھ پوجن کرنے سے ملتی تھی۔ ۴۔ سوئی بھگوت بھگت ارتھات پریم اس مہا ملین کیول پاپ ہی کی مول (جڑ) کلجگ مین جسمین پاپ روپی جل کو جیوون کا من مین (مچھلی) کے سمان چھوڑتا ہی نہین۔ ۵۔ تس کرال کلجگ مین اس بھگوت پریم کو بھگوت کا نام کلپ برچھ کے سمان سمرتے ہی جیوون کے جال ارتھات بندھن کاٹ کر دے دیتا ہے۔ ۶۔ رام نام ہی کلجگ مین سب منورتھون کا داتا ہے پرلوک کا ساتھی پرم متر اور لوک مین پالنے والا ماتا پتا کے سمان ہے۔ ۷۔ کلجگ مین نہ تو کرم ہے نہ اپاسنا ہے نہ گیان ہے کیول رام نام ہی سب جیوون کا آدھار ہے۔ ۸۔ کال نیم کے سمان کلجگ کپٹ کا گھر ہے جو استری پتر کے دوارا بھگوت کی سیوا سے جیوون کو بمکھ (منحرف) رکھتا ہے تہان نام پرم پربین مہا بلی ہنومان ہے۔ ۲۶۔ دوہا۔ پھر رام نام نرسنگھ ہے اور کلجگ ہرنیہ کشپ ہے اور اسکے جیتنے والے لوگ پرہلاد ہین سو نرسنگھ روپی رام نام کلجگ کا ناش کرکے جاپک پرہلاد کو پالتا ہے

۱ بھاے کُبھاے انکھ آلس ہون نام جپت منگل دِش دِس ہون
۲ سُمر سو نام رام گن گاتھا کرون نائے رگھناتھی ماتھا
۳ مور سُدھرہِن سوئی سب بھانتی جاس کرپا نہین کرپا اگھاتی
۴ لوکہُ بید سو صاحب ریتی بنے سُنت پہچانت پریتی
۵ سُکب کُکب نج مت انہاری نرپہہ سراہت سب نر ناری
۶ سادھو سُجان سُشیل نرپالا ایش انش بھو پرم کرپالا
۷ سُن سنمانہن سب ہی سُبانی بھنت بھگت نت گت پہچانی
۸ یہہ پراکرت مہپال سُبھاو جان سرومن کوشل راو

۲۷- دوہا

شٹھ سیوک کی پریت رُچ رکھہہین رام کرپال
اُپل کئیے جلجان جیہ سچو سُمت کپ بھال

۱- جس نام کے بھاو سے پرہلاد بھبھیکھن آد اور کُبھاو سے کنس شسپال آد اور کرودھ سے ہرنیہ کشیپ اور کام سے راون اور اُنکھ اور آلس سے اجامل آد کی بھانت بھگوت نام لینے سے سب دیش کال مین منگل ہی ہوتا ہے۔ ۲- اب تو مین اُسی نام کو اسمرن کرکے اُتّم اُس نام کے نامی شری رام چندر جی کے گنون کی کتھا اُمنگیہ بھاو سے شری رامچندر جی کو پرنام کرکے کہونگا۔ ۳- کیونکہ میری بنی بگڑی بانی کو وہی سوامی سُدھار لیوینگے جنکی کرپا کی اچھلا ٹھی کرپا بھی سدا رہتی ہے کبھی الگاتی ہی نہین — دوسرا ارتھ۔ مو رُسُدھار ہین ارتھات میری اِس بانی کو اپنی پرم کرپالتا سے بھلے پرکار دھار لیوینگے ارتھات مان لیوینگے کیونکہ ۴- لوک اور بید مین بھی اچھے سوامیون کی یہی ریت دیکھی گئی ہے کہ اپنے آشرت کرنیوالے کی بنتی سنتے ہی اُسکی پریت اور پرشرم کو جان لیتے ہین۔ ۵- اچھے کب لوگ ور برے کب لوگ اپنی اپنی بدھ کے انوسار اپنے راجاؤن کو سب ہی سراہتے ہین۔ ۶- تہان سادھ ارتھات سجن سجان ارتھات ہردے کی جاننے والا اور شیلوان ایشور کا انش روپ اِس سے پرم کرپال۔ ۷- سو اپنی پرشنسا کو سنکر سب ہی کو بدھ کومل بانی سے آدر کرتے ہین انکی بانی کی پریت اور انکی بدھ کی پہنچ جان کر۔ ۸- جبکہ پراکرت ارتھات سنساری ساکت راجاؤن کا ایسا سو بھاو ہوتا ہے تو پھر سشیل بھاگت تبل اُدار شُندر سُلبھ گمبھیر ان چھ گنون سے پرپورن سب کے ایشور سب کے جاننے والے شرومن راجون کے راجا شری رام چندر مہاراج کا کیا کہنا ہے۔ ۲۷- مجھ ایسے شٹھ سیوک کی پریت کی رُچ رام کرپال ہی راکھینگے جنھون نے پتھرون کو ناؤ اور بندرا اور ریچھون کو ہی سُمت منتری (صلاح کار) بنا لیا ہے۔

۱ اتِ بڑ مورِ ڈھٹھائی کھوری ۔ سُن اگھ نرکہ ناک سکوری
۲ سمجھ سہم موہہ اپڈر اپنے ۔ سو سُدھ رام کینہ نہین سپنے
۳ سُن اولوک سچت چکھ چاہی ۔ بھگت موہ مت سوامی سراہی
۴ کہت نسائے ہوئے ہیہ نیکی ۔ ریجھت رام جان جن جی کی
۵ رہت نہ پربھ چت چوک کیئے کی ۔ کرت سُرت سَت بار ہیئے کی

۶ جیہہ اگہہ بدھیو بیادھ جِم بالی پھر سکنٹھ سوئی کینہہ کچالی
۷ سوئی کرتوت بہبھیکھن کیری سپنیہو سو نہ رام ہیہ ہیری
۸ تے بھرتہہ بھینٹت سنمانے راج سبھا رگھبیر بکھانے

۲۸۔ دوہا۔
پربھ ترتر کپ ڈار پر تے کیے آپ سمان
تلسی کہون نہ رام سم صاحب شیل ندھان
اہ بدھ نج گن دوش کہہ پربھہن سیس نائے
برنون رگھبر بشد جش سن کل کلکھ نشائے

۱۔ اب اپنے دوش اور سوامی کے شیل سبھل آدِ گن کہتے ہین۔ بہت بڑی میری ڈھٹھائی اور کھوری ارتھات لاگ اتھوا دوش جسکو سنکر سب پاپ اور روروآدِ نرک بھی گھناتے ہین سو سمجھکر مجھکو اپنے ہی اندر سے بڑا سہم ارتھات ڈر تھا سو تو سوامی نے اپنے شیل آدک گنون کے کارن سے سپنے مین بھی انکو دھیان نہین کیا۔ ۲و۳۔ کنتو (بلکہ) میرے سب دوش اورون کے مکھ سے سنکر اور آپ دیکھکر بھی سچت چکھ چاہی ارتھات آدار ور نشٹ سوامی نے ان سنے ان دیکھے کرکے میری بھگت اور میری مت ہی کو سراہی ۴۔ یا تے نشچے ہوتا ہی کہ جیوون کی باہری پرکرت سنسار کے کہنے مین چاہے نشائے ارتھات بری ہو جاہی اتِ بھلی ہو پرنتو ایشور تو کیول جن کے ہردے کی پریت کو جانکر ہی پرسن ہوتا ہی۔ ۵۔ جو اپنے بھگتون سے چوک ہوتی ہی سو سوامی کے چت پر نہین رہتی کنتو بارم بار انکے ہردے کی پریت ہی کو اسمرن کرتے ہین۔ ۶و۷۔ دیکھو جس پاپ سے ارتھات بھائی کی استری لے لینے سے بیادھ کی طرح بال کو مارا سوئی پاپ سگریو اور بہبھیکھن کو رام چندر جی نے سپنے مین بھی نہ دیکھا۔ ۸۔ کنتو بھرت ملاپ کے سمے اور راج سبھا مین سنمان ہی کیا۔ ۲۸۔ دوہا۔ دیکھو سوامی تو برچھ کے نیچے اور سیوک چنچل باندر ڈارون پر ارتھات سر پر کودتے پھرین تنکو بھی سوامی نے آور کیے ایسے شیل ندھان سوامی رام چندر جی کے سمان کوئی کہین بھی تو نہین اس پرکار اپنے دوش اور سوامی کے گن کہکر اور پھر کے سب کو سیس نائے کر شری رام چندر سوامی کا نرمل جس کہونگا جسکو سنکر کلجگ کے سب پاپ ناش ہو جادین۔ یہ دوسری چتر دشٹی ہوئی اس دوسری چتر دشٹی مین رام سیوکون کو بندن (یعنی نمسکار) اور

رام نام کی پرشنسا (تعریف) اور اپنی دینتا (یعنی عاجزی) کہی ہے —

۱	جاگیہ ولکیہ جو کتھا سہائی	بھردواج منی برہ سنائی
۲	کہہ ہون سوئی سمبناد بکھانی	سنو سکل سجن سکھ مانی
۳	شمبھو کینہہ یہہ چرت سہاوا	بہر کرپا کر امہہ سناوا.
۴	سوئی شو کاگ بھسنڈہہ دنیہا	رام بھگت ادھکاری چینہیا
۵	تہہ سن جاگیہ ولکیہ من پاوا	تیہہ پن بھردواج پرت گاوا
۶	تے شروتا بکتا سم شیلا	سم درشی جانین ہر لیلا
۷	جانین تین کال نج گیانا	کرتل گت آملک سمانا
۸	اورؤ جے ہر بھگت سجانا	کہین سنین سمجھین بدھ نانا
۲۹- دوہا	مین پن نج گر سن سنی کتھا سو سوکر کھیت سمجھی نہین تس بال پن تب ات رہیون اچیت	

اب چوپائیون کی تیسری چتر وشتی مین جس گرنتھ کا پربندھ لکھا گیا ہے اسکی اتپت اور پرچار پھر سمپردائے دوارا پرم پرا تے اپنے گرو کے مکھ سے اپنے کو سند گرنتھون کی ریت پر پراپت ہونا اور اسکا ماہاتم اور نرمان کال استھان اور ہان سر ہونا کہین گے —

۱ ۔ سب شاسترون مین پرسدھ شری جاگیہ ولکیہ رکھی نے جو کتھا پرم بھگت شری بھردواج منی کو سنائی ۔ ۲ ۔ سوئی انکے ناہ کا سمباد لبستار سے مین کہونگا اسکو سب بھگوت جن سکھ مانکر سنو ۔ ۳ ۔ کہ پرتھم یہ بانس رام چرتر پرم سندر شری شوجی نے نرمان کیا پھر کرپا کرکے شری پاربتی جی کو سنایا ۔ ۴ ۔ اور سوئی لومس رکھ کے دوارا کاگ بھسنڈ کو رام بھگت کا ادھکاری جانکر دیا ۔ ۵ ۔ کاگ بھسنڈ سے جاگیہ ولکیہ منی نے پایا اور انہون نے بھردواج منی سے کہا ۔ ۶ ۔ تے سمپورن شروتا اور بکتا ارتھات شری شوجی شری پاربتی جی اور لومس منی اور کاگ بھسنڈ اور جاگیہ ولکیہ اور بھردواج منی سم شیل ارتھات آپس مین برابر ہی ہین سم درشی ہین اور بھگوت لیلا کو جتھارتھ جانتے ہین ۔ ۷ ۔ اور تینون کال کے چرتر کو ہاتھ پر رکھے ہوئے آنولے کے سمان اپنے گیان سے جانتے ہین ۔ ۸ ۔ اسی طرح اور بھی جو سجان جن ہر بھکت ہین تے ایک سے ایک ایسے ہی گرو مکھ کہتے سنتے سمجھتے چلے آئے ۔ ۲۹ ۔ دوہا ۔ تیسے ہی مین نے بھی اپنے

گُرُو سے یہ کتھا اُتّم شری باراہ چھیتر مین سُنی پرنت جیسی اُنھون نے برنن کی تیسی میری سمجھ مین نہ آئی کیونکہ تب مین بالک پنے کے کارن بہت ہی اگیان رہا ۔

دُوہا
شروتا بکتا گیان ندھ کتھا رام کی گوڑھ
کم سمجھون مین جیو جڑ کلِ مل گرست بموڑھ

تے سب شروتا بکتا ارتھات شِو پاربتی کاگ بھشنڈ گُرُڑ جاگیہ وَلکیہ بھردواج گیان ندھان اور رام کی کتھا بہت گُوڑھ اسکو مین جڑ جیو کیسے سمجھون کلجگ کے پاپون سے بھرا اور اشکچھت موڑھ

۱ تدپ کہی گُرُ بارہ بارا ۔ سمجھ پری کچھ مت انسارا
۲ بھاکھا بدّھ کرب مین سوئی ۔ مورے من پربودھ جیہ ہوئی
۳ جس کچھ بدھ بِبیک بل میرے ۔ تس کہہ ہون ہیہ ہر کے پریرے
۴ نج سندیہہ موہ بھرم ہرنی ۔ کرون کتھا بھوساگر ترنی
۵ سوئی بسُدھا تل سُدھا ترنگن ۔ بھیہ بھنجن بھرم بھیک بھجنگن
۶ سنت سماج پیودھ رما سی ۔ بسو بھار بھر اچل چھما سی
۷ جم گن منہہ مس جگ جمنا سی ۔ جیون مکت ہیت جن کاشی
۸ شو پریہ میکل شیل ستا سی ۔ سکل سدھ سکھ سمپت راشی

۳۰ ۔ دُوہا
رام کتھا مندا کنی چترکوٹ چت چار
تلسی سُبھگ سنیہہ بن سیہ رگھبیر بہار

۱ و ۲ ۔ جب گُرُدیو دیال نے بار بار سمجھا کر کہا تب جیسی کچھ بُدھ کے انسار میری سمجھ مین آئی تیسی ہی مین اُس رام کتھا کو لوک بھاکھا مین پربندھ کرتا ہون جس سے میرے من کو بھلی بھانت بودھ ہو جاوے ۔ ۳ ۔ سو جیسا کچھ بدھ کے ببیک کا بل میرے ایشور نے دیا ہی تیسا اُسی ہر ایشور کی پریرنا (تحریک) سے مین کہونگا ہم اپنے سندیہہ اور موہ اور بھرم کی دور کرنے والی اور بھوساگر سے پار اُتارنے والی ناو کے سمان اِس کتھا کو کہتا ہون ۔ ۵ ۔ کیونکہ رام کتھا ہی اس پرتھوی تل مین امرت کی ندی ہی اور رام کتھا ہی بھو بھنجنی اور بھرم روپ مینڈکون کی ناگن ہی ۔ ۶ ۔ پھر سنت سماج چھیر ساگر مین شری لچھمی جی کے سمان سدا رہتی ہی اور سنسار کا بوجھ اُٹھانے والی ارتھات آدھار سہارا اچل پرتھوی کے سمان ہی ۔ ۷ ۔ اور جمراج کے گنون کے منھ کی کالک (سیاہی)

شری جمناجی کے سمان ہے ارتھات جو جیو رام کتھا کہتے ہین یا سنتے ہین انکو جم کے گن منہ نہین دکھاتے ہین اور جیوون کو مکت داتا کاشی کے سمان ہے ۔۹۔ شری شوجی کی پیاری منگل پربت کی پتری ارتھات نرمدا ندی کے سمان ہے اور سب سدھ اور سکھ سمپت کی راش ہے ۔۱۰۔ دوہا رام کتھا مندا کنی اور بھگتون کا چت سندر چترکوٹ اور انکا پریم سہاون بن جہان یہ تینون ہین تہان ہی شری سیتارام کا بہار استھان جانو

۱	جگ منگل گن گرام رام کے	دان مکت دھن دھرم دھام کے
۲	سدگرو گیان براگ جوگ کے	ببدھ بید بھو بھیم روگ کے
۳	جنن جنک سیہ رام پریم کے	بیج سکل برت دھرم نیم کے
۴	سمن سکل سنتاپ شوک کے	پریہ پالک پرلوک لوک کے
۵	سچو سبھٹ بھوپت بچار کے	کمبھج لوبھ اودھ اپار کے
۶	کام کوہ کلمل کر گن کے	کیہر ساوک جن من بن کے
۷	اتھ پوج پریتم پرار کے	کامد گھن دارد دوار کے
۸	منتر مہامن بکھی بیال کے	میٹت کٹھن کو انک بھال کے

کیتھ کترگ تجال کل لیت دمبھ پاکھنڈ
دہن رام گن گرام جم اندھن انل پرچنڈ

اس چوپائی مین ایک ہی انتر آس ہے اور ایک رام کے گن گرامون کا ہی ماہاتم ہے ۔

۱۔ شری رام چندرجی کے گن گرام کا کیرتن سمرن اچرن جگت کے منگل کے ہیت ہے کیونکہ رام جنم جگت منگل ہیتو۔ اور چارون پدارتھ ارتھات ارتھ دھرم دھام ارتھات سکام اور مکت تک کے داتا ہین ۔۲۔ گیان براگ اور اشٹانگ جوگ کے سدگرو ہین سب سے بڑہ پرا گرو ہین اور مہا بھیم سنسار روگ کے دیتہ بید اشونی کمار کے سمان ہین ۔۳۔ شری سیتارام کے پریم کے ماتا پتا ہین اور سمپورن برت دھرم نیم کے بیج ہین ۔۴۔ سب سنتاپ اور شوک کے ناش کرنے والے ہین لوک پرلوک مین ہتکاری پالک ہین ۔۵۔ بچار روپ کے منتری اور سبھٹ کے سمان جس اور نجے کے دینے والے ہین اور لوبھ کے اپار سمندر کو اگست منی کے سمان سوکھنے والے ہین ۔۶۔ کام کرودھ آدکلجگ کے پاپ روپی ہاتھیون کے لیے سنگھ کے بچون کے سمان ہین اپنے جنون کے من کے بن مین گرجتے ہین ۔

۷- سری شوجی کے اِشٹ اور پوج اور رات پیارے ہین اور وردتر روپی اگن کے شانت کرنے والے کامنا دینے والے میگھ ہین - ۸- کلی روپی سانپ کے کاٹے ہوئے جیوون کے گارڑو مہا منتر مہا من ہین اور بدھنا کے مہا کٹھن لکھے ہوئے برے اچھر دن کو بھی میٹ دیتے ہین ۳۱- دوہا- کیتھ ارتھات بید کے باہر شاستر کرک متھیا بواد کچال اور کلجگ کے کپٹ ڈمبھ پاکھنڈ ان سبکو شری رام چندر جی کے گن گرام جلا دیتے ہین جیسے اِیندھن کو پرچنڈ اگن جلا دیتی ہی ایسے سب منگلون کے دینے والے اور امنگلون کے ناش کرنے والے شری رام چندر جی کے گن گرام ارتھات اننت گن ہین اس سے جگت کے منگل کیے ہین -

۱	کینھو پرشن جیہہ بھانت بھوانی	جیہہ بدھ شنکر کہا بکھانی
۲	سو سب ہیت کہب مین گائی	کتھا پربندھ بچتر بنائی
۳	جِن یہہ کتھا سُنی نہین ہوئی	جن آشچرج کری سن سوئی
۴	کتھا الوکک سُنین جو گیانی	نہین آشچرج کرین اس جانی
۵	رام کتھا کی مت جگ ناہین	اس پرتیت جنکے من ماہین
۶	نانا بھانت رام اوتارا	رامائن شت کوٹ اپارا
۷	کلپ بھید ہر چرت سہائے	بھانت انیک منیشن گائے
۸	کریہ نہ سنشے اس اُر آنی	سُنیے کتھا سادر رت مانی
۳۲- دوہا	رام اننت اننت گن امت کتھا بستار سن آشچرج نہ مان ہین جنکے بمل بچار	

۱- پھر جاگیہ ولکیہ بھردواج سمباد کے پیچھے جیسے شری شوجی سے شری پاربتی جی نے پوچھا اور شری شوجی نے جس بستار سے کہا - ۲- سو سب کارن کہونگا اس کتھا کا ایک بچتر ارتھات ادبھت پربندھ بناکر ارتھات کانڈ کانڈ مین اپنے کرم سے چوپائی اور دوہے اور چھند آدھتا استھان رچنا پورب کہونگا جس سے کوئی اس گرنتھ مین چھیپک (یعنی دوسرے کسی کی تصنیف) کتھا اور چوپائی دوہا چھند سورٹھا آد بڑھا نہ سکے ۳- جسنے یہ کتھا سُنی نہو سو اسکو سنکر اچنبھو نکرے - ۴- کیونکہ جو گیانی پرش لوکک کوئی بھگوت چرتر سُنتے ہین تو یہ جانکر آشچرج نہین کرتے - ۵- کہ رام کتھا کی مت (یعنی انتہا) جگت انت کوٹ برہمانڈون مین نہین ہے اتھوا جنکے من مین ایسا نشچے ہے کہ - ۶- نانا ارتھات انیک بھانت

کرکے رام اوتار ہین اور رامائن سو کروڑ گرنت (بلکہ) اپار ہین - ۷ - اور کلپ بھید کرکے سُندر بھگوت چرتر انیک بھانت سے مُنیشوروں نے اپنے پربندھون سے کہے ہین کیونکہ ایشور پانچ پرکار کا ہی - ایک پر جیسے بیکنٹھ نواسی بھگوان - دوسرا بیوہ جیسے باسدیو سنکرکھن پردمن انردھ چھیر ساگر باسی بھگوان - تیسرا ببھو جیسے نرسنگھ رام کرشن بھگوان - چوتھا بیاپک ارتھات انتر جامی بھگوان - پانچوان ارچا جیسے شری رنگ سالگرام آدِ - سو ببھو اوتار جب جہان سے انکے آرت بھکت لوگ پرارتھنا کرتے ہین تب تہان ہی سے پرگٹ ہوتا ہی جیسے پرا ایشور سے سوایمبھو من - بیوہ سے برہما آدِک ہین - بیاپک سے پرہلاد دروپدی نے پرگٹ کیے - ارچا سے انتن جن پرگٹ کریگا - ۸ - یہ بچار کتھا پریت سمیت سُننا چاہیے کترک (اعتراض بد) نکرنا چاہیے - ۳۲ - دوہا ایسے رام اور رام گنون کو آنند جانکر گیانی لوگ کتھا کو سُنکر آشچرج نہ مانین گے -

۱	یہہ بدھ سب سنشئے کر دوری	شِر دھر گُر پد پنکج دھوری
۲	پُن سب ہی بنوون کر جوری	کرت کتھا جہہ لاگ نہ کھوری
۳	سادر شِوہ نائے اب ماتھا	برنون بشد رام گُن گاتھا
۴	سمبت سورہ سے ۱۶۳۱ اکتیسا	کرون کتھا ہر پد دھر سیسا+
۵	نومی بھوم بار مدھ ماسا	اودھ پُری یہ چرت پرکاشا
۶	جہہ دن رام جنم شُرت گاوین	تیرتھ سکل تہان چل آوین
۷	اسُر ناگ کھگ نر مُن دیوا	آے کرین رگھنایک سیوا
۸	جنم مہوتسو رچین سجانا	کرین رام کل کیرت گانا+
۳۳ - دوہا -	مجّن سجّن برند بہُ پاون سرجو نیر جپہن رام دھر دھیان اُر سُندر شیام شریر	

۱ و ۲ - اِسطرح سب سندیہون کو دور کرکے اور گرو کے چرن کمل کی دھور کو سر پر رکھکر پھر بھی سبکو ہاتھ جوڑ کر بنتی کرتا ہون جبسے کتھا کرنے مین کوئی دوش نہ لگا دے - ۳ - اب سادر ارتھات تن من بچن کرکے اس چرتر کے مُکھ آچاریہ شری شو جی کو ماتھا نواے کے شری رام چندر کے گنون کی گاتھا کو برنن کرتا ہون - ۴ - شری بکرمادت راجا کے سمبت ۱۶۳۱ مین بھگوت چرنار بندون کو مستک پر دھر کے

کتھا کو آرمبھ (شروع) کرتا ہون ۔ ۵ ۔ نومی تتھ منگل بار چیت مہینے کو شری اجودھیا پوری مین اِس چرتر کو پرکاشت کیا ۔ ۶ ۔ جس دِن شری رام چندر جی کا جنم بید اور پُران کہتے ہین اُس دِن سب تیرتھ تہان آتے ہین ۔ ۷ ۔ پرہلاد آدِک آسُر تچھک آدِک ناگ گرُڑ آدِک پنچھی نارد آدِک مُنِ اندر آدک دیوتا اور منکھ سب آکر بھگوت آرادھن کرتے ہین ۔ ۸ ۔ اور اپنے سماج مین جنم کے مہا اُتسو کی رچنا کرتے ہین اور بھگوت کا سُندر جس گاتے ہین ۔ ۳۴ ۔ دوہا ۔ سجنون کے جھنڈ کے جھنڈ پرم پوتر سرجو کے جل مین اَشنان کرتے ہین اور سُندر منوہر بھگوت کے شیام سُندر شریر کا دھیان دھر کر رام مہا منتر کو جپتے ہین

۱	درش پرش مجن اَرُ پانا	ہرئی پاپ کہہ بید پُرانا
۲	سب بدھ پُری منوہر جانی	سکل سِدھ پرد منگل کھانی
۳	بمل کتھا کر کینھ ارمبھا	سُنت نساہین کام مد دمبھا
۴	رام چرت مانس یہہ نانا	سُنت شرون پائیے بشرآما
۵	من کر بکھی اَنل بن جرئی	ہوئے سُکھی جو یہہ سر پرئی
۶	رام چرت مانس مُن بھاون	برچیو شمبھ سُہاون پاون
۷	رچ مہیش نج مانس راکھا	پاے سُسمَے شِوا سن بھاکھا
۸	تاتے رام چرت مانس بر	دھرےو نام ہیہ ہیر ہرکھ ہر
۳۵ ۔ دوہا	جس مانس جہہ بدھ بھیو جگ پرچار جہہ ہیت سو اب کہون پرسنگ سب سُمر اُما برکھ کیت	

۱ ۔ پھر سرجو گنگا کیسی پاون ہے کہ جو درشن کرنے اور چھونے اور نہانے اور پینے ہی سے سب پاپون کو ہرتی ہے یہ ماہاتم بید پُران کہتے ہین ۔ ۲ و ۳ ۔ سب بھانت پُری کو منوہر اور سِدھ دیتی اور منگل مول جانکر تہان اس نرمل کتھا کو آرمبھ کیا جسکے سنتے ہی کام مد دمبھ آدِ سب دوش ناش ہو جاتے ہین ۔ ۴ ۔ اِس گرنتھ کا نام رام چرت مانس ہے جسکو کان سے سُنتے ہی من کا بشرام ہوتا ہے ارتھات پھر کہین نہین بھٹکتا ہے ۔ ۵ ۔ او من رُوپی ہاتھی جو پنچ بکھی رُوپی اگن سے بن مین جرا جاتا ہے جو اِس سر (یعنی تالاب) مین پڑجا تو سُکھی ہو جاوے ارتھات جو اِسمین رمے تو بکھی سے الگ ہو جاوے ۔ ۶ و ۷ ۔ رام چرتر مانس منوہر سُندر اور پوتر پہلے اِسکو شری شِو جی نے رچ کر اپنے مانس ارتھات

ہردے ہی مین رکھا پھر کوئی سُندر سمے پا کر پاربتی جی سے کہا - ۲ - اسی ہیت سے رام چرتر مانس ایسا اُتّم نام اس چرتر کو ہردے مین بچار کر شری مہادیو جی نے پرسن ہو کر رکھا

۳۴ - دوہا - اب یہ رام چرتر روپی مانس سر جیسے ہوا اور جس کارن سے اسکا پرچار (یعنی رواج) سنسار مین ہوا سو سب پرسنگ کہتا ہون ۱ شری پاربتی جی اور برکھ کیتُ شری شوجی جو اس چرتر کے مکھ سروتا اور بکتا ہین تنکو اسمرن کر کے -

۱	شمبھو پرساد سُمت ہیہ ہلسی		رام چرت مانس کب تلسی	
۲	کرون منوہر مت انہاری		سُجن سُچت سن لیہہ سُدھاری	
۳	سُمت بھوم تھل ہردے اگادھو		بید پران اودھ گھن سادھو	
۴	برکھین رام سُجس بر باری		مدھر منوہر منگل کاری	
۵	پریم بھگت جو برن نہ جائی		سوئی مدھرتا سُشیلتائی	
۶	سو جل سُکرت شال ہت ہوئی		رام بھگت جن جیون سوئی	
۷	میدھا مہہ گت سو جل پاون		سمٹ شرون مگ چلیو سہاون	
۸	بھریو سو مانس سُتھل تھرانا		سُکھد سیت رُچ چارچرانا	
۳۵ - دوہا	سُٹھ سُندر سمباد بر برچیو بُدھ بچار تے یہ پاون سُبھگ سر گھاٹ منوہر چار			

اب یہان سے اس رام چرتر مانس سروور کو چوکور چش کون استھانک کلپنا کر کے آٹھ چوپائیون مین برنن کرتے ہین - ۱ - یہ کیول شری شوجی ہی کی کرپا سے ایسی سُندر بدھ میرے اُتپن ہوئی ہے نہین تو کہان ات اگادھ رام چرتر مانس سروور اور کہان بہت چھوٹی چینٹی کے سمان تلسی کب - ۲ - مین تو اپنی بدھ کے انسار اس منوہر رام چرتر کو سروور روپ کر کے کہتا ہون جہان میری بھول چوک دیکھین تہان آپ سجن لوگ سادھان چت سے سُنکر اسکو سُدھار لیوین جو بھگوت گُن گان پرائن مت سُمت ہین —

मुकुन्दमालायां॥माबुद्धिर्विमलेन्दुशंखधवलायामाधवध्यायनी॥

۳ - ایسی جو کب کی سُندر بُدھ ہے سو تو اس سروور کا پرتھوی تل ہے اور ہردے گہراؤ ہے بید اور پُرانون کے اتر بھاگ کا برن پران جل راش سمدر ہے پرنت اُس جل کے سرستر پر ایک سنت جن ہی میگھ ہین - ۴ - سو سنت جن اس رام جس روپی سُندر جل کو

سمت بھوم پر سر بتر برستے ہین کیسا جل ہے کہ شرون روپی بہنے مین تو دھر ہی منوہر سبھوم
روپی ورشٹ مین ہی منگل کاری لوک پرلوک مین ہے۔ ۵۔ پریم اور بھگت ییے دونون
اس جل مین میٹھاپن اور ٹھنڈھاپن لکھہ گن ہین۔ ۶۔ سو جل پن روپی دھانون کو ہتکاری
تو ہوتا ہی ہے پرنت رام بھگت جنون کو تو جیون پران کیول وہی ہے۔ ۷۔ سو پوتر جل
بدھ پرتھوی پر برس کر کان کی راہ سے ہردے کی گہرائی کو چلا۔ ۸۔ تس سے سندر مان سرور
پر پورن بھر گیا اور جب ٹھہر آیا اور پرانا ارتھات بہت دنون کا ہوا تب شیتل اور رچکاری
اور سکھد ایک ہوا۔ ۳۵۔ دوہا۔ اتی سندر جو چار سنبادھ بدھ نے بڑے بچار سے
رچے ہین سوئی اس پوتر سندر سرور مین منوہر چار گھاٹ ہین۔

۱	سپت پربندھ سبھگ سوپانا		گیان نین نرکھت من مانا	
۲	پرین سگھن چارو چوپائی		جگت منج من سیپ سہائی	
۳	چھند سورٹھا سندر دوہا		سوئی بہو رنگ کمل کل سوہا	
۴	سکرت پنج منجل ال مالا		گیان براگ بچار مرالا	
۵	دھن اوریب کبت گن جاتی		مین منوہر تے بہو بھانتی	
۶	سنت سبھا چہون دش امرائی		شردھا رت بسنت سم گائی	
۷	بھگت نروپن ببدھ بدھانا		چھما دیا دم لتا بتانا	
۸	سم جم نیم پھول پھل گیانا		ہرپد رت رس بید بکھانا	

۳۶۔ دوہا۔	پلک باٹکا باگ بن سکھ سبہنگ بہار مالی سمن سنیہہ جل سینچت لوچن چار	

۱۔ سپت پربندھ ارتھات جو اس گرنتھ مین سات کانڈ کیے ہین سوئی اس تڑاگ مین
سات سوپان (سیڑھی) ہین سو ساتون سوپان رام جس جل سے بھری ہین اس سے
باہری درشٹ سے انکی چتر بچتر رچنا جو شرت اسمرت پران آد سدھانت تو ڑ بک
رچی گئی ہین دیکھ نہین پڑتی ہین جب انکو گیان بچار نیترون سے دیکھے تب جتھارتھ
بوجھ پڑتی ہین اور من بہت ہی ان مین رمے۔ ۲۔ تڑاگ کے جل شوبھا پرین ارتھات
کمل کی بیل سے ہوتی ہے سو اس تڑاگ مین اتی سگھن جو سندر چوپائی سوئی سگھن پرین
ہے اور انیک انوپم جو اس کابیہ مین جگت ہین سوئی سندر منا من کی سہاون سیپی ہین ۳۔ اور

جو چھند سورٹھا دوہا سندر کیے ہین سوئی انیک برن کے ارتھات اُجلے پیلے نیلے لال کملون کی جات شوبھتے ہین ۔ ۳ ۔ اور کملون کی شوبھا بھونرا اور ہنسون سے ہوتی ہی سو یہان سُکرتی جنون کے سمود (گروہ) اُن کملون کے مکرند رس کے رسک بھونرا ہین اور اُنکے گیان بیراگ بچار ہنس روپ ہین ۔ ۵ ۔ دھنیارتھ اور بینگارتھ اور کابیہ کے گن سوئی انیک پرکار کی منوہر مچھلی ہین ۶ ۔ سنت جنون کی سبھا سو اس تڑاگ کی چارون دِشا کی امرائی ہی تسمین شردھا ہی بسنت رِت کے سمان ہی ۔ ۷ ۔ بھگت کا نِروپن جو انیک بھانت سے کیا ہی ارتھات کہین نودھا کہین پریما کہین پرا بھگت کا نروپن کیا ہی سو اور چھما اور دیا اور دم یے سب لتا بتان ہین ۔ ۸ ۔ سنجم نیم آدِ نو امرائیون کے پُشپ سمان ہین پھل سنتون کا گیان ہی اور بھگوت چرنار بندون مین جو پریت ہی اسی کو اس گیان پھل کا سار رس بید کہتے ہین ۔ ۳۶ ۔ دوہا ۔ ایسی جو اس تڑاگ کے چارون اور پُشپ باٹکا اور باگ بن ہین انھین آنند روپ اچھے اچھے بہنگ ارتھات طوطا کوکلا پپیہا چکور مور آدِ کے بہار استھان ہین اور سندر من روپی جو مالی ہی سو اسنیہ کا جل نیتر جلاشو (چشمہ) سے ان سبکو سینچتا ہی ۔

بائیس دوہکا سے دوسرے ارتھ کہتے ہین

۱ ۔ سات کانڈ جو ہین سوئی اس سندر سرووَر کی دِبیہ سات سیڑھی ہین شاستر سے اُتپن ہوئے گیان نیترون سے جب ان سیڑھیون کو دیکھے تب جتھارتھ گیان ہو اور من سُکھی ہو ۔ بھاو ۔ ساتون سیڑھی رام جس جل سے پورن ہین شاستر گیان بنا انکو جتھارتھ کیسے سمجھ اتھوا گیان نیتر سے ساتون سیڑھیون کو دیکھے تو من مانے کیسا دیکھے کہ بال کانڈ مین سیتا رام سنجوگ سوئی سانکھیہ شاستر ہی ۔ اجودھیا بیراگ بشتلھک ۔ آرنیہ مہا نسا ۔ کشکندھا جوگ سندر بیاپک لنکا بیدانت ۔ اتر ساہ راج ۔ ایسا دیکھے تب من مانے ۔ ۲ ۔ چار سندر چوپائیان تڑاگ کی سگھن پُرین چھا رہی ہین ۔ بھاو ۔ جیسے پُرین سگھن تیسے چوپائی سگھن یا ہی سے چوپائی بادِ پُرین کہا ہی ۔ پرمان ۔ پُرین سگھن اوٹ جل بیگ نہ پائیے مرم یا سے پُرین نے رام جس جل کو چھا رکھا ہی جلدی تھاہ کوئی نہین پاتا ہی ۳ ۔ چھند سورٹھا ۔ سج رہی ہین ۔ ۴ ۔ سکرتی لوگون کے سکرت برند (یعنی جھنڈ) سندر بھونرا کی پنکت ہین اور انھین لوگون کے گیان بیراگ بنیک ہنس ہین اور ال کو رس پان بھر لینا

رگھن ہی گیان آدِ اور ہنس کا اُجلا رنگ اور سَت اسَت کا بِبیک سا درش لینا تین پرکار کے ہنس شاستر مین لکھے ہین تاتے گیان آدِ تین کہے ۔ ۵۔ جسکا ارتھ کابیہ مین اَلکش ہو سو دُھن کہاتی ہی اور جسکا ارتھ اُلٹا لیا جاوے سو اَوریب اور کبت گُن تین پرکاش آدِ تے جات جار ۔ کوشکی ۔ بھارتی ۔ آربھٹی ۔ ساتکی ۔ انکو برتّ بھی کہتے ہین ۔ ۶۔ سادھ سبھا شوئی اِس مان سروور کے چاروں اُور آم کا باگ (باغ) ہی بڑا اپکاری اور امرت پھل داتا تہان شردھا بسنت رُت ہی ۔ ۷۔ نودھا بھکت ۔ پرتما بھکت ۔ پڑا بھکت ۔

۱	جے گاوین یہ چرت سنوارے		تے یہ تال چتر رکھوارے	
۲	اَت کھل جے بِشَی باک کاگا		یہ سر نا ہٹ نہ جاین ابھاگا	
۳	سمبک بھیک سِوار سمانا		یہان نہ بِشی کتھا رس نانا	
۴	تہ کارن آوت ہیہ ہارے		کامی کاگ بلاک بچارے	
۵	آوت یہ سر اَت کٹھنائی		رام کرپا بِن آئے نہ جائی	
۶	کٹھن کُسنگ کُپنتھ کرالا		تنکے بچن بیا گھ ہر بیالا	
۷	گرہ کارج نانا جنجالا		تیٔ اَت دُرگم سیل بِشالا	
۸	بن بہو بِشم موہ مَد مانا ؂		ندی کُترک بھینکر نانا ؂	

۸۳۔ دوہا۔
جے شردھا سمبل رہت نہین سنتن کر ساتھ
تنکو مانس اگم اَت جنھین نہ پریہ رگھناتھ

۱۔ جے سجن اِس چرتر کو بڑی ساوَدھانی اور چوکسی سے کہتے ہین ارتھات اشلوک ۔ نانا پران نگم آگم سمتم ۔ اس اشلوک کے انسار سب کا سدھانت جہان اس گرنتھ مین ہی اور بید مت اور لوک مت اور پورباپر سمبندھ برودھ اور کابیہ دوش بچار کرکے کہنا یہ ساوَدھانی اور یہ سب کہین دیکھے رہنا کہ کہین کسی نے اپنی چترائی سے چوپائی چھند سورٹھا آد ڈال کر اسکی سندرتا ڈھار رچنا کی برابری کو کہین اُدنچا نیچا تو نہین کر دیا ہی یہ چوکسی رکھواری ہی ۔ ۲۔ اَت دُشٹ جے پانچون بِشَی مین لپٹ بگلے کوّے سو اس پرم پاون سروور کے پاس بھی نہین آتے یہ انکا ابھاگ ہی ۔ ۳ و ۴ ۔ سمبک گھونگھے بھیک بینڈھک اور سِوار انکے سمان جو بِشَی کتھا سو تو اسمین ہی ہی نہین تس کارن کامی بگلے کوّے بچارے یہان آتے ہوئے ہردے مین جی ہارے ہوئے ہین

۵۔ اِس سُرودر مین آنا کچھ سُگم نہین ہی کِنتُ اَتِ کٹھِن ہی بنا کِرپا رام چندر جی کے آیا ہی نہین جاتا ہی۔ ۶۔ مہا کٹھِن کُسنگ سُوئی بھاری پربت کا مہا کر اَل اُتار چڑھاو کا کٹھِن مارگ ہی اور اُسکے بھی دا ایک بچن (جیسے اَرے بھائی جو تم کتھا سُنوگے تو تمکو ضرور ہی نرک ہوگا کیونکہ ابھی تو تم بنا جانے ہوئے پاپ کرتے ہو انجانے کا ڈنڈ نہین ہوتا اور جب تم کتھا سُنکر پاپ کروگے تو نرک ہی مین پڑوگے آدِ) سُوئی مانو مہا بھینکر باگھ سِنگھ سانپون کے سمان ہین۔ ۷۔ اور گھر کے کام کاج جو انیک جنجال ہین جو چھوڑے ہی نہین جاتے سُوئی مہا دُرگم بہت اُونچے بھاری پربت کے شِکھر (کنگورے) ہین۔ ۸۔ استری پُتر ادِ مِترون کا جو موہ بندھن اور بدیا دھن ایشورج کا گرب برن آشرم جات کُل کا ابھمان سوئی بڑے اُرجھاو کا مہا گھنا کٹھن بن ہی۔ پرلوک کیا ہی کسنے دیکھا ہی کسکے پاس پرلوک سے چٹھی آئی ہی سب دنت کتھا ہی ہمنے کسی کو کتھا سُنکر سورگ سے لوٹ آتے نہین دیکھا ایسی کُترک روپی بھینکر ندی ہی۔ ۳۷۔ دوہا جے مند بھاگ شردھا سمبل اور ست سنگ سے رہت ہین تنکو یہ مانسر دُرلبھ ہی جنکو شری رگھناتھ رام چندر جی مین پریت نہین ہی کیونکہ سُرودر اسنان کو سمبل سنگ اور تیرتھ بھکت ہونا چاہیے جیسے ہی رام کتھا کو شردھا ست سنگ اور بھگوت بھکت ان تینون کا ہونا اُچت ہی۔

۱	سکل بگھن بیاپہین نہین تیہی	رام سُکرپا بلوکین جیہی
۲	سوئی سادر سر مجن کرہین	مہا گھور تری تاپ نہ جرہین
۳	تے نر یہ سر تجہین نہ کاؤ +	جنکے رام چرن بھل بھاؤ
۴	اس مانس مانس چکھ چاہی	بھئی کب بدھ بمل اوگاہی
۵	بھیو ہردے آنند اُچھاہو	اُمگیو پریم پرمود پرباہو
۶	چلی سبھگ کبتا سرتا سون	رام بمل جس جل بھرتا سون
۷	سرجو نام سمنگل مولا +	لوک بید مت منجل کولا
۸	ندی پنیت سمانس نندن	کل مل ترن ترو مول نکندن
۳۔ دوہا	شروتا تربدھ سماج پُر گرام نگر دہون کول سنت سبھا انپم اودھ سکل سمنگل مول	

اِس سب بگھنون مین سے اسکو ایک بھی بگھن بادھا نہین ہوتا ہی جسکو شری رام چندر جی

سنکرپا ارتھات اہیت کی کرپا کٹاکش کرکے دیکھتے ہین جیسے پتنگ لنگھتے گرم -۲- سو تو
سب بگھن اور کگھن کارکون کے سر پر پانون دھر کر نہہ سندیہ چلے جاتے ہین اور آنند
سمرتھ سہت سدا اسنان کرکے مہا گھور تینون تاپ ارتھات دیہک ویوک بھوتک
جو ہین اُنہین نہین جرتے ہین -۳- اور تے سنکرپی شیلوان نر اس سرودر کو کبھی نہین
چھوڑتے ہین جنکا بھگوت پدارابندون ہین پرپورن پریم ہے -۴- ایسا سندر سہاون
پاون اس مان سر کو ہردی کے نیترون ارتھات گیان بچار کے نیترون سے دیکھکر جو
اوگاہن کیا تو کب کی بدھ نرمل ہو گئی -۵- تس سے ہوا جو ہردے مین آنند کا اچھاہ
تس سے اُسکے پریم آنند کا پرباہ امگا ارتھات ہردی مین نہ سما سکا -۶- تس سے
اُسی ہردی اگادھ سے جو رام سجس جل سے بھرا ہے کبتائی روپی سندر ندی یہ چلی جو رام ہی
کے نرمل سجس جل سے پرپورن ہے -۷- سرجو ایسا جسکا نام ہے اور منگل مول ہے اور لوک
مت اور بیدمت یے دونون ات اُجل جسکے دونون کنارے ہین -۸- یہ کیرت روپی
ندی پرم پنیت ہے کیونکہ رام سجس سندر مان سرودر کی پتری ہے کلجگ کے سب پاپ
جو کنارے کے برکچھ کے سمان ہین اُنکی جڑ کو اُکھاڑنے والی ہے -۳۸- دوہا - تین پرکار
کے جو سنسروتا ہین ارتھات جیون مکت کیول ادھکاری - مموکشو - بکھیئی بدھ - سو
جنجھاجوگ اس ندی کے دونون کنارون پر نگر گرام بستے ہین اور بھگوت جنون کی جو
سندر سبھا ہے سو انوپم شری اجودھیا سمیت سب منگلون کی جڑ ہے -

۱	رام بھگت سرسرتہہ جائی		ملی سکیرت سرجو سہائی
۲	سانج رام سمر جس پاون		ملیو مہاند سون سہاون
۳	جگ بچ بھگت دیودھن دھارا		سوہت سہت سبرت بچارا
۴	تربدھ تاپ تراسک ترمہانی		رام سوروپ سندھ سمہانی
۵	مانس مول ملی سرسرہی		سنت سجن من پاون کرہی
۶	بچ بچ کتھا بچتر بھاگا		جن سر تیر تیر بن باگا
۷	اما مہیش بواہ براتی		تے جلچر اگنت بہہ بھانتی
۸	رگھبر جنم انند بدھائی		بھنور ترنگ منوہرتائی
۳۹	دوہا	بال چرت چہون بندھو کے بنج بپل بہہ رنگ	

نرپ رانی پرجن سکرت مدھکر بار بہنگ

۱۔ پھر کیرت روپی سرجو سنت سبھا اجودھیا سے رام بھگت شری گنگا میں جا ملی ارتھات سکیرت کہیں بال اجودھیا کانڈ کی سمانت کیرت سرجو گنگا کے اتر دشا کی اور تے آ ملی ۲۔ اور شری رام لچھمن کا جو آرنیہ سے لنکا تک مہا اگر جدھ جس دکھن دشا سے سون بھدر سہاون اور رام جس پاون بھگت گنگا میں جا ملا ہے دونوں کیرت بھگوت بھگت پرائیک ہیں جو انمیں پڑیگا سو رام بھگت گنگا کو پراپت ہو کر رام سمندر کو پاویگا ۔ ۳۔ ان دونوں کے بیچ گنگا کی دھارا کیسی سوبھتی ہے جیسے گیان بیراگ کے بیچ بھگت ۔ ۴۔ اس پرکار رام بھگت گنگا تربدھ تاپ تراشک ترمہانی ارتھات تین مکھی ہو کر رام سوروپ سمندر کو چلی ۔ ۵۔ اب یہاں سے پھر رام سکیرت سرجو کا برنن کرتے ہیں اس سے کیرت سرجو کو مانس مول کہا ارتھات مانسر سے لیکر رام بھگت گنگا تک سنتے ہی سجنوں کے من کو پوتر کرتی ہے ۔ ۶۔ بیچ بیچ میں جو انیک اتہاس جیسے پوچھا شنہہ ستلا یمہ دیکھی آدی سوئی اس ندی کے تیر تیر کے بن باگ ہیں ۔ ۷۔ شری شیو پاربتی جی کے بواہ کے دیوتا جچھ بھوت پریت پشاچ آدی انیک جات کے جو براتی سوئی نانا پرکار کے جلچر ہیں ۔ ۸۔ شری رام چندر جی کے جنم کی جو آنند بدھائی ہے سوئی ندی کے جل کی بھونر اور اسکے ترنگوں کی منوہرتائی ہے ۔ ۳۹ ۔ دوہا ۔ چاروں بھائیوں کے جو سندر بال چرتر کھیل ہیں سوئی اس ندی کے رنگ رنگ کے کمل ہیں اور راجا رانی کے پروار سمیت سکیرت انکے بھونرا اور جل پد آدھین ۔

۱	سیا سو یمبر کتھا سہائی		سرت سہاون سو چھب چھائی	
۲	ندی ناو بٹ پرشن انیکا		کیوٹ کشل اتر سبیکا	
۳	سن ان کتھن پرسپر ہوئی		پتھک سماج سوہ سر سوئی	
۴	گھور دھار بھرگ ناتھ رسانی		گھاٹ سبندھ رام بر بانی	
۵	سانج رام بواہ اچھاہو		سو شبھ امنگ سکھد سب کاہو	
۶	کہت سنت ہرکھیں پلکاہیں		تے سکرتی من مدت نہاہیں	
۷	رام تلک ہت منگل ساجا		پرب جوگ جن جرے سماجا	
۸	کائی کمت کیکئی کیری		پری جاس پھل بپت گھنیری	

۴۰ ۔ دوہا	سُمن امِت اُتپات سب بھرت چرت جپ جاگ کل اگھ کھل اوگن کتھن سے جلچر بک کاگ	

۱ ۔ چلے رام لچھمن مُن سنگا ۔ یہاں سے لیکر ۔ رگھبر اُر جیمال دیکھ دیو برکھین سُمن ۔ یہاں تک جو اُت مُنوہر شری سیتاجی کے سویمبر کی کتھا ہے سو اس ندی پر سُہاونی چھب چھا رہی ہے ۔ ۲ ۔ اسمین جو پرشن کرتا کے پرشن ہین سو ندی کی ناو ہین ۔ جیسے کہو ناتھ سُندر دو بالک ۔ مُن کل تلک کہ نرپ کل پالک ۔ سکھی سب کوتک دیکھن ہارے ۔ جیٹھیو کہاوت ہتو ہمارے ۔ آد اور اُنکا ببیک سمیت جو اُتر ہے سوئی پرم پربین کیوٹ جانو ۔ جیسے ۔ یے پرسنی جہان لگ پرانی ۔ اور تیج ونت لگھو گنیے نہ رانی ۔ آدِ ۔ ۳ ۔ اور جو شری رام لچھمن کی سُندرتائی کو جنک پُر باشی دیکھ سُنکر گھر گھر بکھان کرتے ہین جیسے ۔ برنت چھب جہان تہان سب لوگو ۔ آد سوئی اس ندی پر پتھک سماج (جاتری لوگ) ہین ۴ ۔ مہا اگت جو پرشرام کی رس ہے جسکے ڈر سے ۔ اندر اُتر دیت نرپ ناہین ۔ سو اس ندی کی گھور دُستر دھارا ہے تہان رام لچھمن کی نربھے بانی جیسے ۔ ملے نہ کبھوں سُبھٹ رن گاڑھے ۔ اور کالہہ ڈرین نہ رن رگھوبنسی ۔ آدِ سو اس ندی کا سُندر گھاٹ ہے ۔ ۵ ۔ تینوں بھائیوں سمیت شری رام چندرجی کے بواہ کا اُتساہ سو سبکو سُکھد ایک ندی کی اُمنگ ہے ۔ ۶ ۔ جو اس بواہ کے کہتے سُنتے پرسن ہوتے ہین سو مانو سُکرتی جیو پرسن من ہو کر نہاتے ہین ۔ ۷ ۔ شری رام چندرجی کے راج تلک کے لیے جو منگل ساج (سامان) ہے سوئی مانو پرب جوگ کا سماج ہے ۔ ۸ ۔ تہان کیکئی کی کُمت کائی ہے جسکا پھل سب کو بپت کے مول کا کارن ہے ۴۰ ۔ دوہا ۔ تسکے نوارن کا ہیت بھرت جی کا چرتر جپ جاگ کے سمان ہے اور کلجگ کے پاپ اور کھلون کے اوگنوں کا برنن سوئی اُپاون جلچر دُشٹ پنچھی لگلے کوٹے ہین ۔

۱	کیٔرت سرت چھون رت رُوری		سمے سُہاوَن پاوَن بھُوری	
۲	ہِم ہِم شیل سُتا شو بیاہو		ششر سُکھد پربھ جنم اُچھاہو	
۳	برنب رام بواہ سما جو		سو مُد منگل مے رِت راجو	
۴	گریکھم دُسہ رام بن گونو		پنتھ کتھا کھر آتپ پونو	
۵	برکھا گھور نشاچر راری		سُر کُل شال سُمنگل کاری	

۶	رام راج سکھ نہی بڑائی		لشبد سکھد سو شرد سہائی	
۷	ستی شرومن سیہ گن گاتھا		سوئی گن امل انوپم پاتھا	
۸	بھرت سبھاؤ سشیلتائی		سدا ایک رس برن نجائی	

۱۴۔ دوہا	ادلوکن بولن ملن پریت پرسپر ہاس بھایپ بھل چہوُن بندھ کی جل مادھری سباس	

۱۔ یہ کیرت ندی چھوون رت مین سندر سہاولی اور پوتر ہی ہر کبھی کسو بھت گندلی رہتو وتی اور ندیون کی طرح نہین ہوتی ہر۔ ۲۔ تہان پرتھم ہم رت کہتے ہین کیونکہ ہم رت کا آرمبھ پرتھم ماس اگہن سے ہر اس کرم (سلسلہ) سے کہ نارائن اپنے کیشوآد بارہ نامون سے بارہ مہینون کے سوامی اور پوجیۓ بارہ مہینون کے ناتم مین پرسدھ ہین جیسے کیشو اگہن۔ نارائن پوس۔ مادھو ماگھ۔ گوبند پھاگن۔ بشن چیت۔ مدھسودن بیساکھ۔ تربکرم جیٹھ۔ بامن اساڑھ۔ شری دھر ساون۔ ہرکھی کیش بھادون۔ پدم نابھ کنوار۔ دامودر کاتک۔ یے ہم رت سے شرد رت تک کے مہینے ہین شری شوپاربتی جی کے بواہ مین ہماچل کی کتھا بھی ہر اس سے پرتھم ہم رت کہی ارتھات شری شوپاربتی جی کے بواہ کی کتھا ہم رت ہر آگے پربھ کے جنم کی کتھا سو سکھد ایک ششر رت ہر۔ ۳۔ پھر شری رام چندر جی کے بواہ کا سماج سو آنند منگل روپ رت راج بسنت ہر۔ ۴۔ شری رام چندر جی کا مہا دسہہ بن جاترا سو گریکھم رت ہر تہان مارگ کی کتھا کڑی دھوپ ہر اور لوہ (گرم ہوا) ہر۔ ۵۔ مہا گھور راچھسون کی لڑائی مانو نما میگھ جھر لائے۔ سو برکھا رت ہر جو دیوکل دھان کی منگل کاری ہر۔ ۶۔ رام راج کے سکھ اور راج نیت کی بڑائی ات اجل سہاونی شرد رت ہر۔ ۷۔ ستی شرومن سیتا جی کے سندر آچرنون کی جو کتھا ہر سو اس رام راج شرد رت کے انوپم جل مین گن اور نرملتا ہر۔ ۸۔ بھرت جی کا سشیل سبھاؤ سو شرد رت کے جل کا سکھ رس ہر۔ ۱۴۔ دوہا۔ چارون بھائیون کا آپس مین دیکھنا بولنا ملنا پریت کرنا ہنسنا اور بھائے بھکت سو شرد کے جل کا میٹھا پن اور سگندھ ہر۔

۱	اتر تہر دمنیتا موری		لاگھنتا للت سبار نہ تھوری	
۲	ادبھت سلل سنت گن کاری		آس پیاس منو مل ہاری	
۳	رام سپریم پوکھت پانی		ہرت سکل کل کلکھ گلانی	

۴ بھو شرم سوکھک توکھا ۔ شمن درت دکھ دارد دوکھا
۵ کام کودھ مد موہ نشاون ۔ بمل بیبیک براگ بڑھاون
۶ سادر مجن پان کیے تے ۔ مٹین پاپ پرتاپ ہیے کے
۷ جن یہہ بارِ نہ مانس دھوئے ۔ تے کایر کل کال بگوئے
۸ ترکھت نرکھ ربکر بھو باری ۔ بھرمین مرگا جم جیو دکھاری

۴۳۔ دوہا
مت انہار سبار برگن گن من انھوائے
سمر بھوانی شنکرہ کہہ کب کتھا سہائے

۱۔ اور میری بہت آرت اور نیتی اور دینتا سو اس رام راج سندر تیر درت کے جل مین بہت پیاری لگھتا ارتھات ہلکاپن گن ادھک ہی ارتھات جو جل ہلکا ہوتا ہی سو گن کاری ہوتا ہی ۔ ۲ ۔ پھر یہہ جل ادبھت ہی کہ سنتے ہی گن کرتا ہی اور سنسار کی ورات روپی پیاس اور من کے بکار کو ہرتا ہی ۔ ۳ ۔ اور سندر رام پریم کو پشٹ کرتا ہی اور کلجگ کے سب پاپون کی گلان کو ہرتا ہی ۔ ۴ ۔ پھر یہہ رام سجس روپی جل بھو شرم ارتھات جنم مرن کا سوکھنے والا اور سنتوکھ کا بھی توکھ کرنے والا ہی اور درت ارتھات پاپ اور دکھ روپی دردر کے دونو کا ناشک ہی ۔ ۵ ۔ کام کرودھ مد موہ آدی کو ناش کرتا ہی اور نرمل گیان براگ کو بڑھاتا ہی ۔ ۶ ۔ پرتیت سہت اسکے اسنان پان کرنے سے ہردے کے پاپ روپی دارن داہ مٹ جاتے ہین ۔ ۷ ۔ جن ابھاگون نے اس پوتر رام سجس جل سے اپنے من کو پوتر نہین کیے تے کور کل کال کے مارے ہوئے جانو ۔ ۸ ۔ کیونکہ جو کوئی اس امرت سر کو چھوڑ کر اور کہین اپنی اس پیاس کو بجھانا چاہتا ہی سو دربدھ ہی جیسے اتی پیاسا مرگ جل کو دیکھکر مرگون کی طرح دھاؤ کمی بھرما ہی کرتا ہی ۔ سب کی مت یہ ہی ۔ اشلوک ۔

योवासुदेवादन्यत्रमोक्षमभ्यार्थयतेऽल्पधीः । अनिभ्रान्तसुखद्योतंशीतत्राणायकल्पते ॥ १ ॥ वासुदेवंपरित्यज्ययोऽन्यदेवमुपासते । तृषितोजान्हवीतीरेकूपंखनतिदुर्मतिः ॥ २ ॥ अविस्मितंतंपरिपूर्णकामंस्वेनैवलाभेनसमंप्रशांतं । विनोपसर्पत्यपरंहिबालिशाःस्वलांगुलेनैवतितर्तिसिंधुं ३

ارتھات - چوپائی - رگھوپت بمکھ جتن کر کوری + کون سکے بھو بندھن چھوری -
۴۳ - دوہا - مت کے انسار اس سندر اتم جل کے گن گنون مین اپنے من کو اسنان
کرا کے ارتھات بدھ کے انسار اس سروور کے کچھ گن کہکر اور اس چرتر کے کتھ شروتا بکتا شری
بھوانی شنکر کو اسکے ادا انت مین اسمرن کرکے مین گرنتھ کار سندر کتھا کہتا ہون — یہ
چوپائیون کی تیسری چھتر دشی ہوئی —

دوہا	شری رگھوپت پد پنکرہ ہیہ دھر پاے پرساد کہون سجگل من برج کر ملن سبھگ سمباد

پہلے گسائین تلسی داس جی نے چوپائیون کی تین چھتر دشی مین اس گرنتھ کے منگلا چرن اور بھومکا (تمہید و دیباچہ) کو پورا کیا - یہان سے کہتے ہین کہ اب تو مین شری رام چندر جی کے چرن کملون کو ہردے مین دھارن کرکے انھین کی کرپا کو پاکر دونون من اتم ارتھات جاگیہ ولکیہ من اور بھردواج من کا جتھا بدھ ملاپ اور سمباد کہتا ہون —

۱	بھردواج من بسہین پریاگا		تنہین رام پد ات انوراگا
۲	تاپس سم دم دیا ندھانا		پرمارتھ پتھ پرم سجانا
۳	ماگھ مکرگت رب جب ہوئی		تیرتھ پتہہ آوی سب کوئی
۴	دیو دنج کنر نر سرینی		سادر مجہین سکل تربینی
۵	پوجہی مادھو پد جلجاتا		پرس اچھی بٹ ہرکھہین گاتا
۶	بھردواج آشرم ات پاون		پرم رمیہ من بر من بھاون
۷	تہان ہوئے من رکھے سماجا		جاہین جے مجن تیرتھ راجا
۸	مجہین پرات سمیت اچھاہا		کرہین پرسپر ہرگن گاہا

۴۴ - دوہا	برہم نروپن دھرم بدھ برنہین تتو بہاگ کہہین بھگت بھگونت کی سنجت گیان براگ

۱ بھردواج من پریاگ راج کے نواسی تھے اور تنکو شری رام چندر جی کے چرنون مین ات پریم تھا - ۲ - بڑے تپسوی شم دم دیا کے سمدر اور پرمارتھ ارتھات برہم گیان جیسا کہ اجودھیا کانڈ مین کہا ہے — رام برہم پرمارتھ روپا - تس مارگ مین پرم پربین تھے -
۳ دہم - سو جب ماگھ مہینہ مین مکر کے سورج ہوتے ہین تب وہان دیوتا دیت

اور منگھ سب ہی آ کے تربینی مین اسنان کرتے ہین ۔ ۵۔ اور راگھو کے سوامی مادھو کے چرن کمل کا پوجن کرتے ہین اکشیہ بٹ کا درشن کر کے پرسن ہوتے ہین ۔ ۶۔ تہان بھردواج مُن کا آشرم اَت پوتر پرم منوہر مُن کا مَن مانا تھا ۔ ۷۔ اُسی آشرم مین مُن لوگ جو پریاگ راج اسنان کے واسطے جاتے تھے اِکٹھے ہوتے تھے ۔ ۸۔ تہان سورج اُدی کے سمی اُتساہ سمیت اسنان کر کے بھگوت گُن گاتے تھے ۔ ۴۳۔ دوہا ۔ برہم نروپن بیدانت اور دھرم بدھ اشٹرت پُران اور تتو بھاگ سانکھیہ آدِ شاستر اور گیان بیراگ سہت بھگوت بھگتی کہتے تھے ۔

۱	یہہ پرکار بھر مکر نہاہین	پُن سب نج نج آشرم جاہین
۲	پرت سمبت اس ہوئی انندا	مکر مج گونہین مُن برندا
۳	ایکبار بھر مکر نہائے	سب منیش آشرمن سدھائے
۴	جاگیہ ولکیہ مُن پرم بویکی	بھردواج راکھے پد ٹیکی
۵	سادر چرن سروج پکھارے	اَت پنیت آسن بیٹھارے
۶	کر پوجا مُن سجس بکھانی	بولے اَت پنیت مرِدو بانی
۷	ناتھ ایک سنشی بڑ مورے	کر تل بید تتو سب تورے
۸	کہت موہ لاگت بھی لاجا	جو نہ کہون تو ہوئے اکاجا

۴۴۔ دوہا

سنت کہین اس نیت پربھ شرت پران مُن گاو
ہوئے نہ بمل بیبک اُر گُر سن کیئے دُراو

۱۔ اِس پرکار مکر کے مہینے بھر کلپ باس کرتے ہین پھر سب اپنے اپنے آشرم کو جاتے ہین ۲۔ ایسا آنند تہان برس برس پیچھے ہوتا ہی ۔ ۳۔ ایکبار مکر بھر نہا کر سب مُنیشور تو اپنے اپنے آشرم کو چلے گئے ۔ ۴۔ اُنمین مہا بھاگوت پردھان جو شری جاگیہ ولکیہ مُن بر تھے تنکو بھردواج مُن نے پد ٹیک کر رکھا ارتھات پریم ہٹھ کر کے جانے نہین دیا ۔ ۵۔ بڑے آدر سمیت اُنکے چرن کمل دھو کر پرم پوتر بیاس آسن پر براجمان کیا ۔ ۶۔ پھر بدھ سہت پوجن کر کے اور سجس بڑائی بکھان کر اَت پوتر کومل بانی سے کہنے لگے ۷۔ کہ ہے ناتھ میرے مَن مین ایک بڑی شنکا ہی اور آپ کے سب بیدون کا تتو ہاتھ کی ہتھیلی پر ہی کیونکہ جو پرم دھرم گپت ہی اسکو جیسا بھاگوت بھاگوت مہاتما آپ ایسے جانتے ہین

دلیسا اور نہین جان سکتے ہین - شری بھاگوت کا اشلوک -

श्लोक ॥ नारायणपरा विप्रा धर्मं गुह्यं परं विदुः । करुणाः साधवः शान्तास्त्वद्विधा न तथापरे ॥

۸ - سو شنکا کہتے ہوئے تو مجھکو بڑا ڈر لگتا ہی اور لاج بھی آتی ہی اور جو نہین کہتا ہون تو اکاج ہوتا ہی - ہم ہم - دوہا - کیونکہ سنت جن ایسی نیت کہتے ہین اور بید پُران آدک مین بھی لکھا ہی کہ گرو سے چھپاو کرنے سے نرمل گیان ہردے مین نہین ہوتا ہی -

۱	اُس بچار پر گنون رنج موہو	ہرہ ناتھ کر جن پر چھو ہو
۲	رام نام کر امت پر بھاوا	سنت پُران اُپنکھد گاوا
۳	سنت جپت سنبھو انباشی	شِو بھگوان گیان گن راشی
۴	آکر چار جیو جگ آہ رہین +	کاشی مرت پرم پد لہہ ہین
۵	سوپ رام مہما مُن رایا	شِو اپدیش کرت کر دایا
۱- منی بشوامتر کا آنا جب راجا دسرتھ نے سنا تب تو براہمنوں کا سماج ساتھ لیکر انکے ملنے کو گئے۔ ۲- بدھ سے دنڈوت پرنام کر کے بڑا آدر کیا اور آدر سمیت راج مندر میں لاکر اونچے آسن پر بٹھایا۔ ۳- چرن دھوکر بھوجن سگندھ ہاپان آدسے پوجن کیا اور اپنے کو ات دھن کہا۔ ۴- پیچھے چاروں پتروں کو اُنکے چرنوں پر ڈال دیا سو رام چندرجی کو دیکھکر تو منی بہت ہی پرسن ہو گئے۔ ۵- تب تو آنند من ہو کر راجا نے ہاتھ جوڑ کر کہا کہ مہاراج آپ نے میرے اوپر ایسی کرپا کبھی نہیں کی تھی۔ ۶- سو اس بار کس نمت آپکا آنا ہوا سو آپ آگیا کریں میں اُسکے کرنے میں ڈھیل نہیں کرونگا۔ ۷- راجا کا یہ بچن سنکر بشوامتر نے کہا کہ ہے راجا مجھکو راچھسوں کے سموہ (گروہ) ستاتے ہیں جوگ جپ جگ نہیں کرنے دیتے ہیں اس نمت میں تمھارے پاس مانگنے کو آیا ہوں سو لچھمن سمیت اپنے بڑے پتر رام چندرجی کو میرے ساتھ کر دو تو راچھسوں کا ناش ہو جاوے گا اور میں بھی سناتھ ہو جاؤنگا۔ ۲۲- دوہا سو ہے راجا پرسن من ہو کر میرے ساتھ کر دو اور پریم سے جو اگیان ہوا اسکو چھوڑ دو کیونکہ اسمیں دھرم ارتھات پن اور سجس کا لابھ تو تم کو ہوگا ارتھات میرا بھلا ہونے سے تمکو جس اور پن ہوگا اور انکا پرم کلیان ہوگا۔

۱	سن راجا ات اپریہ بانی	ہردے کمپ مکھ دت کمھلائی
۲	چوتھے پن پایوں ست چاری	بپر بچن نہیں کہیو بچاری
۳	مانگو بھوم دھین دھن کوشا	سربس آج دیوں سہہ روشا
۴	دیہہ پران تے پریہ کچھ ناہیں	سو منی دیوں نمکھ اک ماہیں
۵	سب ست پریہ پران کی نائیں	رام دیت نہیں بنے گسائیں
۶	تب بشسٹھ بہہ بدھ سمجھاوا	نرپ سندیہہ ناس کا پاوا
۷	ات آدر دوؤ ست بلائے	ہردے لائے بہہ بھانت سکھائے
۸	میرے پران ناتھ ست دوؤ	تم منی پتا آن نہیں کوؤ

۲۳- دوہا- سونپے بھوپت رکھ ست بہہ بدھ دی اشیش

جننی بھون گئے پربھ چلے نائے پد سیس

۱۔ مُن کی ایسی اپرِیہ بانی (ناپسند بات) سُنتے ہی راجا کا ہِردے کانپنے لگا اور مکھ بھی کمھلا گیا بڑی آدھینتا (عاجزی) سے بولے کہ ۲۔ مین نے تو یہ چار پُتر اپنے چوتھے پن مین آنکھون دیکھے ہین سو بھلا آنکھون سے اوٹ کیسے کیجا سکتے ہین آپ نے یہ بچن بچار کر نہ کہا ۳۔ اِس سے آپ پھر کر جو دھن (دولت) دھینو (گئو) کوش (خزانہ) مانگین سو مین آپکو سب آنند سمیت دونگا۔ ۴۔ یہان تک کہ دیہہ اور پران سے بڑھکر کچھ بھی پیارا نہین ہوتا ہے سو بھی پل بھر مین مین آپ کو دونگا اور سب پُتر تو مجھکو پران ہی کے سمان پیارے ہین پرنتُ رام چندر تو کسی بھانت دینے نہین بنتے ہین۔ ۶۔ جب راجا نے منیشور کا بچن نہ مانکر سو کھا جواب ہی دیا تب تو بششٹھ مُن نے بشوامتر کا پربھاو اور رام چندر جی کی مہما جانکر راجا کا سب سندیہہ اور گیان دُور کیا۔ ۷۔ ۸۔ تب راجا نے بڑے آدر سمیت رام چندر جی اور لچھمن جی کو بُلایا اور ہِردے سے لگا کر بہت طرح سے سکھاون دیا اور مُن سے کہا کہ ہے ناتھ یہ میرے تو یہ دونون پُتر پران ہی ہین آپ بھی اِنکے پتا ہی ہین کچھ اور نہین ہین۔ ۲۳۔ دوہا۔ یہ کہکر راجا نے دونون پُترون کو اسیس دیکر بشوامتر کو سونپ دیے تب دونون بھائیون نے کوشلیا ماتا کے پاس جا کر اسیس لیا اور چرنون پر سر نوا کر چل دیے۔

سورٹھا
پُرش سنگھ دو بیر ہرکھ چلے مُن بھے ہرن
کِرپا سندھ مت دھیر اکھل بشو کارن کرن

۱ اُرن نین اُر باہ بِشالا ۔ نیل جلج تن شیام تمالا
۲ کٹ پٹ پیٹ کسے بر بھاتھا ۔ رُچر چاپ شایک دو ہاتھا
۳ شیام گور سندر دو بھائی ۔ بشوامتر مہاندھ پائی
۴ پربھُ برہمنیہ دیو مین جانا ۔ موہ ہت پتا تجیو بھگوانا
۵ چلے جات مُن دینہہ دکھائی ۔ مُن تاڑکا کرودھ کر دھائی
۶ اِکی بان پران ہر لینہا ۔ دین جان تہہ نج پد دینہا
۷ تب مُن نج ناتھ جیہ چینہی ۔ بِدیا ندھ کا بِدیا دینہی
۸ جاتے لاگ نہ چھدھا پیاسا ۔ اتُلت بل تن تیج پرکاسا

۲۴۔ دوہا۔ آیدہ سرب سمرپ کر پربھ نج آشرم آن

کنڈ مول پھل بھوجن دیے بھگت ہت جان

یہاں سے شری رام چندر جی کی پہلی دِگ بجے جاترا ہوتی ہے اس کارن جاترا بیر روپ شری رام چندر جی کا برنن کرتے ہیں۔ سورٹھہ۔ پُرش سنگھ ارتھات ساکشات نر سنگھ ہی کے سمان دونوں بھائی بڑے بیر آنند سمیت بشوامتر کا ڈر چھڑانے کو چلے کرپا کے سمندر اور مت کے دھیر سب سنسار کے کارن اور کرتا ہیں۔ اشلوک۔

करणं कारणं कर्त्ता विकर्त्ता गहनो गुहः ॥ ✤ ॥ ✤ ॥ ✤ ॥

۱۔ جوانی اور بہادری کے سبب سے لال آنکھیں اور چوڑی چھاتی اور بشال بھجا اور نیل کمل کے سمان شیام تمال شریر تھا۔ ۲۔ پیلے پٹ سے نکھنگ (ترکش) کمر پر کسے ہوئے پرم سُندر دھنکھ بان ہاتھوں میں لیے ہوئے۔ ۳۔ ایسی سُندر سانوری اور گوری دونوں بھائیوں کی جوڑی بشوامتر تو مانو مہاندھی پا لیئے۔ ۴۔ سوامی سچ سچ بید گون کے دیو ہیں میں نے جانا کیونکہ میرے نِمت پتا کو بھی چھوڑ آئے۔ ۵۔ پہلے راہ ہی میں مُن نے تاڑکا دکھائی سو تو سنتے ہی رام چندر جی کے اوپر دوڑی۔ ۶۔ ایک ہی بان سے اُسکے پران ہر لیے اور دین جانکر بیکنٹھ دھام دیا۔ ۷ و ۸ تب تو مُن نے اپنے ناتھ بدیا ندھان کو بلا اور اتِ بلا دونوں بِدیا پڑھائیں جنسے بھوکھ اور پیاس نہ لگے اور اتل بل اور تیج کا پرکاش بڑھتا رہے۔ ۲۰۴۔ دوہا۔ پھر شری رام چندر اور لچھمن جی کو اپنے آشرم میں لاکر کنڈ مول پھل بھوجن دیے اور جو بڑے آرادھن پوجن کر کے شری مہا دیو جی سے دِبیہ آیدھ (عمدہ ہتھیار) پائے تھے سو سب رام چندر جی کو ارپن کر دیے۔

۱	پرات کہا مُن سن رگھورائی	نربھی جگت کرو تم جائی
۲	سُن ماریچ نشاچر کوہی	لے سہائے دھاوا مُن دروہی
۳	بن پھر بان رام تیہہ مارا	ست جوجن گا ساگر پارا
۴	پاوک سر سباہو پُن مارا	انج نشاچر کٹک سنگھارا
۵	تب مُن سادر کہا بجھائی	چرت ایک پربھو دیکھئے جائی
۶	دھنکھ جگت سن رگھوکل ناتھا	ہرکھ چلے مُن بر کے ساتھا
۷	آشرم ایک دیکھ مگ ماہیں	کھگ مرگ جیو جنت تہاں ناہیں
۸	پوچھا مُنہہ سِلا پربھ دیکھی	سکل کتھا مُن کہی بسیکھی

دُوہا۔
گوتم ناری شاپ بَش اُپل دیہہ دَھرِ دھیر
چَرَن کمَل رَج چاہتی کرپا کرو رَگھوبیر

۱۔ پراتھہ کال ہوتے ہی بشوامتر سے رام چندر جی نے کہا کہ اب آپ بے کھٹکے اپنا جگ کیجیے۔ ۲۔ یہہ سماچار سنکر ماریچ راچھس مہا تامسی اپنی سینا اور سُباہ کو ساتھ لیکر مُنیشوروں کا دروہی لڑنے کو آیا۔ ۳۔ سو بنا گانسی کا ایک تیر شری رام چندر نے اسکو مار دیا جسکے مارے سو جوجن سمُدر کے اُس پار جا گرا۔ ۴۔ اور اگن بان سے سُباہ کو بھسم کر دیا اتنے مین لچھمن جی نے راچھسون کا سب کٹک (لشکر) مار لیا۔ ۵۔ جگ سماپت کے پیچھے بشوامتر نے شری رام چندر جی سے کہا کہ متھلا پُری کے راجا جنک نے اپنی پُتری کے سویمبر کے نمت دھنکھ جگ رچا ہے تہان بہت سے راجا لوگ اکٹھا ہونگے چلو دیکھ آوین۔ ۶۔ دھنکھ جگ سنتے ہی دونون بھائی بہت آنند ہو کر بشوامتر کے ساتھ چلدیے۔ ۷۔ راہ مین ایک استھان دیکھا کہ جہان جیو جنت کوئی نہین تھا کیول ایک پتھر کی شلا ہی پڑی تھی۔ ۸۔ اسکا کارن بشوامتر سے پوچھا تب مُن نے سب برتانت کہا کہ۔ دوہا۔ یہ گوتم مُن نیائے شاستر جاننے والے کی استری ہے اہلیا اسکا نام ہے انھین مُن کے شاپ سے یہہ پتھر ہو گئی ہے آپ کے چرن کمل کی دھول چاہتی ہے سو کرپا کیجیے

۱۔ چھند

پرست پد پاون سوک نساون پرگٹ بھئی تپ پنج سہی
دیکھت رگھنایک جن سکھدایک سنمکھ ہوئ کر جوڑ رہی
اَت پریم ادھیر اُپلک شریر مُکھ نہین آوے بچن کہی
اَت شی بڑبھاگی چرنن لاگی جگل نین جل دھار بہی

۲
دھیرج من کینھا پربھ کو چینھا رگھوپت کرپا بھگت پائی
اَت نرمل بانی استت ٹھانی گیان گمیہ جے رگھورائی
مین ناری اپاون پربھ جگ پاون راون رپ جن سکھدائی
راجیو بلوچن بھو بھے موچن پاہ پاہ سرنہہ آئی

۳
مُن شاپ جو دینھا اَت بھل کینھا پرم انُگرہ مین مانا
دیکھیون بھر لوچن پربھ بھو موچن یہی لابھ شنکر جانا
بنتی پربھ موری مین مت بھوری ناتھ نہ مانگون بر آنا

پدکمل پرا گارس انراگا مم من مدھپ کرے پانا
جے پد سرسرتا پرم پنیتا پرگٹ بھئیں شیوشیش دھرے
سوئی پد پنکج بہہ پوجت اج مم شیر دھریو کرپال ہری
یہہ بھانت سندھاری گوتم ناری بار بار ہر چرن پری
جو اَت من بھاوا سو بر پاوا گئی پت لوک انند بھری

۲۵- دوہا
اس پربھ دین دیال ہر کارن رہت کرپال
تلسی داس شٹھ تاہ بھج چھانڑ کپٹ جنجال

استھند کر دگی آگیا سے جیوں شری رام چندر جی نے چرن اپنا چھوایا تیوں ہی تپ کی راشی پرگٹ ہوگئی اور شری رام چندر جی کے سامنے ہاتھ جوڑ کر کھڑی ہو رہی پریم کے مارے مگن ہوگئی آنکھوں سے جل کی دھار بہنے لگی ۔۲۔ دھیرج دھر کے پہچانا اور بھاگت پائی اَت نرمل بانی سے جی رکھنا یک کہکر استت کری کہ مین تو اشدھ استری ہون اور آپ سب جگت کے پوتر کرنے والے ہین مین آپکی شرن ہون ۳۔ میرے پت نے مجھکو شاپ دیا سو بڑی کرپا کری کہ جسکے پرساد سے مین نے آپکو آنکھ بھر کر دیکھا اسی کو دیوتون کے دیو شری مہادیو جی پرم لابھ مانتے ہین مین انی بدھ کے سمان بنتی کرتی ہون اور یہی بردان مانگتی ہون کہ آپکے چرن کملون مین میرا من بھونرے کے سمان باس کرے ۴۔ آپکے چرنون سے نکلی ہوئی گنگا جی کو مہادیو جی اپنے سر پر دھارن کیے ہوئے ہین سوئی چرن برہما دک پوجتے ہین سوئی چرن آپ نے میرے سر پر رکھا ایسے کہکر اور بارم بار چرن چھو کر بھاگت بردان پاکر اپنے پت کے پاس گئی ۔ ۲۵۔ دوہا جو ایسا دین دیال اور اکارن پربھ ہے کرپال ہے اس سوامی کو ہے من کپٹ جنجال چھوڑ کر انیتہ بھاو سے سیون کر۔

(یہہ پرتھم پچیسی شٹ پنج چوپایون کی پوری ہوئی)

۱	چلے رام لچھمن من سنگا	گئے جہان جگ پاون گنگا
۲	گادھ تنے سب کتھا سنائی	جیہہ پرکار سُرسر مہہ آئی
۳	تب پربھ رکھن سمیت نہائے	بدھ دان مہہ دیون پائے
۴	ہرکھ چلے من بند سہایا	بیگ بدیہہ نگر نیرایا
۵	پر رمیتا رام جب دیکھی	ہرکھے انج سمیت بشیکھی

۶	باپی کوپ بَرِت سَر نانا		سَلِل سُدھا سم مَن سوپانا	
۷	بَرَن بَرَن بِکسے بنجا تاتا		تِرِ بِدھ سمیر سدا سُکھ داتا	
۸	گُنجت منج مت رس بھرنگا		کوجت کل بہو برن بہنگا	

سُمن باٹِکا باگ بَن بِپُل بہنگ نِواس
پھولت پھلت سُپلوت سوہت پُر چہُون پاس

یہان سے سیتا سوئمبر چلا ہی اسمین اتِ مدھر منوہر للِت کاویہ (شاعری) ہی اور بڑے چمتکار کے ساتھ رچا گیا ہی اور اسمین سب پرکرن بڑے بستار اور روپک النکارون (تلازمہ) کے ساتھ کہے ہین اس سے اسمین کوئی اپنی اشٹ پدی یا چوپائی یا دوہا یا چھند آدنہین ملا سکا اس کارن اسکا کرم بھنگ (سلسلہ شکست) بھی نہین ہوا ہی جو اشٹ پدیون کی چھ پچیسی مین ارتھات ۱۵۰ اشٹ پدیون مین گرنتھ کار (مصنف کتاب) نے بنایا ہی وہی موجود ہی جو کیول پہلی ہی چوپائی مین گنگا کا آنا بلا دیا ہی۔ ۲۵ - ۲۵ - ۵۰ - ۲۵ - ۲۵ اشٹ پدیون کے پیچھے ہر گیت چھند ہی چھندون مین گرنتھ کار کا نام ہی چھند پیچھے سورٹھا ہی مین سمبادون مین سے کوئی سمباد بھی نہین پایا جاتا ہی اس سے جان پڑتا ہی کہ سب گرنتھ سے پہلے اسکو بنایا ہی سوا اہلیا کے شاپ موچن کے پیچھے۔

۱۔ شری رام لچھمن جی بشوامتر من کے ساتھ چلکر جگت کی پوتر کرنے والی گنگا جی کے پاس (کنارے) پہونچے ۲۔ تہان بشوامتر نے گنگا جی کے پرتھوی پر آنے کی سب کتھا سنائی ۳۔ رگھوون سمیت شری رام لچھمن جی نے اسنان کیا اور تیرتھ باسی براہمنون کو دان دیا ۴۔ پھر پرسن من منیشورون کے ساتھ تہان سے چلکر تھوڑے ہی کال مین جنک پور کے پاس پہونچے ۔ ۵۔ جنک پور کی رمنیتا (بہار) کو دیکھکر لچھمن جی سمیت رام چندر جی بہت پرسن ہوے کہ ۔ ۶۔ جسکے چارون اور پرم سندر باولی کنوان تالاب ندیان ہین جنکے جل امرت سے بھی مدھر اور شیتل اور نرمل ہین اور جواہرات سے جڑی ہوئی سیڑھیان بنی ہین ۔ ۷۔ اور انکے بیچ مین رنگ رنگ کے کمل پھول رہے ہین شیتل مند سگندھ پون بہہ رہی ہی ۔ ۸۔ تن کنولون پر رس ماتے بھونر گونج رہے ہین اور سندر رنگ رنگ کے جل پنچھی اپنے بول رہے ہین ۔ ۲۶ ۔ دوہا ۔ اور نگر کے چارون اور لتا آت سندر پھلواری باگ بن اور اپبن ہین جنمین انیک پرکار کے پنچھی رہتے ہین اور وے سدا

چھو لیتے ہین کھلتے ہین نت ہرے بھرے رہتے ہین پرم شوبھا دیتے ہین یعنی ہمیشہ بہار بنی رہتی ہی۔

۱	بنِ نہ برنت نگر نکائی	جہان جاے من تہین لبھائی	
۲	چارو بجار بچتر اٹاری	منی مو جن بدھ سو کر سنواری	۸
۳	دھنک بنک بر دھند سمانا	بیٹھے سکل لست لیے نانا	
۴	چوہٹ سندر گلی اتھائی	سنتت رہین سگندھ سچائی	
۵	منگل مو مندر سب کیرے	چترت جنو رت ناتھ چتیرے	
۶	پرنر نار سبھگ سچ سنتا	دھرم شیل گیانی گن ونتا	
۷	ات انوپ جہان نرپ نواسو	تہکین ببدھ بلوک بلاسو	
۸	ہوت چکت چت کوٹ بلوکی	سکل بھون شوبھا جنو روکی	

۲۷۔ دوہا۔	دھول دھام من پرٹ پٹ سگھٹت نانا بھانت شری نواس سندر سدن شوبھا کم کہہ جات

ات نگر کے بچتر کی رچنا کی سندرتا کچھ کہتے ہی نہین بنتی ہی کہ جہان جا بیٹھے نہان ہی من لبھا جاتا ہی۔ ۲۔ اَت سندر بجار (یعنی بازار) جسکی چترِ بچتر اٹاری من جٹت بنی ہین مانو برہما ہی نے اپنے ہاتھون سے رچی ہین۔ ۳۔ جسمین دھنک (مہاجن) اور بنک (سوداگر) کبیر ہی کے سمان سب لست لیے بیٹھے ہین۔ ۴۔ سندر چوراہے راج مارگ (شاہراہ) اور گلیان اتھائی مہکائین جو بارے سدا سگندھون سے سینچے رہتے ہین۔ ۵۔ اور سب نگرباسیون کے گھر منگل مو بنے ہین مانو کامدیو ہی چتیرے نے چترت کیے ہین ۶۔ نگر کے استری پرش سب سندر اور پوتر اور سچ اور دھرماتما اور شیلوان اور گیانی اور گن وان ہین۔ ۷۔ اور راج مندر تو اَت ہی انوپ بنا ہی جسکا سکھ سمپت دیکھکر دیوتا لوگ موہ جاتے ہین۔ ۸۔ جسکے کوٹ (قلعہ) کو دیکھکر چت چکت (متعجب) ہوتا ہی مانو چودہ بھون کی شوبھا اسی نے روک لی ہی۔ ۲۷۔ دوہا۔ اَت اُجل جسمین راج مندر بنے ہین جسمین سونے کے کواڑے جواہرات سے جڑے ہوئے لگے ہین جو انیک بھانت کے بناو سے بنائے گئے ہین ساکشات اننت کوٹ برہمانڈون کے نایک تنکی شری مہالچھمی کے رہنے کا سندر مندر اسکی شوبھا کیسے کی جا سکتی ہی ارتھات کوئی بھی نہین کہہ سکتا ہی۔

۱	سُبھگ دوار کل کلش کپاٹا	بھبھور بھیڑ نٹ ناگدھ بھاٹا
۲	بنی بشال باج گج شالا	ہے گج رتھ سنکل سب کالا
۳	سُور سچو سینپ بہُتیرے	نرپ گرہ سرس سدن سب کیرے
۴	پُر باہر سر سرت سمیپا	اُترے جہاں تہاں بپل مہیپا
۵	دیکھ انوپ ایک امرائی	سب سُپاس سب بھانت سہائی
۶	کوشک کہا مور من مانا	یہاں رہیئے رگھبیر سُجانا
۷	بھلے ناتھ کہہ کرپا نکیتا	اُترے تہاں مُن برند سمیتا
۸	بشوامتر مہا مُن آئے	سماچار متھلا پت پائے
۲۸۔ دوہا	سنگ سچو سُچ بھور بھٹ بھوسر بر گُر گیات چلے ملن مُن نایکہہ مُدت راو یہہ بھانت	

۱۔ گڑھ کا سُندر دوار اَت بستار کا بنا ہے جسمیں بجر کے سمان درڑھ (مضبوط) اٹوٹ بشال سُندر پھاٹک لگے ہیں اور اُس دوار میں بھاٹ نٹ ماگدھ آدِ کی بڑی بھیڑ ہے ۲۔ اور اَت بشال جسمیں گھوڑ شالا رتھ شالا گج شالا بنے ہیں جو سدا گھوڑے ہاتھی رتھ سے بھرے ہی رہتے ہیں۔ ۳۔ اور جو راجا کے پہلوان بہادر لوگ اور سیناپت اور وزیر ہیں اُنکے گھر بھی اُسمیں راج مندر ہی کے سمان بنے ہیں ۴۔ نگر کے باہر تلاشیوں (جھیلوں) کے پاس جہاں تہاں بہت سے راجا لوگ جو سویمبر کے نمت آئے ہیں اُترے ہوئے ہیں۔ ۵ و ۶۔ تہاں ایک سُندر امرائی (آم کا باغ) جسمیں سب بھانت کا سپاس تھا اور پرم سُہاون بھی سو دیکھکر بشوامتر نے رام چندر جی سے کہا کہ میرا من تو اسی میں رہنے کو چاہتا ہے سو اسی میں رہیے۔ ۷۔ اس پرکار بشوامتر کی آگیا کو سُنکر بھلے مہاراج کہکر کرپا کے دھام شری رام چندر جی سب مُنیشوروں سمیت وہاں ہی اُترے ۸۔ مہا مُنیشور بشوامتر آئے یہہ سماچار راجا جنک نے پائے۔ ۲۸۔ دوہا۔ تب تو ساتھ میں منتری اور انیک جودھا اور براہمن اور گیات ذات کے گُرو لوگوں کو لیکر بشوامتر کے ملنے کو راجا جنک اس بھانت سے چلے۔

۱	کینہہ پرنام دھرن دھر ماتھا	دینہ اسیس مُدت مُن ناتھا
۲	بپر برند سب سادر بندے	جان بھاگ بڑ راو انندے

۳ کُشل پرشن کہہ بارہ بارا بشوامتر نرپہہ بیٹھارا
۴ تہہ اوسر آئے دُوؤ بھائی گئے رہن دیکھن پھلوائی
۵ اُٹھے سکل رگھپت جب آئے بشوامتر نکٹ بیٹھائے
۶ شیام گور مردُ بیس کشورا لوچن سکھد بشو چت چورا
۷ بھئے سب سکھی دیکھ دُوؤ بھراتا بار بلوچن پلکت گاتا
۸ مُورت مدھر منوہر دیکھی بھئے بدیہہ بدیہہ بشیکھی

۹ ہا— دُوہا پریم مگن من جان نرپ کر ببیک من دھیر
بولے مُن پد نائے شر گد گد گرا گمبھیر

۱- راجا نے بشوامتر کو ڈنڈوت پرنام کیا اور بشوامتر نے پرسن ہوکر راجا کو آشیرباد دیا- ۲- پھر جو بشوامتر کے ساتھ اور مُن لوگ تھے اُن سب کو بھی راجا نے نمسکار کیا اور اپنا بڑا بھاگ مانکر آنندت ہوا- ۳- تِسکے پیچھے بارم بار کشل پوچھکر بشوامتر نے راجا کو بیٹھالا ۴- تِس سمے رام لچھمن دونوں بھائی تہاں آئے جو پھلواریوں کے دیکھنے کو گئے تھے ۵- جب شری رام چندر جی وہاں آئے تب تو سب اُٹھ کھڑے ہوئے اور بشوامتر نے اپنے پاس بیٹھا لیے- ۶- اَت منوہر سانورے گورے دونوں بھائی تھے نیتروں کو آنند دینے والی نئی کشورا وستھا تھی اور درڑھ چت کو بھی موہنے والی جنکے انگ انگ کی سُندرتائی تھی- ۷- ایسے سُندر سلونے دونوں بھائیوں کو دیکھکر راجا کا سب سماج سُکھی ہوگیا نیتروں میں جل بھر آیا اور شریر کے سب رُوئیں کھڑے ہو آئے- ۸- اور اَت منوہر مادھری مُورت کو دیکھتے ہی راجا بدیہہ (یعنی راجا جنک) بدیہہ ہو گئے- ارتھات اُنکے من بدھ چت اہنگ (خودی) کی کچھ سُدھ ہی نہ رہی- ۲۹- دُوہا- جس گوڑھ بھگوت پریم کو راجا جنک اپنے جوگ بھوگ کے سمپٹ میں چھپائے ہوئے تھے سو رام چندر جی کو دیکھتے ہی پرگٹ ہوگیا تب تو پریم پرواہ میں مگن من جانکر اپنے بیبیک سے دھیرج دھر کر بشوامتر کو پرنام کرکے گدگد بانی (رُکی ہوئی آواز) سے راجا جنک بولے—

۱ کہو ناتھ سُندر دُوؤ بالک مُن کُل تلک کہ نرپ کُل پالک
۲ برہم جو نگم نیت کہہ گاوا اُبھے بیکھ دھر جن سوئی آوا
۳ سہج براگ رُوپ من مورا تھکت ہوت جم چندر چکورا

۴ تاتے پربھو پوچھون ست بھاو ۔ کہو ناتھ جن کرو دُراو
۵ انھیں بلوکت اتِ انُراگا ۔ برلبش برہم سکھہِ من تیاگا
۶ کہامن پہنش کہیو نرپ نیکا ۔ بچن تمہار نہوے الیکا
۷ یے پریہ سبہِ جہان لگ پرانی ۔ من مسکاہِن رام سن بانی
۸ رگھوکل من دشرتھ کے جائے ۔ مم ہت لاگ نرلیش پٹھائے

۳۰۔ دوہا
رام لکھن دوؤ بندھو بر روپ شیل گن دھام
مکھہ راکھیو سب ساکھہ جگ جیت اسر سنگرام

۱۔ ہے ناتھ سچ کہو کہ یہ جو یہہ سندر دونون بالک آپ کے ساتھ ہین سو منِ کل تلک
ہین کہ نرپ کل پالک ہین ارتھات کوئی منِ پتر ہین کہ کوئی راجکمار ہین میری درشٹ مین
تو ایسے دیکھ پڑتے ہین کہ جس برہم کو بید نیت نیت کہتے ہین سوئی مانو دو شریر دھارن کرکے
اوترا ہی۔۳۔ کیونکہ سہج براگ روپ ارتھات کیول برہم ہی کو ماننے والا میرا من انکو
دیکھکر ایسا مگن ہوتا ہی جیسے چندرما کو چکور دیکھکر موہت ہو جاتا ہی۔۴۔ اس سے
ہے ناتھ مین آپ سے ست بھاو سے پوچھتا ہون سو آپ سچ سچ کہہ دیوین کچھ چھپا نرکھین
کہ۔۵۔ انکو دیکھکر اتِ ہی پریم بڑھتا ہی اور آپ سے آپ برہمانند کو من تیاگ کرتا ہی۔
۶۔ دیکھو اننیہ بھاو کا (ایک ہی سے واسطہ رکھنے کا) یہہ پربھاو ہی کہ ایشور اپنی مایا کے
بل سے اپنے کو کتنا ہی چھپاوے پرنتو اننیہ بھکتون کو بھگوت مایا بھی بھلاوا نہین دیسکتی
وہ اپنے سوامی کو پہچان ہی لیتے ہین اسکا پرمان لکھتے ہین۔ اشلوک۔

मायाबलेन भविताविनिगह्य मात्वापश्यन्ति केचिदनिशंत्वदनन्यभावा:॥

چوپائی۔ نٹ کرت کپٹ بکٹ کھگ رایا ۔ ناٹ شیوکرنہ بیاپی مایا۔ جبکہ مچھ کچھ باراہ اور
نرسنگھ آدی روپون مین بھی اننیہ بھکتون نے اپنے سوامی کو پہچان لیا تو دیوتا اور منشیہ آدروپون مین
پہچان لینا کون آشچرج ہی ایسے جب راجا نے رام چندرجی کو سربیشور جان لیا تب تو بشوامتر
ہنس کر بولے کہ ہے راجا تمہارا بچن جھوٹھ نہین ہی؟ ۔۷۔ یے سب پرانیون کے پران
ہی ہین یہہ سنکر شری رام چندرجی من ہی من مسکاتے ہین۔۸۔ اور رگھوکل کی منی مہاراج
دشرتھ کے پتر ہین میری جگ کی رچھا کے نمت راجا نے مجھکو انہین دیے ہین۔۳۰۔
دوہا۔ رام لچھمن انکے نام ہین دونون بھائی روپ اور شیل اور گن کے دھام ہین

سنسار جانتا ہے کہ اُنھون نے اُن راچھسون کو جیت کر میری جگ کی رچھا کی ہے جنکو کوئی نہین جیت سکتا ہے

۱	مُن توچرن دیکھ کہماراؤ	کہہ نہ سکون نج پن پربھاؤ
۲	سُندر شیام گور دوؤ بھراتا	آنند ہوکے آنند داتا
۳	اِنکی پریت پرسپر پاون	کہہ نجاے من بھاو سُہاون
۴	سُنو ناتھ کہا مُدت بدیہو	برہم جیو سم سہج سنیہو
۵	پُن پُن پربھہ چِتو نرناہو	پُلک گات اُر اُدھک اُچھاہو
۶	مُنہہ پرشنس نا ے پدشیشا	چلیو لوا ے نگر اونیشا
۷	سُندر سدن سُکھد سب کالا	تہان باس کر دینہہ بھوالا
۸	کرِ پوجا سب بدھ سیوکائی	گیو راو گرہ بدا کرائی

۱۳۱ - دوہا

رکھن سہت رگھونبش من کربھوجن بشرام
بیٹھے پربھ بھراتا سہت دوس رہا بھرجام

۱۔ یہ سُنکر راجا جنک نے بشوامِتر سے کہا کہ مہاراج مین آپ کے چرنون کو دیکھکر کچھ اپنے پُن کا پربھاو کہہ نہین سکتا ہون کہ ۔ ۲۔ یے سانورے گورے پرم سُندر دونون بھائی آنند کے بھی آنند داتا ہین ۔ ۳۔ اِنکی پرم سُہاونی آپس کی پریت مہا پوِتر من ہی مین بھاوتی ہے کہی نہین جاتی ہے ۔ ۴۔ برہم اور جیو کے سمان اِنکا پرسپر اَسنیہہ ہے ۔ ۵۔ ایسے باربار رام لچھمن کو دیکھکر راجا کے شریر مین آنند اور بڑا اُچھاہ ہوتا تھا ۔ ۶۔ انیک بھانت سے مُن کی پرشنسا (تعریف) کرکے اپنے ہی ساتھ نگر کو لوا لیچلے ۔ ۷۔ اِت سُندر مندر سب رِت مین سُکھد ایک تہان راجا نے اُترنے کو بتلا دیا ۔ ۸۔ مُن کا سب پرکار سے پوجن اور سیون کرکے مُن سے بدا مانگ کر راجا جنک اپنے راج مندر کو گئے ۔ ۱۳۲۔ دوہا تب تو سب رکھیون سمیت رگھونبش مَن شری رام چندر جی بھوجن اور بشرام کرکے لچھمن جی سمیت بیٹھے کہ اتنے مین ایک پہر دن باقی رہگیا ۔

۱	لکھن ہردی لالسا بسیکھی	جاے جنک پُر آئی دیکھی
۲	پربھ بھی بہر منہہ سکچاہین	پرگٹ نہ کہین منہہ مُسکاہین
۳	رام انج من کی گت جانی	بھگت بچھلتا ہیہ ہُلسانی
۴	پرم بنیت سکچ مسکائی	بولے گرُ انساسن پائی

۵ ناتھ لکھن پُر دیکھن چہہ ہِیں ۔ پربھ سنکوچ ڈر پرگٹ نہ کہہ ہِیں
۶ جو راؤر انشاسن پاؤن ۔ نگر دکھاے تُرت لے آؤن
۷ سُن مُنیش کہا بچن سپریتی ۔ کس نہ رام تم راکھہو نیتی
۸ دھرم سیتُ پالک تم تاتا ۔ پریم بِبس سیوک سُکھداتا

۲۳۲ـ دوہا ـ
جاے دیکھ آؤ نگر سُکھ ندھان دؤ بھاے
کرو سُپھل سب کے نینن سُندر بدن دکھاے

۱ـ لچھمن جی کے ہردے میں اَت لالسا ہوئی کہ چلکر جنک پُر کی رچنا دیکھ آنا چاہیے۔ ۲ـ پرنتُ کچھ تو رام چندر جی کا ڈر مانتے تھے اور کچھ مُن کا سنکوچ کرتے تھے اِس سے پرگٹ تو کہہ سکتے نہ تھے مَن ہی مَن مُسکاتے تھے۔ ۳ و ۴ـ اِس پرکار لچھمن جی کے مَن کی اَنتہ کو جانکر سری رام چندر جی کے ہردے میں بھگت بتسلتا ہاساے اُٹھی۔ ۴ و ۵ـ تب تو بڑی نرم بولی اور سنکوچ سے مسکراکر اور آگیا پاکر گُرو وشوامتر سے سری رام چندر جی بولے کہ ہے ناتھ لچھمن اِس پُری کو دیکھا چاہتے ہیں ہردے میں آپکا سنکوچ مانکر پرگٹ نہیں کرتے ہیں ۶ـ جو آپکی آگیا ہو تو نگر دکھا کر جلدی سے لے آؤن۔ یہہ سُنکر وشوامتر نے کہا کہ ہے رام تم نیتی کیسے نہ راکھو۔ ۸ـ دھرم سیتُ کے تو تم پالنے والے ہو پریم کے بس ہوکر سیوکوں کے سُکھ داتا ہو۔ ۲۳۲ـ دوہا۔ اچھا پُوربک جاکر سب نگر دیکھ آؤ اور اپنا سُندر مکھ دکھاکر سمپورن نگر کے نر ناریوں کے نیتروں کو سپھل کرآو۔

۱ مُن پد کمل بند دو بھراتا ۔ چلے لوک لوچن سُکھ داتا
۲ بالک برند دیکھ اتِ سوبھا ۔ لگے سنگ لوچن من لوبھا
۳ پیت بسن پرکر کٹ بھاتھا ۔ چارو چاپ سر سوہت ہاتھا
۴ تن انہرت سچندن کھوری ۔ سیامل گور منوہر جوری
۵ کیہر کندھر باہُ بِسالا ۔ اُر اتِ رُچر ناگ مَن مالا
۶ سُبھگ سرون سرسیرُہ لوچن ۔ بدن مینک تاپ ترے موچن
۷ کانن کنک پھول چھب دیہیں ۔ چِتوت چتہہ چور جنُ لیہیں
۸ چتون چارو بھرکُٹ بر بانکی ۔ تلک ریکھ سوبھا جنُ چانکی

۲۳۳- دوہا- رُچر چوتنی سُبھگ شِر میچک کُنچت کیش
نکھ سِکھ سُندر بندھو دوؤ شوبھا سکل سُدیش

۱- تب مُنی کے چرن کملون کو ڈنڈوت کر کے دونون بھائی نگر دیکھنے کو چلے جو سب پرانیون کے نیترون کو آنند دینے والے ہین- ۲- استھان سے نکلتے ہی نگر کے بالکون کے جھنڈ اَت شوبھا دیکھکر ساتھ ہو لیے نیتر اور مَن موہت ہو گئے- ۳- سُندر پیتامبرون سے کمر مین ترکش باندھے ہوئے اَت رُچر دھنکھ بان دونون کے ہاتھون مین سوہتے تھے ۴- تن تن کے انسار سُندر شری کھنڈ چندن کی کھور شوبھا دے رہی تھی ایسی سُندر سانوری گوری منوہر دونون بھائیون کی جوڑی تھی- ۵- سنگھ کے سمان اونچے کندھے اور لشال بھجا اور ہردے پر اَت رُچر گج مکتون کی مالا براجتی تھی- ۶ و ۷- سُندر لال کمل سے لشال نیتر اور پورنماسی کے نرمل چندرما کے سمان سُندر مکھ تینون تاپون کا ناش کرنیوالا اور کانون مین سونے کے بالے چھب دے رہے تھے جو دیکھتے ہی مَن کو موہ لیتے تھے- ۸- نیترون کی چتون اَت منوہر اور بھوئین اَت بانکی تھین تلکے بیچ سے بالون تک ماتھین پر سُندر اُجلے تلک کی شری سمیٹ ریکھا کیسی سوہتی تھی کہ مانو شوبھا کی راس پر چاک (حلقہ) دے دیئے ہین- ۲۳۳- دوہا- اَت رُچر چوکونی ٹوپی سُندر مستکون پر سوہتی تھی اور بے چکنے کالے گھونگھر والے بال تھے نکھ سے سِر تک (یعنی سراپا) سُندر دونون بھائی تھے جنکے انگ انگ کی شوبھا جُھتھا جوگ بنی تھی-

۱	دیکھن نگر بھوپ سُت آئے	سماچار پُر باسن پائے
۲	دھائے دھام کام سب تیاگی	منو رنک ندھ لوٹن لاگی
۳	نرکھ سہج سُندر دوؤ بھائی	ہوئین سُکھی لوچن پھل پائی
۴	جُوبتی بھون جھرو کھن لاگین	نرکھین رام روپ انراگین
۵	کہین پرسپر بچن سپریتی	سکھی ان کوٹ کام چھب جیتی
۶	سُر نر اسُر ناگ مُن ماہین	شوبھا اس کہون سُنیت ناہین
۷	بشن چار بُھج بدھ مکھ چاری	بکٹ بیکھ مکھ پنچ پُراری
۸	اُپر دیو اس کو جگ آہی	یہہ چھب سکھی پٹتر یے جاہی

۲۳۴- دوہا- بےکِشور سُکھما سدن سیام گور سُکھ دھام

انگ انگ پر وار یئے کوٹ کوٹ شت کام

او ۲- جن سندر راجکمارون کو راجا کے ساتھ لوگ دیکھ آئے ہین وہی دونون راج پتر نگر کے دیکھنے کو آئے ہین یہ سماچار جو پر باسیون نے پائے تو اپنے اپنے کامون کو جیسا کا تیسا ہی چھوڑ کر کیسے جلدی دوڑے جیسے کوئی اَت درِدری سونے کے ڈھیر کو لوٹنے کے واسطے دوڑے ہین ۳- سو سہج سندر دونون بھائیون کو دیکھتے ہی اپنے نیترون کا پھل پاکر سکھی ہوجاتے تھے۔ ۴ و ۵- استریان اپنے گھرون کے جھروکون سے بڑے پریم سمیت رام چندر جی کے روپ کو دیکھتی تھین اور آپس مین کہتی تھین کہ ہے سکھی انھون نے تو کروڑون کامدیو کی چھب جیت لی ہے۔ ۶- دیوتا منشیہ دیت ناگ مُن تینون لوک کے رہنے والون مین ایسی شوبھا تو کہین سُنی بھی نہین گئی۔ ۷- بشن جی مین لچھن تو سب ایسے ہی ملتے ہین پرنت چار بھجا ہونے سے ایسی شوبھا نہین بنتی اور برہما جی مین سندرتا تو ہے پرنت بوڑھے اور چتر مکھ ہین اور مہا دیو جی مین منوہرتائی تو ہے پرنت جٹا اور بھسم دھاری ہونے سے مہا بکٹ بھیس اور پنچ مکھ اور ترنیتر ہین۔ ۸- جب انھین تینون مین ایسی شوبھا نہین ملتی ہے تو پھر اور دیوتا کون ایسا ہے جو انکی پٹتر (مشابہت) مین ہو ارتھات اُس سے انکی شوبھا کی اپما دیجاوے ۳۴- دوہا- کشور تو اوستھا ہین اور سندرتائی کے تو اس (گھر) مین شوبھا کامدیو کے سمان کیسے کہے جاوین کیونکہ انکے تو انگ پر سو کروڑ کامدیو نچھاور ہین ارتھات اُپما سے رہت ہین سب سے اچھے ہین۔

۱	کہو سکھی اس کو تن دھاری	جو نہ موہ یہ روپ نہاری
۲	کوؤ سپریم بولی مرد بانی	جو مین سُنا سو سُنو سیانی
۳	یے دوو نرپ دشرتھ کے ڈھوٹا	بال مرالن کے کل جوٹا
۴	مُن کوشک مکھ کے رکھوارے	ان رن اجر نشاچر مارے
۵	شیام گات کل کنج بلوچن	جو ماریچ سبھج مد موچن
۶	کوشلیا ست سو سکھ کھانی	رام نام دھن سایک پانی
۷	گور کشور بیکھ بر کاچھے	کر شر چاپ رام کے پاچھے
۸	لچھمن نام رام لگھ بھراتا	سُن سکھی تاسُ سمترا ماتا
۳۵- دوہا	بیّر کان کر بندۂ دو دو مگ من بدھوا دھار	

آئے دیکھن چاپ مکھ سُن ہرکھین سب نار

۱۔ کہو ہے سکھی ایسا شریر دھاری کون ہی جو اس روپ کو دیکھکر نہ موہ جاوے ۔ ۲۔ کوئی سکھی پریم سمیت کومل بانی سے بولی کہ ہے سکھیو مین نے انکو جیسا سنا ہی سو تم سب سنو کہ ۳۔ یے دونون اجودھیا کے راجا دشرتھ مہاراج کے پتر ہین پرم منوہر بال ہنسون کی سی جوڑی ہی ۔ ۴۔ یے دونون بڑے بیر بلوان ہین جنھون نے سنگرام مین مہااجی سباہ اور ماریچ راچھسون کو مار کر بشوامتر کی جگت کی رچھا کی ہی ۔ ۵ و ۶۔ یہین یے جو شیام گات کمل لوچن ہین جنھون نے سباہ اور ماریچ کو مارا ہی سو راجا دشرتھ کی پٹ رانی کوشلیا جی کے پتر ہین انکا نام رام ہی دھنکھ بان ہاتھ مین لیے ہین ۔

۷ و ۸۔ اور یے جو گورے کشور سندر بھیس بنائے ہوئے ہین ہاتھون مین دھنکھ بان لیے رام جی کے پیچھے پیچھے چلتے ہین انکا نام لچھمن ہی رام جی کے چھوٹے بھائی ہین انکی ماتا سمترا رانی ہی ۔ ۲۳۵۔ دوہا ۔ انھین دونون بھائیون نے بشوامتر کی جگت کی رچھا کرکے اور راہ مین گوتم رکھی کی استری جو پت کے شراپ سے شلا ہوکر پڑی تھی اسکا شراپ موچن کرکے پت کے دھام کو بھیج دیا اب یہان دھنکھ جگت سیتا سویمبر سنکر دیکھنے کو آئے ہین یہہ سنکر سب سکھیان پرسن ہو گئین ۔

۱ دیکھہ رام چھب کوؤ اک کہہ ہی   جوگ جانکی یہہ براہی
۲ جو سکھی انھین دیکھہ نرناہو   پرن پرہرہٹھ کرہ بواہو
۳ کوؤ کہا یے بھوپت پہچانے   من سمیت سادر سنمانے
۴ سکھی پرنت پرن راؤ نہ تجہین   بدہ بس ہٹھ ابیبکے بھجہین
۵ کوؤ کہا جو بھل اہی بدہاتا   سب کاسنی اچت پھل داتا
۶ تو جانکی ملی بر ایہو   ناہین آل یہان سندیہو
۷ جو بدہ بس اس بنی سنجوگو   تو کرت کرتیہ ہوین سب لوگو
۸ سکھی ہمرے ات آرت تاتے   کبہون یے آوین یہہ ناتے

۲۳۶۔ دوہا ۔
نہین تو ہمکا سن سکھی انکر درشن دور
یہہ سنگھٹ تب ہوے جب پن پراکرت بھور

۱۔ ایسی منوہر رام کی چھب کو دیکھکر کوئی یہہ کہنے لگی کہ جانکی جی کے جوگ تو یہی بر ہے ۔

۲- ایک بولی کہ ہے سکھی جو کہیں راجا اُنکو دیکھ پاوے تو ضرور اپنے پرن کو چھوڑ کر اُنھیں کے ساتھ جانکی جی کا بواہ کر ہی دیوے۔ ۳- کسی نے کہا کہ اُنھیں تو راجا نے اچھی طرح سے پہچانے ہیں اور کوشک مُن کے ساتھ بڑے آدر سے سنمانے ہیں۔ ۴- پرنتُ ہے سکھی راجا ستّ برت اپنا پرن تو نہیں چھوڑیگا دیو کے بس ہو کر اپنے ابیبیک ہی کو بنا ہیگا۔ ۵ و ۶- کوئی بولی کہ جو بدھاتا بھلا ہے اور سبکو اچت پھل کا داتا سُنا جاتا ہے تو تو جانکی جی کو یہی بر ملیگا اسمیں ہے آلی کچھ سندیہ ہی نہیں ہے۔ ۷- ایک بولی کہ جو دیو آدھین یہہ سنجوگ بنجاوے تو ہم سب پُرباسی کرت کرتیہ ہو جاوین۔ ۸- ہماری بڑی آرت اس سے ہے کہ جو اُنکا سمبندھ یہان ہی ہو جاوے تو اس ناتے سے یے یہان پھر بھی آیا کرینگے۔

۳۶- دوہا- نہین تو ہے سکھی اُنکا درشن ہمکو دُرلبھ ہے سو یہہ سنجوگ تو تب ہووے جب ہمارے پُورب جنم کے سُکرت اُدے ہوں۔

۱ بولی اپر کہیو سکھی نیکا یہہ بواہ اتِ ہت سب ہی کا
۲ کوؤ کہا شنکر چاپ کٹھورا یے شیامل مردُ گات کشورا
۳ بڑا اسمنجس ہے سیانی یہہ سُن اپر کہے مردُ بانی
۴ سکھی انکا کوؤ کوؤ اس کہہ ہیں بڑ پربھاو دیکھت لگھو اہہیں
۵ پرس جاس پد پنکج دھوری تری اہلیا کرت اگھ بھوری
۶ سو کہ رہین بن شیو دھن توڑے اس پرتیت پر ہریے نہ بھوری
۷ جیہ برنچ رچ سیا سنواری تیہ شیامل بر رچا بچاری
۸ تاس بچن سُن سب ہرکھانی ایسے ہی ہوہ کہین مردُ بانی

۳۷- دوہا- ہیے ہرکھین برکھین سمن سمکھ سلوچن برند
جاہن جہان جہان بندھ دوؤ تہان تہان پرمانند

۱- یہہ سُنکر اور سکھی بولی کہ تو نے سچ کہا اس بواہ مین تو ہم سب پُرباسیون کا اتِ ہی بھلا ہے۔ ۲- کوئی سکھی بولی کہ یہہ کیسے ہو سکتا ہے کہان تو شیو شنکر جی کا مہا کٹھور دھنکھ اور کہان یے شیام سُندر پرم سکمار کومل گات کشور اوستھا۔ ۳- بڑا استنبھو ہی ہے سیانی یہہ سُنکر اور سکھی سب سندیہون کو مٹاتی ہوئی بولی کہ۔ ۴- ہے سکھیو اس بات کی چنتا ہی مت کرو کیونکہ اُنکو کوئی پنڈت لوگ کہتے ہین کہ یے دیکھنے ہی مین چھوٹے ہین

پربھاؤ مین بہت ہی بڑے ہین۔ ۵۔ جنکے چرن کملون کی دھول کو چھوتے ہی مہاپاپنی اَہلیا شدھ ہوگئی۔ ۶۔ سو بھلا شوجی کے اِس دھنکھ کو توڑے بنا کیسے رہینگے یہہ اِشواس تو کوئی بھول کر بھی مت چھوڑو۔ ۷۔ اور جس بدھاتا نے ایسی چھب والی رچ کر سیتاجی کو سنوارا ہے اُسی بدھاتا نے اُسکے لیے یہی شیام سُندر بر بھی بچار کیا ہے۔ ۸۔ ایسے اُسکے شُدھ نواَرن بچن سُنکر سب اِستریان پرسن ہوگئین اور پرم کومل بانی سے اُومشت دالیسا ہی ہو کہنے لگین۔ ۲۳۲۔ دوہا۔ اِس پرکار رام لچھمن کی شوبھا کو دیکھکر جی مین اپنے سب پرسن ہوگئین اور جھروکھون سے پھول برسانے لگین ایسے ہی جہان جہان دونون بھائی جاتے تھے تہان تہان ایسے ہی پرم آنند ہوتے تھے۔

۱	پُرپُورب دِشِ گے دُوؤ بھائی	جہان دھنُکھ مکھ بھُوم بنائی
۲	اَتِ بِستار چارُ گچ ڈھاری	بِمَل بیدِکا رُچِر سنواری
۳	چہُون دِشِ کنچن مَنچ بِشالا	رچے جہان بیٹھے مہِپالا
۴	تِہہ پاچھے سمیپ چہُون پاسا	اَپَر مَنچ منڈلی بِلاسا
۵	کچھُک اُونچ سب بھانت سُہائی	بیٹھین نگرلوگ جہان آئی
۶	تِنکے نِکَٹ بِشال سُہائے	دھول دھام بہُ برن بنائے
۷	جہان بیٹھ دیکھین پُرناری	جتھا جوگ نِج کُل انُہاری
۸	پُربالک کہہ کہہ مِردُ بچنا	سادر پربھُہ دکھاوین رچنا

۲۳۳۔ دوہا

سب سِشُن ہیہ مِس پریم بس پرس منوہر گات

تن پُلکین اَت ہرکھ ہیہ دیکھ دیکھ دُوؤ بھرات

۱۔ اِس پرکار سب پُرباسیون کو آنند دیتے ہوئے نگر کی پُورب دِشا کو دونون بھائی گئے جہان دھنکھ جگ کا استھان بنا تھا۔ ۲۔ بہت لمبا چوڑا جسکا پھیلاو اور سُندر گچ ڈھار بیچوبیچ مین اُجل بیدی دھنکھ کے رکھنے کی بنی تھی۔ ۳۔ اِسکے چارو طرف سونے کے سُندر مچان بنے تھے جہان راجا لوگ آکر بیٹھتے۔ ۴ و ۵۔ تنکے پیچھے پاس ہی اور دوسری منچ منڈلی بنی تھی راجاؤن کے مچانون سے کچھ اونچی چارو طرف بہت سُہاؤن تھی جنپر بیٹھکر پُرباسی لوگ دیکھتے۔ ۶ و ۷۔ اِسکے پیچھے پاس ہی چارو طرف بہت سُندر سُہاؤن دھام بچتر بنائے تھے جنمین بیٹھکر سب نگر کی اِستریان جتھا جوگ اپنے اپنے کُل کے انُسار دیکھین گی۔

۸- پُر کے بالک کومل بچن کہہ کہکر آدر سمیت سوامی کو جگت شالا کی رچنا کو دکھاتے تھے

۲۳۸- دوہا- سب بالک اِسی بہانہ سے پریم کے بس ہو کر سندر منوہر شریر کو چھو چھو کر پُلکت شریر اور ہرکھت من ہو کر دونوں بھائیوں کو دیکھ دیکھکر پرسنّ ہوتے تھے۔

۱	سِسُن سب رام پریم بس جانے	پرِیت سمیت نکیت بکھانے
۲	نج نج رُچ سب لیہیں بُلائی	سہت سنیہہ جاہیں دوؤ بھائی
۳	رام دکھاوین انُجہہ رچنا	کہہ مرد مدھر منوہر بچنا
۴	لو نمیکھ مانہ بھون نکایا	رچی جاس انُشاسن مایا
۵	بھگت ہیتُ سوئی دین دیالا	چتوت چکت دھنکھ مکھ شالا
۶	کوتک دیکھ چلے گُر پاہیں	جان بلمب تراس من ماہین
۷	جاس تراس ڈر کا ڈر ہوئی	بھجن پربھاو دکھاوت سوئی
۸	کہہ باتیں مرد مدھر سہائی	کیے بدا بالک بریائی

۲۳۹- دوہا-
سبھے بھیت سپریم ات سکچ سہت دوؤ بھائے
گرپد پنکج نائے شر بیٹھے آئیس پائے

۱- جب شری رام چندر نے سب بالکوں کو پریم کے بس جانا تب تو پریم پورک جگ شالا کے نکیت ارتھات بیٹھکوں کی رچنا کو بہت بکھانا (یعنی بڑی تعریف کی)۔ ۲- اپنی اپنی رُچ کے انُسار جہاں جہاں جو بلاتے تھے تہاں تہاں پریم سمیت دونوں بھائی چلے جاتے تھے ۳- اور رام چندر جی آپ لچھمن جی کو سب رچنا دکھلاتے تھے ات کومل ات مدھر ات منوہر بچن کہہ کہکر بتلاتے تھے۔ ۴ و ۵ دیکھو جب ایشور کی آگیا سے اُسی کی مایا پل بھر میں اننت کوٹ برہمانڈوں کو رچ دیتی ہے سوئی دین دیال ایشور اپنے بھکتوں کی پرسنتا کے نمت جگت کی رچنا کو چاہت چت ہو کر دیکھتا ہے۔ ۶- اِس پرکار نگر کا سب کوتک دیکھکر گرو کے پاس چلے دیر ہی بہت ہوئی جانکر ڈرے ہوئے من سے آئے۔ ۷- جسکے ڈر سے ڈر کو بھی ڈر ہوتا ہے سو ایشور اپنے بھجن کا پربھاو دکھاتا ہے۔ ۱- شلوک

ये यथा मां प्रपद्यन्ते तांस्तथैव भजाम्यहं ॥ ✣ ॥ ✣ ॥ ✣ ॥

۸- پھر تو سندر کومل منوہر بچن کہہ کہکر بالکوں کو بریائی (زبردستی سے) بدا کیا-

۲۳۹- دوہا- اور اب دونوں بھائی ڈر سمیت بہت نمرتا (ملائمت) اور سنکوچ سمیت

بشوامتر کے چرن کملون کو پرنام کرکے اُنکی آگیا پاکر بیٹھ گئے ۔

۱	نِشِ پرَوِیش مُنِ آیسُ دینھا	سب ہی سندھیا بندن کینھا
۲	کہت کتھا اتہاس پُرانی	رُچِر رَجنی جُگ جام سرانی
۳	مُنِ بر شَیَن کینھ تب جائی	لگے چرن چاپن دوؤ بھائی
۴	جنکے چرن سروُرُوہ لاگی	کرت بِبِدھ جپ جوگ براگی
۵	تیئ دوؤ بندھو پریم جنُ جیتے	گُر پد کمل پلوٹت پریتے
۶	بار بار مُنِ اگیا دینھی	رگھبر جائے شیَن تب کینھی
۷	چاپت چرن لکھن من لائے	سبھے سپریم پرم سچ پائے
۸	پُنِ پُنِ پربھُ کہہ سووُ تاتا	پوڑھے دھرِ اُر پد جلجاتا

۴۔ دوہا۔
اُٹھے لکھن نِشِ بِگت سُن ارُن شِکھا دھن کان
گرُ تے پہلے جگت پت جاگے رام سُجان

۱۔ رات آئی ہوئی جانکر مُنِ نے آگیا دی سوئی سب نے سندھیا کال کا بھگوت بندن کیا۔ ۲۔ اسکے پیچھے اِتہاس پرانون کی کتھا کہتے کہتے اَتِ رُچکاری رات دو پہر بیت گئی ۔۳۔ تب تو بشوامتر نے جاکر شین کیا اور رام لچھمن دونون بھائی چرن دابنے لگے ۔۴ و ۵۔ جنکے چرن کملون کے نِمِت انیک بھانت کے جپ جوگ مہا بیراگی لوگ کرتے ہین سو دونون بھائی مانو پریم کو جیت رہے ہین کہ بشوامتر کے چرن کمل کو بڑی پریت سے داب رہے ہین۔ ۶۔ جب بار بار مُنِ نے آگیا دی تب شری رام چندر جی نے جاکر شین کی۔ ۷۔ تب اَتِ ہی من لگا کر شری رام چندر جی کے چرن لچھمن جی دابنے لگے سوامی کے چرن بہُت کومل اور اپنے ہاتھ کٹھور جانکر ڈرتے تھے اور پریم سمیت پرم آنند مین مگن ہوتے تھے ۔ ۸۔ جب بار بار شری رام چندر جی نے کہا کہ ہے تات اب تھوڑی رات رہی ہی ابشرام کرو تب پربھو کے چرن ہردے مین دھر کر جا پوڑھے ۔ ۴۔ دوہا ۔ رات کے انت مین سب سے پہلے لچھمن جی اُٹھے ارُن شکھا اَرتھات مُرغا کا شبد سنکر اٹھے کیونکہ چھوٹے کا دھرم ہی کہ بڑے سے پیچھے سووے اور پہلے جاگے اسی کارن گرو سے پہلے جگت کے سوامی شری رام چندر جی جاگے ۔

۱	اسکل شوچ کر جائے نہائے	نت نباہ منہ ستشر نامے

۲	سمَے جان گرُ آیسُ پائی	لینَ پرسُون چلے دوؤ بھائی
۳	بھوپ باگ بر دیکھیو جائی	جہُن بسنت رِت رہی لبھائی
۴	لاگے بِٹپ منوہر نانا	برن برن بر بیل بتانا
۵	نو پلو پھل سُمن سُہائے	نج سمپت سُر رُوکھ لجائے
۶	چاتک کوکل کیر چکورا	کُوجت بہنگ نچت کلُ مورا
۷	مدّھ باگ سر سوہ سُہاوا	مَن سوپان بچتر بناوا
۸	بمل سلِل سرسج بہُ رنگا	جل کھگ کوجت گنجت بھرنگا

۱۴۔ دوہا۔

باگ تڑاگ بلوک پربھ ہرکھے بندھُ سمیت
پرم رمیہ آرام یہُ جو رامہ سکھ دیت

۱۔ سب شوچ (طہارت) کِریا کر کے اسنان کیے اور نِت کرم نباہ کر مُنی کو ڈنڈوت کیے ۲۔ تس سمے پوجا کا سمے جانکر اور گرو کی آگیا پاکر دونون بھائی پھول لینے کو چلے ۔ ۳۔ بہُت سُندر راجا کا باغ جا دیکھا مانو اسمین بسنت رت ہی لُبھا سے رہی ہے ۔ ۴۔ جسمین اَنِت منوہر انیک پرکار کے برچھ لگے تھے جنپر رنگ رنگ کی بیلین پھیل رہی تھین ۔ ۵۔ اور جنمین نئے کوپل تھے اور مدھر منوہر پھل لگے تھے سُگندھ والے پھول تھے جو اپنی سمپت کے سامنے دیوتون کے برچھون کو بھی لجاتے تھے ۔ ۶۔ اور جنپر چاتک ارتھات پپیہا اور کوکلا اور کیر ارتھات طوطا اور چکور آدِ پنچھی بولتے تھے اور سُندر مور ناچتے تھے ۔ ۷۔ باغ کے بیچوبیچ بڑا سہاون تالاب سوہتا تھا جسکی سیڑھیان جواہرات کی بنی ہوئی تھین اور اَت بچتر جسکا بناو تھا ۔ ۸۔ نرمل مدھر شیتل جل جسمین بھرا ہوا تھا اور اُس جل مین شر دُرت کے بہُ بھاو سے بھانت بھانت کے کمل پھول رہے تھے اور اُن کملون پر سُندر جل پنچھی بولتے تھے اور بھونر گونجتے تھے ۔ ۱۴۔ دوہا ۔ ایسا سُندر باغ اور تالاب دیکھکر رام چندر جی پرسن ہو گئے بڑا رمنیک اور وہی باغ ہے جو اپنی شوبھا سے شری رامچندر جی کو آنند دیتا ہے

۱	چہُون دِش چتئی پوچھ مالی گن	لگے لین دل پھول مُدت من
۲	تہہ اوسر سیتا تہان آئی	گِرجا پوجن جننی پٹھائی
۳	سنگ سکھی سب سُبھگ سیانی	گاوین گیت منوہر بانی
۴	سر سمیپ گِرجا گرہ سوہا	برن نہ جائے دیکھ من موہا

۵	کرِ مجن سر سکھن سمیتا	گئی مُدت من گور نکیتا
۶	پوجا کینہہ ادھک انراگا	نج انروپ سبھگ بر مانگا
۷	ایک سکھی سیہ سنگ بہائی	گئی رہے دیکھن پھلوائی
۸	تہہ دو بندھ بلوکے جائی	پریم بِبس سیتا پہان آئی

۲۴- دوہا-

تاس دشا دیکھی سکھن پلک گات جل نین
کہہ کارن نج ہرکھ کر پوچھین سب مردبین

۱- چارون طرف دیکھکر باغ کے مالی لوگون سے پوچھکر پرسن من سے پتر پشپ لینے لگے- ۲- اسی سمے جگت ماتا سیتا جی بھی تہان آئین گرجا ارتھات پاربتی جی کے پوجنے کو ماتا کی بھیجی ہوئی ۳- سنگ مین جو سکھی سہیلیان تھین سب سبھگ تھین سیانی تھین اور منوہر بانی سے گیت گاتی تھین- ۴- تالاب کے پاس ہی پاربتی جی کا مندر سوہتا تھا جسکو دیکھکر سب کا من موہتا تھا- ۵- شری سیتا جی سکھیون سمیت تالاب مین اسنان کرکے اتہی پرسن من سے پاربتی جی کے مندر مین گئین- ۶- بڑے پریم سمیت پاربتی جی کا پوجن بھگوتی کے نمت کیا اور اپنا سا گن اور روپ اور شیل سے پرپورن بر مانگا- ۷- ایک سکھی شری سیتا جی کے ساتھ کی سنگ چھوڑ کر باغ دیکھنے کو گئی تھی- ۸- اسنے دونون بھائیون کو جو دیکھا تو پریم آنند سے بھری ہوئی سیتا جی کے پاس دوڑی آئی- ۲۴- دوہا- اسکی آنند دشا جو سب نے دیکھی کہ سب انگ پلکت ہین اور نیترون مین آنند کا جل بھرا ہے یہ دشا دیکھکر سب سکھیان پوچھنے لگین کہ تو اپنے آنند کا کارن تو بتا کہ ایسی پرپھلتت کیون ہے-

۱	دیکھن باگ کنور دو آئے	بے کشور سب بھانت سہائے
۲	شیام گور کم کہون بکھانی	گرا انین نین بن بانی
۳	سن ہرکھین سب سکھی سیانی	سیہ ہیہ ات اتکنٹھا جانی
۴	ایک کہا نرپ ست سوئی آلی	سنے جو من سنگ آئے کالی
۵	جن نج روپ موہنی ڈاری	کینہے سو بس نگر نر ناری
۶	برنت چھب جہان تہان سب لوگو	اوس دیکھئے دیکھن جوگو
۷	تاس بچن ات سیہ سہانے	درش لاگ لوچن للچانے
۸	چلی اگر کر پریہ سکھی سوئی	پریت پراتن لکھو نہ کوئی

۴۲۔ دوہا

سیم سیا نارد بچن اپجی پریت پنیت
چکت بلوکت سکل دش جن سسو مرگی سبھیت

اسنو ہے سکھی کوئی دو کمار اس باغ کے دیکھنے کو آئے ہین کشور تو انکی اوستھا ہے اور سب بھانت سے سلونے سہائے ہین۔ ۲۔ سانورے گورے دونون کیسے کہان کہے جاین کہ جو بانی کہہ سکتی ہی سو تو نیتر نہین رکھتی ہے کہ جو دیکھکر کہے اور نیتر جنھون نے دیکھے ہین سو بول نہین سکتے ہین جو برنن کرین۔ ۳۔ ایسے سندر سہائے اس سکھی کے بچن سنکر سب سکھیان پرسن ہو گئین سیتا جی کے من کی بھی لالسا جانکر۔ ۴۔ کسی ایک نے کہا کہ ہے سکھیو یے وہی راجکمار ہین جو بشوامتر من کے ساتھ کل یہان آئے سنے ہین۔ ۵و۶ جنھون نے اپنے روپ کی موہنی ڈالکر نگر کے نرناری اپنے بس مین ایسے کر لیے ہین کہ جو جہان ہی سو سب انھین کی چھبی کی بڑائی کر رہا ہی اس سے انکو تو ضرور ہی دیکھنا چاہیے کیونکہ دیکھنے ہی کے جوگ ہین۔ ۷۔ تس سکھی کے بچن سیتا جی کو تو بہت ہی سہائے اور اپنے سوامی کے درشن کو نیتر بھی للچائے۔ ۸۔ تب تو جو سکھی دیکھ آئی تھی اسیکو آگے کر کے سب سکھیون سمیت سیتا جی چلین اسطرح کہ پرانی پریت کو کوئی پہچان نہ سکے۔

۴۳۔ دوہا۔ نارد جی کا کہنا یاد کر کے پرم پنیت پریت اتپن ہوئی اسمین من مگن ہو گیا چارون دشاؤن کو کیسے دیکھ رہی ہین کہ جیسے ڈری ہوئی بال ہرنی (ہرنی کا بچہ مادہ) دیکھے۔

۱ کنکن کنکن نوپر دھن سن کہت لکھن سن رام ہردے گن
۲ مانو مدن دندبھی دینھی + منسا بشو بجے کا کینھی +
۳ اس کہہ پھر چیتے تیہہ اورا سیہ مکھ سسی بھئے نین چکورا
۴ بھئے بلوچن چارو اچنچل منو سکچ تم تجے درگنچل
۵ دیکھ سیا شوبھا سکھ پاوا ہردے سراہت بچن نہ آوا
۶ جن برنچ سب نج نپنائی برچ بشو کا پرگٹ دکھائی
۷ سندرتا کا سندر کرئی چھب گرہ دیپ شکھا جن برئی
۸ سب اپماکب رہے جٹھاری کیہہ پٹ ترپے بدیہہ کماری

۴۴۔ دوہا۔

سیہ سوبھا ہیہ برن پربھ اپن دسا بچار
بولے سچ من انج سن بچن سمے انہار

۱۔ جیون ہی سکھیون سمیت سیتاجی پاس آئین تیون ہی کنکن کرا کلنا کنکنی چھدر ٹھنٹکاکٹ بھوکھن چرن نوپرانکی مدھر منوہر دھن سنتے ہی رامچندرجی نے لچھمن جی سے کہا کہ ۔ ۲۔ یہ کیسا منوہر شبد ہوتا چلا آتا ہی کہ مانو ڈنکا بجاکر سنسار جیت لینے کو کامدیو ہی چلا آتا ہے ۳۔ ایسے کہکر جو اُس دشا کو دیکھا تو رامچندرجی کے نیتر سیتاجی کے مکھ چندرما کے چکور ہوگئے ۔ ۴۔ اَتِ سندر رامچندرجی کے نیتر کیسے اچنچل اربھات اِک ٹک رہگئے مانو سنکچ کر نِم راج ہی رامچندرجی کی پلکون کو چھوڑ گئے ہین ۔ ۵۔ پرم اُتم سیتاجی کی شوبھا کو دیکھکر رامچندرجی نے بڑا سکھ پایا اَتِ اَدبھت الوکک شوبھا کو ہردے ہی مین سراہا مکھ سے کچھ بچن نہ آیا ۔ ۶۔ مانو برہماجی نے اپنی سب کاریگری رچکر سنسار کو دکھا دی ہے ۷۔ سندرتا کو بھی جسکی سندرتا سندر کرتی ہی اور چھب کے مندر مین مانو دیپ شکھا یعنی چراغ کی لو جلتی ہی ۔ ۸۔ اُپما تو کبیشورون نے سب جوٹھی کر رکھی ہی تنکی اُپما سیتاجی کو کیسے دیجاے ۔ ۴۴ ۔ دوہا ۔ اس پرکار سیتاجی کی شوبھا ہردے ہی مین سمجھکر اور اپنی پریم مگن دشا بچار کر پوتر من سے بھائی لچھمن سے سمے کے انسار بچن بولے ۔

۱	تات جنک تنیا یہہ سوئی	دھنکھ جگ جہہ کارن ہوئی
۲	پوجن گور سکھی لے آئی	کرت پرکاش پھرت پھلوائی
۳	جاس بلوک الوکک شوبھا	سہج پنیت مور من چھوبھا
۴	سو سب کارن جان بدھاتا	پھرکین شبھک انگ سن بھراتا
۵	رگھونبشن کر سہج سبھاؤ	من کپنتھ پگ دھرئین نہ کاؤ
۶	موہ اَت سے پرتیت من کیری	جہہ سپنیہو پرنار نہ ہیری
۷	جنکی لہین نہ رِپ رن پیٹھی	نہین لاوین پر تیہ من ڈیٹھی
۸	منگن لہین نہ جنکے ناہین	تے نر بر تھورے جگ ماہین

۴۵۔ دوہا۔
کرت بتکہی انج سن من سیہ روپ لبھان
مکھ سروج مکرند چھب کرت مدھپ اِو پان

۱۔ اے لچھمن یہ تو وہی جنک کی کنیا ہی جسکے نمت یہ دھنکھ جگ ہوتی ہی ۔ ۲۔ گوری یعنی پاربتی جی کے پوجنے کو یہان سکھیان لے آئی ہین سو اِس پھلواری مین پرکاش کرتی پھرتی ہی ۔ ۳۔ جسکی الوکک شوبھا کو دیکھکر سہج پوتر میرا من موہت ہوتا ہی ۔ ۴۔ سو کارن تو بدھاتا جانے

پُرنت میرے شُبھ انگ سب انگ پھڑکتے ہین ۔ ۵ ۔ ہمارے رگھو بنشیون کا تو سہج سُبھاو یہی ہے کہ اُنکا من بُری راہ مین کبھی پانون نہین دھرتا ہے ۔ ۶ ۔ تسمین مجھکو تو بہت ہی اپنے من کی پرتیت ہے کہ جسنے سپنے مین بھی پرائی استری کو نہین دیکھا ہے ۔ ۷ ۔ جن پُرشون کی رن سنگرام مین شترو پیٹھ نہین دیکھتے ہین اور جو من سے بھی پرائی استری پر درشٹ نہین کرتے ہین ۔ ۸ ۔ اور جنکے دوار پر مانگنے والے آکر بمکھ (محروم) نہین پھرتے ہین ہے لچھمن ایسے اُتم پُرش سنسار مین تھوڑے ہی ہوتے ہین ۔ ۴۵ ۔ ایسی باتین تو بھائی سے کر رہے ہین اور من سیتا جی کے روپ پر لوبھ رہا ہے سیتا جی کے مکھ کمل کی چھپ مکرند کو شری رام چندر جی کا من بھونرے کے سمان پی رہا ہے ارتھات من انھین مین لگا ہے ۔

۱	چتوت چکت چہون دِش سیتا	کہان گئے نرپ کشور من چنتا
۲	جہان بلوک مرگ شاوک نینی	جنُ تہان برش کمل ست شرینی
۳	لتا اوٹ تب سکھن لکھائے	شیامل گور کشور سُہائے
۴	دیکھ روپ لوچن للچانے	ہرکھے جنُ نج ندھ پہچانے
۵	تھکے نین رگھوپت چھب دیکھی	پلکن ہون پرہری نمیکھی
۶	ادھک سنیہہ دیہہ بھئی بھوری	شرد ششہہ جنُ چتو چکوری
۷	لوچن مگ رامہہ اُر آنی	دینھے پلک کپاٹ سیانی
۸	جب سیہ سکھن پریم بس جانی	کہہ نہ سکین کچھ من سکچانی

۴۶ ۔ دوہا ۔

لتا بھون تے پرگٹ بھے تیہہ اوسر دو بھائے
نکسے جنُ جگ بمل بدھ جلد پٹل بلگائے

۱ ۔ وہان سیتا جی چکت چت چارون اور دیکھ رہی تھین کہ راجکمار کدھر گئے من مین بڑی چنتا تھی کہ چلے تو نہین گئے ۔ ۲ ۔ ایسی دُچتائی مین جب جب لتا کو بال مرگ نینی سیتا جی سکھیون سمیت اپنے کمل نیترون سے دیکھتی تھین تہان مانو ایکا ایک کوئل اجل کملون کی مالا کی مالا ہی برس پڑتی تھین ۔ ۳ ۔ اتنے مین سُندر سُہائے سانولے گورے دونون راج کشور لتاؤن کی اوٹ مین سکھیون نے سیتا جی کو دکھا دیے ۔ ۴ ۔ سب سُندرتا کے دھام شری رام روپ کے دیکھتے ہی بیدیہی کے نیتر للچائے اور ایسے ہرکھت ہو گئے کہ مانو نج ندھ ارتھات شری ندھ اپنے سوامی ہی کو پہچان لیے ۔

श्रीद: श्रीश: श्रीनिवास: श्रीनिधि: श्रीविभावन: ॥ + ॥ + ॥ + ॥

۵ ۔ رام چندر جی کی چھب کو دیکھتے ہی نیتر تو تھکت ہو رہے اور پلک بھی نمیکھون کو یعنے پلک مارنے کو بھول گئے ۔ ۶ ۔ مارے اَسنیہ کے دیہہ کو بھی بھول گئی جیسے شرد رت کے پورن چندرما کو دیکھکر چکور سب بھول جاتا ہی ۔ ۷ ۔ پھر سکھیوں کی سنکچ سے آنکھون کی راہ سے رام جی کی مدھر منوہر مورت کو ہردے مین لاکر پرم سیانی سیتا جی نے پلکون کے کواڑے بند کر لیے ۔ ۸ ۔ جب سکھیوں نے راجکماری سیتا کو پربش دیکھا تب تو سب سکھی سنکچ گئین کچھ کہہ نہ سکین ۔ ۲۴۶ ۔ دوہا ۔ اسی سمے لتاؤن کی اوٹ سے دونون بھائی کیسے پرگٹ ہوئے کہ جیسے گھٹا کی اوٹ سے دو پورن نرمل چندرما نکل آئے تب تو نرابرن (بے پردہ) دونون بھائیوں کی چھب کو دیکھکر کوئی سکھی سکھیوں سے کہنے لگی ۔

۱	شوبھا سیو سبھگ دوؤ بیرا	نیل پیت جلجات سریرا
۲	کاگ پچھ سر سوہت نیکے	گچھا بچ بچ کسم کلی کے
۳	بھال تلک سرم بند سہائے	سرون سبھگ بھوکھن چھب چھائے
۴	بکٹ بھرکٹ کچ گھونگھروارے	نو سروج لوچن رتنارے
۵	چار چبوک ناسکا کپولا +	ہاس بلاس لیت من مولا
۶	مکھ چھب کہہ نہ جات موہ پاہین	جو بلوک بہو کام لجاہین
۷	اُر من مال کمبُ کل گر لیوان	کام کلبھ کر بھج بل سیوان
۸	سمن سمیت بام کر دونا	سانور کنور سکھی سٹھ لونا

۲۴۷ ۔ دوہا ۔

کیہر کٹ پٹ پیت دھر سکھما سیل ندھان
دیکھ بھانُ کُل بھوکھنہ بسرا سبہی آپان

۱ ۔ دیکھو ہے سکھیو شوبھا کی مرجاد سُندر دونون بھائی ہین نیلے پیلے کمل کے رنگ منوہر گات ہین ۔ ۲ ۔ سر پر دونون کے پٹے (زلفین) سوہتے ہین

काकपक्षधरावुभौ ॥

کاگ پچھ اکاولی بھید سیاہ تنکے بیچ بیچ پھولون کے منوہر گچھے لٹکتے ہین ۔ ۳ ۔ مستکون پر سُندر اُجلے پیلے تلک اور پسینے کے بوند براجے ہین سُندر کانن کُنڈلون کی چھب سے چھپائے ہین ۔ ۴ ۔ بھوین بانکی اور گھونگھر والے بال ہین نئے لال کملون کے سمان رتنارے نیتر ہین ۔ ۵ ۔ ات سُندر ناک اور گال اور چبوک (چاہ زنخدان) ہین اور ہنسی کی بہار تو جیسے من کو

مول ہی لیے لیتی ہے۔ ۶۔ مکھ کی چھب تو کہی ہی نہین جاتی ہے جسکو دیکھکر اننگ کامدیو لجاتے ہین ۷۔ اُرمین (یعنی چھاتی پر) مَنِ کی مالا سُندر گج مکتاؤن کے ہار پہنے ہین شنکھ کے سمان تین ریکھا سہت گلا (گردن) ہے کام روپ ہاتھی کی سونڈ کے سمان سُڈھار بھجا ہین جو بل کی سیوان (حد) ہین۔ ۸۔ پھولون سمیت بائین ہاتھ مین دونے لیے ہین تسمین سانورا کنور تو ہے سکھی بہت ہی سلونا ہے۔ ۴۷۔ دوہا۔ سنگھ کی ایسی بہت پتلی کمر ہے پیت پٹ (زرد ریشمی کپڑا) دھارن کیے ہین سُندرتا اور شیل کے ساگر ہین۔ ایسے سورج بنش بھوشن رام چندر جی کو دیکھکر سب سکھیان آپے کو بسر گئین ارتھات اپنے کو بھی سب بھول گئین۔ یعنے بیخود ہو گئین۔

۱	دھر دھیرج اک سکھی سیانی	سیتا سن بولی گہہ پانی
۲	بہر گورِ کر دھیان کرہیو	بھوپ کشور دیکھ کن لیہو
۳	سنکچ سیا تب نین اُگھارے	سنمکھ دوؤ رگھو سنگھ نہارے
۴	نکھ شکھ نرکھ رام کی شوبھا	سُمر پتا پرن من اَت چھوبھا
۵	پربش سکھِن لکھی جب سیتا	بھیو گہر سب کہین سبھیتا
۶	پُن آؤب یہ بریان کالی	اس کہہ من بہسی اک آلی
۷	گوڑھ گرا سن سیہ سکچانی	بھیو بلمب مات بھے آنی
۸	دھر دھیرج رام اُر آنی	پھر اپن پرن بت بش جانی

۴۸۔ دوہا۔
دیکھن مس مرگ بہنگ تر پھرت بہور بہور
نرکھ نرکھ رگھبیر چھب باڑھت پریت نہ تھور

۱۔ تب تو ایک سکھی سیانی دھیرج دھر کر سیتا جی سے ہاتھ پکڑ کر کہنے لگی کہ ۲۔ ہے سیتا جی پاربتی جی کا دھیان پھر کر لینا اس سمے ان راجکمارون کو کیون نہین دیکھ لیتی ہو ۳۔ یہ سُنکر سیتا جی نے سنکچ کر جو نیتر کھولے تو سامنے دونون رگھو سنگھ کھڑے دیکھے ۴۔ نکھ سے شکھا تک رام چندر جی کی شوبھا دیکھکر پتا کے پرن کو یاد کر کے من کو بڑا ڈر ہوا ۵۔ جب سکھیون نے سیتا جی کو پریم مین پربس دیکھا تب تو ڈر کر کہنے لگین کہ بڑی دیر ہو گئی ۶۔ کل پھر اسی سمے یہان آوینگی ایسے کہکر ایک سکھی من ہی مین مسکانی۔ ۷۔ اسکی گوڑھ بانی سُنکر سیتا جی من مین سکچا گئین اور دیر ہوئی جانکر ماتا کا ڈر مانا۔ ۸۔ دھیرج دھر کر

اور رام چندر جی کی مُورت کو اپنے ہردے مین دھر کر وہان سے پھرین اور اپنے کو پتا کے بس جانا - ۴۸ - دوہا - باغ کے درختون اور مرگ (ہرن) اور بہنگ (پرند) یعنے چرند اور پرندون کو دیکھنے کے بہانہ سے بار بار پھرتی تھین اور رام چندر سوامی کی چھب کو دیکھ دیکھکر بہت ہی پریت بڑھتی تھی -

۱ جانِ کٹھن شِو چاپ بسُورت   چلی راکھ اُر شیامل مُورت
۲ پربھو جب جات جانکی جانی   سُکھ سنیہہ شوبھا گُن کھانی
۳ پرم پریم مر دُو مس کینھی   چارُ چت بھیتر لکھ لینھی
۴ گئی بھوانی بھون بہوری   بندِ چرن بولی کر جوری
۵ جے جے جے گر راج کشوری   جے مہیش مُکھ چندر چکوری
۶ جے گج بدن کھڑانن ماتا   جگت جنن دامِن دُت گاتا
۷ نہین تو آدِ مدّھ اوسانا   اَمِت پربھاو بید نہین جانا
۸ بھو بھو بھو پرابھو کارِن   بشو موہن سو بش بہارن

۴۹ - دوہا - پت دیوتا سُتیہ مان مات پرتھم تُو ریکھ
مہما امِت نہ کہہ سکین سہس شارد اشیکھ

۱- پریم اوستھا مین بھگت لوگون کو سب طرح کی سامرتھ رکھنے والے سُوامی کے پربھاو کا کچھ دھیان نہین رہتا ہی کیول سُوامی کے منوہر انگون کی سُکمارتا ہی چت مین نواس کرتی ہی ایسے شری جانکی جی شری شو جی کے دھنکھ کو پرم کٹھور اور شری رام چندر جی کو اتِ کومل جانکر بسُورتی ارتھات چنتا کرتی ہوئی سُندر شیام مورت کو ہردے مین دھارن کرکے گھر کو چلین - ۲- شری رام چندر جی نے بھی آنند اور پریم اور شوبھا کی کھان سیتا جی کو جب جاتے ہوئے جانا - ۳- تب تو پرم پریم روپ اتِ کومل کجّل سے اُنکی منوہر مورت کو اپنے چت کے بھیتر لکھ لیا - ۴- پھر سیتا جی اتِ آرت ہو کر پاربتی بھوانی کے مندر مین جا کر چرن بندنا کرکے ہاتھ جوڑ کر بنتی کرنے لگین کہ - ۵- ہے گِرراج کماری تیری جے ہو جے ہو جے ہو ہے شو جی کے مُکھ چندرما کی چکوری تیری جے ہو - ۶- ہے گج بدن کھڑانن (سوامی کارتک) کی ماتا تیری جے ہو ہے جگت کی ماتا تیری جے ہو ہے بجلی کی سی چمک سی دیہہ والی تیری جے ہو - ۷- نہ تو تیرا آدِ ہی نہ مدّھ ہی نہ انت ہی تیرے اننت پربھاو کو بید بھی نہین جانتے ہین

۸۔ توہی سنسار کو پیدا کرتی ہو اور پالتی ہو اور سنگھار کرتی ہو اور سنسار کو موہتی ہو اور اپنی اچھا سے بہار کرتی ہو ایسی تو جگت موُل بھگوت کی مایا ہو۔ اشلوک

ब्रह्मेन्द्ररुद्रमुनिमोहनशीललोलांमायांपरांममधिगम्यपरस्यविष्णोः

۴۹۔ دوہا۔ پت دیوتا سو بھاگیوتی استریوں میں ہے ماتا پہلی گنتی تیری ہی ہے تیری اننت مہما کو تو سہس مکھ والے شیش جی اور سرسوتی جی بھی نہیں کہہ سکتی ہیں۔

۱ سیوت توہ سلبھ پھل چاری ۔ بر داین پُر ارپیاری
۲ دیبی پوج پد کمل تمھارے ۔ سُر نر مُنی سب ہوہن سکھارے
۳ موُر منورتھ جانو نیکے ۔ بسو سدا اُر پُر سب ہی کے
۴ کینہیو پرگٹ نہ کارن تیہی ۔ اس کہہ چرن گہے بیدیہی
۵ بنی پریم بس بھئی بھوانی ۔ کھسی مال موُرت مسکانی
۶ سادر سیہ پرساد اُر دھریو ۔ بولی گور ہرکھ ہیہ بھریو
۷ سن سیہ ست اسیس ہماری ۔ پوجہہ من کا منا تمھاری
۸ نارد بچن سدا شچ سانچا ۔ سو بر ملی جاہ من راچا

چھند

من جاہ راچیو ملی سو بر سہج سندر سانورو
کرنا ندھان سجان شیل سنیہہ جانت راورو
یہ بھانت گور اسیس سن سیہ سہت ہیہ ہرکھیں الیں
تلسی بھوانیہہ پوج پن پن مدت من مندر چلیں

۵۰۔ سورٹھا

جان گور انکول ۔ سیہ ہیہ ہرکھ نہ جائے کہہ
منجل منگل موُل ۔ بام انگ پھرکن لگے

۱۔ تیری سیوا کرنے سے چاروں پھل (ارتھ دھرم کام موکش) سہج ہی میں مل جاتے ہیں تو بر داینی پرمیشوری شری شیو جی کی پیاری ہو۔ ۲۔ ہے دیبی تیرے چرن کمل کو پوج کر سر نر منی سب ہی سکھی ہو جاتے ہیں۔ ۳۔ میرے منورتھ کو تم بھلی بھانت جانتی ہو کیونکہ سدا سب جیووں کے اردے میں نواس کرتی ہو۔ ۴۔ تس کارن میں نے پرگٹ نہیں کہا ایسے کہکر شری سیتاجی نے شری پاربتی جی کے چرن پکڑ لیے۔ ۵۔ جب شری سیتاجی نے اس پرکار سے بنتی کری تب تو اس بنتی کے پریم کے بس بھوانی ہو گئیں پہلے تو پریم کے

آرمبھ میں ویو پرساد بتانے والی پھولون کی مالا دیبی جی کے ہردے پر سے کھسک پڑی تب سکے آپرانت مارے پریم کے مورت ہی میں مُسکائیں ۔ ۶ ۔ سو مالا جب سیتا جی نے دیبی جی کا پرساد سمجھکر پہن لی تب تو پاربتی جی پریم کی آنند وشا میں پاگھان مورت میں بول ہی اُٹھیں کہ ۔
۷ ۔ ہے سیتا جی سُنو ہماری سچی آشیش سے تمھاری سب من کامنا پوری ہوگی ۔
۸ ۔ نارد کا بچن سدا سچا ہے وہی بر تمکو ملیگا جسپر تمھارا من رچا ہے ۔ چھند ۔ سہج شیام سُندر گُرنا ندھان سُجان شیل و من تمھارے شیل سنیہ کو جانتے ہین اس پرکار پاربتی جی کی آشیش سُنکر سیتا جی سمیت سب سکھیان پرسن ہوگئیں اور بار بار پاربتی جی کی بنتی کرکے پرسن من ہوکر گھر کو چلیں ۔ ۵۰ ۔ سورٹھا ۔ پاربتی جی کو پرسن جانکر سیتا جی کے من کا آنند کہا نہیں جاتا ہے منجل ودکول اجل منگل کے مول بائیں انگ پھڑکنے لگے ۔

(یہ شت پنچ چوپائیون کی دوسری اور سیتا سویمبر کی پہلی پچیسی ہوئی)

۱	ہِردے سراہت سیا لُنائی	گُر سمیپ گونے دُوو بھائی
۲	رام کہا سب کوشک پاہیں	سرل سُبھاو چھُوا چھل ناہیں
۳	سُمن پاے مُن پوجا کینھی	پُن آسیس دُوو بھاین دینھی
۴	سُپھل منورتھ ہونہ تمھارے	رام لکھن سُن بھئے سُکھارے
۵	کر بھوجن مُن بر بگیانی	لگے کہن کچھ کتھا پرانی
۶	بگت دِوس گُر آئیس پائی	سندھیا کرن چلے دُوو بھائی
۷	پراچی دِش شش اُگیو سُہاوا	سیہ مکھ سرس دیکھ سُکھ پاوا
۸	بہُر بچار کینھ من ماہیں	سیا بدن سم ہمکر ناہیں

۵۱ ۔ دوہا ۔
جنم سندھ پُن بندھ بِکھ دِن ملین سکلنک
سیہ مکھ سمتا پاو کِم چندر باپُرو رنک

۱ ۔ ہردے میں سیتا جی کی سُندرتا کو سراہتے ہوئے گرو کے پاس شری رام چندر جی لچھمن جی سمیت گئے ۔ ۲ ۔ شری رام چندر جی نے سب سماچار گرو سے کہہ دیے سہج سُبھاو سے کچھ چھل نہین کیا ۔ ۳ ۔ پھول پاکر مُن نے پوجا کی اور دونون بھائیون کو آشیش دی کہ ۴ ۔ تمھارے سب منورتھ سپھل ہوں یہ سُنکر شری رام چندر جی اور لچھمن جی دونون سُکھی ہوگئے ۔ ۵ ۔ پھر تو بھوجن کرکے گیانی مُن کتھا پُران کہنے لگے ۔ ۶ ۔ دن کے انت میں آگیا لیکر

دونون بھائی سندھیا کرنے کو چلے۔ ۷۔ پورب دشا میں شرد رت کے پورن چندرما کو دیکھکر سیتاجی کے مکھ کی طرح جانکر بڑا سکھ پایا۔ ۸۔ پھر من میں بچار کیا کہ سیتاجی کے مکھ کے سمان چندرما نہیں۔ ۵۱۔ دوہا۔ کیونکہ اسکا جنم تو سمندر جڑ سے ہی اور بھائی اسکا کال کوٹ ہلاہل بکھ ہی دن میں میلا ہو جاتا ہی اور کلنک سہت ہی سو بھلا ایسا غریب بچارا چندرما سیتاجی کے مکھ کی سندرتا کو کیسے پا سکتا ہی ارتھات نہیں پا سکتا ہی۔

۱	گھٹے بڑھے برہن دکھدائی	گرسے راہ نج سندھہ پائی
۲	کوک شوک پرد پنکج دروہی	اوگن بہت چندرما توہی
۳	بیدیہی مکھ پٹ تر دینھے	ہووے دوش بڑا انچت کینھے
۴	سیہ مکھ چھب بدھ بیاج بکھانی	گر پہنہ چلے نشا بڑ جانی
۵	کر منی چرن سروج پرناما	آئیس پاے کینھ بشراما
۶	بگت نشا رگھنایک جاگے	بندھ بلوک کہن اس لاگے
۷	اُگیو ارن اولوکو تاتا	پنکج کوک لوک سکھداتا
۸	بولے لکھن جور جگ پانی	پربھ پربھاو سوچک مردبانی

۵۲۔ دوہا۔
ارن ادے سکچے کمد اڑگن جوت ملین
جم تمھار آگمن سن بھیے نرپت بل ہین

۱۔ ارے بچارے چندرما تجھ میں سونیک (از خود) پرکاش بھی تو نہیں ہی سورج کے پرکاش سے پرکاشت ہی اور گھٹا بڑھا کرتا ہی اور برہنی لوگوں کا دکھدائی ہی اپنی سندھ کا جوگ پاکر تجھکو راہ گراس کرتا ہی۔ ۲۔ چکئی چکوا کا دکھ دینے والا ہی اور کملوں کا بھی بیری ہی ایسے انیک اوگن تجھ میں ہیں۔ ۳۔ سو تیری اپما سیتاجی کے مکھ کو دینے سے تو بڑا دوش ہی کیونکہ انچت کرنے سے تو دوش ہی ہوتا ہی۔ ۴۔ اس پرکار چندرما کے بہانہ سے سیتاجی کے مکھ کی پرشنسا (تعریف) کرکے رات بہت گئی جانکر گرو کے پاس گئے۔ ۵۔ گرو کے چرن کمل کو پرنام کرکے اور آگیا پاکر بشرام کیا۔ ۶۔ رات بیت جانے اور ارن ادے ہونے کے سمے شری رام چندر جی جاگے اور لچھمن جی کو بیٹھے ہوئے دیکھکر کہنے لگے کہ۔ ۷۔ ہے تات دیکھو جو کمل اور چکوا چکئی اور دنیا کے ہتکر سے بھائی سورج کے سارتھی ارن کے ادے کو سب لوک کو سکھداتا ہی۔ ۸۔ یہ سنکر دونون ہاتھ جوڑ کر اپنے سوامی کے پربھاو کو پرگٹ

کرنے والی کومل بانی لچھمن جی بولے کہ-۵۲-دوہا- ہے سوامی ارن اُدے ہونے سے کیسے کمد (کوکابیلی) بند ہوگئین اور سب تاراگن ملین ہوگئے ہین جیسے آپکا آنا سنتے ہی سب راجا لوگ بل سے رہت (نربل) ہوگئے ہین-

۱ نرپ سب نکھت کرین اجیاری   ٹار نہ سکین چاپ تم بھاری
۲ کمل کوک مدھکر کھگ نانا   ہرکھے سکل نشا اوسانا
۳ ایسے ہی پربھ سب بھگت تمھارے   ہوئیہین ٹوٹے دھنکھ سکھارے
۴ اُدی بھان بن شرم تم ناشا   درسے نکھت جگ تیج پرکاشا
۵ ربن نج اُدے بیاج رگھورایا   پربھ پرتاپ سب نرپن دکھایا
۶ بندھو بچن سن پربھ مسکانے   ہوئے شچی سہج پنیت نہانے
۷ ستانند تب جنک بلائے   کوشک منِ پہن ترت پٹھائے
۸ جنک بنے تن آے سنائی   ہرکھے بول لیے دو بھائی

۵۳-دوہا-
ستانند پد بند پربھ   بیٹھے گر پہن جائے
چلو تات منِ کہیو تب   پٹھوا جنک بلائے

۱۴۵۔ دوہا۔	بار بار کوشک چرن شیش نائے کہار او یہ سب سکھ مُن راج تو کرپا کٹاکش پرساد

۱۔ اُن سبکو راجا نے ڈنڈوت پرنام کیا اور پریم سہت پوجن کرکے اُتم آسن دیا۔ ۲۔ چار لاکھ گئو وین چارون بواہ پیچھے ایک ایک لاکھ گئو منگائین جو کامدھین ہی کے سمان سُندر سُہائی ہین۔ ۳۔ سب بھانت سے اُنکو سنگار کرکے پرسن من سے راجا نے براہمنون کو سب دان کر دین۔ ۴۔ اور سب سے بار بار بنتی کرتے ہین کہ آج مین نے جگت مین جینے کا لابھ پایا۔ ۵۔ تب تو منیشورون کا آشیرباد پاکر راجا آنندت ہوئے پھر تو جاچکون کے برند (گروہ) کو بُلایا۔ ۶۔ اُنکو سونا کپڑا مَن گھوڑا ہاتھی رتھ اُنکی رُچ کے انسار دیا۔ ۷۔ وہ سب کبت پڑھتے اور جس گاتے اور مہاراج دشرتھ کی

جو بولتے ہوئے چلے۔ ۸- اس پرکار رام بواہ کا مہا اتساہ ہوا کہ جسکو تو وہ بھی نہین کہہ سکتا جسکے ہزار مکھ ہون۔ ۱۴۵- دوہا۔ بار بار بشوامتر کے چرنون کو ڈنڈوت کر کے راجا کہتے ہین کہ ہے منی مہاراج یہ سب سکھ کیول آپ ہی کی کرپا درشٹ کا پربھاو ہی۔

۱	جنک سنیہہ سیل کرتوتی	نرپ سب رات سراہت بیتی
۲	دن اُٹھ بدا اودھ پت مانگا	راکھین جنک سہت انوراگا
۳	نت نوتن آدر ادھکائی	دن پرت سہس بھانت پہنائی
۴	نت نو نگر آنند اُچھاہو	دشرتھ گون سہاے نہ کاہو
۵	بہت دوس بیتے یہ بھانتی	جن سنیہہ رج بندھے براتی
۶	کوشک ستانند تب جائی	کہا بدیہہ نرپہہ سمجھائی
۷	اب دشرتھ کا آیس دیہو	جدپ چھاڑ نہ سکو سنیہو
۸	بھلے ناتھ کہہ سچو بلائے	کہہ جے جیو شیش تن نائے

۱۴۶- دوہا-
اودھ ناتھ چاہت چلن بھیتر کرو جناو
بھئے پریم بس سچو سن بہر سچا سدراو

۱- اس سب آنند کے بیچ مہاراجا دشرتھ کو راجا جنک کے سنیہہ اور شیل اور کرتوت کی ساری رات پرشنسا کرتے بیت گئی۔ ۲- نت اُٹھکر راجا دشرتھ راجا جنک سے بدا مانگتے ہین پر نت راجا جنک بڑے پریم سے رکھتے ہین ارتھات جانے نہین دیتے ۳- نت نیا آدر بڑھتا ہی جاتا ہی اور دن دن پیچھے ہزارون طرح کی پہنائی (مہمانداری) ہوتی ہی۔ ۴- نگر مین نت نیا آنند اُچھاہ ہوتا ہی مہاراجا دشرتھ کا جانا تو کسی کو سہاتا ہی نہین ہی۔ ۵- بہت دن اسی آنند مین بیت گئے مانو پریم کی رسی ہی مین براتی لوگ بندھے ہین۔ ۶- تب تو ستانند جی اور بشوامتر منی نے جاکر راجا جنک کو سمجھا کر کہا کہ۔ ۷- اب تو آپ مہاراجہ دشرتھ کو آگیا دیجیے جدپ آپ مارے پریم کے انکو چھوڑ نہین سکتے ۸- تب تو راجا جنک نے کہا کہ اچھا مہاراج ایسا ہی کرونگا یہ کہکر منترئون کو بلایا تب انھون نے آکر جے جیو کہکر سر نوایا۔ ۱۴۶- دوہا۔ تب راجا نے کہا کہ اودھ پت مہاراج اب چلا چاہتے ہین اس سے رنواس مین خبر کردو یہ کہکر سبھا سب اجا پریم بس ہوگئے۔

۱	پرباسی سن چلی براتا	پوچھت بکل پرسپر باتا

۲ ست گمن سن سب بلکھانے منو سانجھ سرسج سکچانے
۳ جہان جہان آوت بسے براتی تہان تہان سِدھ چلا بہو بھانتی
۴ بِبِدھ بھانت میوا پکوانا بھوجن ساج نہ جائے بکھانا
۵ بھر بھر بسہت اپار کہارا پٹھئے جنک انیک سوارا
۶ تُرنگ لاکھ رتھ سہس پچیسا سکل سنوارے نکھ اور سیسا
۷ مت سہس دس سندھ ساجے جنھیں دیکھ دِس کنجر لاجے
۸ کنک بسن من بھر بھر یانا مہکھی دھین بسنت بدھ نانا

۱۴۷- دوہا- داتج امت نہ کہہ سکیے دینھ بدیہہ بہور
جو اولوکت لوک پت لوک سمپدا تھور

۱- پُرباسیون نے جب برات کو جاتی ہوئی سُنی تب تو مہا بیاکل ہو کر ایک سے ایک پوچھنے لگے- ۲- سچ سچ جانا سنکر سب کیسے اُداس ہو گئے جیسے سانجھ کے سمے کمل مرجھائے جاتے ہین- ۳- جہان جہان براتی لوگ آتے سمے اُترے تھے تہان تہان راجا جنک نے پہلی ہی سے بھانت بھانت کے سِیدھا (اناج) پہنچا دیے- ۴ و ۵- انیک بھانت کے میوہ پکوان اور بھوجن کا سب سامان بہنگی بھر بھر کہارون کے ہاتھ پہنچا دیا اور بہت سے رسوئیہ دار بھی بھیجدیے- ۶- تسکے پیچھے ایک لاکھ گھوڑے اور پچیس ہزار گھوڑون کے رتھ سب سر سے پانون تک سنوارے گئے- ۷- اور دس ہزار مست ہاتھی سجائے جنکو دیکھکر دِگ گج بھی لجائے- ۸- اور سونا اور کپڑا اور من گاڑی بھر بھر اور بھینس اور گئووین اور بہت طرح کی چیزین- ۱۴۷- دوہا- ایسا بہت سا داج پھر کر راجا جنک نے دیا جسکو دیکھکر لوک پت کے لوگون کی بھی سمپدا تھوڑی لگی-

۱ سب سماج یہہ بھانت بنائی جنک اودھ پر دینھ پٹھائی
۲ چلت برات سنت سب آئی بکل مین گن جن لگھ پانی
۳ پُن پُن سیے گود بھر لیہین دیئی اسیس سکھاون دیہین
۴ ہوئی ہو سنتت پتہ پیاری چرا اہبات اسیس ہماری
۵ ساس سسر گر سیوا کریہو پت رکھ لکھ آئیس انسریہو
۶ ات سنیہہ بس سکھی سیانی نار دھرم سکھوین مردو بانی

۷ سادر سکل کنور سمجھائین   رانین بار بار اُر لائین
۸ بہُر بہُر بھیٹین مہتاری   کہہن برنچ رچی کت ناری

۱۴۸۔ دوہا۔ تیہہ اَوسر بھائن سہت رام بھانُ کُل کیتُ
چلے جنک مندر مُدت بدا کرآون ہیتُ

۱۔ اس بھانت کا سب سامان بناکر راجا جنک نے مہاراجا دشرتھ سے چھپاکر اُوپر سے اُوپر ہی اجودھیا کو بھیجدیا۔ ۲۔ برات کو جاتے سُنتے ہی سب رانی تھوڑے جل کی مچھلیون کی طرح بیاکل ہوگئین ۳۔ بار بار سیتاجی کو گود مین لیتی ہین اور آشیش دیکر سکھاتی ہین کہ ۴۔ ہماری آشیش سے تم سدا اپنے پت کی اتِ پیاری ہوگی اور تمھارا اہبات اَچل ہوگا۔ ۵۔ ساس اور سسر اور گرجنون کی سیوا کرنا پت کا رُکھ (رُخ) دیکھکر آگیا پر چلنا۔ ۶۔ اس پرکار سنیہہ کے بس ہوکر سب سکھیان استری دھرم سب کماریون کو سکھاتی ہین ۷۔ اسی طرح رانیون نے بھی سب کماریون کو سمجھایا اور بار بار ہردے سے لگایا۔ ۸۔ بار بار ماتا ملتی ہین اور کہتی ہین کہ ہے بدھاتا تو نے استریون کو کیون بنایا۔ ۱۴۸۔ دوہا۔ اسی سمے بھائیون سہت شری رام چندرجی پرسن من اپنون سے بدا کر اپنا جنک مندر کو چلے

۱ چارون بھائے سُبھائے سُہائے   نگر نار نر دیکھن دھائے
۲ کوؤ کہا چلن چہت ہین آجو   کینہہ بدیہہ بدا کر ساجو
۳ لیہو نین بھر روپ نہاری   پریہ پاہنے بھوپ ست چاری
۴ کو جانے کہہ سکرت سیانی   نین اتتھ کینہے بدہ آنی
۵ مرن سیل جم پاو پیوکھا   سرترو لہے جنم کر بھوکھا
۶ پاو نار کی ہر پد جیسے   انگر درشن ہم کا تیسے
۷ نرکھ رام سوبھا اُر دھرہو   نج من پھن مورت من کرہو
۸ یہہ بدہ سبے نین پھل دیتا   گئے کنور سب راج نکیتا

۱۴۹۔ دوہا۔ روپ سندھ سب بندھو لکھ ہرکھ اُٹھیو رنواس
کرہن نچھاور آرتی مہامدت من ساس

۱۔ چارون بھائی سہج ہی سندر سُہائے جب آئے سُنے تب تو نگر کے نرناری سب دیکھنے کو دوڑے ۔ ۲۔ کوئی کہتا ہی کہ آج بیلو چلا چاہتے ہین راجا نے بدا کا سب ساج سجا ہی۔

۳۔ اس سے آنکھ بھرکر انکا روپ دیکھ لو یہ چاروں راج کنور پاہنے ہیں۔ ۴۔ کون جانتا ہے کہ کون جنم کے کون پُن سے دَیو نے انکو ہمارے نیتروں کے پاہُن کر دیئے ہیں ۵۔ جیسے کسی مرن ہار کو امرت مل جاوے اور جنم کا دریدری کلپ برچھ پا جاوے۔ ۶۔ نرک دائی جیو کو جیسے ہری پد بیکنٹھ ملنا دُرلبھ ہے ایسے ہی ہمکو انکا درشن دُرلبھ ہی جانو۔ ۷۔ اس سے رام چندر جی کی شوبھا کو دیکھکر ہردے میں رکھ چھوڑو اپنے من کو سانپ اور انکی سلونی سانولی مورت کو من کر رکھو۔ ۸۔ اس پرکار سب کو نیتروں کا پھل دیتے ہوئے راج مندر کو سب بھائی گئے۔ ۹ ۳۴۱۔ دوہا۔ روپ ساگر سب بھائیوں کو آتے ہوئے دیکھکر سب رنواس آنندت ہو گیا ساس مہا ہرش من سے نچھاور اور آرتی کرنے لگیں۔

۱	دیکھ رام چھب اَت اَنُراگین	پریم بِبَش پُن پُن پد لاگین
۲	رہی نہ لاج پریت اُر چھائی	سہج سنیہہ برن کم جائی
۳	بھائین سہت اُبٹ انھوائے	چھ رس اسن اَت ہیت جیوائے
۴	بولے رام سو اوسر جانی	شیل سنیہہ سکچ مے بانی
۵	راو اودھ پر چہت سدھائے	بدا ہون ہم یہاں پٹھائے
۶	مات مدت من آئیس دیہو	بالک جان کرب نت نیہو
۷	سنت بچن بلکھیو رنواسو	بول نہ سکین پریم بس ساسو
۸	ہردے لگائے کنور سب لینھیں	پتن سونپ بنتی اَت کینھیں

۲۶۔ چھند۔

کر بنے سیہ رامہہ سمرپی جوڑ کر پُن پُن کہتین
بل جاؤں تات سجان تمکا بدت گت سب کی اہین
پروار پرجن موہ راجہہ پران پریہ سیہ جانبی
تلسی سشیل سنیہہ لکھ نج کنکری کر مانبی

۱۵۰۔ سورٹھا۔

تم پرپورن کام جان شرومن بھاو پریہ
جن گن گاہک رام دوش دلن کرنا ئے تن

۱۔ شری رام چندر جی کی سندر چھب کو دیکھکر اَت ہی پریم میں مگن ہو گئیں اس سے بار بار پانوں لاگنے لگیں۔ ۲۔ ہردے میں بہت ہی پریت جو چھا گئی اس سے لاج بھی چھوٹ گئی سنیہہ بھاو کس طرح کیسے برنن کیا جا سکتا ہے ۳۔ بھائیوں سمیت اُبٹن لگا کر اشنان

گرد اۓ اور کھٹ رس کے بھوجن بڑے پریم سے کھلاۓ۔ ۴۔ تب تو شری رام چندر جی
سُندر سُکھ جانکر شِیل سِنیہہ سُکھ بھری ہوئی بانی سے بولے کہ۔ ۵۔ ہمارے شری مہاراج
اجودھیا کو چاہتے ہین آپ سے بدا ہونے کو ہمکو یہان بھیجا ہے۔ ۶۔ سو ہے ماتا پرسن
من سے ہمکو آگیا دیجیے اور اپنے بالک جانکر سدا کرپا کیجیے۔ ۷۔ شری رام چندر جی کے
ایسے بچن سنکر سب رنواس اداس ہو گیا پریم کے بس ہوکر کچھ بول بھی نہ سکین۔ ۸۔ سب
کماریون کو ہردے سے لگا لیا اور ان انکے پتیون کو سونپ کر بڑی بنتی کی۔ ۲۶۔ چھند۔
بنتی کرکے شری سیتا جی کو تو شری رام چندر جی کو سونپی اور ہاتھ جوڑ کر بار بار یہ کہتی ہین کہ
ہے تات تمکو تو سب کی گت پرگٹ ہی ہے پروار کو اور پرجا کے لوگون کو اور مجھکو اور راجا کو یہ
سیتا جی پران سے بھی ادھک پیاری ہے سو اسکا شیل سنیہہ جانکر اپنی داسی کے سمان
ماننا۔ ۱۵۰۔ سورٹھا۔ آپ تو پرپورن کام سجان شرومن کیول بھاو ہی چاہتے ہین اور بھگتون
کے گنون کے گاہک ہو انکے دوش مٹانیوالے ہین اور کرپا کے دھام ہین۔ (یہان تک شٹ
پنچ چوپائیون کی چھ پچیسی اور سیتا سوئمبر کی پانچ پچیسی ہوئین)

۱	اس کہہ رہی چرنن گہہ رانی	پریم پنک جن گرا سمانی
۲	سن سنیہہ سانی بر بانی	بہہ بدہ رام ساس سنمانی
۳	رام بدا مانگی کر جوری	کینھ پرنام بہور بہوری
۴	پاۓ اشیش بہر سر نائی	بھاین سہت چلے رگھورائی
۵	منج مدھر مورت ار آنی	بھینٹین سنیہہ سکتھل سب رانی
۶	پن دھیرج دھر کنور ہنکاری	بار بار بھینٹتین مہتاری
۷	پہونچاوین پھر ملین بہوری	بڑھی پرسپر پریت نہ تھوری
۸	بین بچن بلپت سکھین بلگائی	بال بنش جن دھین لوائی

۱۵۱۔ دوہا۔
پریم بش نر نار سب سکھین سہت رنواس
مانو کینھ بدیہہ پر کرنا برہ ہ نواس

۱۔ ایسے کہکر رانی شری رامچندر جی کے چرن پکڑ کر رہ گئین اور بانی تو مانو پریم کے کیچڑ ہی
مین سما گئی۔ ۲۔ ایسے سنیہہ کی بھری ہوئی بانی سنکر انیک پرکار سے رام چندر جی نے
ساس کو آدر سنمان کیا۔ ۳۔ پھر تو شری رام چندر جی نے ہاتھ جوڑ کر بدا مانگا اور بار بار

پرنام کیا۔ ۴۔ سب ساسون سے آشیش پائی تب سِر نوا کر بھائیون سمیت شری رامچندر جی مہاراج بدا ہوئے۔ ۵۔ رانیان سب پوتر مادھری صورت ہردے مین دھر کر پریم مین مگن ہوکر بے سدھ ہوگئین۔ ۶۔ پھر دھیرج دھر کر سب کماریون کو بلایا اور بار بار ماتا ملنے لگین۔ ۷۔ ہو جاتی ہین اور پھر پھر ملتی ہین اس سے آپسمین ات پریت بڑھتی جاتی ہے۔ ۸۔ پھر سکھیون کو ہٹا ہٹا کر ماتا کو سیتا جی اور سیتا جی کو ماتا آپسمین کیسے ملتی ہین جیسے بچھڑ اور نوائی گائی ملتی ہین ۱۵۲ دوہا۔ اُس سمے نگر کے نر ناری اور سکھیون سمیت سب رنواس کیسے پریم کے بس بیاکُل ہے مانو جنک پر مین کرنا اور برہ نے گھر کر لیا ہے۔

۱	شُک شارِکا جانکی جیائے		کنک پنجرن راکھ پڑھائے	
۲	بیاکُل کہین کہان بیدیہی		سُن دھیرج پرہرے نہ کیہی	
۳	بھیے بکل کھگ مِرگ یہ بھانتی		منج دُشا کیسے کہہ جاتی	
۴	بندھ سمیت جنک تب آئے		پریم اُمنگ لوچن جل چھائے	
۵	سیا بِلوک دھیرتا بھاگی		رہے کہاوت پرم براگی	
۶	لینہ راو اُر لائے جانکی		میٹ مہامرجاد گیان کی	
۷	سمجھاوت سب سچو سیانے		کینہ بچار ان اوسر جانے	
۸	بارہِ بار سُتا اُر لائی		سج سُندر پالکی منگائی	

۱۵۳۔ دوہا۔
پریم بِبش پرِوار سب جان سُلگن نریس
کُنور چڑھائین پالکن سُمرے سِدھ گنیش

۱۔ جو طوطا اور مینا سیتا جی نے پالے تھے اور جنکو سونے کے سُندر پنجڑون مین رکھکر پڑھایا تھا۔ ۲۔ سو مہا بیاکُل ہوکر پکارتے ہین کہ سیتا جی ہمکو کہان چھوڑے جاتی ہو ایسے بچن سُنکر بھلا دھیرج کسکو نہ تیاگ کرے۔ ۳۔ جہان پنچھی اور پشُ ایسے بیاکُل ہین تہان آدمی کی دشا کیسے کہی جا سکتی ہے۔ ۴۔ اُسی سمے بھائی کُش دھوج سمیت راجا جنک وہان آئے اُنکے بھی پریم کی اُمنگ سے نیتر جل سے چھا گئے۔ ۵۔ سیتا جی کو دیکھتے ہی دھیرج جاتا رہا جدپہ بڑے براگی کہلاتے تھے۔ ۶۔ راجا جنک نے جانکی جی کو اپنے گیان براگ کا پھل جانکر ہردے سے لگا لیا گیانی کی مہامرجاد کو بھی ٹھوکر۔ کیونکہ سیتارام دونون گیان سے جانے جاتے ہین گیان انکی پراپت کا سادھن ہے اور سیتارام ہی پرم پھل ہین۔

۷- جب منتریون نے راجا کو سمجھایا تب تو پریم بڑھانے کا سمے نہ جانکر دھیرج کیا۔ ۸- بار بار اور کنیاؤن کو بھی بلک سندر پالکی منگائین - ۱۵۲ - دوہا- اُس سمے پرتھم کے لیں سب پردار ہو رہا تھا جاترا کی شبھ لگن جانکر راجا نے سب کماریون کو پالکی مین بٹھا گنیش منا کر چلایا

۱	بہو بدھ بھوپ ستا سمجھائین	ناری دھرم کل ریت سکھائین
۲	داسی داس دیے بہتیرے	سچی سیوک جے پریہ سیہ کیرے
۳	سیا چلت بیاکل پُرباسی	ہوہن سگن شبھ منگل راسی
۴	بھوسُر سچو سمیت سماجا	سنگ چلے پہنچاون راجا
۵	سمے بلوک باجے باجے	رتھ گج باج براتن ساجے
۶	دسرتھ بپر بول سب لینھے	دان مان پرپورن کینھے
۷	چرن سروج دھور دھر سیسا	مدت مہیپت پاے اشیشا
۸	سمر گجانن کینھ پیانا	منگل مول سگن بھے نانا

۱۵۳- دوہا-
سُر پرسون برکھین ہرکھ کرین اپسرا گان
چلے اودھ پت اودھ پُر مدت بجاے نشان

۱- بہت طرح سے راجا نے کنیاؤن کو سمجھایا اور استری دھرم اور کل کی ریتین اُنکو سکھائین ۲- داسی اور داس اُنکی سیوا کرنے کو بہت سے دیے جو پرم پوتر اور سیتا جی کے اَت پیارے تھے۔ ۳- سیتا جی کے چلتے ہوئے نگر کے لوگ مہا بیاکل ہوئے اور شبھ سگن منا منگل کی راس ہونے لگے۔ ۴- براہمن دیوتا اور منتریون سمیت راجا جنک پہونچانے کو ساتھ چلے۔ ۵- جاترا کا سمے جانکر باجے بجنے لگے تب تو براتی لوگ اپنے اپنے رتھ اور ہاتھی اور گھوڑے سجنے لگے۔ ۶- اُس سمے مہاراجا دسرتھ نے جنک پر باسی سب براہمنون کو بُلا لیا اور دان مان سے پرپورن کر دیا۔ ۷- اور اُنکے چرن کملون کی دھول کو سر پر رکھکر اور آشیرباد پاکر پرسن ہو گئے۔ ۸- گنیش جی کو سُمر کر چلے اُس سمے سُندر منگل مول طرح طرح کے شبھ سگن ہونے لگے۔ ۱۵۳- دوہا- دیوتا لوگ تو آنند بت ہو کر پھول برساتے جاتے ہین اور اپسرا ناچتی جاتی ہین اس پرکار مہاراجا دسرتھ اَت پرسن من باجے بجا کر شری اجودھیا کو چلے۔

۱	بھوپ کر بنے مہاجن پھیرے	سادر سکل مانگتے ٹیرے

۲	بھوُکھن بسَن باج گج دینھے	پریم پوکھ ٹھاڑھے سب کینھے
۳	بار بار برداوَل بھاکھی	پھرے سکل رامہہ اُر راکھی
۴	بَہُر بَہُر کوُشل پت کہہ ہیں	جنک پریم بس پھرن نہ چہہ ہیں
۵	پُن کہا بھوُپت بچن سُہائے	پھریے مہیپ دُور بڑ آئے
۶	راو بہوُر اُتر بھئے ٹھاڑھے	پریم پرباہ بلوچن باڑھے
۷	تب بدیہہ بولے کر جوری	بچن سنیہہ سُدھا جنُ بوری
۸	کروَن کون بِدِہ بنے بنائی	مہاراج موہ دینھ بڑائی

۱۵۴- دوہا-	کوُشل پت سمدِھی سجن سنمانے سب بھانت ملَن پرسپر بنے اَت پریت نہ ہِردے سمات

۱- مہاراجہ دشرتھ نے بنتی کرکے نگر کے مہاجن ارتھات بڑے آدمیوں کو پھیرا اور آدر سہت مانگنے والوں کو بلایا - ۲- اُنکو گہنا کپڑا گھوڑے ہاتھی دیے اور پریم سے پوکھ کر سب کو ٹھاڑے کیے - ۳- سو سب راجا کے برداولی بار بار کہہ کہکر اور شری رام چندر جی کو اپنے ہردے میں دھر کے گھروں کو چلے - ۴- اب تو بار بار مہاراجا دشرتھ کہتے ہیں پرنتو مارے پریم کے راجا جنک پھرا نہیں چاہتے ہیں - ۵- تب پھر مہاراجا دشرتھ سہاونے بچنوں سے کہا کہ ہے راجن اب تو آپ پھریے بڑی دور آگئے - ۶- تسپر بھی جب نہ پھرے تب تو مہاراجا دشرتھ رتھ پر سے نیچے اُتر کھڑے ہوئے اور دونوں آنکھوں سے پریم کے جل کے پرباہ بڑھے - ۷- تب تو راجا جنک ہاتھ جوڑ کر پریم امرت کے سانے بچن بولے کہ - ۸- میں ایک مکھ سے کہاں تک بنتی بنا کر کروں ہے مہاراج آپنے تو مجھکو سب طرح سے سدا کے لیے بڑا کر دیا ہے - ۱۵۴- دوہا- تب تو مہاراجا دشرتھ نے اپنے سجن سمدھی کو سب طرح سے سنمان کیا اور دونوں (ارتھات مہاراجا دشرتھ اور راجا جنک) کے ہردے میں پرسپر ملنے اور پرسپر بنتی کرنے کی پریت سماتی ہی نہیں ہے -

۱	مُن منڈلی جنک سر ناوا	آسر باد سبھن سن پاوا
۲	سادر پُن بھینٹے جاماتا	روپ سیل گُن ندھ سب بھراتا
۳	جور سنگرہ پان سہائے	بولے بچن پریم جنُ جائے
۴	رام کروں کہہ بھانت پرشنسا	مُن مہیش من مانس ہنسا

۵ کرہِن جوگ جوگی جِہہ لاگی ۔ کوہ موہ ممتا مد تیاگی
۶ بیاپک برہم اَلکھ اَبناشی ۔ چِد آنند نرگُن گُن راشی
۷ مَن سمیت جِہہ جان نہ بانی ۔ ترک نہ سکہِن سکل انُمانی
۸ مہما نِگم نیت کر کہہ ہین ۔ جو تہو کال ایک رس رہ ہین

۱۵۵۔ دوہا۔ نین بِکھے ہو کا بھئے سو سمست سُکھ مُول
سبئے سُلبھ جگ جیو کا بھئے ایش انُکُول

۱۔ مہاراجا دشرتھ سے مِلکر راجا جنک نے بششٹھ آدِ مُنی منڈلی کو پرنام کیا اور سب سے آشیرباد پایا۔ ۲۔ تِسکے پیچھے رُوپ شیل گُنون کے نِدھان چارون دامادون سے بڑے آدر سے مِلے۔ ۳۔ اور سُندر کمل سے سُہائے ہاتھ جوڑ کر پریم بھرے بچن شری رام چندر جی سے بولے کہ۔ ۴۔ ہے رام چندر جی مین آپ کی پرشنسا کون بھانت سے کر سکتا ہون آپکو تو نارد آدِ اور سنک آدِ مُنیشور اور دیو دیو شری مہادیو اپنے اپنے ہردے کے مان سروور مین ہنس کی طرح سدا بسائے رکھتے ہین۔ ۵۔ آپ ہی کو پانے کے لیے کرودھ اور موہ اور ممتا اور اہنکار کو چھوڑ چھوڑ کر جوگی لوگ مہا کٹھن اشٹانگ جوگ کو سادھتے ہین۔ آپ ہی بِشنو بیاپک برہم اَلکھ اَبناشی سچِد آنند نرگُن اور سب شُبھ گُنون کے ساگر ہین ۷۔ مَن سمیت ارتھات سب اِندریون سمیت جِن آپکو بانی بھی نہین جان سکتی ہی اور سب کچھ سمجھنے والے بھی جِن آپکو نہین ترک سکتے ہین ارتھات دلیل سے جھوٹھا نہین کر سکتے ہین۔ ۸۔ اور جِن آپکی مہما کو ساونگ بید بھی نیت نیتِ (نہین جانتے) کہتے ہین اور جو آپ تینون کال مین ایک ہی طرح پر رہتے ہین۔ ۱۵۵۔ دوہا۔ سو ایسے آپ سب سُکھون کے مول میرے آنکھون کے آگے ہوئے آپ ایسے سوامی کے کرپال ہونے سے سب پدارتھ جیو کو سہج ہی مین مِلجاتے ہین۔

۱ سب ہی بھانتِ موہ دینہ بڑائی ۔ نج جن جان لینہ اپنائی
۲ ہوہِن سہس دس شارد شیشا ۔ کرہِن کلپ کوٹِن بھر لیکھا
۳ مور بھاگ راؤر گن گاتھا ۔ کہہ نہ سِرائین سُنو رگھناتھا
۴ مین کچھ کہون ایک بل مورے ۔ تم ریجھو سنیہہ سُٹھ تھورے
۵ بار بار مانگون کر جورے ۔ مَن پرہرے چرن جن بھورے

۶ سُن بر بچن پریم جن پوکھے — پورن کام رام پرتوکھے
۷ کر بر نے سُسُر سنمانے — پت کو شِک بششٹھ سم جانے
۸ بنتی بہر بھرت سُن کینھی — مل سپریم پُن آشش دینھی

۱۵۶- دوہا-
ملے لکھن رپ سودنہہ دینھ اشیش مہیش
بھئے پرسپر پریم بش پھر پھر ناوین شیش

۱- مجھکو تو آپ نے سب ہی پرکار سے بڑائی دے دی اور اپنا بھلا بر اسیوک جانکر اپنا لیا- ۲- اب تو جو شش ہزار شیش اور سرسوتی بھی اکٹھے ہوکر کروڑوں کلپ تک لکھا کرین ۳- تو بھی میرے بھاگ اور آپ کے گُنون کی کتھا کو لکھکر پورا نہین کر سکتے ہین ۴- جو مین یہ کہون کہ کرم اور اپاسنا اور گیان مین سے ایک بات کا بھی مجھکو بل ہے سو تو ایک بھی نہین ہے آپ اپنی ایشپر تو جین کرپا کرکے تھوڑے ہی پریم مین ریجھ جاتے ہین- ۵- مین تو بار بار ہاتھ جوڑکر یہی مانگتا ہون کہ میرا من آپکے چرنون کو بھول کر بھی کبھی نہ چھوڑے- ۶- ایسے پریم کے سانے ہوئے بچن راجا جنک کے سُنکر پورن کام شری رامچندر جی اگھائے گئے- ۷- بنتی کرکے پرشن کیا اور بششٹھ اور بشوامتر کے سمان آدر کیا- ۸- پھر راجا جنک نے بھرت جی کی بہت بنتی کری اور ملکر اشیرباد دیا- ۱۵۶- دوہا- پھر لچھمن جی اور شترہن کو ملکر راجا نے آشیرباد دیا اور آلیسمین پریم کے بس ہوکر بار بار شیش نوانے لگے-

۱ بار بار کر بنے بڑائی — رگھُپت چلے سنگ سب بھائی
۲ جنک گہے کوشک پد جائی — چرن ریُن سِر نینن لائی
۳ سُن منیش بر درشن تورے — اگم نہ کچھ پرتیت من مورے
۴ جو سُکھ سُجس لوک پت چہہ ہیں — کرت منورتھ سکچت آہ ہیں
۵ سو سکھ سجس سُلبھ موہ سوامی — سب سدھ تو درشن انگامی
۶ کینھ بنے پُن پُن سِر نائی — پھرے مہیپت آشش پائی
۷ چلی برات نشان بجائی — مدت چھوٹ بڑ سب سمدائی
۸ رام ہ نرکھ گرام نر ناری — پائے نین پھل ہو سکھاری

۱۵۷- دوہا-
بیچ بیچ بر باس کر مگ لوگن سُکھ دیت
اودھ سمیپ پنیت دن پہونچی آئے جنیت

برات ۱۲

۱۔ بار بار راجا جنک کی بنتی اور بڑائی کر کے شری رامچندر جی بھائیون سمیت بدا ہوئے ۲۔ سب سے پیچھے اپنے پرم پرش کا روپ بشوامتر کے چرن راجا جنک نے جا چھوئے اور اُنکے چرنون کی دھول کو اپنے نیتر اور سر پر لگا کر کہا کہ ۔ ۳۔ ہے مُن ہر شریشٹھ سُنیئے آپ کے درشن سے کچھ بھی اگم نہین ہے میرے من کو تو بہت ہی نشچے ہے ۔ ۴۔ دیکھو جس سُکھ اور سجس کو اندر آدو لوکپال بھی چاہتے ہین اور جسکا منورتھ کرتے بھی اپنے کو اُسکا ادھکاری نہ سمجھکر سکچاتے ہین ۔ ۵۔ وہی سُکھ سجس مجھکو سہج ہی مین ملگیا کہ آپ کے درشن کے پیچھے ہی چلا آیا ۔ ۶۔ اس پرکار بنتی کر کے اور بار بار پرنام کر کے راجا جنک آشیرباد پا کر بشوامتر سے بھی بدا ہوئے ۔ ۷۔ اب تو بڑے گہہ گہے باجے بجا کر برات چلی چھوٹون سے لیکر بڑون تک سمُدائے (گروہ) پرسن چلے جاتے ہین ۔ ۸۔ راستے مین گاؤن کے استری پرش شری رام چندر جی کا سُندر روپ دیکھکر نیترون کا پھل پا کر سُکھی ہوتے ہین ۔ ۵۷۔ ۱۔ دوہا۔ اس پرکار بیچ بیچ مین ٹھہرتی ہوئی (یعنی مقام کرتی ہوئی) اور راستے کے نگرباسیون کو آنند دیتی ہوئی اجودھیا پُری کے پاس سُندر شُبھ دن شُبھ مہورت مین برات آپہونچی ۔

شری راماے نمہ

۱	ہنے نشان پنو بہہ باجے	بھیر سنکھ دھن ہے گج گاجے
۲	جھانجھ مردنگ ڈم ڈمی سُہائی	سرس راگ باجین سہنائی
۳	پُر جن آوت اگن براتا	مُدت سکل پلکاول گاتا
۴	رچ رچ سُندر سدن سنوارے	ہاٹ باٹ چوہٹ پر دوارے
۵	گلی سکل ارگجا سنچائین	جہان تہان چوکین چارپرائین
۶	بنا بجار نہ جاے بکھانا	تورن کیت پتاک بتانا
۷	سپھل پُنگی پھل کدلی رسالا	روپے بکل کدمب تمالا
۸	لگے سبھگ ترو پرستے دھرنی	من مے آلبال کل کرنی

۵۸ ۱۔ دوہا۔
بیدھ بھانت منگل کلس گرہ گرہ رچے سنوار
سُر برہمادِ سہائین سب رگھبر پُری نہار

۱۔ جب اجودھیا کے پاس برات آئی تب تو بہت سے نشان (نقارہ) م اور ڈھول بجنے لگے

شنکھ اور بھیریون کی دھن ہونے لگی گھوڑے ہاتھی گاجنے لگے۔ ۲۔ جھانجھ مردنگ اور سندر سہائی ڈھم ڈمی بجنے لگی اور اُنھین کی گت پر رس بھرے رسیلے راگ سے سہنائی بجتی چلی آتی ہی۔ ۳۔ اِس پرکار پُرباسی لوگ برات کو آتی جانکر سب آنندت ہوگئے اور رومین کھڑے ہوگئے۔ ۴۔ بڑی پریت سے اپنے اپنے سندر گھر بازار راستہ چوراہے نگر کے دوار (دروازے) سنوارے۔ ۵۔ سب گلیان چندن سے سنچوائین دوار دوار پر سندر چوکین پُروائین۔ ۶۔ بازار جیسا بنا ہی سو تو کہا ہی نہین جاتا ہے سمپورن تورن پتاکا کنیان سے چھا دیا ہی۔ ۷۔ پھل سمیت سپاری کیلا آم مولسری کدم تمال آدِ سبھ برچھ دوار دوار پر لگائے گئے۔ ۸۔ کیسے سندر برچھ لگے ہین جنکی ڈالیان پتے اور پھلون کے بوجھ سے پرتھوی کو چھوتی ہین اور منی جٹت جنکے تھالے بندھے ہین۔ ۱۵۸۔ دوہا۔ انیک بھانت کے منگل کلش گھر گھر سنوار کر دھرے ہین برہما آدک دیوتا بھی اُس سمے شری اجودھیا پری کو دیکھکر سہاتے ہین۔

۱ بھوپ بھون تیہہ اوسر سوہا رچنا دیکھ مدن من موہا
۲ منگل سگن منوہرتائی ردھ سدھ سکھ سمپدا سہائی
۳ جنو اُچھاہ سب سہج سہائے تن دھر دھر دشرتھ گرہ آئے
۴ دیکھن ہیت رام بیدیہی کہو لالسا ہوے نہ کیہی
۵ جوتھ جوتھ مل چلین سواسن نج چھب ندرہن مدن بلاسن
۶ سکل سمنگل سجے آرتی گاوین جنو بہو بیکھ بھارتی
۷ بھوپت بھون کلاہل ہوئی جاے نہ برن سمے سکھ سوئی
۸ کوشلیا دِ رام مہتاری پریم بیبش تن دشا بساری

۱۵۹۔ دوہا۔
دیے دان بپرن بپل پوج گنیش پرار
پرمدت پرم درِدر جنو پاسے پدارتھ چار

۱۔ اُس سمے راجا کا گھر تو کیسا سوہتا ہی کہ جسکی رچنا کو دیکھکر کامدیو کا بھی من موہ جاتا ہی ۲ و ۳۔ مانو سب شبھ سگن اور جگت بھر کی منوہرتا اور ردھ سدھ سکھ سمپدا آدِ اُتساہ ہی شریر دھارن کرکے راجا دشرتھ کے گھر آئے ہین۔ ۴۔ کیونکہ سیتا رام جی کے بیاہ کے اُتساہ کے دیکھنے کو کہو کسیکو لالسا نہوگی۔ ۵ سُواسنی استریان جھنڈ کی جھنڈ

بلکہ چلین جو اپنی چھب سے مدن بلاسنی (رت) کو بھی ترادر کرتی ہین - ٦- سب منگل آرتی ساجے ہین اور گاتی ہوئی کیسی چلی آتی ہین مانو سرسوتی ہی نے بہت سے روپ دھر لیے ہین - ٧- راجا کے گھر مین بڑا کلاہل ہو رہا ہی مہا آنند کا سمے کہا ہی نہین جاتا ہی - ٨- کوشلیا آدِ سب رامچندر جی کی ماتا تو پریم کے بس ہو کر اپنے شریرون کی دشا ہی بھول گئین - ١٥٩- دوہا- انیک پرکار کے دان براہمنون کو دیے اور گنیش اور شو جی کو پوج کر کیسی پرسن ہین جیسے پرم دردری چارون پدارتھون کو پا کر پرسن ہو جاوے -

١	پریم پرمود ببِش سب ماتا	چلین نہ چرن سِتھِل سب گاتا
٢	رام درس ہِت اتِ انراگین	پرچھن ساج سجن سب لاگین
٣	ببدھ بدھان باجنے باجے	منگل مدت سمترا ساجے
٤	ہرد دوب دوھ پلو پھولا	پان پوگی پھل منگل مولا
٥	اچھت انکر روچن لاجا	منجل منجر تلسی براجا
٦	چھبے پرٹ گھٹ سہج سہائے	مدن سگن جن نیڑ بنائے
٧	سگن سگندھ نہ جاین بکھانی	منگل سکل سجین سب رانی
٨	رچی آرتی ببدھ بدھانا	مدت کرین کل منگل گانا

١٦٠- دوہا-
کنک تھار بھر منگلن کمل کرن لیے مات
چلین مدت پرچھن کرن پلک پربلت گات

١- پریم اور آنند کے مارے سب ماتاؤن کے چرن نہین چلتے ہین سب انگ ستھل ہو گئے ہین - ٢- رامچندر جی کے درشن کے لیے اتِ ہی پریم مین مگن پرچھن کا سب ساج سب رانیان سجنے لگین - ٣- انیک بھانت کے باجنے بجنے لگے سب منگل پرسن من سے پرم پربین سمترا نے سجے - ٤ و ٥- ہلدی دوب دہی آم کے پتے پھول پان سپاری اچھت انکر رچنا ارتھات گوروچن یا ہلدی چونا ملا ہوا دھان کی کھیل مہا پوتر تلسی کی منجری (پھول) براجتی ہین - ٦- چھوے ارتھات ہلدی آدِ شگون کی چیزون سے رنگے ہوئے سونے کے گھڑے سہج سہائے ہین مانو کامدیو پکھیرو نے اپنے رہنے کے لیے گھونسلے ہی بنائے ہین - ٧- اور انیک پرکار کے سگن سگندھ منگل بست رانیان سجنے لگین - ٨- ایسی بہت طرح کی آرتی سجین اور پرسن من ہو کر منگل گانے لگین

۱۶۰- دوہا- سُندر سونے کے تھارُون مین منگل لست بھر بھر کر کمل ایسے اُجل کومل ہاتھون مین سب ماتا لیے ہوئے پرسنّ مَن پرچھن کرنے کو چلین مارے آنند کے جنکے گات پرپھلّت ہو رہے ہین۔

۱ دُھوپ دھوم نبھ مینچک بھیو ساون گھن گھمنڈ جنُ ٹھیو
۲ سُرتر سُمن مال بہہ برکھین منو بلاک اَول مَن کر کھین
۳ منجُل مَن مے بند نوارے منو پاک رپ چاپ سنوارے
۴ پرگٹین دُرین اٹن پر بھامِن چارُ چپل جنُ دمکین دامِن
۵ دُندبھ دھُن گھن گرجن گھورا جاچک چاتک دادُر مورا
۶ سُر سُگندھ سُچ برکھت باری سُکھی سکل سِسِ پُر نر ناری
۷ سمے جان گُر آیسُ دینہا پُر پرویش رگھو کُل مَن کینہا
۸ سُمِر سمبھُ گِرجا گن راجا مُدِت مہیپت سہت سماجا

۱۶۱- دوہا- ہوین سگُن برکھین سُمن سُر دُندبھی بجاے
بِبُدھ بدھو ناچین مُدِت منجُل منگل گاے

۱- دُھوپ کے بہت دھوان ہونے سے آکاش ایسا شیام رنگ ہو رہا ہے مانو ساون کے میگھ ہی گھمنڈ رہے ہین۔ ۲- آکاش سے دیو برچھون کے پھولون کی سُندر مالا برس رہی ہے سو مانو بگلون کی پانت کالی گھٹا مین شوبھا دے رہی ہے۔ ۳- اَت پوتر اُجلے پیلے لال ہرے نیلے مَن کے جو بند نوار ہین سو مانو پاک رپ ارتھات اندر نے اپنے دھنکھ اُگائے ہین۔ ۴- اٹاریون پر جو استریان برات دیکھنے کو جھانک جھانک کر چھپ جاتی ہین سو مانو چنچل بجلی چمک رہی ہے۔ ۵- دُندبھی کی جو دُھن ہے سو مانو میگھ کی گھور گرجن ہے جاچک لوگ جو جس بکھان کر رہے ہین سو مانو پپیہا اور مینڈھک اور مور بول رہے ہین۔ ۶- سُندر پوتر سُگندھ کا جو چھڑکاو ہے سو مانو جل برستا ہے جو پُر نر ناری رُوپی کھیتون کا سُکھ دینے والا ہے۔ ۷- ایسا اَت شُبھ سمے جانکر بششٹھ جی نے اگیا دی تب رگھو کُل مَن مہاراج دشرتھ نے نگر مین پرویش کیا۔ ۸- شری شِو پاربتی اور گنیش جی کو سُمِر کر سب سماج سمیت راجا مہا پرسنّ چلے آتے ہین۔ ۱۶۱- دوہا- اُس سمے سُندر سگن ہوتے ہین اور دیوتا لوگ دُندبھی بجا کر پھول برساتے ہین دیوتون کی استریان منگل گیت گا کر پرسنّ ناچتی ہین۔

۱	ماگدھ سوت بندی نٹ ناگر	گاوین جس تہون لوگ اُجاگر
۲	جے دھن بمل بید بر بانی	سُنئے دشو دش منگل سانی
۳	بپل باجنے باجن لاگے	نبھ سُر نگر لوگ انراگے
۴	بنے براتی برن نہ جاہین	مہا مُدت من سُکھ نہ سماہین
۵	پرباسن تب راو جہارے	دیکھت رامہہ بھئے سُکھارے
۶	کرہین نچھاور من گن چیرا	بار بلوچن پُلک سریرا
۷	آرت کرہین مُدت پُر ناری	ہرکھین نرکھ کنور بر چاری
۸	شبو کا سُبھگ اُگھار اُگھاری	دیکھ دُلہن ہوہین سُکھاری

۱۶۲۔ دوہا۔
یہ بدھ سب ہی دیت سُکھ آئے راج دوار
مُدت مات پرچھن کرہین بدھن سمیت کمار

۱۔ ماگدھ سوت بندی جن سُندر جس گاتے جاتے ہین۔ ۲۔ جے دھن اور سُندر بید دھن دشو دشا مین منگل بھری ہوئی سُن پڑتی ہی۔ ۳۔ انیک بھانت کے باجے بجنے لگے ایسا آنند دیکھکر آکاش مین دیوتا اور نگر مین پرباسی لوگ پریم مین مگن ہوگئے۔ ۴۔ بڑے بناو سے براتی لوگ سجے چلے آتے ہین مہا پرسنّ ہین جنکے من مین آنند سماتا ہی نہین ہی۔ ۵ و ۶۔ جب راجا نے نگر مین پرویش کیا تب تو پرباسیون نے راجا کو جہار کیا اور شری رام چندر جی کو دیکھتے ہی سب سُکھی ہوگئے پریم کے بس سبکے نیتر اور روئین ہرکھت ہوگئے اور مہا منی اور بستر نچھاور کرنے لگے۔ ۷۔ پُر کے سب نر ناری مہا سُکھی ہوکر آرتی کرتے ہین اور چارون کمارون کو دیکھکر آنندت ہوتے ہین۔ ۸۔ استریان سُندر پالکیونکو اُگھار اُگھار کر دُلہنیون کو دیکھ دیکھکر پرسنّ ہوتی ہین۔ ۱۶۲۔ دوہا۔ اس پرکار سب پرباسیون کو آنند دیتے دیتے اپنے راج دوار پر آئے تب تو مہا پرسنّ من ہوکر سب کمارون کی ماتا دُلہن دُولہا کا پرچھن کرنے لگین۔

۱	کرہین آرتی بارہ بارا	پریم پرمود کہے کو پارا
۲	بھوکھن من پٹ نانا جاتی	کرین نچھاور اگنت بھانتی
۳	بدھن سمیت دیکھ سُت چاری	پرمانند مگن مہتاری
۴	پُن پُن سیا رام چھب دیکھی	مُدت سپھل جگ جیون لیکھی

۵	سکھی سیا مکھ پُن پُن چاہی	گان کرین نج سُکرت سراہی
۶	برکھین سُمن چھنہن چھن دیوا	ناچین گاوین لاوین سیوا
۷	دیکھ منوہر چارو جوڑی	شارد اُپما سکل ڈھنڈھوری
۸	دیت نہ بنی نپٹ لگھو لاگی	اک ٹک رہی رُوپ انوراگی
۱۶۳ - دوہا -	نگم نیت کل ریت کر ارگھ پانوڑے دیت بدھن سہت مت پرچھ سب چلین لوائے نکیت	

۱- جس پریم پرمود سے ماتا بار بار آرتی کرتی ہین اُس پریم آنند کو کون کہہ سکتا ہی- ۲- اگنت بھانت کے گہنا اور مُن اور کپڑا نچھاور کرتی ہین - ۳- بدھن سمیت چارون پترون کو دیکھکر سب ماتا پرم آنند مین مگن ہو رہی ہین - ۴- بار بار شری سیتا رام کی چھبی کو دیکھکر بہت مدت ہوتی ہین اور جگت مین اپنے جینے کو سپھل مانتی ہین - ۵- سکھیان سیتا جی کے مکھ کو بار بار دیکھکر گاتی ہین اور اپنے پورب جنم کی سُکرتیون کو سراہتی ہین - ۶- چھن چھن پیچھے دیوتا لوگ پھول برساتے ہین اور آنند مگن ہو کر ناچتے گاتے اور سیوا جتاتے ہین - ۷- سُندر منوہر چارون جوڑیون کو دیکھکر سرسوتی نے سنسار بھر کی سب اُپماون کو ڈھونڈھ ڈالین - ۸- کوئی اُپما بھی دیتے نہ بنی سب کی سب بہت ہی چھوٹی لگین تب تو اک ٹک وے دیکھتے ہی رہ گئین - ۱۶۳- دوہا- بید کی ریت اور کُل کی ریت دونون کرکے ارگھ پانوڑے دیکر بہودون سمیت سب پُترونکو پرچھن کرکے مندر مین لوا لیگئین -

۱	چار سنگھاسن سہج سہائے	جن منوج نج ہاتھ بنائے
۲	تن پر کنور کنور بیٹھارے	سادر پانون پنیت پکھارے
۳	دھوپ دیپ نیبد بید بدھ	پوجے بر دلہن منگل ندھ
۴	بارہ بار آرتی کرہین +	بجن چار چامر سر ڈھرہین
۵	بست انیک نچھاور ہوہین	بھری پرمود مات سب سوہین
۶	پاوا پرم تتو جن جوگی	امرت لہیو جن سنتت روگی
۷	جنم رنک جن پارس پاوا	اندھہ لوچن لابھ سہاوا
۸	موک بدن جن شارد چھائی	مانو سمر سُور جے پائی +
۱۶۴ - دوہا -	یہ سکھ سے شت کوٹ گُن پاوین مات انند	

بھائین سہت بیاہ گھر آئے رگھو کل چند

۱۔ چار سنگھاسن سہج ہی سُندر رانو کا دیو نے اپنے ہی ہاتھون سے بنائے ہین۔ ۲۔ تنپے اوپر چارون دُلہن اور چارون دُولہا بیٹھارے اور پریت سہت اُنکے چرن دھوئے۔ ۳۔ بید کی بِدھ کے انُسار دھوپ دیپ نیبید آد سے منگل نِدھ چارون دُلہنون اور چارون دُولہون کو پوجا ہے۔ بار بار آرتی کرنے لگین اور سُندر پنکھا اور چھتر ڈھلنے لگے۔ ۵۔ اور انیک بستت نچھاور ہونے لگین اُس سمے آنند بھری ماتا کیسی شوبھتی ہین۔ ۶۔ مانو جوگی کو پرم تتو ہی مِلگیا اور سدا کے روگی نے مانو امرت ہی پایا۔ ۷۔ جنم کا دَرِدری مانو پارس پاگیا اور اندھے کو نِرمل نیترون کا لابھ ہوا۔ ۸۔ گونگے کے مُکھ مین مانو سرسوتی نے نواس کیا اور شُور بیر نے مانو سنگرام مین بِجے پائی۔ ۱۶۴۔ دوہا۔ اِن سب سُکھون سے سَو کروڑ گُنا سُکھ سب ماتاؤن کو ہوا جو بھائیون سمیت رگھو کل چندر شری رام چندر جی کو بیاہ آئے دیکھا۔

۱ دیو پِتر پوجے بِدھ نیکی پوجی سکل باسنا جی کی
۲ سب ہی بندِ مانگین بردانا بھائین سہت رام کلیانا
۳ انترہت سُر آشش دیہین مُدِت مات انچل بھر لیہین
۴ بھوپت بول براتی لینہے یان بسن مَن بھوکھن دینہے
۵ آئیس پائے راکھ اُر رامہ مُدِت گئے سب نِج نِج دھامہ
۶ پُر نر نار سکل پہرائے باجین گھر گھر آنند بدھائے
۷ جاچک جن جاچین جوئی جوئی پر مُدِت راؤ دینہہ سوئی سوئی
۸ سیوک سکل بجنیا نانا + پورن کیے دان سنمانا

۱۶۵۔ دوہا۔
دینہہ اسیس جُہار سب گاوہِن گُن گن گاتھ
تب گُر بھوسر سہت گرہ گمن کینہہ نرناتھ

۱۔ دیوتا اور پِترون کو بھلی بھانت پوجکر من کی سب کامنا پُورن ہوئی۔ ۲۔ سب کو نمسکار کرکے بھائیون سمیت شری رامچندر جی کا کلیان ہونا یہی بردان اُنسے مانگا۔ ۳۔ آکاش مین چھپے ہوئے دیوتا لوگ آشیرباد دیتے ہین اُسکو ماتا آنچل بھر بھر کر لیتی ہین۔ ۴۔ پھر تو راجا نے سب براتی بُلالیے اور اُنکو گہنا کپڑا مَن اور سواری دی۔ ۵۔ وہ سب راجا کی آگیا پاکر اور رام چندر جی کی منوہر مورت کو اپنے ہردے مین دھر کر اپنے اپنے گھرون کو گئے

۶- تسکے پیچھے نگر باسی پہر آئے گئے گھر گھر آنند بدھائے بجنے لگے- ۷- اب تو مانگنے والے جوئی جوئی بستُ مانگتے ہین سوئی سوئی بستُ راجا اُنکو دیتے ہین- ۸- سیوک اور سب طرحکے باجے والون کو دان مان سے پورے کردیے- ۱۶۵- دوہا- وہ سب جہار کرکر اشیش دیتے ہین اور گُن گاتے ہین تب گرُو اور براہمنون سمیت راجا راج مندر کو گئے +

۱ چو- بششٹھ انشاسن دینھا لوگ بید بدھ سادر کینھا
۲ بھوسر بھیر دیکھ سب رانی سادر اُٹھیں بھاگ بڑ جانی
۳ پانون پکھار سکل انھوائے پُوج بھلی بدھ بھوپ جِنوائے
۴ آدر دان پریم پرپوکھے دیت اشیش چلے من توکھے
۵ بہُ بدھ کینھ گادھ سُت پوجا ناتھ موہہ سم دھنی نہ دوجا
۶ کینھ پرشنسا بھوپت بھوری رانِن سہت لینھ پگ دھوری
۷ بھیتر بھون دینھ بر باسو مَن جُگوت رہا نرپ رنواسو
۸ پوجے گرپد کمل بہوری کینھ سنیہ بہہ پریت نہ تھوری

۱۶۶- دوہا- بدھن سمیت کمار سب رانِن سہت مہیش
پُنِ پُنِ بندت گُر چرن دیت اشیش منیش

۱- جو اگیا بششٹھ جی نے دیا سو سب لوگ اور بید کے انسار راجا نے پریت سمیت کیا ۲- گھر مین براہمنون کو آیا ہوا دیکھکر سب رانیان اپنا بڑا بھاگ جانکر اُٹھین- ۳- ان سبکے چرن دھوکر اسنان کرائے اور پوجن کرکے بھلی بدھ سے راجا نے بھوجن کرائے ۴- آدر اور دان اور پریم سے راجا نے سنتشٹ کیے سو سب سنتوکھ پاکر اشیش دیتے ہوئے چلے- ۵- پھر انیک بھانت سے بشوامتر کا پوجن کیا اور کہا کہ ہے ناتھ آپ ہی کی کرپا سے آج میرے سمان دوسرا کوئی دھنی نہین ہی- ۶- اس پرکار راجا نے پرشنسا کی اور رانیون سمیت اُنکے چرنون کی دھول اپنے سر پر رکھی- ۷- اور گھر ہی کے اندر اُنکو ٹکایا تہان راجا اور رانی اُنکے من ہی کو دیکھتے رہے- ۸- تسکے پیچھے گرو بششٹھ کا پوجن کیا اور بڑی پریت سے بنتی کی- ۱۶۶- دوہا- بدھن سمیت تو چارون پتر اور رانیون سمیت راجا بار بار گرو کے پیرون پڑتے ہین اور گرو اشیش دیتے ہین-

۱ نبے کینھ ارات اُترائے سُت سمیپ دار اکھ سب آگے

۲	نیگ مانگ مُن نایک لینھا	آشرباد بہت بِدھ دینھا
۳	اُردھر راکھہ سیا سمیتا	ہرکھ کینھ گُر گمن نکیتا
۴	بِپر بدھو کُل برِدّھ بلائین	چیر چارُ بھوکھن پہرائین
۵	بہُر بلائے سُواسِن لینھیں	رُچ بچار پہراوَن دینھیں
۶	نیگی نیگ جوگ سب لیہیں	رُچ انُروپ بھوپ مُن دیہیں
۷	پریہ پاہُنے پوجّ جے جانے	بھوپت بھلی بھانت سنمانے
۸	دیو دیکھ رگھُبیر بواہو	برکھ پرسُون پرشنش اُچھاہو

۱۶۷۔ دوہا۔
چلے نشان بجائے سب بنج بنج پرسکھ پائے
کہت پرسپر رام جس ہرکھ نہ ہردی سمائے

۱۔ اسکے پیچھے سب سمپدا اُتر دِن سمیت گروکے آگے دھر دی اور بڑے پریم سے بنتی کی ۲۔ بسشٹھ مُن نے اپنا نیگ مانگ لیا اور راجا کو آشیرباد دیا۔ ۳۔ شری رامچندر جی کی سُندر مُورت سیتا جی سمیت اپنے ہردے مین رکھکر آنند سمیت گھر کو گئے۔ ۴۔ پھر براہمن کی استریون اور کُل کی بڑی بوڑھیون کو بلایا اور سُندر کپڑے اور گہنے پہنائے۔ ۵۔ اسکے پیچھے سُواسنی استریون کو بُلایا اور انکی رُچ کے انسار پہراؤن پہرائے۔ ۶۔ نیگی لوگ نیگ جوگ مین جو کچھ مانگتے ہین شو شو پرسنّ مَن سے راجا سب کو دیتے ہین۔ ۷۔ جن پاہنون کو راجانے اپنے پوجّ جانے اُن سبکو راجانے اچھی طرح سے آدر سنمان کیا۔ ۸۔ دیوتا لوگ شری رام چندر جی کے بواہ کو دیکھکر پھولون کی برکھا اور شری رام چندر جی کے بواہ کے اُچھاہ کی پرشنسا کر۔ ۱۶۷۔ دوہا۔ باجا بجاتے ہوئے اپنے اپنے لوگ کو چلے جاتے ہین اور ایسمین شری رام چندر جی کا جس کہتے جاتے ہین آنند ہردے مین نہین سماتا ہی۔

۱	سب بِدھ سب ہی سمد نرناہو	رہا ہردے بھرپور اُچھاہو
۲	جہان رنواس تہان پگ دھارے	سہت بدھوٹن کنور نہارے
۳	لیے گود کر مود سمیتا	کو کہہ سکے بھیو سکھ جیتا
۴	بدھو سپریم گود بیٹھاری	بار بار اُرلائے دُلاری
۵	دیکھ سہات سکل رنواسو	سب کے اُر آنند کیا باسو
۶	کہیو بھوپ جم بھیو بواہو	سُن سُن ہرکھ ہوت سب کاہو

۷	جنک راج گن شیل بڑائی	پریت ریت سمپدا سہائی
۸	کہہ بدھ بھوپ بھاٹ جیم برنی	رانی سب پرمدت سن کرنی

۱۶۸- دوہا-	ستن سمیت نہائے نرپ بول بپر گر گیات بھوجن کینھ انیک بدھ گھڑی پانچ گئی رات

۱- سب پرکار سبکو سمادھان کرکے راجا کے من مین آنند بھرپور چھا رہا- ۲- اب نورنواس مین راجا گئے اور وہان بدھوٹیون سمیت چارون پتر دیکھے- ۳- جب بڑے آنند سمیت چارون پترون کو گود مین بیٹھایا اُس سمے جتنا سکھ راجا کو ہوا اُسکو کون کہہ سکتا ہی- ۴- پھر چارون پترون کو بہوؤن سمیت بڑے پریم سے گود مین بیٹھال کر بار بار ہردے سے لگا کر دُلار کیا- ۵- یہ آنند دیکھکر سب رانیان ایسی سہاتی ہین کہ مانو اُنکے ہردے مین آنند ہی نے گھر بنا لیا ہی- ۶- تب تو راجا نے جیسی کرنی کرتوت سے بواہ ہوا سو سب رانیون سے کہا رانیان سن سنکر سب آنند ہوگئین- ۷و۸- راجا جنک کے گن شیل اور پریت کی ریت اور سندر سمپدا کی بڑائی انیک بھانت سے مہاراج دشرتھ نے بھاٹ کی طرح برنن کی سو سب راجا جنک کی کرنی کو سنکر رانیان آنندت ہوگئین-

۱۶۸- دوہا- تسکے پیچھے پترون سمیت راجا نے اسنان کیا اور اپنے بڑے بوڑھون کو بلا کر انیک بھانت کا بھوجن کیا کہ اتنے مین پانچ گھڑی رات بیت گئی-

۱	منگل کان کرہن بر بھامن	بھئی سکھ مول منوہر جامن
۲	اچے پان سب کاہن پائے	سرگ سگندھ بھوکھن چھب چھائے
۳	رامہہ دیکھ رجائس پائی	نج نج بھون چلے سر نائی
۴	پریم پرمود بنود بڑائی	سمے سماج منوہرتائی
۵	کہہ نہ سکین ست سارد سیسو	بید برنچ مہیش گنیسو
۶	سو مین کہون کون بدھ برنی	بھوم ناگ سر دھرین کہ دھرنی
۷	نرپ سب بھانت سبہہ سنمانی	کہہ مرد بچن بلائین رانی
۸	بدھو لرکنی پر گھر آئین	راکھیو نین پلک کی ناہین

۱۶۹- دوہا-	لرکا سرمت انیند بس سین کراوو جائے اس کہہ گے بشرام گرہ رام چرن چت لائے

۱- بھوجن کرتے سمے سُندر استریاں منگل گاتی ہین اُس سے منوہر رات سُکھ کی مُول ہو رہی ہے- ۲- پھر آچمن کرکے سب نے پان پائے مالا سُگندھ آبھوکھن کی چھب سے چھا گئے - ۳- شری رامچندر جی کے منوہر رُوپ کو دیکھکر اور راجا کی آگیا پاکر سب اپنے اپنے گھر کو گئے - ۴ و ۵- شری رام چندر جی کے بواہ کے پریم آنند بڑائی اور سبھے سماج کی منوہرتا کو توانت شاردا شیش بید برہما مہادیو گنیش بھی نہین کہہ سکتے ہین - ۶- تسکو بھلا مین کیسے کہہ سکتا ہون بھوم ناگ ارتھات پرتھوی کے اوپر والے سانپ بھی کہین پرتھوی کو اُٹھا سکتے ہین - ۷- راجا نے سب بھانت سب کا آدر سنمان کرکے کوٗمل بچنون سے رانیون کو بلا کر کہا کہ - ۸- دیکھو یہ بدھو (بہو) ابھی لڑکنی ہین پہلے پہل اپنے گھر سے ماتا پتا کو چھوڑ کر پرائے گھر آئی ہین انکو ایسے رکھو کہ جیسے پلکین آنکھون کو رکھتی ہین - ۱۶۹- لڑکے بھی تھکے ہوئے اونگھتے ہین انکو بھی سُلا دو ایسے کہکر اور شری رام چندر جی کے چرنون مین چت لگا کر آپ بھی بشرام دھام (خواب گاہ) آرام گاہ کو گئے -

۱	بھوپ بچن سُن سہج سُہائے	جڑت کنک مَن پلنگ ڈسائے
۲	سُبھگ سُر بھی پے بھین سمانا	کوٗمل کلت سُپیتی نانا +
۳	اُپَرہن بر برن نہ جاہین	سیرک سُگندھ مَن مَندر ماہین
۴	رتن دیپ سُٹھ چار چندوا	کہت نہ بنے جان جن جووا
۵	سیج رُچر رچ رام اُٹھائے	پریم سمیت پلنگ پوڑھائے
۶	اگیا پُن پُن بھائن دینھی	نج نج سیج سئین تن کینھی
۷	دیکھ شیام مرد منجل گاتا	کہین سپریم بچن سب ماتا
۸	مارگ جات بھیاون بھاری	کیہہ بدھ تات تاڑکا ماری

۱۷۰- دوہا-

گھور نشاچر بکٹ بھٹ سمر گنہین نہین کاؤ +
مارے سہت سہاے کم کھل ماریچ سُباہو

۱- ایسے سہج سہائے راجا کے بچن سُنکر رانیون نے سونے کے پلنگ جواہرات سے جڑے ہوئے سُندر بچھائے - ۲- تن پر سُندر دودھ کے پھینا کے سمان اَت کوٗمل سُپیتی (چاندنی اُجل توشکین بچھائین - ۳- تن پر سُندر تکیے تو کہے ہی نہین جاتے ہین اور مَن سُندر مین پھول مالا کی سُگندھ ہو رہی ہے - ۴- رتنون کے دیپکون کا جہان پرکاش ہو رہا ہے

اتِ سُندر چھند واتنے ہین جسنے دیکھا ہو وہی اُس شوبھا کو جانتا ہو کہا نہین جاتا ہو۔ ۵۔ اتِ رُچِر سیج رچ کر رام چندر جی کو اُٹھا کر بڑے پریم سمیت پلنگ پر پوڑھایا۔ ۶۔ جب شری رام چندر جی نے بھائیون کو بار بار اگیا دی تب وہ بھی اپنی سیج پر جا کر سُوئے۔ ۷۔ اتِ سُکمار رام چندر جی کا سُندر شیام کومل انگ دیکھکر بڑے پریم سے ماتا پوچھتی ہین کہ۔ ۸۔ ہے تات مارگ مین جاتے ہوئے بڑی بھاری بھیانک تاڑکا راچھسی تمنے کیسے مار لی۔ ۱۷۰۔ دوہا۔ مہا گھور راچھس بڑے ٹیڑھے جودھا جو جدھ مین کسی کو گنتے ہی نہ تھے ایسے مہاکھل مہا دُشٹ ماریچ اور سُباہو کو تمنے اُنکے سہلے (فوج وغیرہ) سمیت کیسے مار لیے یہ مجھکو بڑا آشچرج ہو۔

۱	مُنِ پرساد بل تات تمھاری	اِیش انیک کروَرین ٹاری
۲	مکھ رکھواری کر دوؤ بھائی	گرو پرساد سب بدیا پائی
۳	مُن تیہ ترِی لگت پگ دھوری	کیرت رہی بھُون بھر پوری
۴	کمٹھ پیٹھ پب کوٹ کٹھورا	نرپ سماج مان شِو دھنُ توڑا
۵	بِشو بجے جس جانکی پائی	آئے بھَوَن بیاہ سب بھائی
۶	سکل امانکھ کرم تمھارے	کیول کوشک کرپا سُدھارے
۷	آج سپھل جگ جنم ہمارا	دیکھ تات بِدھ بدن تمھارا
۸	جے دِن گئے تمھین بن دیکھے	تے برنچ جن پارین لیکھے

۱۷۱۔ دوہا۔

رام پرتوکھی مات سب کہہ بِنیت بر بین
سُمر سنبھُ گرو بپر پد کیے نیند بس نین

۱۔ مُن بشوامتر کے پرساد سے ہے تات مین بل جاؤن ایشور نے تمھاری انیک کرورین (ارتھات بہت سی آفتین) ٹال دین۔ ۲۔ پھر گرو کی کرپا سے بلا اتِ بلا آد سب بدیا پا کر دونون بھائیون نے جگ کی رچھا کی۔ ۳۔ گوتم مُن کی استری اہلیا تمھارے چرنون کی دھول لگتے ہی ترگئی یہ پوتر جس تمھارا تینون لوک مین چھا گیا۔ ۴۔ پرتھوی کو اُٹھانے والے کچھوے کی پیٹھ اور بجر کے پربت کے سمان مہا کٹھور دھنکھ شو جی کا تمنے راج سماج مین توڑ ڈالا۔ ۵۔ جسکے توڑنے سے سنسار کو جیت کر جانکی پائی اور بڑے اُچھاہ سمیت چارون بھائی بیاہ آئے۔ ۶۔ یے سب امانکھ کرم (طاقت انسانی سے

باہر فعل تمھارے کیول بشوامتر کی کرپا نے سدھار دیے۔ ۷۔ ہمارا جنم تو سنسار مین آج سپھل ہوا ہی ہے تات تمھارا چندر ماسا مکھ دیکھکر۔ ۸۔ جب جتنے دن ہمکو تمھارے درشن بنا بیتے ہین انکو بدھاتا ہماری عمر کے حساب مین نہ گنے۔ ۱۷۱۔ دوہا۔ ایسے سندر پریم کے بھرے ہوئے بچن ماتاؤن کے سنکر شری رام چندر جی نے اَت کومل سندر بچن کہکر انکو پرسن کیا اور شیو گرو براہمنون کے چرنون کا دھیان کرکے سو رہے۔

۱	نیندہُ بدن سوہ سُٹھ لونا		منو سانجھ سرسیرُہ سونا	
۲	گھر گھر کرہین جاگرن ناری		دیہین پرسپر منگل گاری	
۳	پُری برا جت راجت رجنی		رانی کہین بلوکو سجنی +	
۴	سندر بدھن ساس لی سوئین		پھنکین جنُ سر من ارگوئین	
۵	پرات پنیت کال پربھُ جاگے		ارُن چوڑ بر بولن لاگے	
۶	بندی ماگدھ گن گن گائے		پُرجن دوار جہارن آئے	
۷	بند بپر سر گرپت ماتا		پائے اشیش مدت سب بھراتا	
۸	جننین سندر بدن نہارے		بھوجیت سہت دوار یک دھارے	

۱۷۲۔ دوہا۔	کینہہ شوچ سب سہجک شچ سرت پنیت نہائے پرات کریا کر تات پہان آئے چارون بھائے	

۱۔ نیند مین بھی شری رام چندر جی کا سندر سلونا مکھ کیسا شوبھتا ہے مانو سندھیا کال مین لال کمل ہی شوبھتا ہے۔ ۲۔ اب تو اجودھیا پُری مین استریان گھر گھر جاگرن کرتی ہین اور آپسمین منگل گاری دیتی ہین اس سے سب اجودھیا پُری اور سندر رات دونون مہا شوبھا دے رہی ہین سو دیکھکر رانی کہتی ہین کہ ہے سکھیو دیکھو تو کیسی سہاونی رات ہے ۴۔ سندر بہوؤن کو لیکر کیسی سوئی ہین مانو ناگنیون نے سر کی مَن پردے مین چھپا لی ہے ۵۔ پوتر پراتہ کال مین جب مرغا بولنے لگے تب شری رام چندر جی مہاراج جاگے۔ ۶۔ اُس سمے بندی ماگدھ لوگ گانے لگے اور نگر کے لوگ جہار کرنے کو آئے۔ ۷۔ اُس سمے چارون بھائی براہمن دیوتا گرو پتا ماتا کو ڈنڈوت پرنام کرکے اور اشیش پاکر پرسن ہو گئے۔ ۸۔ ماتاؤن نے انکے سندر مکھ دیکھے راجا سمیت دروازے پرآئے ۱۷۲۔ دوہا۔ سب پوتر کریا کرکے پرم پاون سرجو مین اسنان کیے اور پراتہ کال کی کریا کرکے

چارون بھائی (رام لچھمن بھرت شترگھن) پتا (دشرتھ) کے پاس آ گئے۔

۱	بھوپ بلوک لیے ارلائی		بیٹھے ہرکھ رجائس پائی	
۲	دیکھ رام چھبب سبھا جڑائی		لوچن لابھ اودھ انمائی	
۳	پُن بششٹھ مُن کوشک آئے		سُبھگ آسنن مُن بیٹھائے	
۴	ستن سمیت پوج پد لاگے		نرکھ رام دوؤ گر انراگے	
۵	کہین بششٹھ دھرم اتہاسا		سنین مہیپ سہت رنواسا	
۶	مُن من اگم گادھ ست کرنی		مُدت بششٹھ بپل بدھ برنی	
۷	بولے بامدیو سب سانچی		کیرت کابت لوک تہون مانچی	
۸	سُن آنند بھیو سب کاہو		رام لکھن ار ادھک اچھاہو	

۱۷۳- دوہا-	منگل مود اُچھاہ نت جاہن دوس یہ بھانت اُمنگ اودھ آنند بھر ادھک ادھک ادھکات	

۱- راجا نے دیکھکر ہردے سے لگا لیے اور پتا کی آگیا پا کر راج سبھا مین بیٹھے۔ ۲- شری رامچندر جی کی چھب کو دیکھکر سب سبھا شیتل ہردے ہو گئی اور شری رام چندر ہی کے درشن کو نیترون کے لابھ کی اودھ جانی۔ ۳- پھر بششٹھ اور بشوامتر منی آئے راجا نے دونون کو اُتم آسن پر بیٹھائے۔ ۴- پتردن سمیت انکا پوجن اور ڈنڈوت پرنام کیا شری رام چندر جی کو دیکھکر دونون گرو پریم سے پرپورن ہو گئے۔ ۵- بششٹھ مُن بید پران اور دھرم کی کتھا بانچتے ہین راجا رانیون سہت سُنتے ہین۔ ۶- منیشورون کے من کو بھی اگم بشوامتر کی کرنی پرشن ہین سے بششٹھ جی نے انیک بھانت سے برنن کی۔ ۷- بامدیو نے کہا کہ سب سچ ہی انکی اُجل کیرت تینون لوک مین پرگٹ ہی۔ ۸- یہ سنکر آنند تو سب ہی کو ہوا پرنت شری رامچندر جی اور شری لچھمن جی کو تو بڑا ہی اُچھاہ ہوا۔ ۱۷۳- دوہا- اسی پرکار منگل آنند اچھاہ سہت دن رات سکھ نت بیتتا ہی (گذرتا ہی) سب اجودھیا آنند سے اُمنگ اُمنگ کر بہت بہت بڑھتی ہی جاتی ہی۔

۱	بشوامتر چلن نت چہہ ہین		رام سپریم بنے بس رہ ہین	
۲	دن دن شت گن بھوپت بھاؤ		دیکھ سراہ مدت من راؤ	
۳	مانگت بدا راو انراگے		ستن سمیت ٹھاڑھ بھے آگے	

۴ ناتھ سکل سمپدا تمھاری   میں سیوک سمیت ست ناری
۵ کرو سدا لرکن پر چھوہو   درشن دیت رہیو نت ہوہو
۶ اس کہہ راؤ سہت ست رانی   پرے چرن مکھ آو نہ بانی
۷ دینھ اشیش بہت بہو بھانتی   چلے نہ پریت ریت کہہ جاتی
۸ رام سپریم سنگ سب بھائی   آیس پائے پھرے پہونچائی

۱۷۴- دوہا- رام روپ بھوپت بھگت بیاہ اچھاہ انند
جات سراہت من ہی من مدت گادھ کل چند

۱- بشوامتر روز روز چلا چاہتے ہیں پرنت شری رام چندر جی کی پریم سہت بنتی کو سن کر رہ جاتے ہیں۔ ۲- دن دن پیچھے راجا کا پریم سو گنا بڑھتا جاتا ہے شو دیکھکر مہامن راج بشوامتر من ہی من سراہتے ہیں۔ ۳- ندان جب بداہی مانگی تب تو راجا پریم کے مارے بیاکل ہو گئے پتروں سمیت کھڑے ہو کر بولے کہ۔ ۴- ہے ناتھ یہ سب سمپدا آپ ہی کی ہے میں تو پتر اور استری سمیت آپکا سیوک ہی ہوں۔ ۵- سدا ان بالکوں پر پریم ہی کرتے رہنا اور مجھکو بھی سدا درشن دیتے رہنا۔ ۶- ایسے کہکر راجا چاروں پتر اور رانیوں سمیت مُن کے چرنوں پر گر پڑے اور مکھ سے کچھ بھی بچن نہ آیا۔ ۷- بشوامتر راجا کو بہت بھانت سے اشیرباد دے کر بدا ہوئے سو پریت کی ریت تو کہی ہی نہیں جاتی ہے۔ ۵- شری رام چندر جی بھائیوں سمیت بہت دور تک پہونچا کر آگیا پا کر پھر آئے۔ ۱۷۴- دوہا- راستہ میں بشوامتر شری رامچندر جی کا منوہر روپ اور راجا دسرتھ کی بھگت اور بیاہ کا اچھاہ اور آنند سب کو من ہی من میں سراہتے ہوئے پرم پرسن چلے جاتے ہیں۔

۱ بامدیو رگھوکل گر گیانی   بہر گادھ ست کتھا بکھانی
۲ سن من سجس من ہی من راؤ   برنت آپن پن پربھاؤ
۳ بہرے لوگ رجائس بھیو   ستن سمیت نرپت گرہ گیو
۴ جہان تہان رام بیاہ جس گاوا   سجس پنیت لوک تہون چھاوا
۵ آئے بیاہ رام گرہ جب تے   بسے آنند اودھ سب تب تے
۶ پربھو بواہ جس بھیو اچھاہو   سکے نہ برن گرا اہناہو
۷ کب کل جیون پاون جانی   رام سیا جس منگل کھانی

٨ تاتے مین کچھ کہا بکھانی   کرن پُنیت ہیت نِج بانی

٧۔ چھند۔
نج گرا پاون کرن کارن رام جس تلسی کہا
رگھبیر چرت اپار بارِدھ پار کب کونے لہا
اُپبیت بیاہ اُچھاہ منگل سنین سادر گاوہین
بیدیہہ رام پرساد تے جن سربدا سکھ پاوہین

١٧٥۔ سورٹھ
سیہ رگھبیر بواہ جے سپریم گاوین سنین
تنکا سدا اُچھاہ منگلائے تن رام جس

١۔ بامدیو اور وششٹھ منی راج سبھا مین بیٹھکر پھر بشوامتر کی کتھا کہی۔ ٢۔ اُسکے سجس کی مہما کو سن سنکر راجا دشرتھ من ہی من مین اپنے پُن کے پربھاؤ کو برنن کرتے ہین۔ ٣۔ پھر تو راجا کی آگیا ہوئی تب سب لوگ اپنے گھرون کو گئے اور چارون پتر [illegible] راجا بھی راج مندر کو گئے۔ ٤۔ اِس پرکار شری رام چندر جی کے بواہ کا جس جہان تہان گایا گیا اور یہ پرم پوتر جس تینون لوک مین چھا گیا۔ ٥۔ جب سے شری رام چندر بیاہ کر گھر آئے تب سے سب آنند شری اجودھیا مین آبسے۔ ٦۔ شری رام چندر جی کے بواہ مین جیسا کچھ آنند اُچھاہ ہوا ہے تیسا تو سوتیگ سرسوتی اور شیش جی بھی نہین کہہ سکتے ہین تو پھر میری کیا سامرتھ ہے جو کہہ سکون۔ ٧۔ کب (شاعر ١٢) کل کے جیون کا پوتر کرنے والا سب منگلون کی کھان شری سیتارام کے سجس کو جانکر۔ ٨۔ مین نے بھی اپنی بانی پوتر کرنے کے نمت اپنی مت کے انسار کچھ بکھان کر کہا ہے۔ ٧۔ چھند۔ اپنی بانی کے پوتر کرنے کے لیے یہ رام جس تلسی داس جی نے کہا ہے اور رام چرتر تو اپار سمندر ہے اُسکا پار بھلا کون سے کب (شاعر) نے پایا ہے جنیو تک جنم کے اُپاہ (بڑے جشن ١٢) اُلیاہ کو اور بواہ (شادی ١٢) کے منگل اُچھاہ کو جو پریت سمیت گاتے یا سنتے ہین سو منکھ شری سیتارام کی کرپا سے سدا سکھ پاتے ہین۔ ١٧٥۔ سورٹھ شری سیتارام کے بواہ کو جو منکھ پریم سہت گاتے یا سنتے ہین اُنکو تو سدا اُچھاہ منگل ہی رہتا ہے کیونکہ رام جس تو منگل کا گھر ہی ہے جیسا کہ اِس اشلوک سے ثابت ہوتا ہے۔

اشلوک
منگلنگ بھگوان وشنہ منگلنگ گرڑ دھوجہ
منگلنگ پنڈری کاکش منگلائے تنو ہو

श्लोक

मंगलंभगवान्विष्णुर्मंगलंगरुडध्वजः ।
मंगलंपुण्डरीकाक्षोमंगलायतनोहरिः ॥

اشلوک کے ارتھ

منگل رُوپ بشن بھگوان ہی ہیں منگل رُوپ گرُڑ دھو جا والے بشن ہی ہیں۔ منگل رُوپ کمل نین بشن ہی ہیں منگل (انند) کے گھر بشن بھگوان ہی ہیں

شری گسائیں تُلسی داس کرت رامائن

بال کانڈ ٹیکا سُکھدیو لال کرت سماپت ہوا

شری گنیشائے نمہ

تلسی داس کرت رامائن

اجودھیا کانڈ سٹیک

श्लो· कौशल्योदधिसम्भवंदशरथप्राणप्रियंजीवनं सीतानेत्रचकोर मोहनकरंभ्रातृप्रमोदप्रदम् ॥ भक्तानांहृदपंजरेससुदितंशालिप्रजापोषकं भक्तानंदसुधाकरंसुविमलंश्रीरामचन्द्रंभजे ॥

دوہا۔ پرپھلت بھئیو نہ راج رب بن سُشش تے نہ ملان۔ مکھ سروج شری رام کر منگل مود ندھان

یہ اجودھیا کانڈ رام چرتر مانس کا دوسرا سوپان (زینہ۔ سیڑھی) ہے۔ اسکو گشائین تلسیداس جی نے بڑے کرم (سلسلہ) کے ساتھ رچا ہے کہ آٹھ آٹھ چوپائیونکی ایک ایک چوپائی کسی اور پچیس پچیس چوپائیون کے پیچھے ایک ایک ہرگیت چھند کہا ہی چھند چھند مین اپنا نام رکھا ہی چوپائی چوپائی کے پیچھے ایک ایک دوہا ہر چھند چھند کے پیچھے پیچھے ایک ایک سورٹھا ہے سب کانڈ مین تیرہ تیرہ چوپائیون کی پچیسی ہین اسکارن اسمین ۳۲۵ چوپائی اور ۳۱۳ دوہے اور ۱۳ چھند اور ۱۳ سورٹھ ہین اور اس کانڈ کی ات منوہر للت کاب نورس ویک النکار ادسہت بڑے بستار سے دکھائی ہے ایسے کرم سے اور کوئی کانڈ نہین ہے ہان بال کانڈ مین کیول سیتا سوئمبر ہی ہے۔ اس کانڈ مین اتنی کتھا کہی ہین۔ چوپائی۔ پرتھم رام ابھیشیک پرسنگا۔ پن نرپ بچن راج رس بھنگا۔ پُرباسن کر برہ بکھادا۔ پھر رام لچھمن سمبادا۔ بپن گون کیوٹ انراگا۔ سرسر اتر نواس۔ بالمیک پربھو ملن بکھانا۔ چترکوٹ جم بس بھگوانا۔ سچو آگمن نگر نرپ مرنا۔ بھرت آگمن پریم بہہ برنا۔ کرنرپ کریا سنگ پُرباسی۔ بھرت گئے جہان پربھ سکھ راسی۔ پن رگھپت بہہ بدھ سمجھائے۔ لے پادکا اودھ پُر آئے۔ انت مین بھرت جی کا نندی گرام مین نواس اور بھرت جی کی رہن ہے۔ اس کانڈ کی کٹھن کا بتہ ہونے سے کوئی چھپیک بھی نہین ملا سکا ہے۔

اشلوک

۱۔ باما نکیچ بھات بھودھر ستا دیوا پگا مستکے۔ بھالے بال بدھر گلے چ گرلنگ
جسیورسی بیالراٹ۔ سوینگ بھوت بھوکھنہ سربرہ سربادھپہ سربدا۔ شربہ
سرب گتہ شیوہ ششی نبھہ شری شنکرہ پاتُ مانگ۔

۲۔ پرسنّ تانگ یونہ گتو بھشیک تستھا نہ ملو بن باسہ دکھتہ۔ مکھامبجنگ
شری رگھو نندنسیہ مے سدا استُ تن منجل منگل پردنگ۔

۳۔ نیلامبج شیامل کوملانگم سیتا سمارو پت بام بھاگنگ۔ پانو مہا شایک
چارچاپنگ نمامِ رامنگ۔ رگھو بنش ناتھنگ۔

श्लो० वामांकेचविभातिभूधरसुतादेवापगामस्तके भालेबालविधु
र्गलेचगरलंयस्योरसिव्यालराट् ॥ सोयंभूतिविभूषणः सुरवरःसर्वा
धिपः सर्व्वदा शर्व्वःसर्व्वगतःशिवःशशिनिभः श्रीशंकरः पातु-
माम्॥ १ ॥

प्रसन्नतांयानगताभिषेकतस्तथानमम्लौवनवासदुःखतः ॥ मु
खाम्बुज श्रीरघुनन्दनस्यमे सदास्तु सामञ्जुल मंगलप्रदाः ॥
॥ २ ॥

नीलांबुजश्यामलकोमलांगंसीतासमारोपितवामभागम् ॥ पा-
णौमहाशायकचारुचापं नमामिरामंरघुवंशनाथम्॥ ३ ॥

۱۔ اجودھیا کانڈ کے ارنبھ مین گسائین تلسیداس جی اس گرنتھ کے مکھ آچارج شری شبوجی کو پرنام کرتے ہین جن شری شبو جی کے بائین طرف تو بھودھر ستا ارتھات پاربتی جی براجتی ہین اور سر پر گنگاجی شوبھتی ہین ماتھے پر بال چندرما ہے گلے مین ہلاہل بکھ ہے اور ہردے ناگ راج براجتے ہین ایسے بھبھوت بھوکھن دیوتون مین شریشٹھ سبکے سوامی سدا سرب روپ سرب گت کلیان مورت چندر برن شری شنکر جی میری رچھیا کرو۔

۲۔ اب اپنے اشٹ دیو شری رامچندر جی کو پرنام کرتے ہین۔ جن شری رامچندر کا مکھ کمل نہ تو راج تلک ہونے سے کچھ پرسنّ ہوا نہ بن باس کے دکھ سے میلا ہوا انہین رگھونندن کا مکھ کمل مجکو سدا پوتر منگل کا دینے والا ہے۔

۳- نیل کمل کے سمان جنکا شیامل کومل انگ اور بائین طرف جگت ماتا شری جانکی جی براجتی ہین ہاتھون مین مہاربھات کسی سے نہ ٹوٹنے والا دھنکھ بان سوبھتا ہو ایسے رگھو بنش کے ناتھ شری رام چندر جی مہاراج کو مین ڈنڈوت پرنام کرتا ہون۔

دوہا

شری گر چرن سروج رج نج من مکر سدھار
برنون رگھوبر بمل جش جو دایک پھل چار

۱ جب تے رام بیاہ گھر آئے نت نو منگل مود بدھائے
۲ بھون چاردش بھودھر بھاری سکرت میگھ برکھین سکھ باری
۳ ردھ سدھ سمپت ندی سہائی امنگ اودھ امبدھ کا آئی
۴ من گن پر نر نار سجاتی شچ امول سندر سب بھانتی
۵ کہہ نجاے کچھ نگر بھوتی جن اتنی برنچ کرتوتی
۶ سب بدھ سب پرلوگ سکھاری رام چند مکھ چند نہاری
۷ مدت مات سب سکھین سہیلین پھلت بلوک منورتھ بیلین
۸ رام روپ گن شیل سبھاو پرمدت ہوہہ دیکھ سن راو

۱- دوہا-

سبکے ار ابھلاکھ اس کہین منائے مہیش
آپ اچھت جوراج پد رامہہ دیہہ نریش

دوہا- اپنے شری گرو دیو کے چرن کمل کی دھول سے اپنے من روپی درپن کو نرمل کر کے شری رگھوبیر رام چندر جی کا بمل جس برنن کرتا ہون جو لوک اور پرلوک مین ارتھ دھرم کام موکش چارون پھلون کا دینے والا ہے۔ ۱- چوپائی- جب سے شری رام چندر جی بھائیون سمیت بیاہ کر کے گھر آئے ہین تب سے اجودھیا پری مین نت نئے منگل نت نئے آنند بدھائے گھر گھر ہوتے ہین۔

۲- چودہو لوک روپی پربتون مین جیوون کے پن روپی میگھ آنند ہی کے جل برس رہے ہین۔

۳- اس سے سب ردھ سدھ سمپت کی سندر ندی اُن پربتونسے اُمنگ اُمنگ کر اجودھیا روپی سمدر ہی کو آگئی ہین۔ ۴- جس سمدر مین نر اور ناری طرح طرح کے من گن بھرے ہین جو اتی پوتر امول سب بھانت سے سندر ہین۔ ۵- نگر کی سمپدا

تو کچھ کہی نہین جاتی ہے مانو برہما جی کی کرتوت اتنی ہی ہے۔ ۶۔ سب بھانت سے پُرکے سب لوگ سکھی رہتے ہین رامچندر کے مکھ چندرما کو سدا دیکھتے رہتے ہین۔ ۷۔ کوشلیا آدماتا سکھی سہیلیون سمیت اپنے منورتھون کی بیلون کو پھلی پھولی دیکھکر سدا پرسن رہتی ہین ۸۔ شری رامچندر کے گن روپ شیل سبھاو کو سبکے مکھ سے سنکر اور اپنے نیترون سے دیکھکر راجا دشرتھ بھی بہت پرسن رہتے ہین۔ ۱۔ دوہا۔ اسی آنند مین بارہ برس بیتے تب تو سبکے من مین یہ ابھلاکھ ہوئی اور مہادیو جی کو منا کر مانگنے لگے کہ راجا دشرتھ اپنے جیتے جی جوراج پد (ولیعہد کا درجہ) رام چندر کو دین۔

۱ ایک سمے سب سہت سماجا راج سبھا رگھو راج براجا
۲ سکل سکرت مورت نرناہو رام سجش سن ات ہی اچھاہو
۳ نرپ سب رہین کرپا ابھلاکھی لوکپ رہین پریت رکھ راکھی
۴ تربھون تین کال جگ ماہین بھور بھاگ دشرتھ سم ناہین
۵ منگل مول رام ست جاسو جو کچھ کہیے تھور سب تاسو
۶ راو سبھاو مکر کر لینھا بدن بلوک مکٹ سم کینھا
۷ شرون سمیپ بھیے ست کیشا منو جرٹھ پن اس اپدیشا
۸ نرپ جوراج رام کا دیہو جیون جنم لاہ جگ لیہو

۲۔ دوہا

یہ بچار ار آن نرپ سدن سواوسر پاے
پریم پلک تن مدت من گرہ سنایو جاے

۱۔ ایک سمے اپنے منتریون اور سیناپتون سمیت اپنی راج سبھا مین رگھوراج شری مہاراج دشرتھ راج براج رہے ہین۔ ۲۔ مہاراج دشرتھ تو مانو سب سکرتیون کی مورت ہی ہین اور تسپر شری رام چندر جی کا سجس سبکے منہ سے سن سنکر بڑا ہی آنند من مین بھر رہا ہے۔

۳۔ ساتون دیپ نو کھنڈ کے راجا جنکی کرپا کی ابھلاکھا ہی رکھتے ہین اور اندر برن کبیر جمراج آدلوکپال جنکا رکھ (رُخ) رکھکر سدا انکی پریت ہی کرتے ہین۔ ۴۔ تربھون ارتھات سورگ پرتھوی پاتال تک تینون کال مین مہاراج دشرتھ کے سمان بڑبھاگی نہ کوئی کہین کبھی ہوا ہے نہ ہوگا۔ ۵۔ کیونکہ سب منگلون کی مورت سو نیک ہر

رام رُوپ جنکے پُتر نے بیٹھے ہین اُنکو تو جو کچھ کہیے سو تھوڑا ہے ۔ ۶ ۔ سبھا مین مہاراج دشرتھ نے سہج سُبھاؤ ہی درپن ہاتھ مین لیلیا مکھ دیکھکر مُکٹ سمھارا ۔ ۷ ۔ مُکٹ سنبھالتے ہی کانون کے پاس سفید بال دیکھے مانو بڑھاپا راجا کے کانون مین یہ بات کہتا ہے کہ ۔ ۸ ۔ ہے راجا اب جُوراج پدوی (ولیعہدی) شری رامچندر کو دیجے اور جگ مین جیون جنم کا پھل لیجے ارتھات اپنے کو بُڈھا ہوا جانکر یہ بچار راجا نے آپ ہی کیا ۔ ۲ ۔ دوہا ۔ ایسا بچار کر من ہی مین رہنے دیا جب سُندر دن اور سُندر اوسر پایا تب پریم اور آنند سمیت اپنے گرو وششٹ مُنی کو جا سُنایا ۔

۱	کہیو بھوآل سُنیے مُنی نایک	بھیے رام سب بدھ سب لایک
۲	سیوک سچو سکل پُر باسی	جے ہمار ارِ مِتر اُداسی
۳	سب ہی رام پریہ جیہہ بدھ موہین	پربھو اشیش جنو تن دھر سوہین
۴	بپر سہت پروار گسائین	کرہین چھوہ رورہ کی نائین
۵	جے گُرچرن رینُو شر دھرہین	تے نر سکل بھجوبش کرہین
۶	موہہ سمان بھیو نہین دوجا	سب پایون پد پادن پوجا
۷	اب ابھلاکھ ایک من مورے	پوجہہ ناتھہ انگرہ تورے
۸	مُنی پرسن لکھ سہج سنیہو	کہیو نریش رجایش دینہو

۳ ۔ دوہا ۔	راجن راؤر نام جس سب ابھمت داتار پھل انُگامی مہیپ منی من ابھلاکھ تُمھار

۱ ۔ دشرتھ مہاراج نے کہا کہ ہے منی نایک مہاراج اب تو رام چندر جی سب بھانت سے سب لایک ہوئے ۔ ۲ و ۳ ۔ جتنے ہمارے سیوک اور منتری اور پُرباسی ہین اور جو ہمارے شتر متر اور اُداسین ہین اُن سبکو رام چندر جی ایسے پیارے ہین کہ جیسے مجکو پیارے ہین مانو آپکا آشیرباد ہی شریر دھارن کیے سُوہتا ہے ۔ ۴ ۔ اور سب اجودھیا کے برہمن لوگ پروار سہت رامچندر جی پر ایسا پریم کرتے ہین جیسا آپ کرتے ہین ۔ ۵ ۔ سچ ہے جو کوئی گُردیو کے چرنون کی دھول کو اپنے سر پر رکھتا ہے وہ سمپت کو اپنے بس مین کرلیتا ہے ۔ ۶ ۔ مین جانتا ہون کہ میرے سمان کوئی دوسرا نہین ہے کیونکہ مین نے کیول آپ ہی کے پوتر چرنون کی پوجا سے جنم لینے کے سب پھل پائے ہین

۷- اب ایک ابھلاکھا میرے من مین اور ہے سو بھی آپ کی کرپا سے پوری ہوگی- ۸- پھر تو گرو دیو بششٹ منی کو پرسن دیکھکر اور اپنے اوپر اُنکا سہج سنیہہ جانکر راجا نے کہا کہ ہے مہاراج آپ اس میری ابھلاکھا کے پورن ہونے کی آگیا دیجیے- ۳- دوہا- ایسے پریم بھرے بچن راجا کے سنکر بششٹ منی نے کہا کہ ہے راجا جیسا آپکا نام سب منوکامنا کا دینے والا ہے تیسا ہی پھل دینے والا تمھارے من کا ابھلاکھ ہے-

۱ سب بدھ گرُ پرسن من جانی بولے راو بہنس مردُ بانی
۲ ناتھ رام کریے جوبراجو کہیے کرپا کر کریے سماجو
۳ مونہہ اچھت یہ ہوے اچھاہو لیئن لوگ سب لوچن لاہو
۴ پربھ پرساد شیو سبے نباہین یہ لالسا ایک من ماہین
۵ پن نہ سوچ تن رہے کہ جاؤ جیہہ نہوے پاچھے پچھتاؤ
۶ سن منی دشرتھ بچن سہائے منگل مود مول من بھائے
۷ سن نرپ جاس بمکھ پچھتاہین جاس بھجن بن جرن نجاہین
۸ بھیو تمھار تنے سوئی سوامی رام پنیت پریم انگامی

۴- دوہا-
بیگ بلمب نکریے نرپ ساجیے سکل سماج
سدن سو منگل تب ہین جب رام ہوہین جوبراج

۱- سب طرح سے اپنے گرو جی کو پرسن من جانکر راجا دشرتھ بھی پرسن من ہوکر کومل بانی سے کہنے لگے- ۲- کہ ہے ناتھ میرے یہ ابھلاکھا ہے کہ اب آپ شری رامچندر جی کو جوبراج یعنے ولیعہد کیجیے جو آپ کرپا کرکے آگیا دیجیے تو تلک کا سب ساج سجایا جاوے- ۳- میرے جیتے جی یہ اُچھاہ بھی ہوجاوے اور سب پرجا لوگ نیترون کا پھل پاوین- ۴- آپکی کرپا سے شیو جی نے میری سب نباہ دی یہی ایک لالسا من مین رہی ہے- ۵- پھر مجکو سوچ نہین ہے یہ تن رہے چاہے نرہے جس سے پیچھے کو پچھتاوا نہو- ۶- ایسے سندر سہائے بچن راجا کے سنکر بششٹ منی منگل اور آنند کے مول جانکر من مین بہت بھائے اور بولے- ۷- کہ ہے راجا سنو جو ابھاگی [illegible] اپنے پران ناتھ پران پت پران دایک ایشور سے جنم بھر بمکھ رہکر انت کو جم پری مین جاکر پچھتاتے ہین اور جسکی سرن گئے بنا جیو کی جرن دوسرے اپایون سے نہین جاتی ہے-

رگھبر بِمکھ جتن کر کوری + کون سکے بھو بندھن چھوری ۔ ۸- سوئی سرب اینشور سوامی
تمھارا اِنتر رام ہوا ہے جو کیول پریم ہی کا سیوک ہے۔ ۴- دوہا- اِس سے یہ کام تم جلدہی
کرو دیر مت کرو جاکر سب ساج سجاؤ سُندر دن اور سُندر منگلانند تب ہی ہے جب
رام چندر جی جوراج (راجا) ہوں ۔

۱	مُدِت مہیپت مندِر آئے	سیوک سچِو سُمنت بلائے
۲	کہہ جے جیو شِیش تِن نائے	بھوپ سُمنگل بچن سُنائے
۳	پرمُدِت موہہ کہیو گر آجو	رامہہ راج دیو جو راجو
۴	جو پانچہ مت لاگے نیکا	کرو ہرکھ ہیے رامہہ ٹیکا
۵	منتری مُدِت سُنت پریہ بانی	اَبھِمت برو پرا جنُ پانی
۶	بنتی سچو کرہین کر جوری	جیو جگت پت برکھ کروری
۷	جگ منگل بھل کاج بچارا	بیگیہ ناتھ نہ لائیے بارا
۸	نرپہہ مود سُن سچِو سُبھاکھا	بڑھت بوند جنُ لہی سُشاکھا

۵- دوہا- کہیو بھوپ مُنی راج کر جوئی جوئی آئیس ہوئے
رام راج ابھیشیک ہِت بیگ کرو سوئی سوئے

۱- ایسے مَن مانے بچن بسِشٹ جی کے سُن کر راجا پرم پرسن اپنے راج مندر کو آئے
اور اپنے مُکھیا مُکھیا سیوکوں اور منتریوں کو بُلایا۔ ۲- اُن سبھوں نے جے جیو کہکر
شیش نوائے راجا نے بیٹھتے ہی منگل سماچار سُنائے۔ ۳- کہ آج مجھسے پرسن ہوکر
گرو دیو نے کہا ہے کہ ہے راجا اب تم رامچندر جی کو راج دیو۔ ۴- جو یہ مت تم سب
پنچوں کو اچھا لگے تو پرسن ہوکر رامچندر جی کو تلک کرو۔ ۵- یہ بچن راجا کا سُنتے ہی منتری
سب پرسن ہوگئے مانو اُنکے منوکامنا کے پودھوں میں جل سینچ دیا۔ ۶- سب
منتری ہاتھ جوڑ کر کہنے لگے کہ مہاراج آپ کروڑ برس تک جیتے رہیں۔ ۷- یہ تو جگت
منگل کا ایک کاریہ آپنے بھلا بچار کیا ہے اسمیں دیر نہ کیجیے جلدی شروع کر دیجیے
۔ ۸- منتریوں کی ایسی سُندر بات سُن کر راجا کو کیسا آنند ہوا مانو بڑھتے ہوئے برچھ
نے سُندر شاکھا پائی۔ ۵- دوہا- تب تو راجا نے منتریوں سے کہا کہ مہاراج مُنی راج
شاخ ۱۲
کی جو جو آگیا ہو رامچندر کے راج تلک کے لیے سو سب جلد ہی کرو۔

۱ ہرکھ مُنیش کہیو مرِدُ بانی آنو سکل سُوتیرتھ پانی
۲ اَوکھدھ مُول پھُول پھل پانا کہیو نام گن منگل جانا
۳ چامر چمر بسن بہُ بھانتی رُوم پاٹ پٹ اگنت جاتی
۴ مَن گن منگل بست انیکا جو جگ جوگ بھُوپ ابھکھیکا
۵ بید بدت کہہ سکل بدھانا کہیو رچو پُر ببدھ بتانا
۶ سپھل رسال پُنگی پھل کیرا رُوپو بیتھین پُر چہُون پھیرا
۷ رچو منج مَن چوکین چارُو کہیو بناون بیگ بجارو
۸ پُوجو گنپت گُر کُل دیوا سب بدھ کرو بھُوم سُر سیوا

۶۔ دوہا۔ دھوج پتاک تورن کلش سجو ترنت رتھ ناگ
شر دھر مُن برچن سب نج نج کا جیہ لاگ

۱۔ تب تو بششٹ مُن نے پرسنّ ہو کر منتریوں سے کہا کہ پہلے تو سب تیرتھوں کا پانی منگاؤ۔ ۲۔ پھر انیک پرکار کی اوکھدھ اور مُول اور پھل اور پھُولوں کے نام منگل جانکر کہہ گنائے۔ ۳۔ چھوٹے بڑے چنور مُرچھل اور بہت طرح کے سُوتی اُونی ریشمی کپڑے بھی کہہ گنائے۔ ۴۔ من مانک اَور بہت سی منگل کی چیزیں جو جگت میں راج تلک کے جوگ ہیں سو سب کہہ سُنائیں۔ ۵۔ اِس پرکار بید کے انُسار سب بدھان کہکر کہا کہ نگر میں دوار دوار پر چندوا تانے جائیں۔ ۶۔ اور کٹھل آم کیلا سپاری کے برچھ لگائے جائیں۔ ۷۔ گج موتیوں کی چوکیں دوار دوار پر پوری جائیں اور شہر کی بازاریں جلد بنائی جاویں۔ ۸۔ اور بنایک گنپت کا پُوجن کرو گُر جنوں کا اور اپنے اپنے کُل دیوتونکا گھر گھر پُوجن کرو اور سب پرکار سے برہمنوں کی سیوا کرو۔ ۶۔ دوہا۔ دھوجا پتاکا تورن کلش دوار دوار پر رکھے جائیں اور گھوڑے رتھ ہاتھی سب سجے جائیں ایسے بچن بششٹ جی کے سُنکر سب نے اپنے کاموں پر مستعد ہو گئے ۔

۱ جو منیس جیہہ آئیس دینہا سو تیہہ کاج پرتھم جن کینہا
۲ بپر سادھو سُر پُوجت راجا کرت رام ہت منگل کاجا
۳ سُنت رام ابھکھیک سُہاوا باجن گہر گہر اودھ بدھاوا
۴ رام سیا تن سگُن جنائے پھرکین منگل انگ سُہائے

۵	پلک سریر پرسپر کہہ ہین		بھرت آگمن شُوچک آہ ہین	
۶	بھیٹے بہت دِن اَت اوسیری		سگن پرتیت بھینٹ پریہ کیری	
۷	بھرت سرس پریہ کو جگ ماہین		یہی سگن پھل دُوسر ناہین	
۸	رامہہ بندھ شُوچ دِن راتی		اَنڈن کمٹھ ہردے جہہ بھانتی	

۷- دوہا-

تہہ اَوسر منگل پرم سُن ہرکھیو رنواس
شوبھت لکھہ بدھہ بڑھت جم باردھہ بیچ بلاس

۱- بشِشٹ مُن نے جس کام کرنے کو جسکو اگیا دی تھی اُس کام کو اُسنے ایسا جلد کیا مانو پہلے ہی سے کر رکھا تھا- ۲- راجا تو براہمن اور بشِشٹ اور دیوتا کی پُوجا کرتے ہین اور رامچندر نے ہِت کیواسطے سب منگل کاج کرتے ہین- ۳- نگر مین رامچندر جی کا راج تلک سُنکر گھر گھر بدھاوا بج رہا ہے- ۴- شری رامچندر اور سیتاجی کو شگن جتانے لگے کہ دونون کے سُندر سُہائے منگل انگ پھڑکنے لگے- ۵- تب تو پلکیت انگ ہوکر پریم سمیت دونون آپسمین کہنے لگے کہ یہ سُندر منگل شگن بھرت جی کے آنے کو بتلاتے ہین- ۶- بھرت جی کو گئے ہوئے بہت دِن ہوگئے اِس بڑی چنتا اور ملنے کی ابھلاکھا ہے اور شگونون سے بھی اپنے پیارے کے ملنے کا نشچے ہوتا ہے- ۷- بھرت جی کے سمان ہمارا دوسرا کون پیارا ہے اِن شگونون کا یہی پھل ہے دوسرا نہین- ۸- دیکھو شری رامچندر جی کا بھاییپ پریم کہ دِن رات بھرت ہی کا شوچ کیسا لگ رہا ہے جیسے انڈون کا شوچ کچھوے کو لگا رہتا ہے-

۷- دوہا- اُسی سمے یہ پرم منگل سُنکر رنواس کیسا ہرکھ اُٹھا ہے جیسے چندرما بڑھتا ہوا دیکھکر سمندر کی لہرون کا بلاس سوہنا ہے-

۱	پرتھم جاے جہہ بچن سُناوا		بھوکھن بسن بھور تہہ پاوا	
۲	پریم پُلک تن مَن انُراگین		منگل ساج سجن سب لاگین	
۳	چوکے چارُ سُمترا پُورے		مَن مے ببدھہ بھانت اتِ رُورے	
۴	آنند مگن رام مہتاری		دیے دان بہہ بپر ہنکاری	
۵	پُوجے گرام دیو سُر ناگا		کہے بہُور دین بل بھاگا	
۶	جہہ بدھ ہوے رام کلیانا		دیو دیا کر سو بردانا	
۷	بار بار گنپتہہ نہورا		کیجے سپھل منورتھ مورا	

۸	گاوین منگل کوکل بینی	بدھ بدنی مرگ شاوک نینی

۸- دوہا-

رام راج ابھکھیک سُن ہیہ ہرکھے نرنار
لگے سُمنگل سجن سب بدھ انکول بچار

۱- سب سے پہلے جسنے یہ جگ منگل بچن رانیون کو جاکر سُنایا اُسنے تو گہنا کپڑا بہت ہی پایا ۲- پریم سے پُلکت تن ہوگئین اور من مین بہت ہی پریم بڑھا اس سے اپنے اپنے گھرون مین سب منگل ساج سجنے لگین- ۳- لچھمن جی کی ماتا رانی سمترا نے منی کی ات سُندر بھانت بھانت کی چوکین پورین- ۴- رامچندر جی کی ماتا کوشلیا رانی نے آنند مین مگن ہوکر براہمنو کو بُلاکر بہت دان دیا- ۵- گانون کے دیوتا اور ناگ پوجے اور اُنکی بنتی کرکے اُنکو جتھا جوگ بل دان دینے کہے اور یہ بردان مانگا- ۶- کہ جس پرکار رامچندر جی کا کلیان ہو سوئی بردان کرپا کرکے دیجیے- ۷- بار بار بنایک گنپت کی بنتی کی کہ میرے منورتھ کو سپھل کیجیے- ۸- سب رنواس مین کوکل بینی چندر بدنی مرگ شاوک نینی مدھر منگل گیت گانے لگین- ۸- دوہا- نگر مین شری رام چندر جی کا راج تلک سُنکر ہردے مین سب نر ناری ات آنند ہوگئین اور اپنے اپنے گھرون مین بدھاتا کو داہنا جانکر بھیتر باہر سمنگل ساج سجنے لگین-

۱	تب نرناہ بسشٹ بُلائے	رام دھام سِکھ دین پٹھائے
۲	گُر آگمن سُنت رگھناتھا	دوار آے پد نایو ماتھا
۳	سادر ارگھ دیہی گھر آنے	شورہ بھانت پوج سنمانے
۴	گہے چرن سیہ سہت بہوری	بولے رام کمل کر جوری
۵	سیوک سدن سوامی آگمنو	منگل مول امنگل دمنو
۶	تدپ اُچت جن بول سپریتی	پٹھئی کاج ناتھ اس نیتی
۷	پربھتا تج پربھ کنیہہ سنیہو	بھیو پنیت آج یہ گیہو
۸	آئیس ہوے سو کرے گسائیں	سیوک لئے سوامی سیوکائی

۹- دوہا-

سُن سنیہہ سانے بچن من رگھبر کہ پرسنس
رام کس ن تم کہو اس ہنس بنس اوتنس

۱- تب تو راجانے بسشٹ مُن کو بُلایا اور رامچندر جی کے پاس سِکھشا کر بھیجا- ۲و۳- رام چندر جی نے گرو کا آنا سُنتے ہی دوار ہی پر آکر اُنکے چرنون کو پرنام کیا اور

ارگھ دے کر مندر مین لوا لے گئے تہان شو لہ پرکار سے پوجن کر کے بڑا آدر ستمان کیا ۴- پھر سیتاجی سہت اُنکے چرن پکڑے اور ہاتھ جوڑ کر رام چندر جی بولے - ۵- کہ سیوک کے گھر سوامی کا آنا جدپ منگل آنند کا مول اور امنگلونکا ناش کرنیوالا ہوتا ہے - ۶- پرنتُ پھر بھی اُچیت یہی ہے کہ سوامی سیوک کو بلا کر جس کام پر چاہے بھیجدے - ۷- سو آپ نے پربھتا کو چھوڑ کر پریم ہی کیا کہ آپ ہی چلے آئے تو آپکے آنے سے آج یہ گھر پرم پوتر ہوا - ۸- اب آگیا ہو سو کیا جاے کیونکہ سیوک سوامی کی سیوا ہی سے شوبھا پاتا ہے - ۹- دوہا - ایسے سنیہہ کے بھرے بچن شنکر مُن نے شری رام چندر کو بہت سراہا اور کہا کہ ہے رامچندر جی تم ایسے بچن کیون نہ کہو تمھارا تو یہ سورج بنش سدا سے گرو کا بھگت ہوتا چلا آیا ہے اُسپر تم تو اِس ہنس بنش کے بھوشن مکٹ مُن ہی ہو -

۱ برن رام گن سیل سبھاؤ بولے پریم پلک من راؤ
۲ بھوپ کنیھ ابھکھیک سماجو چاہت تمھین دین جوراجو
۳ رام کرو سب سنجم آجو جو بدھ کشل نباہے کاجو
۴ گرو سکھ دیئی راو پہان گیو رام ہردے اس بسمے بھیو
۵ جنمے ایک سنگ سب بھائی بھوجن سین کیل لڑکائی
۶ کرن بیدھ اپبیت بیاہا سنگ سنگ سب بھیو اچھاہا
۷ بمل بنش یہ انچت اکا انج بہاے بڑے ابھکھیکا
۸ پربھ سپریم پچھتان سہائی ہرو بھگت من کی کٹلائی

۱۰- دوہا - تیہ اودھیس آئے لکھن مگن پریم انند
سنمانے نرپ بچن کہہ رب کل کیرو چند

۱- شری رامچندر کے گن شیل سبھاو کی بڑائی کر کے پریم سے پلکت انگ ہو کر بشسٹ مُن بولے - ۲- کہ راجا نے راج تلک کا ساج سجا ہے تمکو راجا بنایا چاہتے ہین ۳- اس سے آج آپ سنجم کیجے جو بدھاتا اس کام کو نباہیگا تو کشل سمیت پورا ہوگا - ۴- یہ کہکر بشسٹ تو راجا کے پاس گئے اور رامچندر جی کے ہردے مین یہ سنکر بڑا بچھاد ہوا - ۵- کہ ہم چارون بھائی ایک ہی ساتھ تو پیدا ہوئے ہین اور ساتھ ہی ساتھ بھوجن سے گیے سوئے لڑکائی کے کھیل کھیلے - ۶- ایک ہی ساتھ

بنجھیدن جنیئو بواہ بھی ہوا۔ ۷۔ اس نرمل بنش مین یہی ایک انچت ہے کہ چھوٹے بھائیون کو چھوڑ کر بڑے ہی کو راج تلک ہوتا ہے۔ ۸۔ اس پرکار سریرام چندر جی کی پریم سہت سہاونی پچھتان نے سب بھگتون کے ہردے کی کٹلتا کو ہر لیا ارتھات جو سوامی اپنے سیوکون کو تن من سے چاہتا ہے اسکے سیوک بھی انکو تن من سے بھجتے ہین۔ ۱۰۔ دوہا۔ اسی سمے لچھمن جی بھی یہ منگل سماچار راج تلک کے شنکر پریم اور آنند مین بھرے ہوئے شری رامچندر جی کے پاس آئے اور رام چندر جی نے پیارے بچنون سے انکا سنمان کیا۔

۱	باجین باجن ببدھ بدھانا		پرپرمود نہین جاے بکھانا
۲	بھرت آگمن سکل مناوین		آوین بیگ نین پھل پاوین
۳	ہاٹ باٹ گھر گلی اتھائین		کہین پرسپر لوگ لگائین
۴	کالھ لگن بھل کیتک بارا		پوجہہ بدھ ابھلاکھ ہمارا
۵	کنک سنگھاسن سیا سمیتا		بیٹھین رام ہوے چت چیتا
۶	سکل کہین کب ہوی کالی		بگھن مناوین دیو کچالی
۷	تنہین سہاے نہ رام بدھاوا		چور چاندنی رات نہ بھاوا
۸	شارد بول بنے سب کرہین		بارہ بار پانون لے پرہین

۱۱۔ دوہا

بپت ہمار بلوک بڑ بات کرسیے سوآج
رام جائین بن راج تج ہوے سکل سرکاج

۱۔ انیک بھانت کے تو باجے بجتے ہین اور نگر کا آنند کچھ کہا ہی نہین جاتا ہے۔ ۲۔ بھرت کا آجانا سب پرباسی مناتے ہین کہ جلدی آوین تو نیترون کا پھل پاوین۔ ۳۔ بازار گلی گھر اتھائیون مین پرشون سے پرش اور استریون سے استریان جہان تہان آلسین یہی چرچا کرتی ہین۔ ۴۔ کہ کالھ لگن بجانیے کون سمے ہوگی جب بدھاتا ہمارا منورتھ پورا کریگا۔ ۵۔ جب سونے کے سنگھاسن پر سیتا جی سمیت شری رام چندر جی بیٹھینگے ہمارے چت کو تو تب ہی چیت ہوگا۔ ۶۔ سب پرباسی تو یہ کہتے ہین کہ کالھ جانے کب ہوگا پرنتو سورگ مین بڑے کچالی دیوتا بگھن (خلل) ہی بچار کر رہے ہین کہ کون اپاے کرین جو راج تلک نہو کیول آج ہی کی رات

باقی رہ گئی۔ ۷- دیوتاؤن کو یہ اجودھیا کا آنند بدھاوا کیسے نہین سُہاتا ہے جیسے چورون کو چاندنی رات نہین سُہاتی ہے۔ ۸- تب تو سرسوتی جی کو بُلا کر سب اُنکی بنتی کرنے لگے اور بار بار اُنکے چرنون پر گرنے لگے اور کہنے لگے۔ ۱۱- دوہا- کہ ہے ماتا ہماری اِس بڑی بپت کو دیکھکر آپ کچھ ایسا اُپاے کیجیے کہ جس سے شری رامچندر جی اِس راج کو چھوڑکر بن کو چلے جاوین تو ہمارا سب کاج ہو جاوے۔

۱	سُن سُر بچن ٹھاڑھ پچھتاتی	بھیون سروج بپن ہم راتی
۲	دیکھ دیو سب کہین نہوری	مات توہہ نہین تھورہ کھوری
۳	بسمے ہرکھ رہت رگھراؤ	تم جانو سب رام سبھاؤ
۴	جیو کرم بش دکھ سکھ بھاگی	جاییے اودھ دیو ہت لاگی
۵	بار بار گہہ چرن سنکوچی	چلی بچار بُدھ مت پوچی
۶	اونچ نواس نیچ کرتوتی	دیکھ نہ سکین پرائے بھوتی
۷	اگل کاج بچار بہوری	کرہین چاہ کشل کب بھوری
۸	ہرکھ ہردے دشرتھ پر آئی	جنُ گرہ دشا دسہ دکھدائی

۱۲- دوہا	نام منتھرا مند مت چیری کیکئی کیر اجس پٹاری تاہ کر گئی گرا مت پھیر

۱- ایسی سوارتھ سادھک نیتی دیوتاؤن کی سُنکر سرسوتی جی کھڑی پچھتاتی ہین کہ مین یہان کیون آئی اب سُندر پھولے ہوئے کملون کے بن کو مین ہیمنت رت (جاڑے پالے) کی رات ہوئی۔ ۲- ایسی دشا سرسوتی جی کی دیکھکر دیوتا لوگ پھر کہنے لگے کہ ہے ماتا تمکو اِسمین کچھ کلنک دوش نہ لگیگا۔ ۳- شری رامچندر جی کے سُبھاؤ کو تو تم جانتی ہو کہ وہ دُکھ اور سُکھ سے رہت ہین۔ ۴- ہان جیو البتہ اپنے اپنے کرم کے بس ہو کر دُکھ سُکھ بھوگ کرتے ہین اِس سے ہم سب دیوتاؤن کے کام کے لیے آپ جائیے۔ ۵- اِس پرکار بار بار چرن پکڑ کر سرسوتی کو سنکوچ لیا تب تو سرسوتی دیوتاؤن کی بُدھ کو پوچ جانکر اجودھیا کو چلی۔ ۶- کہ اِنکا کیول نواس تو اونچا ہے اور کرتوت نہایت نیچ ہی دیکھو دوسرے کی سُکھ سمپت کو دیکھ نہین سکتے ہین۔ ۷و۸- پرنت پھر سرسوتی آگے کاج بچار کر کہ بن مین شری رام چندر جی جو جو چرتر کرینگے اُنکے برنن کرنے کے لیے

پربین کب (شاعر) میری چاہ کیا کرینگے پربس ہوکر کیسی اجودھیا مین آئی ہے ہانو گرہون کی سنکلتا دشا ہی مہا دُکھ دائی ہے - ۱۲ - دوہا - منتھرا نام مہا مند مت ایک بھرت جی کی ماتا کیکئی جی کی چیری (داسی) تھی اُسکو اِس مہا اجس کی پٹاری بناکر سرسوتی جی اُسکی (یعنی منتھرا کی) مت (بدھ) کو پھیر کر چلی گئین -

۱ دیکھ منتھرا نگر بناوا منگل منجل باج بدھاوا
۲ پوچھس لوگن کاہ اُچھاہو رام تلک سُن بھا اُر داہو
۳ کرے بچار کُبدھ کُجاتی ہوئے اکاج کون بدھ راتی
۴ دیکھ لاگ مدھ کٹل کراتی جم گون تکے لیون کیہ بھانتی
۵ بھرت مات پہان گئی بلکھانی کا انمن ہنس کہا اس رانی
۶ اُتر دیئی نہین لیئی اُساسو نار چرت کر ڈھارت آنسو
۷ ہنس کہا رانی گال بڑ تورے دینہ لکھن سکھ اس من مورے
۸ تب ہون نہ بولے چیری بڑ پاپن چھانڑے سواس کار جن ساپن

۱۳ - دوہا -
سبھے رانی کہا کہس کن کسل رام مہیپال
بھرت لکھن رپ دمن سن بھا کبری اُر شال

۱ و ۲ - سرسوتی جی کے مت پھیر دینے سے منتھرا نے نگر مین گھر گھر بدھاوا اور تورن پتاکا آدسے بناو دیکھکر لوگون سے پوچھا کہ آج کیا اُتساہ ہے جب سب کے مُکھ سے شری رام چندر جی کا راج تلک ہونا سُنا تب اُسکے ہردے مین داہ ہوا - ۳ - اور مہا دُربدھ کجاتی بچار کرنے لگی کہ آج ہی کی رات بیچ ہے اس رات ہی مین کیسے اکاج ہوجاوے ۴ - جیسے کراتنی شہد کے چھتے کو برچھ مین لگا دیکھکر داؤن تکے کہ اسکو کیسے لے لون ۵ - سوچ کرتی ہوئی بھرت جی کی ماتا (کیکئی) کے پاس گئی اور رونے لگی تب کیکئی جی نے ہنسکر پوچھا کہ کیون انمنی ہے - ۶ - اُسنے سُنکر جواب تو کچھ نہ دیا گہری سانسین اور لینے لگی اور تریا چرتر کرکے آنسو بہانے لگی - ۷ - تب تو رانی نے ہنسکر کہا کہ تیرا گال بڑا ہے کچھ کسی کو کہہ بیٹھی ہوگی تسپر لچھمن جی نے سکشا - (تعلیم) دی ہوگی یہ مین جانتی ہون - ۸ - اس کہنے پر بھی وہ پاپنی نہ بولی اور ناگن کیطرح لمبی سانسین چھوڑنے لگی - ۱۳ - دوہا - تب تو رانی ڈر کر گھبرا کر کہنے لگین

کہ تو کہتی کیون نہین ہے رام چندر جی تو کُشل سے ہین اور راجا اور بھرت اور لچھمن اور شترہن یہ بھی سب کُشل سے ہین ایسے بچن رانی کے سُنکر کُبری کے ہردے مین شُول ہو گیا ۔

۱	کت سِکھ دیہی ہمین کوؤ مائی	گال کرب کہہ کر بل پائی
۲	رامہہ چھاڑ کُشل کہہ آجو	جاہ نریش دیت جُوراجو
۳	بھاکوشلیا بدھ اتہ داہن	دیکھت گرب رہت اُر ناہن
۴	دیکھہو کس نجائے اس شوبھا	جو او لوک مور من چھوبھا
۵	پُوت بدیش نہ شوچ تمھارے	جانت ہو بس ناہ ہمارے
۶	نیند بہت پریہ سیج ترائی	لکھہو نہ بھوپ کپٹ چترائی
۷	سُن پریہ بچن ملن من جانی	جھکی رانی اب رہو ارگانی
۸	پُن اس کبھون کہس گھر پھوری	تو دھر جیبھ کڑھاؤن توری

۱۴۔ دوہا ۔
کانی کھوری کُوبری کُٹِل کُچالی جان +
تیہ بشیکھ پُن چیری کہہ بھرت مات مُسکان

۱۔ تب منتھرا دُکھی کی طرح بچن بُولی کہ ہے ماتا مجکو کوئی سِکشا کیون دیگا اور مین کسکے بل پر گال کرونگی ارتھات کسیکو بُرا بھلا کہونگی ۔ ۲۔ رامچندر کے سواے اور کسیکو آج کُشل ہوگا جنکو راجا راج تلک کر رہا ہے ۔ ۳۔ بڑی کرپا تو بدھاتا کی آج کوشلیا پر ہی جسکے گرب کو دیکھکر میرا ہردے نہین رہتا ۔ ۴۔ تم بھی جاکر ایسی شوبھا کو کیون نہین دیکھتی ہو جسکو دیکھکر میرے مَن مین یہ چھوبھ ہوا ۔ ۵۔ تمھارا پُتر (بھرت جی) تو بدیش مین پڑا ہی اور تمکو کچھ بھی سُوچ نہین ہے تم یہ جانتی ہو کہ راجا ہمارے بس مین ہین ۶۔ تمکو سیجیا اور تکیہ پیارے ہین اور نیند بہت سی ہے کبھی راجا کی کپٹ چترائی نہ دیکھی ۔ ۷۔ ایسے بھید کے بچن جب منتھرا نے کہے سو سُنکر اور اُسکو مَن مین جانکر اُسپر رانی رِسانی اور کُبری بھی جُھنکی رہی ۔ ۸۔ تب رانی نے اُس سے کہا کہ ہے گھر پھوڑنی جو تو پھر کبھی کچھ ایسے بچن کہیگی تو تیری جیبھ (زبان) پکڑ کر نکال لونگی ۔

۱۴۔ دوہا ۔ پھر تو کانی لنگڑی کُوبری مہا کُٹل کُچالی جانکر اور استری پھر چیری کہکر بھرت جی کی ماتا مُسکا کر بولین ۔

۱	پریہ بادن سُکھ دیکھیون تو نہی		سپنیو توپر کوہ نہ موہی	
۲	سُدن سُمنگل دایک سوئی		تور کہا پھر جادن ہوئی	
۳	جیٹھ سوامی سیوک لگھ بھائی		یہ دِنکر کُل ریت سہائی	
۴	رام تلک جو سانچہو کالی		مانگ دیوُن مَن بھاوت آلی	
۵	کوشلیا سم سب مہتاری		رامہہ سہج سُبھاو پیاری	
۶	موپر کرہین سنیہہ وِشیکھی		مین کر پریت پرچھا دیکھی	
۷	جو بدھ جنم دیہی کر چھوہو		ہوہُنہہ رام سیہ پوت پتوہو	
۸	پران تے ادھک رام پریہ موری		تنکے تلک چھوبھ کس توری	
۱۵۔ دوہا۔	بھرت سپتھ توہ ست کہہ پرہر کپٹ دُراو ہرکھ سمے بسمے کرس کارن موہ سُناو			

۱۔ ہے پیاری بات تولنے والی یہ مین نے تجکو سِکھ (تعلیم) دی ہے کہ تجکو ایسا کہنا نچاہیے اور کوپ تو میرا تیرے اوپر سپنے مین بھی نہین ہے۔ ۲۔ سُندر منگل دایک اور سُندر دن تو تب ہی ہے جب یہ کہنا تیرا اچھا ہو۔ ۳۔ بڑے بھائی تو سوامی اور چھوٹے بھائی اُنکے سیوک ہوتے آئے ہین یہ تو اِس سورج بنش کی سندر سہائی ریت ہی ہے۔ ۴۔ اِس سے جو راج تلک رام چندر جی کو کالھ سچ مچ ہی ہو اور منگل آنند بچن تجھی نے مجکو سُنایا ہی تو جو تیرے من کو بھاتا ہو وہ تو مجھسے مانگ لے مین تجکو نہ سندیہہ دونگی۔ ۵۔ کیونکہ رامچندر جی کو تو سب ماتا کوشلیا ہی کے سمان سُبھاو ہی سے پیاری ہین۔ ۶۔ مجھپر تو رامچندر جی کوشلیا سے بھی ادھک سنیہہ کرتے ہین مین نے اُنکی پریت کو پرچھا کرکے دیکھ لیا ہے۔ ۷۔ مین تو بدھاتا سے یہ مناتی ہون کہ جو بدھاتا کرپا کرکے منکھ کا جنم دیوے تو رامچندر ہی سا پتر اور سیتا ہی سی بدھو ہوا کرین ۸۔ سو بھلا جو رامچندر جی میرے پرانون سے بھی ادھک پیارے ہین اُنکے راج تلک ہونے مین تیرے ہردے مین سوچ کیسے ہے۔ ۱۵۔ تجھکو بھرت ہی کی سوگند ہے تو کپٹ اور چھپاو نکرکے سچ ہی سچ کہدے کہ اِس آنند کے سمے مین جو تو دکھ کرتی ہے اِسکا کیا کارن ہے سچ سچ مجھ سے کہدے۔

	ایکہہ بار آس سب پوجی		اب کچھ کہب جیبھ کر دوجی	

۲	بھورے جوگ کپار ابھاگا	بھلیو کہت دکھ رورہ لاگا
۳	کہئے جھوٹھ پھر بات بنائی	سو پریہ تمھین کڑو مین مائی
۴	ہم ہو کہب اب ٹھکر سہاتی	ناہت مون رہب دن راتی
۵	کر کروپ بدھ پربس کینھا	بوا سو لُنیا پاو جو دینھا
۶	کو نرپ ہوؤ ہمین کا ہانی	چیری چھانڑ ہوب نہین رانی
۷	جارے جوگ سبھاو ہمارا	ان بھل دیکھ نجائے تمھارا
۸	تاتے کچھک بات انساری	چھمیو دیبی بڑ چوک ہماری

۱۶۔ دوہا ۔	گوڑھ کپٹ پریہ بچن سن تیا ادھر بدھ رانِ سرمایا بس بیرنہہ سہرد جان پتیان

۱۔ جب کیکئی جی نے ایسے بچن کہکر اس سے اُداسی کا کارن پوچھا تب تو منتھرا گوڑھ کپٹ کے بچن بولی کہ ہیں رانی آسا تو ہماری سب ایک ہی بار پوری ہوگئی اب کیا مین دوسری جیبھ کر کے کہون ۔ ۲۔ میرا یہ ابھاگا کپار (سر) پھوڑنے ہی کے جوگ ہے کیونکہ بھلا کہتے بھی آپ کو برا جان پڑا ۔ ۳۔ جسے تو جو کوئی جھوٹھ کو سچ بنا کر کہتا ہی وہی تمکو پیارا ہوتا ہی مین نے کبھی ایسا نہین کہا اسی سے کڑوی ہون ۔ ۴ ۔ ایسا ہی ہی تو مین بھی اب ٹھکر سہاتی کہا کرونگی نہین تو دن رات چپکی ہی بیٹھی رہا کرونگی ۔ ۵۔ مجھکو تو بدھاتا نے کروپ (بدصورت) بنا کر پرائے بس مین کر دیا ہی سو بدھاتا کا بھی کچھ دوش نہین ہی جیسا مین نے بویا تھا تیسا کاٹا جو دیا تھا سو پایا ۔ ۶۔ کوئی راجا ہوئے ہماری کون گھٹی ہے ہمتو چیری سے رانی ہونے ہی کی نہین ہین ۔ ۷۔ سبھاو میرا جرانے ہی کے جوگ ہے کہ مجھسے تمھارا ان بھلا دیکھا ہی نہین جاتا ہی ۔ ۸۔ اس سے تنک سی بات اس ابھاگی مکھ سے نکل گئی چوک تو میری بڑی ہے پرنتو ہے دیبی مہارانی کرپا کرکے چھما کرو یہی مانو مین نے سب کچھ پایا ۔ ۱۶۔ دوہا ۔ ایسے گوڑھ کپٹ کے پرم پیارے بچن منتھرا کے سنکر استری سبھاو سے اوچھ بدھ رانی دیو مایا کے بس ہوکر مہا بیرن منتھرا کو اپنا ہتو جانکر اسکی باتون پر پتیائے گئی ۔

۱	سادر پن پن پوچھت اوہی	سبری گان مرگی جن موہی
۲	تس مت پھری اہی جس بھابی	رہسی چیری گھات بھل بھابی

٣ تم پوچھو مین کہت ڈراؤن دھریو مور گھرپھوران ناؤون
٤ سج پرتیت بہو بدھ گڑھ چھولی اودھ سارھ ساتی تب بولی
٥ پریہ سیہ رام کہا تم رانی راممہیہ تم پر سوبہر بانی
٦ رہے پرتھم اب تے دن بیتے سمے پھرے رپ ہوہن پریتے
٧ بھان کمل کل پوکھن ہارا بن جل جار کرے سوئی چھارا
٨ جر تمھار چہا سوت اپاری رُوندھو کر اُپاے بر باری

١٧- دوہا- تمھین نہ سوچ سہاگ بل نج بس جانو راو
من ملین مکھ میٹھ نرپ راؤر سرل سبھاو

١- بڑے آدر سے بار بار کیکیئی رانی منتھرا کو پوچھتی ہین اور اسکی لپیٹ کہانی پر ایسی موہت ہوگئی ہین جیسے بھیلنی کے بُرو راگ کو سنکر ہرنی موہت ہوکر اپنے کو بہت جال مین پھنسا دیتی ہے- ٢- جیسی کچھ ہونہار ہے ویسی ہی اُنکی بدھ ہوگئی تب تو منتھرا اپنے من مین بہت ہی پرسن ہوئی کہ میری گھات تو بھلی بھانت سے پھب گئی- ٣- تب بولی کہ ہے رانی تم تو پوچھتی ہو اور مین کہتے ہوئے ڈرتی ہون کیونکہ میرا نام تو تمنے پہلے ہی گھرپھوری دھر دیا ہے- ٤- ایسے بہت طرح سے گڑھ چھیل کر اور تھات سُندھار سنوار کر اپنی بات کو رانی کو بھرو سا دلا کر اجودھیا کی بپت دائنی سنیچر کی سارھ ساتی دشا کے سمان منتھرا یہ بچن بولی کہ- ٥- سنو ہے رانی تمنے رامچندر کو اپنا پران پیارا کہا اور رام چندر کو تم کوشلیا سے بھی ادھک پیاری ہو یہ سچ ہے- ٦- پرنت جو دن پہلے تھے سو دن اب بہت گئے سمے پلٹنے سے متر بھی شتر ہو جاتے ہین- ٧- دیکھو جو سورج شرد رت مین کمل کو پالتا ہے وہی سورج ہیمنت رت مین جل بنا اُنکو جلا کر بھسم کر دیتا ہے- ٨- تمھاری جڑ تو تمھاری سوت کوشلیا اُکھاڑا چاہتی ہے اُسکو ابھی اُپاے کے جل سے باندھو گی تو ٹھہر جایگی نہین تو اُکھڑنے مین کون سندیہ ہے- ١٧- دوہا- تمکو تو سہاگ کے بل سے کچھ سوچ نہین ہے راجا کو اپنے بس جانتی ہو اور راجا کو مکھ ہی کا میٹھا ہے من مین بڑا میلا ہے تم سیدھے سبھاو اُسکے کپٹ کو نہین جانتی ہو-

١ چیتر گنبھیتر رام مہتاری بیچ پاے نج بات سنبھاری
٢ پٹھئے بھرت جھوٹ ننیوڑے رام بات مت جانب ورے

٣ سیوین سکل سوت موہنہ نیکے گربت بھرت مات بل پی کے
٤ شال تمھار کوشلہہ مائی کپٹ چتر نہین ہوت لکھائی
٥ راجہہ تم پر پریت بشیکھی سوت سبھاو سکے نہین دیکھی
٦ رچ پرپنچ بھوپہہ اپنائی رام تلک ہت لگن دھرائی
٧ یہہ کل اچت رام کا ٹیکا سب ہی سہائے موہنہ سٹھ نیکا
٨ آگل بات سمجھ ڈر موہین دیو دیو پھل سو پھیر اوہین

١٨- دوہا- رچ پچ کوٹک کٹل پن کینھیس کپٹ پربودھ
کہس کتھا شت سوت کی جیہہ بدھ باڑھ برودھ

١- پھر اور گروی گمبھیری تو رام کی ماتا ہی جسنے سمے پاکر اپنی بات سنبھار لی- ٢- بھرت کو جو راجا نے نانا کے گھر بھیجدیا ہے یہ سب رامچندر کی ماتا ہی کی مت (صلاح) تم جانو- ٣- کوشلیا نے من مین یہ بچار کیا ہے کہ اور سب سوت تو میری بھلی پرکار سے سیوا کرتی ہین ایک بھرت ہی کی ماتا پت کے گھمنڈ سے گربت (مغرور) رہتی ہی- ٤- یہ تمھارا شال کوشلیا کو شالتا ہی کپٹ مین بڑی پربین چتر ہے اس سے جان نہین پڑتا ہی- ٥- راجا کو جو تم سے بڑا پریم ہے اُسکو وہ سوت سبھاو سے دیکھ نہین سکتی ہے- ٦- اسلیے راجا کو اپنا کر یہ پرپنچ رچا ہے کہ رام چندر کے تلک کے لیے ایسی جلدی لگن ٹھرائی ہے- ٧- رام چندر کو راج تلک ہونا تو کل کی ریت کے انسار اچت ہی ہے سبکو سہاتا ہی اور مجکو بھی بہت ہی بھاتا ہے- ٨- پرنت جو مین کوشلیا کا منورتھ آگے کہہ آئی ہون سو سمجھکر مجکو بڑا ڈر ہے سو دیو پھر کر اُسکا پھل اُسکو دیگا- ١٨- دوہا- اس پرکار کروڑون کٹل پنا رچ رچ کر منتھرا نے کیکئی جی کو سمجھایا اور سیکڑون سوتیون کی کتھا ایسی کہین کہ جس سے آپس مین لڑائی بڑھجائے-

١ بھاوی بس پرتیت اُر آئی پوچھ رانی پن سپتھ دوائی
٢ کا پوچھو تم ابھون نہ جانا نج ہت ان ہت پش پہچانا
٣ بھئے پاکھ دن سجت سماجو تم پائی سدھ ہم سن آجو
٤ کھائی پہری راج تمھارے ست کہین نہین دوش ہمارے
٥ جو اسَت کچھ کہب بنائی تو بدھ دیہی ہمین سجائی

٦ راجہ تلک کالھہ جو بُجھو — تمکا بپت بیج بدھہ بُو
٧ ریکھا کھینچ کہون بل بھاکھی — بھامین بھیُو دودھ کی ماکھی
٨ جو سُت سہت کرو سیوکائی — تو گھر رہو نہ آن اُپائی ﴿

١٦- دوہا- کدرو بنیتہ دیہہ دُکھ تمھین کوشلا دیو
بھرت بندگرہ سیئی ہین لکھن رام کر نیو

١- ہونہار کے بس ہوکر رانی کے ہردے مین پرتیت آگئی اور اپنی سوگند دلاکر اُس سے پوچھنے لگین کہ تو نے یہ کیسے جانی - ٢- تب تو منتھرا نے کہا کہ پوچھتی کیا ہو تمنے اب بھی نہین جانا اپنے شترو مِتر (دشمن اور دوست) کو تو پشو اور پنچھی بھی پہچانتے ہین - ٣- دیکھو اس ساج سماج کو سجتے ہوئے پندرہ دن ہوگئے اور تمنے آج میرے مُکھ سے سُدھ (خبر) پائی ہے کسی نے تمسے جتایا تک بھی نہین - ٤- ہمتو تمھارے ہی راج مین کھاتی پہرتی ہین اس سے ہمکو تو تمسے سچ کہنے مین دوش نہین ہے - ٥- ایسے پر بھی جو ہم تمسے جھوٹھ کو سچ بناکر کہینگی تو بدھاتا ہمکو ڈنڈ (سزا) ہی دیگا - ٦- ایسے کہکر پھر بولی کہ ہے رانی سُنو جو کہین کالھہ رامچندر کو راج تلک ہو گیا تو مانو تمھارے بپت کا بیج ہی بدھاتا نے بو دیا - ٧- یہ تو مین تمسے لکیر کھینچکر سچ پُکار کہتی ہون کہ ہے رانی تم دودھ کی ایسی مکھی سی نکالکر دور پھینک دی جاوگی - ٨- ہان جو تم بھرت جی سہت اُنکی سیوا کیا کروگی تو گھر مین پڑی رہوگی نہین تو اور کوئی اُپائے نہین ہے - ١٩- دوہا- جیسے جیسے دُکھ سانپون کی ماتا کدرو نے گرڑ کی ماتا بنتا اپنی سوت کو دیے ہین تیسے ہی تیسے دُکھ تمکو کوشلیا دیگی بھرت جی تو جنم بھر بندی کھانا (قید خانہ) سیوینگے اور لچھمن تو رامچندر کے نیو (نائب) ہی ہین-

١ کیکیے ستا سنت کٹ بانی — کہہ نہ سکے کچھ سہم سُکھانی
٢ تن پسیو کدلی جمہ کانپی — کبری دسن جیبھ تب چاپی
٣ کہہ کہہ کوٹک کپٹ کہانی — دھیرج دھرو پربودھس رانی
٤ کینہس کٹھن پڑھائے کُپاٹھو — جمہ نہ نوے پھر اُکٹھ کاٹھو
٥ پھرا کرم پریہ لاگ کُچالی — بکہہ سراہت منو مرالی
٦ سُن منتھرا بات پھر توری — دہن آنکھ بھڑکت نت موری

۷	دِن بَرَت دِکھیون رات کُسپنے		کہون نہ توہ موہ بش اپنے
۸	کہا کرون سکھی سُدھ سوبھاؤ		داہین بام نجانون کاؤ
۲۰- دوہا-	اپنے چلت نہ آج لگ اَن بھل کاہُک کینھ کہہ اگھ ایکہِ بار موہ دَیُو دُسہ دُکھ دینھ		

۱- راجا کیکے کی بیٹی کیکیئی منتھرا کے کڑوے بچن سنتے ہی کچھ بھی نہ کہہ سکی ڈر کر سوکھ گئی - ۲- شریر مین پسینا نکل آیا اور کیلے کی طرح کانپنے لگی تب تو منتھرا نے دانتون سے جیبھ کو بولنے سے دبا لیا - ۳- اور انیک بھانت کی کپٹ کی کہانی کہہ کہکر کہا کہ ہے رانی دھیرج دھرو ابھی بگڑا کیا ہے ایسے کہکر رانی کو سمجھایا - ۴- بڑا بھاری کُباٹھ ٹھہرا کر رانی کو ایسا کٹھن کر دیا جیسے اُکٹھا کاٹھ پھر نہین جھکتا ہے - ۵- کرم پھر گیا اور کُچالنی منتھرا پیاری لگی تب اسکو سُراہنے لگی جیسے بگلی کو ہنسی سُراہے - ۶- سن ری منتھرا تیری بات سچ ہے میری داہنی آنکھ سدا پھرکا کرتی ہے - ۷- روز روز رات کو بُرے بُرے سپنے دیکھا کرتی ہون موہ کے مارے کبھی تجھسے نہین کہے - ۸- کیا کہون ہے سکھی مین تو سُدھ سوبھاو ہون داہنا بایان (ارتھات ہیر پھیر) کبھی نہین جانتی ہون - ۲۰- دوہا- اپنے بس چلتے پھر تو مین نے کبھی کسیکا ان بھلا نہین کیا نجانون کس پاپ سے یہ دُسہ دکھ مجھکو دیو نے دیا -

۱	تیہہ جنم بھرب بر جائی		جیت نہ کرب سوت سوکائی
۲	آر بیش دیو جیاوت جاہی		مرن نیک تیہ جیون جاہی
۳	دین بچن کہا یہ بدھ رانی		سن کبری تیہ مایا ٹھانی
۴	اس کس کہیو مان من اونا		سکھ سہاگ مکا دن دونا
۵	جیہہ راور اس ان بھل تاکا		سوئی پائی یہ پھل پریاکا
۶	جب تے کمت سنا مین سوامن		بھوکھ نہ باسر نیند نہ جامن
۷	پوچھا گنن ریکھ تن کھاچی		بھرت بھوال ہو نہہ یہ ساچی
۸	بھامن کرو تو کہون اُپاؤ		ہین تمھری سیوا بش راؤ
۲۱- دوہا-	پرن کوپ تو بچن لگ سکون پوت پت تیاگ کہس مور دکھ دیکھ بڑ کس نہ کرب ہت لاگ		

۱- اِس سے ہے منتھرا مین اپنے جنم کو میکے مین (بخانہ والدین) جاکر بتیر کردونگی پرنت اپنے جیتے جی سَوت کی سیوکائی تو نہ کرونگی۔ ۲- بَیری کے بس مین ڈالکر جسکو ایشور جلاتا ہے اُس جینے سے تو مرنا ہی اچھا ہوتا ہے۔ ۳- ایسے دین دُکھیا کے سے بچن جب رانی نے بہت طرح کے منتھرا سے کہے تب تو اُسنے اِستریون کے چھل چھند رچکر کہا۔ ۴- کہ ہے رانی تم اپنے من مین دِینتا (عاجزی) مانکر ایسے بچن کیون کہتی ہو تمکو تو سُکھ سُہاگ دن دونا ہی ہوگا۔ ۵- جسنے تمھارا ایسا اَن بھلا بچارا ہے سوئی اِسکا پھل پاویگا۔ ۶- ہے رانی سُنو مین نے جب سے اِس کُمت (بُری صلاح) کو سُنا ہے تب سے مجکو نہ تو دِن مین بھوکھ ہے نہ رات مین نیند ہے۔ ۷- تُرنت ہی مین نے گُنی پنڈتون سے جاکر جو پوچھا تو اُنھون نے لکیر کھینچکر یعنے بانا باندھکر حکمی بات کہا کہ اُپاے کرنے سے تو بھرت ہی راجا ہونگے یہ اُنکا کہنا سچ ہی ہے۔ ۸- سو ہے رانی جو تم کرنا چاہو تو مین اِسکا اُپاے کرون تمھاری تو سیوا کے بس مین راجا ہے۔ ۲۱- تب تو رانی کیکیئی بولین کہ ہے منتھرا تو کیون ایسی بات کہتی ہے مین تیرے کہنے سے کوئین مین بھی گر پڑونگی اور پت اور پتر کو بھی تیاگ کردونگی تو تو یہ میرا بڑا بھاری دُکھ دیکھکر کہتی ہے بھلا اپنے ہِت کے لیے مین تیرا کہنا کیسے نہ کرونگی۔

۱	کُبری کری کُبَل کیکیئی +	کپٹ چھری اُر پاہن ٹیئی
۲	لکھے نہ رانی نکٹ دُکھ کیسے	چرت ہرت ترن بل پش جیسے
۳	سُنت بات مِرد اَنت کٹھوری	دیت منہو مدھ ماہُر گھوری
۴	کہے چیری سُدھ اہی کہ ناہین	سوامِن کہیو کتھا موہ پاہین
۵	دُوی بردان بھوپ سن تھاتی	مانگو آج جُڑاوو چھاتی
۶	سُتہ راج رامہہ بن باسو	دیو لیو سب سَوت ہُلاسو
۷	بھوپت رام شپتھ جب کرہین	تب مانگیو جہہ بچن نہ ٹرہین
۸	ہوے اکاج آج نِش بیتے	بچن مور پریہ مانو جی تے

۲۲- دوہا-

بڑ کگھات کر پاتکن کہسن کوپ گرہ جاو
کاج سنبھاریو سجگ ہوے سہسا جن پتیاو

۱- اِس پرکار کُبری نے کیکیئی کو بلدان کا پشو بنایا اور کپٹ کی چھری اپنے ہردے کے

پتھر پر ٹی دی (تیز کر دی) ۔ ۲ ۔ پاس آئے ہوئے دُکھ کو رانی کیسے نہین دیکھتی ہے جیسے بلدان کا پشو ہری گھاس کو چرتا ہے اور تلوار کو نہین دیکھتا ہے ۔ ۳ ۔ منتھرا کی بات سُننے مین تو کومل ہے پرانت مین مہا کٹھور ہے جیسے شہد مین ملا کر زہر ہی دیتی ہے ۴ ۔ بولی کہ ہے رانی تمکو شُدھ ہے کہ نہین جو تمنے مجھسے کتھا کہی تھی ۔ ۵ ۔ کہ دو بردان میرے راجا کے پاس جمع ہین سو وہی دونون بردان راجا سے آج مانگ کر اپنی چھاتی ٹھنڈھی کرو ۔ ۶ ۔ ایک بردان سے تو اپنے پُتر بھرت جی کو راج اور دوسرے بردان سے رام چندر کو بن باس دیکر سَوت کا سب آنند لے لیو ۔ ۷ ۔ پرنتُ جب راجا دشرتھ رام چندر کی سوگند کرین تب مانگنا جس مین بچن ٹر نجاے ۔ ۸ ۔ اور جو آج کی رات بیت گئی تو اکاج ہو جایگا آج ہی مانگ لیو میری اِس بات کو تم اپنے تن من سے پیاری جانو ۲۲ ۔ دوہا ۔ مہا پاپنی منتھرا ایسی بُری گھات کر کے بولی کہ ابھی تم کوپ بھون کو چلی جاؤ اور کام کو بڑی چترائی سے سنبھالنا کسی کے سمجھانے بجھانے سے نہ پتیاے جانا ۔

۱ کُبرہ رانی پران پریہ جانی ۔ بار بار بڑ بدھ بکھانی
۲ توہ سم ہت نہ مور سنسارا ۔ بہئے جات کر بھئس ادھارا
۳ جو بدھ پُرو منورتھ کالی ۔ کرون توہ چکھ پوتر آلی
۴ بہُہ بدھ چیرہ آدر دیئی ۔ کوپ بھون گونی ککیئی
۵ بپت بیج برکھا رُت چیری ۔ بھئین بھئی کُمت ککیئی کیری
۶ پائے کپٹ جل انکر جاما ۔ بر دُوی دل پھل دُکھ پرناما
۷ کوپ سماج ساج سب سوئی ۔ راج کرت نج کُمت بگوئی
۸ راؤر نگر کلاہل ہوئی + ۔ یہ کچال کچھ جان نہ کوئی

۲۳ ۔ دُوہا ۔ پرمُدت پُر نر نار سب ساج سمنگل چار
اک پروشین اک نکس بھیڑ بھوپ دربار

۱ ۔ کبری کو رانی نے پران کے سمان پیاری جانکر بار بار بڑی بُدھوان کہہ کہکر سراہا ۲ ۔ اور کہنے لگی کہ ہے منتھرا تیرے سمان میرا ہتکاری کوئی دوسرا اس سنسار مین نہین ہے ڈوبتے کو سہارا تو ہی ہوئی ۔ ۳ ۔ جو بدھاتا کالھ میرا منورتھ پورا کریگا

تو مین تجکو آنکھو نکی پتلی ہی بناؤنگی ۔ ۴ ۔ ایسے بہت طرح کے آدر منتھرا کو دیکر کیکئی کوپ بھون کو چلی گئین ۔ ۵ ۔ اِس بپت بیج کی منتھرا تو برکھا رت ہے اور کیکئی کی کُمت سوئی پرتھوی ہے ۔ ۶ ۔ کپٹ کا پانی پاکر اس بیج کا انکر پھوٹا تہان دونون بردان ہی تو پہلے دو دل ہوئے انت کو دکھ ہی پھل ہوا ار تہات کیکئی جی کو جنم بھر کا دکھ ہوا ۔ ۷ ۔ بچاری کیکئی جب تک جیتی ہین تب تک بھرت جی نے منھ بھر ماتا انکو نہ کہا کوپ بھون مین جا کر سب ساج کوپ ہی کا سجکر سور ہی راج کرتے ہوئے سب اپنی ہی کمت نے کھو دیا ۔ ۸ ۔ رنواس اور نگر مین سب آنند کلاہل ہو رہا ہے کچالی کو کوئی بھی نہین جانتا ہے ۔ ۲۳ ۔ دوہا ۔ پرم پرسن پرباسی نر اور ناری سب سندر منگلا چار سج کر ایک تو راج مندر مین جاتے ہین ایک نکلتے ہین ایسی بڑی بھیڑ بھاڑ راج دربار مین ہو رہی ہے ۔

۱	بال سکھا سن ہیہ ہرکھا ہین	بل دش پانچ رام پہان جاہین
۲	پربھ آدرین پریم پہچانی	پوچھین کشل چھیم مردبانی
۳	پھرین بھون پربھ آئیس پائی	کرت پرسپر رام بڑائی
۴	کو رگھبیر سرس سنسارا	سیل سنیہہ نباہن ہارا
۵	جہہ جہہ جون کرم بس بھرمہین	تہان تہان ایش دیہہ یہ ہم ہین
۶	سیوک ہم سوامی سیہ نا ہو	ہوے ناتھ یہہ اور نباہو
۷	اس ابھلاکھ نگر سب کاہو	کیکے ستا ہردے ات داہو
۸	کو نہ کسنگت پاے نسائی	رہے نہ نیچ مٹے گروائی

۲۴ ۔ دوہا ۔
سانجھ سمے سانند نرپ گیو کیکئی گیہہ
گمن نٹھرتا نکٹ کیا جنُ دھر دیہہ سنیہا

۱ ۔ بال سکھا شری رام چندر کا راج تلک سنکر ہردے مین پرسن ہوتے ہین اور دش دش پانچ پانچ مل ملکر انکے پاس جاتے ہین ۔ ۲ ۔ شری رامچندر جی انکا پریم پہچانکر آدر کرتے ہین اور کشل چھیم کومل بانی سے پوچھتے ہین ۔ ۳ ۔ پھر شری رامچندر جی کی آگیا پاکر گھر کو پھرتے ہین اور راستہ مین شری رامچندر جی کی بڑائی آپس مین کرتے جاتے ہین کہ ۔ ۴ ۔ سیل اور سنیہہ کا نباہنے والا شری رام چندر کے سمان دوسرا

اور کون اِس سنسار مین ہے۔ ۵ و ۶ – ہم تو ایشور سے یہی سُناتے ہین کہ جس جس جُون مین ہم اپنے کرمون کے بس ہوکر پھرین تہان تہان ایشور ہمکو یہی دیا کرین کہ ہمتو سیوک اور شری سیتاپت رامچندر جی ہمارے سوامی ہوا کرین اتنی بات ہماری اور نبھ جاے۔ ۷۔ یہی بھلا گھانگر مین سب کسکو ہے پر کیکیئی کے مَن مین اُت ہی داہ (جلن) ہو رہا ہی۔ ۸۔ سچ ہی کُسنگت (بُری صحبت) پاکر کون نہین بگڑ جاتا ہی نیچون کے مت مین گروائی نہین رہتی – ۲۴ – دوہا۔ سندھیا کے سمے آنند سمیت راجہ دشرتھ کیکیئی کے گھر مین کیسے گئے ہین مانو نٹھرائی کے پاس شریہی دھارن کرکے پریم ہی آیا ہی

۱	کوپ بھون سن سکچیو راؤ	نجھے لبش آگے پرے نہ پاؤ
۲	سُرپت بسے باہُ بَل جاکے	نرپت رہین سکل رُکھ تاکے
۳	سو سُنین تیہ رِس گیو سُکھائی	دیکھو کام پرتاپ بڑائی
۴	سُول کُلش اس انگون نہارے	تے رت ناتھ سمن شر مارے
۵	سبھے نریش پریا پہان گیو +	دیکھ دشا دُکھ دارن بھیو
۶	بھُوم شین پٹ موٹ پرانا	دیے ڈار تن بھوکھن نا نا +
۷	کُمتہ کس کُبیکھتا پھابی	ان اہبات سوچ جن بھابی
۸	جاے نکٹ نرپ کہا مرد بانی	پران پریا کیہہ ہیت رسانی

چھند	کیہہ ہیت رانی رسانی پرست پان پت نوارئی مانو سروش بھونگ بھامن بکھم بھانت نہارئی دُوی باسنا رسنا دشن بر مرم ٹھاہر دیکھئی تُلسی نرپت بھوبتیتا بش کام کوتک لیکھئی
۲۵ سورٹھا	بار بار کہ راؤ سُمکھ سلوچن پک بین کارن موہہ سناؤ گج گامن نج کوپ کر

۱۔ رانی کو کوپ بھون مین گئی ہوئی سُنتے ہی راجا سکچ گئے اور مارے ڈر کے پانون آگے نہین پڑتا ہے – ۲ – جن راجا دشرتھ کی بھجاؤن کی بل سے دیوراج اندر بیریون کے ڈر سے نڈر ہوکر راج کرتا ہے اور پرتھی بھر کے راجا جسکا مکھ ہی نہارا کرتے ہین – ۳ – ایسا بلوان راجا استری کو رسانی ہوئی سُنتے ہی سوکھ گیا کامدیو کا

پرتاپ ایسا بڑا ہے دیکھلو۔ ۴۔ جو مہا شور ویر ترشول بجر کٹھور کے گھاؤ سہنے والے ہین اُنکو بھی رت کے پت کامدیو نے پھولون ہی کے بانون سے مار لیا۔ ۵۔ ڈرتے ڈرتے راجا رانی کے پاس گئے تو رانی کی دشا دیکھتے ہی مہا دارن دُکھ ہو گیا۔ ۶۔ زمین پر تو شین کر رہی ہے اور موٹے پرانے کپڑے پہنے ہے رانیون والے کپڑے گہنے اُوتار کر پھینکدیے ہین۔ ۷۔ کمت کو امنگل بھیس کیسا پھبا ہے اُنو ہونہار نے رنڈاپا کو آگے ہی سے کہدیا ہے۔ ۸۔ پاس جاکر راجا نے کومل بانی سے پوچھا کہ ہے پران پیاری تو کیون رسانی ہے۔ چھند۔ یہ کہکر اُسکے چھونے کو راجا نے جیون ہی ہاتھ چھوا تیون ہی اُسنے مار دیا اور رس بھری ناگن کی طرح بڑی بھانت سے دیکھنے لگی بھرت جی کو راج اور رامچندر جی کو بن باس یہی دونون تو مانون جیبھ ہین (سانپ کے دو جیبھ ہوتی ہین) اور دونون بر وان ہی دو دانت ہین مرم استھان کو دیکھ رہی ہے اور راجا ہونہار کے بس ہو کر کامدیو کا چونچلا ہی سمجھ رہا ہے۔ ۲۵۔ سورٹھ۔ بار بار راجا نے پوچھا کہ ہے سندر مکھ سندر نیتر کوکلا بینی والی اپنی رس کا کارن تو تو مجھے کہہ۔ یہ اجودھیا کانڈ کی پہلی چپیسی ہوئی۔

شری رامائے نمہ

۱	اَن ہت تور پریا کہہ کینھا	کہہ دوی ہتر کہہ جم چہا کینھا
۲	گت کہہ رنگہہ کرون نر نشو	کہہ کہہ نرہہ نکارون دنشو
۳	سکون تور ارا امر دو باری	کہا کیٹ بپرے نر ناری
۴	جانسں مور سو بھاو برورو	تو مکھ مم درگ چت چکورو
۵	پریا پران ست سرپس مورے	پرجن پرجا سکل پس تورے
۶	جو کچھ کہون کپٹ کر توہین	بھامن رام شپتھ شت موہین
۷	بھس مانگ من بھاوت ماتا	بھوکھن سجو منوہر گاتا
۸	گھری گکھری سمجھ جیہ دیکھو	بیگ پریا پربرو کینگیچھو

۱۔ دوہا	یہ سن من گن شپتھ بڑ بہس اٹھی متت مند بھوکھن سجت بلوک مرگ منو کراتن پھند

۱۔ ہے پیاری تیرا اَن ہت کس مرن ہار نے کیا ہو دو سر کسکے ہین اور جمراج کسکو

لیا چاہتے ہین ۔ ۲۔ کہو تو کس دَرِدری کو راجا بنا دون اور کس راجا کو دیش سے نکال دُون ۔ ۳۔ تمھارا بَیری اَمَر دیوتا ۱۲ ہو تو اُسکو بھی مار سکتا ہون تنکھ بچارے کیڑے مکوڑے کون گنتی مین ہین ۔ ۴۔ ہے بَرُورُہ تم تو میرے سوبھاؤ کو جانتی ہو کہ تمھارے مکھ چندرما کو میرے نیتر چکور رہی ہین ۔ ۵۔ جبکہ مین ہی تمھارے بس مین ہون تو میرا پُتر پرجا نوکر چاکر اور میرا سب کچھ تمھارے ہی بس مین ہے ۔ ۶۔ جو مین تمسے کچھ کپٹ کرکے کہتا ہون تو ہے بھامنی مجھکو شَتو سوگند ہین رامچندر جی کی ہین ۔ ۷۔ اِس سے اب اُٹھو اور ہنسکر مَن مانی بات مانگو اور سُندر منوہر گات مین گہنا پہنو ۔ ۸۔ اچھی ساعت بُری ساعت کو مَن مین بچار کر دیکھو ہے پیاری اِس بُرے بھیس کو جلدی دور کرو ۔ ۱۔ دوہا ۔ راجا کے ایسے بچن سُنکر اور مَن مین رامچندر جی کی بڑی سوگند سمجھکر وہ مَت مَند کیکئی ہنسکر اُٹھی اور گہنون کو (زیور) اُٹھا اُٹھا کر کیسے سجتی ہے جیسے مرگ کو دیکھکر کراتنی (بھیلنی) پھندے سجے ۔

۱	چَون کہا را و سُہر وجھیہ جانی		پرم پُلک تن مَنجل بانی	
۲	بھامن بچھیو تور من بھاوا		گھرگھر نگر آنند بدھاوا	
۳	رامہہ دیُون کالھ جُوراجو		سَجو سُلوچن مَنگل ساجو	
۴	دَلک اُٹھیو سُن ہردے کٹھورا		جَن چھوُی گیو پاک برتورا	
۵	ایسی پیر بہنس اُر گوئی		چور نار جیم پرگٹ نہ روئی	
۶	لکھی نہ بھوپ کپٹ چتُرائی		کوٹ کُٹل گن گرو پڑھائی	
۷	جدپ نیت نپُن نرناہو		نارچرت جل بدہ اوگاہو	
۸	کپٹ سنیہہ بڑھائے بہوری		بُولی بہنس نَین مکھ موری	
۲۔ دوہا ۔	مانگ مانگ پے کہو پیہ کبہون دیہو نہ لیہو دین کہیو بردان دُوی تیہو پاوت سندیہو			

۱۔ پھر تو راجانے اُسکو اپنا ہتو مَن مین جانکر پریم کے مارے پُلکت تن اُجل بانی سے کہا کہ ۔ ۲۔ ہے بھامنی آج تمھارے مَن کا مانا ہوا دیکھو نگر مین گھرگھر آنند بدھاوا ہو رہا ہے ۔ ۳۔ کالھ مین رامچندر جی کو راج گدی دونگا اِس سے ہے سلوچنی تم بھی منگل ساج سجو ۔ ۴۔ اِس بچن کے سُنتے ہی مہا کٹھور ہردے اُسکا کیسے دُکھی ہوگیا

[illegible] سمجھا و جانتی دینے والے ہو ۱۲

جیسے پکا ہوا بڑ توڑ پھوڑا کسی کے چھو دینے سے دُکھتا ہے۔ ۵۔ ایسی دسہ پر کھُٹتے پیٹ ہی مین چھپا رکھی جیسے چور کی استری اٹھوا چوراہتری برگٹ ہو کر نہین روتی ہے ۔ ۶۔ اُسکے کپٹ کی چترائی کو راجا نے نہ جان پایا کیونکہ کروڑون کُٹل والی گرو منتھرا کی پڑھائی ہوئی ہے۔ ۷۔ جدپ راجا بھی نیت مین چتُر ہے پرنت تریا چرتر بھی تو اتھاہ سمُدر ہی ہے۔ ۸۔ پھر کپٹ کا بہت سا اسنیہہ بڑھا کر آنکھ اور مُنہ پھیر کر بولی۔ ۲۔ دوہا۔ ہنسکر کہا کہ ہے بُت مانگ ہی سدا تم کہا کرتے ہو پرنت دیتے لیتے کبھی بھی کچھ نہین ہو ہمکو تو تمنے بُت دینون سے دو برکان دینے کو کہے تھے انھین کے ملنے مین ہمکو سندیہہ ہے اور کیا دو گے۔

۱	جانیون مرم راو ہنس کہہ ہین	تمھین کہاب پرم پریہ اہین
۲	تھاتی راکھ نہ مانگیو کاؤ	بسر گیو موہ بھور سبھاو
۳	جھوٹھہ ہمین دوش جن دیہو	دو کے چار مانگ کن لیہو
۴	رگھو کُل ریت سدا چل آئی	پران جاے پر بچن نہ جائی
۵	نہین اسَت سم پاتک پنجا	گر سم ہو نہ کہ کوٹک گنجا
۶	سَت مول سب سکرت سُہائی	بید پُران بدت مُن گائی
۷	تیہہ پر رام سپتھ کر آئی	سکرت سنیہہ اودھ رگھُرائی
۸	بات دڑھاے کُمت ہنس بولی	کُمت بہنگ کلہہ جن کھولی

۳۔ دوہا۔
بھوپ منورتھ سبھگ بن سکھ سبہنگ سماج
بھیلن جم چھانڈن چہت بچن بھینکر باج

۱۔ تب تو راجا نے ہنسکر کہا کہ مین نے سب بھید جان لیا تمکو کہہ دینا بہت ہی پیارا ہے۔ ۲۔ دھروہر (امانت) رکھکر تو کبھی مانگی نہین اور بھولے سوبھاو سے مین بھی بھول گیا۔ ۳۔ جھوٹھ ہی ہمکو دوش نہ لگاؤ دو کے بدلے اب چار مانگ لیو۔ ۴۔ رگھو کُل مین تو یہ ریت سدا سے چلی آئی ہے کہ پران چاہے چلے جائین پرنت بچن نہین جانے پاتا ہے۔ ۵۔ کیونکہ جھوٹھ کے برابر تو پاپونکا ڈھیر بھی نہین ہوتا ہے جیسے کروڑون گھونگچی ملنے سے بھی ایک پربت کے برابر نہین ہوتی ہین۔ ۶۔ ست ہی سب سکرتیونکی جڑ سہاونی ہے بید اور پرانومین پرگٹ ہے اور سب مُن لوگون نے

کہی ہے۔ ۷۔ تسپر رامچندر جی کی سوگند ہو چکی ہے جو رامچندر میرے سب سُکرت اور اسنیہہ کی اَودھ (حد) ہیں۔ ۸۔ ایسی بات پکی کر کے کُبدھ والی کیکئی کیسے بچن بولی ہے مانو کُمت کے پنچھیوں کی ٹوپی کھولتی ہے۔ ۳۔ دوہا۔ دیکھو راجا کے منورتھ کا سُندر بن جو سُکھ کے پنچھیوں کی سماج سے بھرا ہے اُس آنند کے پنچھیوں کی سماج پر کیکئی بھِلنی (بھیلنی) کی طرح مہا بھینکر بچن روپی باج کو چھوڑا چاہتی ہے۔

ا	سُنو پران پِت بھاوت جیکا	دیہُ ایک بَر بھرتہہ ٹیکا
۲	مانگوں دُوسر بر کر جورے	پُرووہُ ناتھہ مَنورتھ مورے
۳	تاپس بھیکھ بِسیکھ اُداسی	چودہ برس رام بن باسی
۴	سُن سُو بچن بھوپ اُر شوکُو	سسِش کر چھُوت بِکل جِم کوکُو
۵	گیوٗ سہم نہیں کچھ کہہ آوا	جنُ سچان بن جھپٹیو لاوا
۶	بِبَرن بھیو نِپٹ مہیپالُو	دامِن ہنیو منہوں تَرُو تالُو
۷	ماتھے ہاتھ موند دوؤ لوچن	تن دھر سوچ لاگ جن سوچن
۸	مور منورتھ سُر تر پھولا +	پھرت کرِن جِن ہتیو سمولا

۴- دوہا-	کوئی اَوسر کا بھیو گیوٗ نار بسواس جوگ سِدھ پھل سمے جم جتہ اَبِدیا ناس

ا- سُنو ہے پران پت میرے من کا مانا ایک بَردان تو بھرت جی کو راج تلک ہونے کا دیجیے ۲- اور دوسرا بردان میں ہاتھ جوڑ کر آپ سے مانگتی ہوں سو میرے منورتھ کو آپ پورا ہی کریں۔ ۳- کہ تپسوی کا بھیس ار تھات مُن لوگوں کا ایسا پہراوا اور بھوجن اور سُکھ اُداسی بَرتہم جاری ہو کر چودہ برس تک رامچندر بن میں رہیں۔ ۴- اس کے ویسے بچن کے سُنتے ہی راجا کے من میں شوگ (غم) ہو گیا جیسے چندرما کی چاندنی کے لگتے ہی چکوا (چکوا) اَت بیاکُل ہو جاتا ہے۔ ۵- بہت ہی سہم گیا مُکھ سے کچھ بھی بولا نہ گیا مانو بہری چڑیا نے بن میں بٹیر کو جھپٹ لیا۔ ۶- ایسا بیرنگ راجا ہو گیا جیسے بجلی کا مارا ہوا تال برچھ ہوتا ہے۔ ۷- ماتھے پر تو دونوں ہاتھ رکھ لیے اور دونو انکھیں بند کر کے کیسے سوچ کرنے لگا مانو شریر دھارن کر کے سوچ ہی بیٹھا سوچ کر رہا ہے۔ ۸- کہ دیکھو میرا منورتھ کلپ برچھ کے سمان کیسا سُندر

رام جدائی کا
بن باس

پھولا پھلا تھا سو اُسکو پھلنے کے سمے مانو ہتھنی نے جڑ سے اُکھاڑ لیا۔ ۴۔ دوہا۔ کیسے سُندر سمے مین کیا ہوگیا یعنی ایسا بُدھمان ہوکر استری کے بس ہو اس پر گیا جیسے جوگ کے سدھ ہو جانے کے پھل کے سمے جوگی کو اَبدیا (مایا) ناش کردیتی ہے۔

۱	یہہ بدھ راد منہہ من جھاکھا	دیکھ کُبھانت کُمت من ماکھا
۲	بھرت کہ راور پوت نہوہین	آنیو مول بساہ کہ موہین
۳	جو سُن شر اس لاگ تمھارے	کاہے نہ بولیو بچن سنبھارے
۴	دیہو اُتر نہین کہیو کہ ناہین	ست سندھ تم رگھو کل ماہین
۵	دین کہیو بر آپ جن دیہو	تجو ست جگ اجس لیہو
۶	ست سراہ کہیو بر دینا	جانیو لیئی مانگ چبینا
۷	شیو ددھیچ بل جو کچھ بھاکھا	تن دھن تجا بچن پرن راکھا
۸	اَت کٹ بچن کہت کیکئی	مانو لون جرے پر دیئی

۵۔ دوہا۔

دھرم دھرندھر دھیر دھر نین اُگھارے راؤ
شر دھن لینہہ اُسانس اَت مارس موہہ کُٹھانو

۱ و ۲۔ اس پرکار راجا من ہی من مین اپنے آپ کو جھاکھا (یعنی لعنت ملامت کی) تب تو راجا کو بُری طرح دیکھکر کُمت ارتھات کیکئی کے من مین بڑا کرودھ ہوا اور کہنے لگی کہ کیا بھرت جی تمھارے پتر نہین ہین اور مجکو کیا تم مول بساہ لائے ہو۔ ۳۔ جو بھرت کا راج تلک سُنتے ہی تمھارے بان سا لگا تو پھر پہلے ہی تم بچار کر کیون نہ بولے تھے۔ ۴۔ جواب کیون دیتے ہو دینے کو کہا تھا کہ نہین تم تو اس رگھو کل مین سچائی کے سمدر ہو۔ ۵۔ دینے کو تو کہا ہی تھا پر اب چاہے نہ دو سچ کو چھوڑ دو سنسار مین اجس لیو۔ ۶۔ تمنے تو اپنے سچائی کی بڑی تعریف کرکے بردان دینے کہے تھے تو کیا یہ جانا تھا کہ کچھ چبینا مانگ لیگی۔ ۷۔ سچ بولنا تو ایسا ہوتا ہے کہ دیکھو راجا شیو اور ددھیچ اور راجا بل نے جو کچھ دینے کو کہا تو تن دھن سب کچھ جانے دیا پر بچن کا پرن بچانے دیا۔ ۸۔ ایسے بہت ہی کڑوے بچن کیکئی نے کہے مانو جرے ہوئے شریر مین لون ہی لگا دیا۔ ۵۔ دوہا۔ تب تو دھرم دھرندھر راجا دشرتھ نے دھیرج دھر کے نیتر کھولے اور دھن دھن کر بڑی لمبی سانس لینے لگے یعنی آہ سرد کھینچنے لگے کہ مجکو اس پاپنی ارتھات کیکئی نے

کٹھور (بڑی جگہ پر) بارا-

۱ آگے دیکھ جرت رس بھاری ‎ منو روش تروارا گھاری
۲ موٹھ کبدھ دھار نٹھرائی ‎ دھری کوبری سان بنائی
۳ لکھی مہیپت کرال کٹھورا ‎ ست کہ جیون لیئی مورا
۴ بولیو راو کٹھن کر چھاتی ‎ بانی سبنے تاو سہاتی
۵ پریا بچن کس کہس کبھانتی ‎ پریت پرتیت ریت کرہانتی
۶ مورے بھرت رام دوئی آنکھی ‎ ست کہوں کر شنکر ساکھی
۷ اوش دوت مین پٹھوب پراتا ‎ ائہئین بیگ سنت دوو بھراتا
۸ سدن سادھ سب ساج سجائی ‎ دیہوں بھرتہہ راج بڑائی

۲۶ دوہا- لوبھ نہ رامہہ راج کر بہت بھرت پر پریت
مین بڑ چھوٹ بچار کر کرت رہیوں نرپ نیت

۱- جو راجا نے آنکھ کھولی تو کیکئی کو بڑی بھاری رس سے جرتی ہوئی سامنے دیکھا کہ مانو رس کی ننگی تلوار ہی ہے - ۲- کبدھ تو اُس تلوار کی موٹھ ہے اور نٹھرائی اُس تلوار کی دھار ہے اور کبری کی سان پر پینی (تیز) کی گئی ہے - ۳- راجا نے اُسکو مہا کٹھن کٹھور دیکھکر جانا کہ یہ سچ سچ میرے پرانوں کو یا میرے ست کو لیگی - ۴- تو بھی راجا کٹھن چھاتی کرکے بہت بنتی اور کومل بانی سے بولا تو بھی اُس نردئی کیکئی کو نہ سُہایا - ۵- ہے پیاری تو کیسے کبھانت کے بچن کہتی ہے میری پریت پرتیت کی ریت تو نے سب بھلا دی - ۶- مجکو تو بھرت اور رامچندر دونوں آنکھوں ہی کے سمان پیارے ہیں یہ مین شوجی کو ساکھی کرکے کہتا ہوں - ۷- سو پراتہ کال ہوتے ہی مین دوتوں کو ضرور ہی بھرت جی کے پاس بھیجونگا سنتے ہی دونوں بھائی ترت آجاوینگے - ۸- تب شبھ دن سادھکر اور سب سماج سج کر مین راج پدوی بھرت ہی کو دونگا - ۲۶ - دوہا - رامچندر جی کو تو کچھ راج کا لالچ نہیں ہے اور بھرت پر تو بڑی پریت کرتے ہیں مین ہی آنکو چھوٹا بڑا بچار کر راج نیت کے انسار رامچندر کو راج تلک کیا چاہتا تھا کچھ رامچندر جی کو راج کرنے کا لوبھ نہیں ہے -

۱ رام شپتھ ست کہوں سبھاؤ ‎ رام ماتا مونہہ کہانہ کاؤ

۲	ہیں سب کینہہ تو نہہ بن پوچھے	ماتُے پربے منورتھ چھوچھے
۳	رِس پرہراب منگل ساجو	کچھ دن گئے بھرت جو راجو
۴	ایکہہ بات موہنہہ دکھ لاگا	بَرُ دوسرا اسمنجس مانگا
۵	اچھون ہردے دہت تیہہ آنچا	رِس پرہاس کہ سانچو سانچا
۶	کہہ تج روش رام اپرادھو	سب کو کہے رام سُٹھہ سادھو
۷	تو ہون سراہس کرس سنیہو	اب سُن موہنہہ پرم سندیہو
۸	جاسُ سوبھاو اَرِہ اَنکولا	سُو کم کرے مات پرتکولا

۷- دوہا-
پریا ہاس رس پرہرہ — مانگ بچار بیبیک
جیہہ دیکھون اب نین بھر — بھرت راج ابھاکھیک

۱- رامچندر جی کی ستو سوگندین کھا کر کہتا ہون کہ رامچندر جی کی ماتا نے مجھسے کبھی نہین کہا ہی- ۲- مین نے جو یہ سب بنا پوچھے تمھارے کیا اسی سے یہ میرا منورتھ برتھا ہو گیا- ۳- اس سے اب تم رس کو چھوڑ کر منگل ساج سجو کچھ دن گئے بھرت ہی راجا ہونگے- ۴- دکھ تو مجکو ایک ہی بات کا لگا ہے کہ دوسرا بردان تمنے کٹھن مانگا ہے- ۵- اب بھی میرا ہردے اسکی آنچ سے جلا جاتا ہے سو رس ہے کہ ہنسی ہے کہ سچ سچ ہی ہی- ۶- بھلا رس کو چھوڑ کر رامچندر کا اپرادھ تو بتلاؤ رامچندر جی کو تو سب کوئی اَت ہی سادھو کہتے ہین- ۷- تو بھی اُنکی بڑی تعریف کرتی تھی اور بڑا اَسنیہہ کرتی تھی آج تیرے ایسے بچن سُنکر مجکو بڑا اسندیہہ ہے- ۸- جن رامچندر جی کا سوبھاؤ بیریون پر بھی کرپال ہی رہتا ہی سو بھلا ماتا کے پرتکول کیسے کرینگے- دوہا- اس سے ہے پریا جو ہنسی کی ہو تو اسکو تیاگ کرو اور جو رس کی ہو تو اسکو بھی تیاگ کرو اور بیبیک بچار کر ایسا بردان مانگو کہ جس سے آنکھون بھر کر اب مین بھرت کا راج تلک دیکھون-

۱	جیئے پتین بر بار بہیتا	مَن بن پھَنگ جیئے دکھ دینا
۲	کہون سوبھاو نہ چھل من ماہین	جیون مور رام بن ناہین
۳	سمجھُ دیکھ جیت پریا پربینا	جیون رام درس آدھینا
۴	سُن مردُ بچن کُمت اَتِ جرئی	منو انل آہت گھرت پرئی
۵	کہو کرو کن کوٹ اپایا	یہان نہ لاگی راؤر مایا

۶	دیہہ کہ انہہ اجس کرناہین	موہنہ نہ بہت پرپنچ سُہاہین
۷	رام سادھ تم سادھ سیانے	رام مات ہم بھل پہچانے
۸	جس کوشلا مور بھل تاکا	تس پھل دیون انھین کر ساکا
۸- دوہا-	ہوت پراۃ مُن بیکھ دھر جو نہ رام بن جاہنہ مور مرن راور اجس نرپ سمجھیو من ماہنہ	

۱- مچھلی جل بنا بھلے ہی جیئے اور سانپ بھی مَن بنا دین دُکھی ہوکر چاہے جیتا رہے ۲- پرنت مین چھل چھوڑ کر سوبھاو ہی سے کہتا ہون کہ میرا جینا رامچندر بنا نہو گا ۳- ہے پیاری پر مین تو اپنے چت ہی مین سمجھ دیکھ کہ میرا جینا تو رامچندر کے درشن ہی کے ادھین ہے - ۴- ایسے کومل بچن راجا کے سُنکر بھی وہ کُمت کیکئی اور بھی جلنے لگی مانو جلتی ہوئی اگنی مین گھی کی آہُت دیدی - ۵- بولی کہ اب تم چاہو کرور اُپاے کیون نکرو تمھاری مایا مجکو نہین لگیگی - ۶- یا تو جو بردان دینے کہے ہین سو دیو یا نہین کرکے اپجس لیو مجکو بہت سے پرپنچ نہین سُہاتے ہین - ۷- ایک تو رام سادھو ہین دوسرے تم سادھو ہو تیسری رام کی ماتا سادھو ہین اب تو مین نے یے تینون سادھو اچھی طرح سے پہچان لیے ہین - ۸- سو جیسا کچھ کوشلیا نے اپنے سادھ سُبھاو سے میرا بھلا تکا ہے تیسا پھل اُنکو تسا کا کرکے دونگی - ۸- دوہا - پراتہہ کال ہوتے ہی جو رامچندر مُن کا بھیش بنا کر بن کو نجائینگے تو میرا مرنا اور تمھارا اجس ہوگا یہ بات اپنے من مین سمجھے رہنا -

۱	اس کہہ کٹل بھئی اُٹھ ٹھاڑھی	مانو روش ترنگن باڑھی
۲	پاپ پہاڑ پر گٹ بھئی سوئی	بھری کرودھ جل جاے نجوئی
۳	دوؤ بر کول کٹھن ہٹھ دھارا	بھونر کوبری بچن پرچارا
۴	ڈھاہت بھوپ روپ ترمولا	چلی بپت بارود انکولا
۵	لکھی نریش بات سب ساچی	بتیہ مس میچ شیش پرناچی
۶	گہہ پد نے کینہہ بیٹھاری	جن ونکر کل ہوس کٹھاری
۷	مانگے ماتھ دیوث مین توہین	رام برہ جن مارس موہین
۸	راکھہ رام کا جہہ تہہ بھانتی	نہین تو جرے جنم بھر چھاتی
۹- دوہا-	دیکھی بیادھ اسادھ نرپ پریو دھرن دُھن ماتھ	

کہت پرم آرت بچن رام رام رگھناتھ

۱- ایسے کہکر کٹل کیکئی اُٹھکر کیسے کھڑی ہوگئی ہے مانو کرودھ کی ندی ہی بڑھ گئی ہے ۲- پاپ کے پربت سے تو نکلی ہے اور کرودھ کے جل سے کیسی بھیانکر بھری ہے کہ دیکھی ہی نہین جاتی ہی ۳- دونون بردان تو جسکے کنارے ہین اور مہا کٹھن ہٹھ ہی گھور دھارا ہے اور کبری کے سکھاؤن کے بچن اُسکی بھنور گرداب ہے ۴- ایسی روش روپی مہا گھور ندی دشرتھ روپی برچھ کی جڑ کو گراتی ہوئی بپت کے سمندر کو چلی ۵- راجا نے جو اُس مہا کرال کٹھن کٹھور کو دیکھا تو جانا کہ یہ میری موت ایکے بہانے سے میرے سر پر آئی ہے ۶- تب تو اُسکو بٹھالا اور پانون پکڑ کر بنتی کر کے کہا کہ تو اس سورج بنس کی کلھاڑی نہ بن ۷- مین تیرے مانگنے سے اپنا ماتھا بھی دے سکتا ہون پرنت رامچندر کے بچھڑنے کے دُکھ سے تو مجکو مت مار ۸- جیسے تیسے کسی پرکار سے تو رامچندر کو گھر مین رہنے دے نہین تو پھر جنم بھر تیری چھاتی جرےگی ۹- دوہا جب راجا نے اُسکو اسارھ بیادھ (یعنے لاعلاج بیماری) سمجھ لیا تب تو مہا دکھی ہوکر ہاے رام ہاے رگھناتھ ایسے کہہ کہکر شیش کو دھنتے ہوئے پرتھوی پر گر پڑا

۱	بیاکل راؤ ستھل سب گاتا	کرنی کلپ تر منو نپاتا
۲	کنٹھ سوکھ مکھ آو نہ بانی	جسم پاٹھین دین بن پانی
۳	پُن کہا کچھ کٹھور کیکئی	مرم پاچھہ جُن ماہر دیئی
۴	جو انت اس کرتب رہیو	مانگ مانگ تم کہہ بل کہیو
۵	دُوی کہ ہو نہ یک سمے بھوالو	ہنسب ٹھٹھاے بھلاوب گالو
۶	دانی کہاوب اُر کرپنائی	چاہی کشل چھیم رو تائی
۷	چھانڑو بچن کہ دھیرج دھرہو	جن ابلا جسم کارن کرہو
۸	تن تیہ ستنے دھام دھن دھرنی	ستت سندھ کا ترن سم برنی

۱۰- دوہا-
مرم بچن سن راو کہا کچھک دوش نہین تور
لاگیو تجن تو و پشاچ جسم کال کہاوت مور

۱- اب تو راجا مہا بیاکل ہین اور اُنکے سب انگ کیسے ستھل ہو گئے ہین مانو ہتھنی نے

کلب برچھ کو اُکھاڑ ڈالا ہے۔ ۲۔ گلا تو سوکھ گیا ہے مُکھ سے بولا نہین جاتا ہے جیسے پرچھینا بچھاں پانی بنا دکھی ہوتی ہے۔ ۳۔ تسپر بھی کیکئی نے کٹھور ہی بچن کہے جیسے کوئی گھاؤ کو پاچھ کر (چھیل کر کے) زہر بھر دیتا ہی۔ ۴۔ اَنت کو جو تمھارے یہی کرتب تھے تو مانگ مانگتے سمے کسکے بل پر کیا تھا۔ ۵۔ دونون باتین ایک ہی ساتھ ہے راجا کیسے ہو سکتی ہین ٹھٹھا مار کر ہنسنا اور گالون کو پھلانا۔ ۶۔ کنجوسی کرتے ہو اور دانی کہاتے ہو راجا بھی بنا چاہتے ہو اور کشل چھیم بھی چاہتے ہو یہ تو ہو ہی نہین سکتا ہے۔ ۷۔ اِس سے یا تو پیج کو چھوڑ دو نہین تو دھیرج دھرو استری کی طرح کارن کر کر کے مت رُودو۔ ۸۔ جو پرش سچائی کے سمدر ہین اُنکو اپنا شریر استری پُتر گھر دولت زمین تنکے کے برابر کہتے ہین۔ ۱۰۔ ایسے مرم بیدھ کرنے والے بچن سُنکر راجا نے کہا کہ تیرا کچھ بھی دوش نہین ہے یہ تو میرا کال تجکو پریت کی طرح لگا ہے سو ایسا کہلا رہا ہے۔

۱ چھتت نہ بھرت بھوپ پد بھورے بدھ بس کمت بسی ار تورے
۲ سُو سب مور پاپ پرنامو کُچھ ٹھاے بھیے بدھ بامو
۳ سُبس بسے پھر اودھ سُہائی سب گن دھام رام پربھتائی
۴ کرہین بھائے سکل سیوکائی ہوئی تیہوں پُر رام بڑائی
۵ تور کلنک مور پچھتاؤ مُو یہہ نہ مٹے نہ جائی کاؤ
۶ اب توہ نیک لاگ کر سوئی لوچن اوٹ بیٹھ مکھ گوئی
۷ جب لگ جیون کہون کر جوری تب لگ جن کچھ کہس بہوری
۸ پھر پچھتے ہس انت ابھاگی مارس گائے ناہرو لاگی

۱۱۔ دوہا۔ پڑ لورا کہہ کوٹ بدھ کاہے کرس ندان
کپٹ چتر نہین کہت کچھ جاگت منو مسان

۱۔ بھرت تو راج کو سپنے مین بھی نہین چاہتے یہ کمت تو تیرے ہی ہردے مین بدھاتا بائین ہونے سے اُپجی ہے۔ ۲۔ سو یہ سب میرے ہی پاپونکا پھل ہے جب جسکو بدھاتا بائین ہوتا ہی اُسکا کچھ بس نہین چلتا ہے۔ ۳۔ اجودھیا تو کلیش سہکر پھر اچھے باس سے بسے گی اور سب گنون کے ندھان شری رامچندر ہی کا راج ہوگا ۴۔ تینون بھائی تن من دھن سے رامچندر جی کی سوکائی ہی کرینگے اور تینون

لوگ ہین رامچندر ہی کی بڑائی ہوگی۔ ۵- پرنت تیرا یہ کلنک اور میرا پچھتاوا مرنے پر بھی نہ مٹیگا نہ کبھی جائیگا۔ ۶- اب تجکو جو رچے سو کر پرنت مکھ چھپا کر میری آنکھون کی اوٹ ہوکر جا بیٹھ۔ ۷- اب تجھسے ہاتھ جوڑ کر کہتا ہون کہ جب تک مین جیتا رہون تب تک پھر کچھ نہ کہنا۔ ۸- ہے ابھاگنی انت کو تو پھر ایسی پچھتاویگی جیسے کوئی تھوڑے سے چمڑے کی رسی کے لیے گاے کو مار کر پچھتاتا ہے۔ ۱۱- دوہا- اسطرح کروڑ بھانت سے راجا سمجھاے ہارا کہ کیون اپنے گھرانے کا ناش کیے دیتی ہے پرنت کپٹ چتر کیکئی کچھ بھی نہین کہتی ہے مانو مسان جگاتی ہے۔

۱ رام رام رٹ بِکل بھوالا   جُن بِن پنکھ بِہنگ بیہالا
۲ ہردے مناو بھور جن ہوئی   راکھہ جاے کہے جن کوئی
۳ اُدے کرو جن رب رگھ کل گر   اودھ بلوک شول ہوئی ار
۴ بھول پریت کیکئی کٹھنائی   اُبھے اودھ بدھ رچی بنائی
۵ بلپت نرپہ بھیو بھنسارا   بینا بین شنکھ دُھن دوارا
۶ پڑھین بھاٹ گن گاوین گاےک   سُنت نرپہہ لاگین جن سایک
۷ منگل سکل سہاین نہ کیسے   سہہ گامنی بھبھوکھن جیسے
۸ تہہ نِش نیند پری نہین کاہو   رام درش لالسا اُچھاہو

۱۲- دوہا- دوار بھیر سیوک سچو کہین اُدے رب دیکھ
جاگے اجہون نہ اودھ پت کارن کون بشیکھ

۱- اب تو راجا دشرتھ رام رام رٹ رہے ہین جیسے بن پنکھ پنچھی بیاکُل ہوتا ہے ۲- ہردے مین یہ مناتے ہین کہ بھور (صبح) نہو اور کوئی رامچندر سے جاکر نہ کہدے ۳- سورج سے کہتے ہین کہ ہے رگھُکُل گرو آپ اُدے نہون کیون کہ اجودھیا کو دیکھکر آپ کے ہردے مین شول ہوگا۔ ۴- راجا کی پریت تو پریت کی اودھ (حد) اور کیکئی کی کٹھورتا کٹھورتا کی اودھ دونون کو بدھاتا نے بناکر رچی ہین۔ ۵- اس طرح راجا کو بلاپ کرتے کرتے پراتہ کال ہوگیا تب تو دروازے پر بینا بانسری شنکھ بجنے لگے۔ ۶- بھاٹ برداولی پڑھنے لگے گانے والے جس گانے لگے سو سنتے ہی راجا کے ہردے مین بان سے کسکنے لگے۔ ۷- سب منگل آنند راجا کو

کیسے نہین سُہاتے ہین جیسے ساتھ جانے والی ستی کو گہنے (زیور) نہین سُہاتے ہین ۔
۸۔ اُس رات کو شری رامچندر کے درشن کی لالسا کے اُچھاہ مین کسیکو نیند بھی
نہ پڑی ۔ ۱۲۔ دُوہا ۔ دروازے پر راجا کے سیوکون اور منتریون کی بڑی بھیڑ ہو رہی ہی سو سُورج
نکلے ہوئے دیکھکر کہتے ہین کہ آج تو راجا ابھی تک نہین جاگے اِسکا کارن کیا ہے ۔

۱ پچھلے پہر بھوپ نت جاگا   آج ہمین بڑا اچرج لاگا
۲ جاؤ سُمنت جگاوہ جائی   کیجیے کاج رجائیسُ پائی
۳ گے سُمنت نرپ مندر ماہین   دیکھ بھیانک جات ڈراہین
۴ دھاے کھاے جنُ جات نہ ہیرا   انو بپت بکھا دبسیرا
۵ پوچھت کوؤ نہ اتر دیئی   گے جہہ بھوَن بھوپ کیکیئی
۶ دیکھ بھوپ گت گیو سکھائی   کہہ جے جیو بیٹھ شِرنائی
۷ شوک بکل بِبرن مہہ پریو   مانو کمل مول پر ہریو
۸ سچو سبھیت سکے نہین پوچھی   بولی اشبھ بھری شبھ چھوچھی

۱۳۔ دوہا ۔ پری نہ راجہِ نیند نِش ہیت جان جگدیش
رام رام رٹ بھور کیا کہیو نہ مرم مہیش

۱۔ راجا تو رات کے پچھلے پہر نت جاگتے تھے آج ایسے اَوشک کام مین نجاگے ہمکو
بڑا اچرج ہے ۔ ۲ اِس سے ہے سُمنت تُم جاؤ اور راجا کو جگا لاؤ ضروری ۱۲ کہ آگیا مانگ کر
سب کام کیے جاوین ۔ ۳۔ ایسے بچن سب کے سُنکر سُمنت جو زنواس مین گیے تو
طرف بھیانک دیکھکر جاتے ہوئے ڈرنے لگے ۔ ۴ منگل بھون کیسا امنگل ہوگیا
۱۔ بھگوت بُرودھی کیکئی کے پیٹ سے پیدا ایسے شریر پر اُنراگ ہوا تہا نیچ میرے پران بڑے ابھاگی ہیں۔ ۲۔ جو مجھکو شری رام چندر ایسے پیارے کے بچھڑنے میں بھی پران پیارے لگے تو آگے کو میرے دُوش بہت دیکھوگے اور بہت سُنوگے۔ ۳۔ ایک میری ماتا ہی نے شری رام لچھمن سیتا جی کو تو سندر بن دیدیا اور پتا جی کو دیو لوک بھیجکر اُنکا ہت کیا۔ ۴۔ آپ رنڈاپا (بیوہ پن) اور اپجس لیا پرجا کو سُوچ اور دُکھ دیا۔ ۵۔ مجھکو سنسار میں سُکھ اور سُجس دینے والا یہہ راج دیا اِس طرح سب کا کام کیکئی ہی نے بنا دیا۔ ۶۔ اِس سے بڑھکر اور میرا بھلا کیا ہوگا تسپر اب آپ تلک کرنے کو کہتے ہیں۔ ۷۔ سو کیکئی کے پیٹ سے پیدا ہوکر یہہ بھی مجھکو اُنچت نہیں ہے۔ ۸۔ میری سب بات تو بدھاتا ہی نے بنا رکھی ہے تم سب پرجا اور سبھا کے لوگ کیوں سہایتا کرتے ہو۔ ۴۔ جسکو تو گرہ نے تو گھیر لیا ہو اور سنتاپ کے بس ہو رہا ہو اور اُسپر سے بچھو نے کاٹا ہے اُسپر اُسکو جو بارُنی (شراب) پلائی جاے تو کہیے کون سا اُپاے ہے۔

۱	کیکئی سُوَن جوگ جگ جوئی	چتر برنچ کینہہ میں سوئی
۲	دسرتھ تنے رام لکھ بھائی	دینہہ موُنہہ بدھ باد بڑائی
۳	تم سب کہو کڑھاؤں ٹیکا	راے راج سب ہی کا نیکا
۴	اُتر دیوُن کہہ بدھ کہہ کیہی	کہو سکھین جنجھا رچ جیہی
۵	موُنہہ کماتُ سمیت بہائی	کہو کاہ کہہ کینہہ بھلائی
۶	موُنہہ بن کو سچر اچر ماہیں	جیہہ سیہہ رام پران پریہ ناہیں
۷	پرم ہان سب کا بڑ لاہو	ادن موُر نہیں دُوشن کاہو
۸	سنسے سیل پریم بس آہو	سنے اُچت سب جو کچھ کہہ ہو

۵۔ دوہا۔
رام مات سُٹھ سرل چِت موپر پریم بسیکھ
کہین سوبھاو سنیہ بس مور دینتا دیکھ

۱۔ کیکئی کے پتر ہونے کے جوگ جو سنسار بھر کے جیووں میں ہونا چاہیے سو تو پرم چتر بدھاتا نے ڈھونڈھکر مجھی کو کر دیا۔ ۲۔ پرنتُ مہاراج دشرتھ کا پتر اور شری رام چندر کا چھوٹا بھائی ہون یہہ بڑائی مجھکو برہما جی نے بر بتھا ہی دی ہی۔ ۳۔ اب تم سب لوگ راج تلک کرنے کو کہتے ہو سو راجا ہونا تو سب ہی کو اچھا لگتا ہی۔ ۴۔ جواب کس کسکو کون کون طرح سے دون اس سے سنگھ سے جسکی جیسی رچ ہو سو تیسی کہی جاے ۵۔ کما تا سمیت ایک مجھکو چھوڑکر کہو کسکے ساتھ کسنے بھلائی کی ہی۔ ۶۔ اور میرے سواے چراچر جیووں میں ایسا کون ہی جسکو شری سیتارام پران کے سمان پیارے نہوں۔ ۷۔ میری پرم ہان اور تم سبکو بڑی لابھ دکھ پڑتی ہی یہہ سب میرے ادن ہین کسی کا کچھ دوش نہین ہی۔ ۸۔ تم سب سنشے اور میرے پریم کے بس ہو اس سے جو کچھ تم کہتے ہو سو سب سبکو اچت ہی ہی۔ ۵۔ دوہا۔ شری رام چندر جی کی ماتا بھی بہت ہی سہج سوبھاو ہین اور مجھپر شری رام چندر جی سے بھی بڑھکر انکو پریم ہی اس سے اپنے سوبھاو کے پریم کے بس ہوکر میری دینتا دیکھکر سب کی مت کے انسار کہتی ہین۔

۱	گرُ بِبیک ساگر جگ جانا	جنھین بشو کر بدر سمانا
۲	موکا تِلک ساج سج سوؤ	بھا بدھ بمکھ بمکھ سب کوؤ
۳	بہ پر رام سیا جگ ناہین	کوو نہ کہے مور مت ناہین
۴	سو مین سنب سہب سکھ مانی	انتہ کیچ جہان جہان پانی
۵	ڈر نہ موہ نہ جگت کہے کہ پوچو	پر لوکو کر ناہن سنو جو
۶	ایکے بڑا ادُسہ دواری	موہ لگ بھے سیہ رام دکھاری
۷	جیون لاہ لکھن بھل پاوا	سب تج رام چرن من لاوا
۸	مور جنم رگھبیر بن لاگی	جھوٹھ کاہ پچھتاو ن اجاگی

۶۔ دوہا۔
آپن دارن دینتا سبے کہون سمجھاے
دیکھے بن رگھبیر پد جیہ کی جرن نہ جاے

۱۔ گرو ہمارے ببیک بچار کے ساگر ہین سب سنسار جانتا ہی کہ وہ تمام دنیا کو پرتچھ ہی

ایسا دیکھ رہے ہین جیسے کوئی بشر پھل کو ہاتھ پر رکھے ہوئے دیکھتا ہو۔ ۲۔ سو بھی مجھی کو تلک کا ساج سج رہے ہین تو مین جانتا ہون کہ جو مجھسے بدھاتا پھرا ہے اس سے سب کوئی پھرا ہے۔ ۳۔ مین جان گیا کہ سوائے شری رام سیتا کے اور کوئی نہ کہیگا کہ مجھکو یہہ اُچیت نہین ہے۔ ۴۔ سو مین سب کا سُکھ مانکر سب سُنونگا اور سب سہونگا کیونکہ جہان پانی ہوگا وہان ہی اَنت کو کیچڑ ہوگا۔ ۵۔ اِسکا مجھکو ڈر نہین ہے کہ سنسار مجھکو برا کہیگا اور پرلوک کا بھی مجھکو کچھ سوچ نہین ہے۔ ۶۔ میرے ہردے مین ایک ہی بڑی آگ جلتی ہے کہ میرے ہی واسطے شری سیتا رام دُکھی ہوئے۔ ۷۔ جنیے کا لابھ تو لچھمن جی نے اچھا پایا کہ سب کو چھوڑکر شری رام چندر کے چرنون مین من لگایا۔ ۸۔ میرا جنم تو کیول شری رام چندر کو بن باس دینے ہی کے واسطے ہوا ہی پھر میرا پچھتانا جھوٹھا ہی ہے۔ ۹۔ دوہا اِس سے اپنی دارن دینتا (سخت عاجزی) سب سمجھا کر کہتا ہون کہ بنا شری رام چندر جی کے چرن دیکھے میرے جی کی جرن کبھی نہ جاے گی۔

۱	ان اُپائے موہہ نہین سوجھا	کو جیہ کی رگھبیر بن بوجھا
۲	ایکے انک یہی من ماہین	پراتہ کال چل ہون پربھ پاہین
۳	جدپ مین انبھل اپرادھی	بھئی موہ کارن سکل اُپادھی
۴	تدپ شرن سنمکھ موہہ دیکھی	سب چھم کر ہین کرپا بشیکھی
۵	شیل سکچ سُٹھ سرل سوبھاؤ	کرپا سنیہہ سدن رگھوراؤ
۶	ارہک ان ہت کینہہ نہ راما	مین سسُ سیوک جدپ باما
۷	تم پے پانچ مور بھل مانی	آئیس اشش دیو سبانی
۸	جہہ سُن بنے مور جن جانی	آوین بہر رام رجدھانی

۷۔ دوہا۔
جدپ جنم کمات تے مین سُٹھ سدا اسدوش
آپن جان نہ تیاگ ہین موہہ رگھبیر بھروس

۱۔ شری سیتا رام کے چرنون کو چھوڑکر اور اُپائے تو مجھکو سوجھتا ہی نہین ہے کیونکہ انکے سوا میرے ہردے کے دُکھ کو اور کون جانتا ہے۔ ۲۔ اِس سے میرے من مین تو ایک انک یہی بسا ہے کہ پراتہ کال ہوتے ہی اپنے سوامی شری رام چندر جی کے پاس جاونگا۔ ۳۔ جدپ مین بڑا کھوٹا اور مہا اپرادھی ہون کہ یہہ سب اُپادھ میرے ہی سبب سے ہوئی ہے

۴ ۔ پرنتُ مجھکو شرن آیا ہوا دیکھکر پرم کرپال سوامی اِن سب اپرادھون کو چھما کرکے میرے اوپر وشیکھ کرپا ہی کرینگے ۔ ۵ ۔ کیونکہ انکا سُشیل سنکوچی اَت سرل تو سوبھاو ہی ہے اور کرپا اور سنیہہ کے تو استھان ہی ہین ۔ ۶ ۔ بیریون کا بھی تو شری رام چندر جی نے کبھی برا نہین کہا مین تو انکا اَبوجھ شیوک ہی ہون جدپ پرتکول (برخلاف) ہی چلا آیا ہون ۔ ۷ ۔ پرنتُ تم سب سبھا کے لوگو میرا بھلا جانکر مجھکو شری رامچندر جی کے پاس جانے کی پرسن من سے آگیا اور آشیش تو دیو ۔ ۸ ۔ جس سے میری بنتی کو سُنکر اور مجھکو اپنا شیوک جانکر شری رامچندر سوامی اپنی راجدھانی اجودھیا کو پھر آوین ۔ ۷ ۔ دوہا ۔ جدپ میرا جنم کماتا ہی سے ہے اور مین بھی سدا سے دوش سہت ہون پرنتُ مجھکو کھرا کھوٹا اپنا ہی جانکر نہین تیاگین گے یہہ مجھکو شری رام چندر جی کا بھروسا ہی ہے یہہ کہکر بھرت جی پریم مین مگن ہوگئے ۔

۱ بھرت بچن سب کا پریہ لاگے رام سنیہہ سُدھان جنُ پاگے
۲ لوگ بیوگ بِکھم بِکھ داگے منتر سبیج سُنت جنُ جاگے
۳ ماتُ سچو گُر پُر نر ناری سکل سنیہہ بِکل بھئے بھاری
۴ بھرتہ کہین سراہِ سراہی رام پریم مورت تن آہی
۵ تات بھرت اَس کاہے نہ کہیو پران سمان رام پریہ اَہہو
۶ جو پامر اپن جڑتا ئی + تمہیں سُگائے مات کُٹلائی
۷ سو سٹھ کوٹک پُرش سمیتا بسَے کلپ شت نرک نِکیتا
۸ اَہ اَگھ اَوگُن من نہین گہئی ہرے گرل دُکھ دارِد دہئی

۸ ۔ دوہا ۔ اَودھ چلیے بن رام جہان بھرت منتر بھل کینہہ
شوک سِندھ بُوڑت سبہے تم اولمبن کینہہ

۱ ۔ شری رام چندر کے سنیہہ کے امرت پاگے ہوئے مدھر بچن بھرت جی کے سب کو بہت ہی پیارے لگے ۔ ۲ ۔ سب لوگ شری رام چندر کے بچھڑنے کے کٹھن بکھ سے اچیت ہو رہے تھے سو سب ایسے سچیت ہوگئے جیسے سبیج گارڑو منترون کو سُنتے ہی بکھ کے مارے ہوئے جاگ اُٹھے ۔ ۳ ۔ ماتا منتری وشِشٹھ اور سب پرباسی بھرت جی کے سنیہہ مین بیاکل ہوگئے ۔ ۴ ۔ بھرت جی کو سراہ سراہ کر کہنے لگے کہ بھرت جی تو شری رام چندر جی کا پریم ہی مورت ونت تن دھرے ہین ایسے سراہ کر بولے کہ ۵ ۔ ہے تات

بھرت تم ایسے کیون نہ کہو تم تو شری رام چندر جی کو پران کے سمان پیارے ہو ۶ وے جو ادھم اپنی جڑتا سے ماتا کی کٹلتا تمکو لگاوے سو سٹھ منڈ اپنی کوٹ پیڑھیون (کرور پشت) سمیت اپنا گھر نرک مین سو کلپ تک بناوے ۔ ۸ ۔ سانپ کے پاپ اور اُسکے اوگنون کو سانپ کی من نہین لیتی ہے بلکہ سانپ کے کاٹے ہوئے زہر کو اور دُکھ درّد کو دور کر دیتی ہے

۸ ۔ دوہا ۔ اِس سے آپ ضرور بن کو چلیے جہان شری رامچندر رہین یہہ تو آپنے بہت اچھی صلاح کی اور دُکھ ساگر مین ڈوبتے ہوئے ہم لوگون کو آپ نے بڑا ہی سہارا دیدیا ۔

۱ بھا سب کے من مُود نہ تھورا جن گھن دھن سُن چاتک مورا
۲ چلت پرات لکھ نرنے نیکے بھرت پران پریہ بھے سب ہی کے
۳ مُنہہ بند بھرتہہ سر نائی چلے سکل گھر بدا کرائی
۴ دھن بھرت جیون جگ ماہین سیل سنیہہ سراہت جاہین
۵ کہین پرسپر بھا بڑ کاجو سکل چلن کر ساجین ساجو
۶ جہہ راکھین گھر کی رکھواری سو جانے جن گردن ماری
۷ کوءُ کہا رہن کہیے نہین کاہو کو نہ چہے جگ جیون لاہو
۸ کہہ نہ بھاوسیہ لچھمن رامو سب کا پریہ ہیہ سد اسکامو

۹ ۔ دوہا ۔ جرو سو سمپت سدن سُکھ سُہرد مات پت بھائے
سنمکھ ہوت جو رام پد کرین نہ سہج سہائے

۱ ۔ بھرت جی کے بچن سُنتے ہی سبکے من مین ایسا بڑا آنند ہوا جیسے میگھ کی دھن سُنکر پپیہا اور مور کو آنند ہوتا ہے ۔ ۲ ۔ پراتہ کال شری رامچندر جی کے پاس چلین گے یہہ نرنی اچھی طرح دیکھکر بھرت جی سبکے پران کے پیارے ہوگئے ۔ ۳ ۔ بششٹھ منی کو ڈنڈوت کرکے اور بھرت جی کو سر نوا کر بدا مانگ کر اپنے اپنے گھرون کو چلے ۔ ۴ ۔ بھرت جی کا جینا جگت مین دھنّ ہے ایسے اُنکے سیل اور سنیہہ کو سراہتے جاتے ہین ۔ ۵ ۔ آپسمین کہتے جاتے ہین کہ یہہ تو بڑا ہی کام ہوا اپنے اپنے گھر جاکر سب چلنے کا ساج سجنے لگے ۔ ۶ ۔ جسکو گھر کی رکھواری کے لیے رکھتے ہین سو جانتا ہے کہ مانو میری گردن مارتے ہین ۔ ۷ ۔ کوئی کہتا ہے کہ رہنے کو کسی کو مت کہو اپنے اپنے جینے کا لابھ کون نہین چاہتا ہے ۔ ۸ ۔ شری سیتا رام لچھمن جی کسکو نہین بھاتے ہین کسکو پیارے نہین ہین کسکے ہردے مین

اُنکے ملنے کی کامنا نہین ہے ارتھات سب کے پیارے اور سب کا ہردے اُنکے ملنے کو سکام ہے- ۹- دوہا- وہ سمپت اور وہ گھر کے سب سکھ جر جاین اور وے سہرد (دلی دوست عزیز) اور وہی ماتا پتا بھائی سب جر جائین جو بھگوت چرنار بندون کے سامنے ہوتے ہین سہایتا (مدد) نہ کرین بلکہ برودھی ہون (یعنی مخل ہون)-

۱ گھر گھر ساجہِں باہن نانا ہرکھین ہردسے پربھات پیانا
۲ بھرت جاے گھر کینھہ بچارو نگر باج گج بھون بھنڈارو
۳ سمپت سب رگھُپت کی آہی جوبن جتن چلون تج تاہی
۴ تو پرنام نہ مور بھلائی پاپی شرومن سائین دہائی
۵ کرے سوامی ہت سیوک سوئی دوشن کوٹ دیہہ کن کوئی
۶ اس بچار شچ سیوک بولے جے سپنیو نج دھرم نہ ڈولے
۷ کہہ سب مرم دھرم سب بھاکھا جو جیہہ لایک سو تہان راکھا
۸ کرسب جتن راکھ رکھوارے رام مات پہان بھرت سدھارے

۱۰- دوہا- آرت جننی جان سب بھرت سنیہہ سجان
کہیو سجاون پالکی سکھد سکھاسن یان

۱- پھر تو اجودھیا مین بھانت بھانت کے باہن (سواری) سب لوگ سجنے لگے اور سب اپنے اپنے ہردے مین پرسن ہوئے کہ پراتہ کال جانا ہوگا- ۲ و ۳ و ۴- بھرت جی نے گھر جاکر بچار کیا کہ یہہ جو نگر اور ہاتھی گھوڑے دھن دھام ہین سو سب شری رامچندر جی کی سمپت ہین جو مین انکا جتن کیے بنا چلا جاؤن تو انت کو میری بھلائی نہوگی بلکہ پاپیون کا شیرومن ہی ہونگا- ۵- کیونکہ سیوک تو وہی ہوتا ہے جو سدا سوامی کا بھلا کرے چاہے کوئی اُسکو کروڑون دوش کیون نہ دے- ۶- ایسا بچار کر بھرت جی نے اُتم پوتر سیوک بلاکے جو سپنے مین بھی اپنے دھرم سے نہین ڈگتے ہین- ۷- اُنسے سب بھید اور سب دھرم کہہ سنایا اور جو جس جوگ تھا اُسکو وہان نیت (مقرر) کردیا- ۸- اِس کارج سب جتن کرکے اور جہان تہان رکھوارے رکھکر شری رامچندر کی ماتا کے پاس بھرت جی گئے- ۱۰- دوہا- تہان سب ماتاؤن کو دُکھی جانکر بھرت جی جو اسنیہہ مین بڑے چتر ہین پالکی اور سکھپال کو جلدی سے سجنے کو کہا-

۱	چک چکئی جسم پُر نَر ناری	چہت پراتِ اُر آرت بھاری
۲	جاگت سب نِش بھیو بہانا	بھرت بُلائے سچو سُجانا
۳	کہیو لیہو سب تلک سماجو	بن ہی دیب مُن رامہہ راجو
۴	بیگ چلو سُن سچو جہارے	تُرت تُرنگ رتھ ناگ سنبھارے
۵	اُرُندھتی اُر اگن سماجو	رتھ چڑھ چلے پرتھم مُن راجو
۶	بپر برند چڑھ باہن نانا	چلے سکل تپ تیج ندھانا
۷	نگر لوگ شج سَج بج یانا	چترکوٹ کا کینہہ پیانا
۸	شبِکا سُبھگ نہ جاہیں بکھانی	چڑھ چڑھ چلت بھئیں سب رانی

۱۱- دوہا-	سونپ نگر شچ سیوکن سادر سبئے چلاے سُمر رام سیہ چرن تب چلے بھرت دوؤ بھاے

۱- چکوائی کی طرح نگر کے سب نر ناری بہت دکھی ہوکر پراتہ کال ہونا چاہتے ہیں۔ ۲- سب کو سب رات جاگتے ہی بھور ہوگیا تب تو بھرت جی نے چتر منتریوں کو بلا کر کہا کہ ۳- تلک کا سب ساج ساتھ ہی لیتے چلو مُن مہاراج شری رام چندر جی کو بن ہی میں راج دینگے۔ ۴- یہ سنکر منتریوں نے جہار کیا اور ترنت ہی ہاتھی گھوڑے رتھ سب سجوائے۔ ۵- ارندھتی اور اگنی اپنی دونوں استریوں کے سماج سمیت رتھ پر چڑھکر مُن راج وششٹھ سب سے پہلے چلے۔ ۶- انکے پیچھے براہمنوں کے جھنڈ سواریوں پر چڑھ چڑھکر تپ اور تیج کے ندھان چلے۔ ۷- تنکے پیچھے نگر کے لوگ اپنی اپنی سواریوں پر چڑھ چڑھکر چترکوٹ کو چلے ۸- پھر سُندر پالکیوں پر چڑھ چڑھکر سب رانیاں چلیں۔ ۱۱- دوہا- سبکے پیچھے سب نگر سیوکوں کو سونپ کر اور آدر سمیت سبکو چلا کر اور منگل مول سری سیتا رام کے چرن کمل کو سمر کر بھرت جی دونوں بھائی چترکوٹ کو چلے۔

۱	رام درس ہت نر اُر ناری	جن کر کرن چلے تک باری
۲	بن سیہ رام سمجھ من ماہیں	سانج بھرت پیادہ جاہیں
۳	دیکھ سنیہہ لوگ انراگے	اُتر چلے رتھ ہے گج تیاگے
۴	جاے سمیپ راکھ نج ڈولی	رام مات مرد بانی بولی +
۵	تات چڑھو رتھ بل مہتاری	ہوئی پریہ پروار دُکھاری

۶	تھصین چلت چلَ ہیَن سب لوگو		سکل شوک کرہش نہین مگ جوگو	
۷	شِردھرتجن چرن سرنائی		رتھ چڑھ چلت بھئے دوؤ بھائی	
۸	تمسا پرتھم دوس کر باسو		دوسر گومتی تیر نواسو	

۱۲- دوہا-	پئے آہار پھل اسن اک نِس بھوجن اک لوگ کرت رام ہت نیم برت پرہر بھوگن بھوگ	

۱- شری رامچندر جی کے درشن کی لالسا سے نرناری کیسے جلدی چلے جاتے ہین جیسے پیاسے ہاتھی اور ہتھنی پانی کو دیکھکر دوڑتے ہین - ۲- بھرت جی شری سیتا رام لچھمن کو بن مین جانکر بھائی شترہن سمیت پیدل ہی جاتے ہین - ۳- بھرت جی کا ایسا پریم دیکھکر سب لوگ پریم مین مگن ہوکر اپنے اپنے ہاتھی رتھ گھوڑے چھوڑکر سب اُتر کر پیدل ہی چلے - ۴- تب توکوشلیا جی بھرت جی کے پاس اپنی پالکی رکھوا کر یہہ بچن بولین کہ - ۵- ہے تات مین بل جاؤن تم رتھ پر چڑھکر چلو دیکھو یہہ سب پروار دُکھی ہو جاویگا - ۶- تمکو پیدل چلتے دیکھکر سب لوگ پیدل ہی چلین گے سب دُکھ کے مارے نربل ہو رہے ہین کوئی راہ چلنے کے جوگ نہین ہین - ۷- تب توکوشلیا جی کی آگیا ماتھے پر دھرکر اور اُنکے چرنون کو سر نواکر دونون بھائی رتھ پر چڑھکر چلتے بھئے - ۸- پہلا باس (مقام) توتمسا ندی کے تیر اور دوسرا گومتی کے کنارے ہوا - ۱۲- دوہا- کوئی تو دودھ ہی پیتا ہے اور کوئی پھل ہی کھاکر رہ جاتا ہے کوئی رات ہی کو بھوجن کرتا ہے اِس پرکار سب پُرباسی شری رام چندر کے درشن کے لیے سب بھوگن اور بھوجن چھوڑ کر نیم برت کرتے ہین -

۱	سئی تیر بس چلے بہانے		شرنگ بیر پر سب نیرانے	
۲	سماچار سب سُنے نشادا		ہردے بچار کرے سبکھادا	
۳	کارن کون بھرت بن جاہین		ہے کچھ کپٹ بھاؤ من ماہین	
۴	جو پے جیہ نہوت کٹلائی		تو کت لینہ سنگ کٹکائی	
۵	جانہین سانج رامہہ ماری		کرون اکنٹک راج سکھاری	
۶	بھرت نہ راج نیت اُر آنی		تب کلنک اب جیون ہانی	
۷	سکل سُراسُر جُرہین جُجھارا		رامہہ سمر نہ جیتن ہارا	
۸	کا آشچرج بھرت اس کرہین		نہین بکھ بیل امی پھل پھرہین	

۱۳- دوہا-	اُس بچار گُہہ گیات سن کہیو سجگ سب ہوہ ہاتھ وانسو بورہو ترن کیجے گھاٹا روہ

اسی ندی کے تیر تیسرے دن لبن کر چوتھے دن شرنگ بیر پر پہونچے ۔ ۲- جب نکھاد راج نے یہہ سماچار سُنا تب تو اپنے من مین دُکھی ہو کر بچار کرنے لگا کہ ۳- بھرت جی بن کو کس کارن جاتے ہین انکے من مین کچھ کپٹ ضرور ہی ۔ ۴- جو انکے من مین کپٹ نہوتا تو اپنے ساتھ سینا (فوج) کیون لائے ہین ۔ ۵- بھرت یہہ جانتے ہین کہ جب مین شری رامچندر جی کو لچھمن جی سمیت مار ڈالونگا تب بے کھٹکے ہو کر سکھ سے راج کرونگا ۔ ۶- بھرت جی نے راج نیت نہین بچاری تب تو کیول کلنک ہی تھا اب پران بھی جانیگے ۔ ۷- کیونکہ جو دیوتا راچھس بڑے بڑے جُجھار بھی سب اکٹھے ہو جاوین تو بھی شری رامچندر جی کو سنگرام مین نہین جیت سکتے سکتے ہین ۔ ۸- کون اچرج ہی جو بھرت جی ایسا کرین کیونکہ بکھ کی بیل سے امرت کے پھل نہین پھلتے ہین ۔ ۱۳- دوہا- نکھاد راج نے ایسا بچار کر اپنی ذات والون سے کہا کہ ہوشیار ہو جاؤ ہتھوانسون سمیت ناوین ڈبو دیو اور گھاٹ روک لیو کوئی پار نہ اُترنے پاوے

۱	ہوہو سنجگ بل روکو گھاٹا	ٹھاٹھو سکل مرن کر ٹھاٹھا
۲	سنمکھ لوہ بھرت سن لیہو	جیت نہ سرسر اُترن دیہو
۳	سمر مرن پن سرسر تیرا	رام کاج چھن بھنگ شریرا
۴	بھرت بھاے نرپ مین جن نیچو	بڑے بھاگ اس پائیے میچو
۵	سوامی کاج کرہون رن راری	جس دھول ہون بھون دش چاری
۶	تجون پران رگھناتھ نہورے	دوہو ہاتھ مد مودک مورے
۷	سادھ سماج نہ جاکر لیکھا	رام بھگت مان جاس نہ ریکھا
۸	جاے جیت جگ سو مہہ بھارو	جننی جوبن بٹپ کٹھارو

۱۴- دوہا-	بگت بکھاد نکھاد پت سبے بڑھاے اُچھاہ سمر رام مانگیو ترت ترکش دھنکھ سناہ

۱- ساودھان ہو کر سب ملکر گھاٹ کو روکو اور مرنے کا ٹھاٹھ ٹھاٹھو ۔ ۲- بھرت جی کے ساتھ سامنے ہتھیار کرو اور جیتے جی گنگا پار نہ اُترنے دو ۔ ۳- بچار کر دیکھو کہ لڑائی کے میدان مین تو مرنا ہی پھر شری گنگا جی کا کنارہ ہی اور شری رامچندر اسے سوامی کا کام ہی یہہ شریر

چھن بھر مین مٹ جاتا ہی ارتھات ایکدن مرنا سبکو ہی۔ بھرت جی تو راجا و شری رام چندر جی کے چھوٹے بھائی ہین اور مین شری رام چندر جی کا نیچ سیوک ہون بڑے بھاگ سے ایسی موت ملتی ہی۔ ۵۔ اِس سے مین تو اپنے سوامی شری رامچندر کے کارج کے لیے لڑونگا اور چودہو لوگ مین اُجل جس پاؤنگا۔ ۶۔ شری رامچندر جی کے ہیت جو مارا جاؤن گا اُبھوا رام پرتاب سے بجے (فتح) پاؤنگا تو دونون پرکار سے میرے اِس ہاتھ مین بھی آنند کے لڈو ہین اور اُس ہاتھ مین بھی آنند کے لڈو ہین رے۔ کیونکہ سادھ سماج مین جسکی گنتی نہین ارتھات رام بھگت مین جسکی ریکھا نہین ہی۔ ۸۔ سو تو برتھا ہی جیتا ہے کیول پرتھوی کا بوجھ ہی ہی یا اپنی ماتا کے جوبن روپی برچھ کی کلھاڑی ہی۔ ۱۴ ا دوہا۔ اِس پرکار آنند سمیت نکھادراج نے سب کا حوصلہ بڑھا کر اور ہردے مین شری رامچندر جی کو سمر کر اپنا ترکش اور دھنکھ اور کوچ (زرہ) مانگا۔

۱ بیگہہ بھاے سنجوو سن رچاے کدرا ونہ گوو
۲ بھلے ناتھ سب کہین سہرکھا ایکے ایک بڑھاوین کرکھا
۳ چلیو نکھاد جہار جہاری شور سکل رن رچی سراری
۴ سمر رام پد پنکج پنہی بھاتھے باندھ چڑھاوین دھنوی
۵ انگری پہر کونڈی سر دھرہین بھر سیا النس سیل سم کرہین
۶ ایک کشل ات اوڈن کھانڈے کودین گگن منو چھیت چھانڈے
۷ نج نج ساج سماج بنائی گہر اوتے جہارین آئی
۸ دیکھ سبھٹ سب لایک جانے لے لے نام سکل سنمانے

۱۵۔ دوہا۔
بھائی لاوُ دھوکھ جن آج کاج بڑ موہ
سن سروش بولے سبھٹ بیر ادھیر نموہ

۱۔ ہے بھائیو تم سب جلد ہی لڑائی کا سامان کرو اور میری یہ آگیا سنکر کوئی مت ڈرو۔ ۲۔ یہ سنکر سب آنند سے کہنے لگے کہ ہے ناتھ بھلا اور آپس مین ایک ایک کو بیر بڑھانے لگے۔ ۳۔ سب نکھاد لوگ نکھادراج کو جہار جہار کر اپنے اپنے گھرون کو چلے بڑے بڑے شور بیر جنکو رن مین لڑائی ہی رچتی ہی۔ ۴۔ ہردے مین شری رام چندر کے چرنون کی جوتیون کو سمر کر اپنے اپنے ترکشون کو باندھکر دھنکھ کو چڑھاتے ہین۔ ۵۔ کوچ پہن کر لوہے کے ٹوپ

سر پر رکھتے ہین بھر سے بانس کے ٹیلون کو برابر کرتے ہین -٦- جو لوگ پٹہ بازی ہین بڑے چالاک ہین وہ ایسے کودتے ہین جیسے زمین کو چھوڑے ہوئے ہین ٧- اس پرکار اپنا اپنا ساج سماج بنا کر نکھاد راج کو جا کر جہارتے ہین -٨- نکھاد راج نے سبکو دیکھکر سمرتھ جانا اور ایک ایک کا نام لے لیکر آدر کیا اور کہا کہ ١٥- دوہا ہے بھائیو آج یہ میرا بڑا کام ہی کوئی دھوکھا نہ دینا یہ سنکر ہر لوگ بڑے گروہ سے بولے کہ ہے ناتھ ادھیر (بے استقلال) نہ ہوجیے-

١ رام پرتاپ ناتھ بل تورے — کرہین کٹک بن بھٹ بن تھورے
٢ جیت پانو نہین پاچھے دھرہین — رنڈ منڈ مے میدن کرہین
٣ دیکھ نکھاد ناتھ بھل ٹولو — کہیو بجاو جھجھاو ڈھولو
٤ اتنا کہت چھینک بھئی باہئے — کہیو شگنین کھیت سہائے
٥ بوڑھ ایک کہا شگن بچاری — بھرتہہ ملیے نہوئی راری
٦ رامہہ بھرت مناون جاہین — شگن کہے اس بگرہ ناہین
٧ سن گہہ کہا نیک کہا بوڑھا — سہسا کر پچھتاہین بموڑھا
٨ بھرت سوبھاو سیل بن بوجھے — اڑ ہت ہان جان بن جوجھے

١٦- دوہا- گہو گھاٹ بھٹ سمٹ سب لیون مرم مین جاے
بوجھ متر ار مدھ گت تب تس کرب آیاے

١- شری رام چندر کے پرتاب سے اور ہے ناتھ آپکے بل سے ہم سب لوگ بھرت جی کی فوج کو بے پہلوان اور بے سواری کے کردینگے -٢- جیتے جی تو پانون پیچھے رکھتے ہی کے نہین اور رنڈ منڈون سے پرتھوی کو بھر دینگے -٣- نکھاد راج نے انکا بہت اچھا یوتھ (گروہ) دیکھکر کہا کہ ہان جھجھاو ڈھول بجے -٤- اتنا کہتے ہی بائین طرف چھینک ہوئی سو سنکر شگن بچارنے والون نے کہا کہ یہ چھینک تو اچھے استھان پر ہوئی ہے -٥- ایک بوڑھے نے سگن بچار کر کہا کہ بھرت جی سے ملنا اچت ہی لڑائی نہوگی -٦- ایسا جان پڑتا ہے کہ بھرت جی شری رام چندر جی کے منانے کو جاتے ہین سگن کہتا ہے کہ لڑائی نہوگی ٧- یہ سنکر نکھاد راج نے کہا کہ یہ بوڑھا اچھا کہتا ہے کہ موڑھ لوگ جلدی کر کے نیچھے پچھتاتے ہین -٨- بھرت جی کا شیل سوبھاو سمجھے بنا لڑنا مرنا بڑی ہت کی ہان ہی

۱۶۔ دوہا۔ اِس سے تم سب تو جاکر گھاٹ کو رُوکو اور مین جاکر بھرت جی کا بھید لیتاہون انکا شتر مِتر مدھ بھاو سمجھکر تب تیسا اُپاے کرونگا یعنی دُشمنی اور دوستی اور برابری حالت دیکھکر ویسی تدبیر کرونگا۔

۱	لکھب سنیہہ سُوبھاو سُہائے	بیر پریت نہین دُرت دُرائے
۲	اَس کہہ بھینٹ سنجوون لاگے	کند مُول پھل کھگ مرگ مانگے
۳	مین پین پاٹھین پُرانے	بھر بھر بھار کہارن آنے
۴	منگل ساج سجے ملن سدھائے	منگل مُول شگون شبھ پائے
۵	دیکھ دُورتے کہہ نج ناموُ	کینہہ منیشے ڈنڈ پرناموُ
۶	جان رام پریہ دینہہ اشیشا	بھرتہہ کہیو بجھاے منیشا
۷	رام سکھا سُن سیندن تیاگا	چلے اُتر اُمگت انُراگا
۸	گانون جات گہہ نام سنائی	کینہہ جہار ماتھہ مہہ لائی

۱۷۔ دوہا۔
کرت ڈنڈوت دیکھ تہہ بھرت لینہہ اُر لاے
منوُ لکھمن سن بھینٹ بھئی پریم نہ ہردے سماے

۱۔ بھرت جی کے اسنیہہ کو اُنکے سُندر سوبھاو ہی سے دیکھ لُونگا کیونکہ بیر اور پریت (دشمنی و محبت) چھپانے سے نہین چھپتی ہی۔ ۲۔ ایسے کہکر بھینٹ کا سب سامان اکٹھا کرنے لگے کند مُول اور بھانت بھانت کے پھل اور کھیلنے کے لائق ہرن اور پنچھی منگائے ۳۔ بہت موٹی موٹی مچھلیان اور پُرانے پڑھن بھار بھر بھر کر کہار لوگ لے آئے۔ ۴۔ سب ساج سجکر جو ملنے کو چلے تو آنند کے مُول سگن ہونے لگے۔ ۵۔ سب سے آگے بششٹھ مُن کو دیکھکر دُور ہی سے اپنا نام لیکر اُنکو ڈنڈوت پرنام کیا۔ ۶۔ بششٹھ مُن نے اُسکو شری رام چندر کا پیارا سکھا جانکر اشیرباد دیا اور بھرت جی سے سب حال سمجھا کر کہدیا۔ ۷۔ بھرت جی نے اُسکو شری رام چندر کا سکھا سُنتے ہی رتھ چھوڑ دیا اور بڑے پریم کی اُمنگ سے اُتر کر اُسکو ملنے کو چلے۔ ۸۔ تب نکھاد راج نے اپنا گانون اور ذات اور گُہ نام کہکر بھرت جی کو جہار کیا۔ ۱۷۔ دوہا۔ بھرت جی نے اُسکو پرنام کرتے ہوئے دیکھکر دوڑ کر ہردے سے لگا لیا مانو لچھمن جی ہی سے بھینٹ ہوئی ایسا پریم بڑھا کہ جو ہردے مین سماتا ہی نہین۔

۱ بھینٹت بھرت تاہ اَت پرِیتی — لوگ سِہاہین پریم کی رِیتی +
۲ دَھنّ دھنّ دُھن مَنگل مُولا — سُر سَراہہ تِنہ برکھین پھُولا
۳ لُوک بید سب بھانتہ نیچا — جاس چھانہ چھُوہی لیئی سِینچا
۴ تِنہ بھرِ آنک رام لگھو بھرانا — مِلت پُلک پرپُورت گاتا +
۵ رام رام کہہ جے جمُہاہین — تِنھین نہ پاپ پنج سمُہاہین
۶ یہہ تو رام لائے اُر لینھا — کُل سمیت جگ پاون کینھا
کرم ناس جل سُرسَر پرئی — تِہہ کو کہو سیس نہین دھرئی
اُلٹا نام جپت جگ جانا — بالمیک بھئے برہم سمانا

۱۸- دوہا-
سوپچ سَور کھس جون جڑ پامر کول کرات
رام کہت پاون پرم ہوت بھون بکھیات

۱- بھرت جی تو اُسکو بڑی پریت سے ملتے ہین اور سب لوگ پریم کی رِیت کو دیکھکر سِہاتے ہین - ۲- دیوتا لوگ اُسکو دیکھکر سَراہ کر پھول برساتے ہین اور آنند مول دھن دھن کی دُھن کرتے ہین اور کہتے ہین کہ - ۳- یہہ تو لوک اور بید مین سب پرکار سے ایسا اشدہ اور نیچ ہی کہ جسکی چھایا (پرچھاہین) کو بھی چھو کر اسنان کر لینا چاہیے - ۴- اُسکو شری رام چندر بھائی بھرت جی ایسے پریم سے ملتے ہین کہ پُلکاولی (شگفتگی) سے جنکا انگ پرپورت ہو رہا ہی - ۵ و ۶ - کوئی دیوتا کہتے ہین کہ یہہ تو پرم پوتر ہی کیونکر جو کوئی رام رام کہکر جمہاتا بھی ہی اسکے سامنے پاپون کے ڈھیر نہین آتے ہین اِسکو تو شری رام چندر جی نے آپ اُٹھاکر اپنے انگ سے لگایا ہی اور کُل سمیت جگ پاون کیا ہی - ۷- کرم ناشا ندی کا بھی جل جب شری گنگا جی مین پہنچتا ہی تو اُسکو کون سِر پر نہین دھرتا ہی - ۸- سنسار جانتا ہی کہ بالمیک رکھ رام کا نام اُلٹا ہی جپ کر برہما جی کے سمان بید بکتا ہو گئے ارتھات جیسے بید کے کہنے والے برہما جی ہین تیسے ہی ساکشات بید اوتار راماین کے بکتا بالمیک جی ہین -

اشلوک श्लोक. ॥ वेद वेद्ये परे पुंसि ज्ञाते दशरथात्मजे । वेद:प्राचे.
तमः दासी त्साक्षाद्रामायणात्मक:

۱۸- دوہا - جو مہا اشُدھ ڈُوم اور شوپچ (یعنی بڑیا اور نٹ وغیرہ) اور کھسیے (پہاڑی لوگ) اور جون (ملیچھ) اور نیچ ذات کول کرات (جنگلی لوگ) ہین سو بھی رام نام بھون بکھیات سے

پوتر ہو جاتے ہین جیسا کہ اشلوک سے ثابت ہوتا۔ اشلوک۔

किरातहूरणांध्रि पुलिन्द पुल्कशा आभीरकंकायवनाश्वखशादय: ।
येन्येच पापाय दुपाश्रयाश्रया: शुद्ध्यन्ति तस्मै प्रभ विष्णवे नम: ॥

۱ نہین اچرج جگ جگ چل آئی کیہہ نہ دینھہ رگھبیر بڑائی
۲ رام نام مہما سُر کہہ ہین سُن سُن اودھ لوگ سکھ لہہ ہین
۳ رام سکھہ مِل بھرت سپریما پوچھی سکل سُمنگل چھیما
۴ دیکھہ بھرت کر شیل سنیہو بھا نِکھاد تِہہ سمے بدیہو
۵ سکچ سنیہہ مود من باڑھا بھرتہہ چتوت اک ٹک ٹھاڑھا
۶ دھر دھیرج پد بندہ بہوری بنئے سپریم کرت کر جوری
۷ کشل مول پد پنکج دیکھی مین تیہو کال کشل نج لیکھی
۸ اب پربھو پرم انُگرہ تورے سہت کوٹ کل منگل مورے

۱۹- دوہا- سمجھ مور کرتوت کل پربھو مہما جیہ جوے
جو نہ بھجے رگھبیر پد جگ بدھ بنچت سوے

۱- کچھ اشچرج نہین ہے ایسا تو جگ جگ سے چلا آیا ہے شری رامچندر جی نے کس پاپی کو شرن آنے پر پوتر نہین کر دیا ہے۔ ۲- اِس پرکار رام نام کی مہما سب دیوتا لوگ کہتے ہین اُسکو سُنکر اودھ باسی لوگ سُکھ پاتے ہین۔ ۳- اِس پرکار رام سکھا ارتھات نکھاد راج سے ملکر اُس سے کل سمیت کُشل پوچھی۔ ۴- بھرت جی کا ایسا شیل سوبھاو دیکھکر نکھاد راج اُس سمے اچیت ہو گیا۔ ۵- اُنجانے بھرت جی پر دوش لگانے کا سنکوچ اور اُنکی دشا دیکھکر اسنیہہ اور آنند من مین بڑھا اِس سے بھرت جی کو اک ٹک کھڑا دیکھتا ہی رہگیا۔ ۶- دھیرج دھرکر بھرت جی کے چرنون کو پھر پرنام کرکے پریم سمیت ہاتھ جوڑ کر بنتی کرنے لگا۔ ۷- کُشل کے مول آپکے چرن کمل دیکھکر مین نے تو تینون کال مین اپنی کُشل مانی ہے۔ ۸- اور اب تو آپ کی پرم کرپا اپنے اوپر دیکھکر کروڑ جنم کے کل سمیت مجکو کُشل ہی ہے۔ ۱۹- دوہا- میرے مہانیچ کل اور میرے کرتوتکو اور آپ کی اِس اپار مہما کو دیکھکر جی مین جانکر بھی جو کوئی شری رام چندر سوامی کے چرنون کو نہ بھجے تو اُسکی بدھ کو بانو بدھاتا ہی نے ٹھگ لی ہے۔

۱ کیٹی کایر کمت کچھ باتی ۔ لوگ بید باہر سب بھانتی
۲ رام کینہہ آپن جب ہی تے ۔ بھیو ن بھون بھوکھن تب ہی تے
۳ دیکھ پریت سن بنے سہائی ۔ ملے بہور لکھن لگھ بھائی
۴ کہہ نکھاد نج نام سبانی ۔ سادر سکل جہاری رانی
۵ جان لکھن سم دینہہ اشیشا ۔ جیہو سکھی شت لاکھ برسیشا
۶ نرکھ نکھاد نگر نر ناری ۔ بھیے سکھی جن لکھن نہاری
۷ کہین لہیو یہ جیون لاہو ۔ بھینٹیو رام بھدر بھر باہو
۸ سن نکھاد نج بھاگ بڑائی ۔ پرمدت من لے چلیو لوائی

۲۰- دوہا- ستکارے سیوک سکل چلے سوامی رکھ پائے
گھر تر تر سر باگ بن دُواسے جاسے

۱- مین نرا کیٹی اور کادر (کاہل) اور کبدھ اور کجات اور سب بھانت سے لوک اور بید سے باہر تھا- ۲- سو مجکو جب شری رامچندر جی نے اپنایا ہے تب سے مین گھر کا آبھوکھن ہی ہو گیا ہون- ۳- ایسی اسکی جب پریت دیکھی اور سہائی بنتی سنی تب لچھمن جی کے بھائی شترگہن جی بھی اسکو ملے- ۴- پھر نکھاد نے اپنا نام سندر بانی سے لیکر سب رانیون کو بھی جہار کیا- ۵- رانیون نے اسکو لچھمن جی کے سمان جانکر اشیش دی کہ کروڑ برس تک سکھ سے جیتے رہو- ۶- اجودھیا کے نرناری نکھاد کو دیکھکر ایسے سکھی ہوئے مانو لچھمن جی ہی کو دیکھا- ۷- سب کہنے لگے کہ جینے کا لابھ تو اسی نے پایا ہے کہ شری رام اور بھرت جی نے اسکو بھجا پسار کر بھینٹا ہے- ۸- اس پرکار نکھاد راج اپنے بھاگ کی بڑائی سنکر مہا پرسن من ہو کر سب کو لوا لیچلا- ۲۰- دوہا- سب سیوکون کو جو نکھاد راج نے سنکارا تو سب اپنے سوامی کی اچھا جانکر گھاٹ چھوڑ چھوڑ کر آئے اور سب اجودھیا کے لوگون کو جتھا جوگ گھر برچھ تلاو باگ بن مین ٹکنے کے واسطے جگہ دی-

۱ شرنگ بیر پر بھرت دیکھ جب ۔ بھیے سنیہہ سب انگ ستھل تب
۲ سوہت دیے نکھادہ لاگو ۔ جن تن دھرے بنے انراگو
۳ یہ بدھ بھرت سین سب سنگا ۔ جاے دیکھ جگ پاون گنگا
۴ رام گھاٹ کا کینہہ پرناما ۔ بھا من مدت ملے جن راما

۵ گُرجن پرنام نگر نرناری — مُدِت بَرہم مے بارنہاری
۶ کرمجن مانگین کر جوری — رام چندر پد پریت نہ تھوری
۷ بھرت کہیو سُرسر تو رینو — سکل سکھد سیوک سُر دھینو
۸ جوریان مانگون برا ایہو — سیا رام پد سہج سنیہو

۲۱- دوہا- یہہ بدھ مجن بھرت کر گر انشاسن پائے
مات نہانی جان سب ڈیرا چلے لوائے

۱- شرنگ بیرپُر کو جب بھرت جی نے دیکھا تب مارے پریم کے انگ انگ ڈھیلے پڑگئے ۲- نکھاد کو سہارا دیے ہوئے کیسے سوہتے ہین مانو ونتی اور انُراگ دونون دیہہ دھارن کیے ہوئے سوہتے ہین- ۳- اِس پرکار بھرت جی سب سینا کو ساتھ لیے ہوئے جگ پاونی شری گنگا جی کو دیکھتے بھئے- ۴- رام گھاٹ کو بھرت جی نے پرنام کیا اور مَن اُنکا ایسا پرسنّ ہوگیا کہ مانو شری رامچندر ہی ملے- ۵- نگر کے سب نرناری شری گنگا جی کا برہم سہت جل دیکھکر پرسنّ من سے پرنام کرنے لگے- ۶- اسنان کرکے ہاتھ جوڑ کر شری رام چندر کے چرنون مین بہت پریت ہونیکا ہی بردان سب لوگ مانگنے لگے ۷- بھرت جی نے کہا کہ ہے شری گنگا یہہ تمھاری رینکا سب سیوکون کو سب سکھ دیکا دھین ہے- ۸- اِسلیے مین بھی شری رام چندر جی کے چرنون مین سہج سنیہہ ہونیکا بردان مانگتا ہون- ۲۱- دوہا- اِس پرکار بھرت جی نے اسنان کیا اور سب ماتاؤن کو بھی نہائی ہوئی جانکر بششٹھ جی کی آگیا سے ڈیرے کو لوا لیچلے-

۱ جہان تہان لوگن ڈیرا کینھا — بھرت شودھ سب ہی کر لینھا
۲ گرسیوا کر آئس پائی — رام مات پہان گے دوؤ بھائی
۳ چرن چاپ کہہ کہہ مِردُ بانی — جننی سکل بھرت سنمانی
۴ بھائی سونپ مات سیوکائی — آپ نکھاد ہو لینہہ بلوائی +
۵ چلے سکھا کر سون کر جورے — سِتھل شریر سنیہہ نہ تھورے
۶ پوچھت سکھہے سوٹھاؤن دکھاؤ — نینک نین من جرن جڑاؤ
۷ جہان سیہ رام ساتھری سوئے — کہت بھرے جل لوچن کوئے
۸ بھرت بچن سن بھئیو بکھادو — ترت تہاں لے گیو نکھادو

۲۲۔ دوہا

جہاں سنسپا پُنیت تَرُ رگھُبر کیا بشرام
اَتِ سنیہ سادر بھرت کینھیو دنڈ پرنام

۱۔ جہاں تہاں لوگوں نے اپنے اپنے ڈیرے ڈال دیے بھرت جی نے سبکی خبرگیری کی۔
۲۔ گرو لوگ کی سیوا کر کے کوشلیا جی کے پاس دونوں بھائی گئے۔ ۳۔ اور سب ماتاؤں کے
کومل بانی کہہ کہکر چرن دابے۔ ۴۔ پھر تو ماتاؤں کی سیوا شترگھن جی کو سونپ کر آپنے
نکھاد راج کو بلالیا۔ ۵۔ اور سکھا (یعنی نکھاد) کے ہاتھ جوڑے ہوئے چلے کیونکہ
بھرت جی کے سب انگ پریم سے ڈھیلے پڑ گئے تھے۔ ۶۔ سکھا سے کہنے لگے کہ نیک
تو وہ استھان دکھا کر میرے نین اور من کی جرن کو شیتل کرو۔ ۷۔ جہاں شری
سیتا رام کُشا کی ساتھری (چٹائی) پر میرے کارن سوئے تھے اتنا کہکر بھرت جی کی
آنکھوں کے کوئے جل سے بھر آئے۔ ۸۔ بھرت جی کے بچن سنتے ہی نکھاد راج کو
بڑا دکھ ہوا ترت ہی انکو وہاں لوالیگیا۔ ۲۲۔ دوہا۔ جہاں سنسپا برچھ کی چھایا کے
نیچ شری رام چندر جی نے بشرام کیا تھا اُس برچھ کو بڑے پریم سے بھرت جی نے ڈنڈوت پرنام کیا

۱	کُش ساتھری نِہار سُہائی	کینھ پرنام پردچھن لائی
۲	چرن ریکھ رج آنکھن لائی	بنئے نہ کہت پریت ادھکائی
۳	کنک بِندُ دوئی چارک دیکھے	راکھے سیس سیا سم لیکھے
۴	سجل بلوچن ہردے گلانی	کہت سکھا سن بچن سُبانی
۵	شری ہت سیا برہ دُت ہینا	جتھا اودھ نر نار ملینا
۶	پتا جنک سیئن پٹ تر کیہی	کرتل بھوگ جوگ جگ جیہی+
۷	سسر بھانُ کُل بھان بھوالو	جیہہ سہات امراوتِ پالو
۸	پران ناتھ رگھُناتھ گُسائی	جو بڑ ہوت سو رام بڑائی

۲۳۔ دوہا۔

پَت دیوتا ستیتہ مَن سیا ساتھری دیکھ
بِدرت ہردے نہ ہہر ہم ہیب تے کٹھن بسیکھ

۱۔ کُشا کی سندر سُہائی ساتھری دیکھکر بھرت جی نے چار پرکرما کر کے ڈنڈوت پرنام کیا
۲۔ چرنوں کی انکش آدر ریکھاؤں کی دھول کو آنکھوں سے لگایا ایسی شری پریت کہی
نہیں جاتی ہے شری سیتا جی کے کپڑوں کے دو چار تارے سونے کے پا کر اپنے

ماتھے پر رکھے اور اُنکو سیتاجی ہی کے سمان مانا۔ ۴۔ آنکھوں مین آنسو بھر کر اور ہردے مین گلان (غیرت) مانکر سُندر بانی سے سکھا سے بولے کہ ۵۔ دیکھو یہہ بھی سیتاجی کے بجوگ سے اجودھیا باسیون کے سمان بیکل ہو رہے ہین۔ ۶ پتا تو جنکے راجا جنک ہین جنکے سمان دوسرا کوئی نہین ہی کہ سنساری بھوگ اور جوگ جنکی ہتھیلی پر ہی۔ ۷۔ اور شری مہاراج دشرتھ جنکے سسُر ہین جنکو دیکھکر راجا اِندر بھی سہاتے ہین۔ ۸۔ سبکے ایشور شری رام چندر جنکے پت ہین کہ جو کوئی بڑا ہوتا ہی سو اُنھین کے کرنے سے ہوتا ہے۔ اشلوک۔

श्लोक ॥ ब्रह्मादायः सुरास्सर्वे विष्णुमाराधिताःपुरा । स्वं स्वं
पदमनु प्राप्ताः केशवस्य प्रसादतः ॥ ६ ॥ ५॥

۲۳۔ دوہا۔ پت دیوتا ربھات پت برتا استریون کی شِتیش مَن ایسی سیتاجی تِنکی ساتھری کو بھی دیکھکر میری چھاتی جو نہ پھٹی تو مین جانتا ہون کہ بجر سے بھی ادھک کٹھور ہے۔

۱ لالن جوگ لچھمن لگھو لونے ۔ نہے نہ بھائے اس اہین نہوئے
۲ پُرجن پریہ پت مات دُلارے ۔ سیہ رگھبیرہ پران پیارے
۳ مِرد موُرت سُکمار سو بھاؤ ۔ تات باؤ تن لاگ نہ کاؤ
۴ تے بن سہین بپت سب بھانتی ۔ ندرے کوٹ کلش یہہ چھاتی
۵ رام جنم جگ کینہ اُجاگر ۔ روپ شیل سُکھ سب گن ساگر
۶ پُرجن پرجن گرُ پت ماتا ۔ رام سو بھاو سبہی سُکھداتا
۷ بیرہ رام بڑائی کرہین ۔ بولن ملن سنیہ من ہرہین
۸ شارد کوٹ شت سکھا ۔ کرنہ سکہین پربھ گن گن لکھیا

۲۴۔ دوہا۔ سُکھ سوروپ رگھبنش مَن منگل مود ندھان
تے سوُوت کش داس مہہ بدھ گت اَت بلوان

۱۔ دُلارے پیار کرنے کے جوگ ہمارے چھوٹے بھائی لچھمن جی بہت سلونے ہین ایسے بھائی کسی کے نہوئے نہ ہین نہ ہونگے۔ ۲۔ پُرباسیون کے ات پیارے سب ماتاؤن کے بہت دُلارے شری سیتارام کے پرانون کے پیارے ہین ۳۔ بہت کومل موُرت سُکمار سو بھاو تاتی باو بھی کبھی جنکے انگ مین نہین لگی۔ ۴۔ ہاے سو کی آب بن مین سب طرح کی بپت سہتے ہین تو اس میری پرم کٹھور چھاتی نے کروڑون بجر بھی نِندر ڈالے

۵۔ شری رام چندر جی نے تو جنم لیکر جگت کو اُجاگر کر دیا کیونکہ روپ شیل سُکھ اور سب اچھے گُنون کے ساگر ہین۔ ۶۔ پُر باسی پروار گُرو ماتا پِتا سب کو شری رام چندر کا سوبھاو سُکھ داتا ہے۔ ۷۔ بَیری لوگ بھی تو شری رام چندر جی کی بڑائی ہی کرتے ہین بولن مِلن نیتی سے اُنکے مَن کو ہرتے ہین۔ ۸۔ کروڑ شاردا گُرو شیش جی مِلکر چلکے آننت گُنون کا لکھنا نہین کر سکتے۔ ۲۴۔ دوہا۔ سُکھ کے روپ رگھونبش کے من آنند منگل کے ندھان شری رام چندر جی پرتھوی کے اوپر کُشا بچھا کر سوتے ہین بدھاتا کی گت بڑی بلوان ہے اربھات سنسار ہین آگر دُکھ سب کو ملتا ہے۔

۱ رام سُنا دُکھ کان نہ کاؤ جیون ترُ جِمِ جگوت راؤ
۲ پلک نین پھن مَن جِہہ بھانتی جگوین جننی سکل دِن راتی
۳ تے اب پھِرت بپن پدچاری کند مول پھل پھول اہاری
۴ دِھگ کیکئی امنگل مولا + بھئی پران پریتم پرتکولا
۵ مین دِھگ دِھگ اگھ اودھ ابھاگی سب اُتپات بھئے جِہہ لاگی
۶ کُل کلنک کر سِرجیو بدھاتا سوامی دروہی موہ کینہہ کُماتا
۷ سُن سپریم سمجھا و نکھادو ناتھ کریے کت با دکھادو
۸ رام تمہین پریہ تم پریہ راماہ یہہ نردوش دوش بدھ باماہ

چھند

بدھ بام کی کرنی کٹھن جِہہ مات کینہی باوری
تیہہ رات پُن پُن کرین پربھو سادر سراہن راوری
تُلسی نہ تم سون رام پریتم کہت ہون سونہین کیے
پرنام منگل جان اپنے آنیے دھیرج ہیے

۲۵۔ سورٹھا

انتر جامی رام سکچ سپریم کرپا یتن
چلیے کریے بشرام یہہ بچار درِڑھ آن مَن

۱۔ شری رام چندر جی نے دُکھ کبھی کانون سے بھی نہین سُنا جیون مورہی کے سمان راجا انکو جگوتے رہے ہے۔ ۲۔ جیسے پلک آنکھون کو اور سانپ مَن کو دیکھے رہتا ہے ایسے ہی سب ماتا انکو دیکھتی رہتی ہین۔ ۳۔ سوئی رامچندر اب بن مین پانو پیدل پھرتے ہین کند مول پھل کھاکر رہتے ہین۔ ۴۔ اِس امنگل کی مول کیکئی کو دھکار ہے جو پران پیارے شری رامچندر کے

پرتکول (برخلاف) ہوئی ۵۔ اور جسکے نمت سے یہہ سب اُتپات ہوئے ہین ایسا مین تسکو بھی دھکار ہے۔ ۶۔ بدھاتا نے تو مجکو کُل کا کلنک بنایا تھا پرنتُ سوامی کا دروہی مجکو اِس میری کُماتا نے کر دیا۔ ۷۔ بھرت جی کے ایسے بچن سُنکر نکھاد بولا کہ ہے ناتھ برتھا دُکھ کیون کرتے ہو۔ ۸۔ شری رام چندر تو تمکو پیارے ہین اور تم شری رامچندر کو پیارے ہو یہہ سب دوش بدھاتا کو نردوش ہے ارتھات سچ اور نہہ سندیہہ ہے۔ چھند۔ اُس بام بدھاتا کی کرنی مہا کٹھن ہے جسنے ماتا کی بدھ ہرلی اور شری رام چندر جی تو اُس رات کو تمھاری ہی سراہنا (تعریف) کرتے تھے مین سوگند کھاکر کہتا ہون کہ شری رام چندر جی کو تمھارے سمان کوئی پیارا نہین ہے اَنت کو آنند ہی جانو دھیرج دھرو ۔۲۵۔ سورٹھہ۔ شری رام چندر تو انتر جامی اور پریمی اور سنکوچی ہین کرپا کے استھان ہین ایسا وِدھ بِسواس ہردے مین لاؤ اور آپ چلکر بشرام کرو۔

(اجودھیا کانڈ مین یہہ چوپائیون کی آٹھوین پچیسی ہوئی۔)

آستانے نمبر

۱ سنکھا بچن سُن اُر دھر دھیرا   باس چلے سُمرت رگھبیرا
۲ یہہ سُدھ پائے نگر نر ناری   چلے اُتکن آرت بھاری
۳ پر دچھن کر کرین پرناما   دینہہ کیکئی کھور نکاما
۴ بھر بھر بار بلوچن لیہین   بام بدھاتہہ دوشن دیہین
۵ ایک سراہین بھرت سنیہو   کو کہو کہا نرپت بناہیو نیہو
۶ یہہ بدھ رات لوگ سب جاگا   بھا بھنسار گُدآرا لاگا
۷ گُرہہ سُناو چڑھائے سُہائی   نئی ناو سب مات چڑھائی
۸ دنڈ چار مانہن بھے سب پارا   اُتر بھرت تب سبھے سنبھارا

۱۔ دوہا۔
پرات کریا کر مات پد بند گُرہہ سر نائے
آگے کیے نکھاد گن دینہیو کٹک چلائے

۱۔ سنکھا کے بچن سُنکر دھیرج دھرا اور شری رام چندر کو سُمرتے ہوئے ڈیرہ کو چلے۔ ۲۔ یہہ خبر پاکر نگر کے نر ناری بڑے دُکھی ہوکر دیکھنے کو چلے۔ ۳۔ پرکرما کرکے پرنام کرنے لگے اور کیکئی کو بڑا دوش دینے لگے۔ ۴۔ آنکھوں مین آنسو بھر بھر لینے لگے اور بدھاتا بائین

ہونے کو دوش دینے لگے۔ ۵۔ کوئی تو بھرت جی کے سنیہ کو سراہتا تھا اور کوئی راجا کے پریم کے نباہ کو سراہتا تھا۔ ۶۔ اِس پرکار رات بھر سب لوگ جاگے پراتہ کال ہوتے ہی اُتارا ہونے لگا۔ ۷۔ پہلے سندر سہائی ناو پر بششٹھ مُن کو چڑھایا اور نئی ناو پر سب ماتاؤن کو چڑھایا۔ ۸۔ چار گھڑی مین سب پار ہوگئے تب اُتر کر بھرت جی نے سبکو سمھارا۔

۱ دوہا۔ پراتہ کال کی سب کریا (اسنان آدم) کرکے ماتا اور گرو کو ڈنڈوت کیا پھر نکھاد لوگون کو آگے کرکے سب فوج کو چلایا۔

۱	کیو نکھاد ناتھ اگوائی +	ماتُ پالکی سکل چلائی
۲	ساتھ بُلاے بھاے لگھُ دینھا	بپرن سہت گون گر کینھا
۳	آپ سُرسرہ کینھ پرنامو	سُمرے لکھن سہت سیہ رامو
۴	گونے بھرت پیادے پایے	کوتل سنگ جاہین ڈوریاے
۵	کہین سُسیوک بارہ بارا	ہوئیے ناتھ اشو اسوارا
۶	رام پیادے پاؤن سدھائے	ہمکار تھ گج باج بنائے
۷	سِر بھر جاؤن اُچت اس مورا	سب تے سیوک دھرم کٹھورا
۸	دیکھ بھرت گت سُن مردُ بانی	سب سیوک گن گرہن گلانی

۲۔ دوہا۔

بھرت تیسرے پہر کا کینہہ پرویش پریاگ
کہت رام سیہ رام سیہ اُمگ اُمگ انُراگ

۱۔ فوج کے پیچھے نکھاد راج کو اگوائی کرکے ماتاؤن کی پالکی بھی چلادی۔ ۲۔ انکے پیچھے شترہن جی کو بُلا کر بششٹھ جی کی سیوا مین ساتھ کردیا تب براہمنون سمیت گرو بھی چلے ۳ و ۴۔ پیچھے سے آپنے اُٹھکر شری گنگا جی کو پرنام اور لچھمن جی سہت شری سیتا رام کا سُمرن کیا اور پاؤن پیدل ہی چلے سیوک لوگ گھوڑون کی باگ پکڑے ہوئے کوتل ہی لیے جاتے ہین۔ ۵۔ اچھے سیوک لوگ بار بار کہتے ہین کہ ہے ناتھ اب تو آپ بہت دُور چل آئے اب گھوڑے پر چڑھ لیجیے۔ ۶۔ تب بھرت جی بولے کہ شری رام چندر تو یہان سے پیدل ہی گئے ہین ہمارے لیے ہاتھی گھوڑے رتھ بنائے گئے ہین۔ ۷۔ اُچت تو مجھکو یہ ہے کہ یہان سے سر کے بل جاؤن پرنت ہو نہین سکتا سب دھرمون سے سیوک دھرم کٹھن ہے۔ ۸۔ ایسے بھرت جی کے بچن سنکر اور اُنکی گت دیکھکر سب سیوک لوگ مارے سنکوچ کے مرے جاتے ہین

۲۔ دوہا۔ اس پرکار بھرت جی پیدل ہی چلتے چلتے تیسرے پہر کو پریاگ راج مین پہونچے سیتارام سیتارام کہہ رہے ہین اور بار بار پریم اُمنگتا آتا ہے۔

۱	جھلکا جھلکت پاین کیسے	پنکج کوش اوس کن جیسے
۲	بھرت پیادے آئے آجو	بھیو دکھت سن سکل سماجو
۳	کھبر لینہہ سب لوگ نہائے	کینہہ پرنام تربینی آئے
۴	سبدھ ستاسِت نیر نہانے	دیے دان مہہ سر سنمانے
۵	دیکھت شیامل دھول ہلورے	پلک شریر بھرت کر جورے
۶	سکل کام پرد تیرتھ راؤ	بید بدت جگ پرگٹ پربھاؤ
۷	مانگون بھیکھ تیاگ نج دھرمو	آرت کاہ نہ کرہن ککرمو
۸	اس جیہ جان سجان سدانی	سپھل کرو جگ جاچک بانی

۳۔ دوہا۔
ارتھ نہ دھرم نہ کام رچ گت نہ چہون نربان
جنم جنم رت رام پد یہہ بردان نہ آن

۱۔ بھرت جی کے چرنون مین چھالے (آبلہ۔ پھپھولے۔ چھالے) کیسے جھلکتے ہین تا کملون کے اوپر اوس (شبنم) کے بوند سوبھتے ہین۔ ۲۔ سب لوگون نے جو یہ خبر پائی کہ بھرت جی آج پیادے ہی آئے ہین تو سنتے ہی دکھی ہو گئے۔ ۳۔ پہلے سب نے بھرت جی کی خبر گیری کی تب نہائے پھر آکر تربینی جی کو پرنام کیا۔ ۴۔ اور بدھ کے ساتھ اُجلے کالے جل یعنی گنگا جمنا مین نہائے اور دان دے کر تیرتھ باسی براہمنون کو سنمان کیا۔ ۵۔ شری سیتارام کے رنگ کے سمان گوری سانوری گنگا جمنا کی ہلورون کو دیکھکر بھرت جی کا شریر پلک آیا اور ہاتھ جوڑ کر بولے کہ۔ ۶۔ ہے تیرتھ راج آپ سب کامنا کے دینے والے ہین لوگ اور بید دونون مین آپکا پربھاو پرگٹ ہے۔ ۷۔ اس سے مین بھی اپنا اُتم دھرم چھوڑ کر چھتر دھرم کے انسار آپ سے بھیکھ مانگتا ہون دکھی لوگ کونسا ککرم نہین کرتے ہین۔ ۸۔ سبھی سجان داتا ایسا جی مین جانکر اس مانگنے والے کی بانی کو بھی سپھل کیجیے۔

۳۔ دوہا۔ نہ تو مین دھن چاہتا ہون نہ دھرم چاہتا ہون نہ کام کی رُچ ہے نہ موکش پد چاہتا ہون مین تو یہی چاہتا ہون کہ جنم جنم تک شری رام چندر کے چرنون مین پریت بنی رہے یہی بردان مجکو دیجیے۔

۱	جانین رام کٹل کر موہی	لوگ کہو گر صاحب دروہی
۲	سیتا رام چرن رت مورے	ان دن بڑھو انگرہ تورے
۳	جلد جنم بھر سُرت بسارے	جاچت جل پب پاہن ڈارے
۴	چاتک رٹن گھٹت گھٹ جائی	بڑھے پریم سب بھانت بھلائی
۵	کنک بن باڑھے جم داہے	تم پریتم پد نیم نباہے
۶	بھرت بچن سن ماجھ تربینی	بھیئی مرد بانی سمنگل دینی
۷	تات بھرت تم سب بدھ سادھو	رام چرن انراگ اگادھو
۸	بادِ گلان کرو من ماہین	تم سم رامہہ کوؤ پریہ ناہین

۴- دوہا۔
تن پلکیہ ہیہ ہرکھ سن بینی بچن انکول
بھرت دھن کہہ دھن سُر ہرکھت برکھین پھول

۱- شری رامچندر جی مجکو کٹل کر کے بھلے ہی جانین اور لوگ مجکو گرو دروہی اور صاحب دروہی بھلے ہی کہین ۔ ۲- پرنت میرے ہردے مین شری سیتا رام چرنون کی پریت دن دن آپکی کرپا سے بڑھتی ہی رہے۔ ۳- میگھ چاہو پپیہا کی سُدھ جنم بھر بھول جاے اتھوا پانی مانگنے ہی گاج اور اولے مارے۔ ۴- پرنت پپیہا اپنی رٹن نہ گھٹاوے کیونکہ پپیہا کی رٹن گھٹنے سے اُسکی شوبھا گھٹ جاتی ہے اُسکی بھلائی تو دن دن پریم کے بڑھنے ہی مین ہے۔ ۵- جیسے سونے کا رنگ تپانے ہی سے بڑھتا ہے ویسے ہی بھگوت داسون کے چت کی پرشنسا (تعریف) شوامی کی بے پروائی پر بھی پریم بڑھانے ہی سے ہے۔ ۶- ایسے بھرت جی کے بچن سنتے ہی تربینی کے بیچ سے آنند دایک بانی ہوئی کہ ۔ ۷- ہے تات تم سب پرکار سے سادھو ہو اور شری رام چندر کے چرنون مین تمھارا پریم اتھاہ ہے۔ ۸- تم ربتھا اپنے من مین سوچ کرتے ہو تمھارے برابر تو کوئی شری رام چندر جی کو پیارا نہین ہے۔ ۴- دوہا۔ تربینی جی کے ایسے کرپا کے بچن سنکر بھرت جی کے ہردے مین آنند ہوا اور رومین بدن کے کھڑے ہو گئے اور آکاش سے دیوتا لوگ دھن بھرت دھن بھرت کہہ کہکر پرسن ہو ہو کر پھول برسانے لگے۔

۱	پرمدت تیرتھ راج نواسی	بیکھانس بٹ گرہی اداسی
۲	کہہین پرسپر مل دس پانچا	بھرت سنیہ شیل شچ سانچا

۳ سُنت رام گُن گرام سُہائے بھرَدواج مُن بَر پہان آئے
۴ دَنڈ پرنام کرت مُن دیکھے مُورت وَنت بھاگ نج لیکھے
۵ دھائے اُٹھائے لائے اُر لینھے دینھ اشیش کرتارتھ کینھے
۶ آسَن دینھ نائے سِر بیٹھے چہَت سَنکچ گرہ جَن بھج بیٹھے+
۷ مُن پوچھب کچھ یہ بڑ سوچُو + بولے رکھ لکھ سِیل سَنکوچُو
۸ سُنو بھرت ہم سب سُدھ پائی بِدھ کرتب پر کچھُ نہ بسائی

۵- دوہا- تُم گلان جیہ جَن کرو سمجھ تات کرتوت
تات کیکئی دوش نہین گئی گرا مَت دھوت

۱- بھرت جی کو دیکھکر پریاگ راج کے بان پرستھ برہمچاری گرہستھ سنیاسی سب آنند ہوگئے ۲- جہان تہان دس پانچ مل ملکر کہتے ہین کہ بھرت جی کا سِیل سنیہہ سب بالاتر اور سچا ہی- ۳- اِس پرکار اپنے اور شری رام چندر جی کے گُن گرام سنتے ہوئے بھرد واج مُن کے پاس آئے ۴- بھرد واج مُن نے جو بھرت جی کو ڈنڈوت پرنام کرتے ہوئے دیکھا تو انو اپنے بھاگ کی مورت ہی سمجھے- ۵- دوڑ کر اُٹھاکر ہردے سے لگا لیا اور اشیش دیکر کرتارتھ کیا- ۶- بیٹھنے کو آسن دیا تو بھرت جی بہت نِحت ہو کر نیچے کو سر کرکے ایسے بیٹھے کہ مانو سنکچ کے گھر مین دوڑ کر گھسا چاہتے ہین- ۷- بھرت جی کو یہ بڑا سوچ تھا کہ مُن مہاراج مجھسے کچھ پوچھینگے تو مین کس مُنہ سے جواب دونگا ایسا بھرت جی کا سِیل اور سنکوچ دیکھکر بھردواج مُن بولے کہ ۸- ہے بھرت جی سُنو ہمنے سب خبر پائی ہے بِدھاتا کے کرتب پر کچھ کسی کا بس نہین چلتا ہے- ۵- دوہا- اِس سے ہے تات تم اپنی ماتا کی کرتوت سمجھکر کچھ اپنے مَن مین سوچ مت کرو کیونکہ کیکئی کا کچھ دوش نہین ہے سرسوتی جی اُنکی مت کو پھیر گئی ہین ارتھات یہ سب جز بز پرمیشور کی اچھا سے ہوئے ہین کچھ کسی کا دوش نہین ہے-

۱ یہو کہت بھل کہے نہ کوؤ+ لوک بید بُدھ سمّت دوؤ
۲ تات تمہار بمل جس گائی پائی لوکو بید بڑائی
۳ لوک بید سمّت سب ہی کا جہہ پت دیہ سو پاوے ٹیکا
۴ راؤ ست برت تمھین بُلائی دیت راج سکھ دھرم بڑائی
۵ رام گمن بن انرتھ مولا جو سُن سکل بشو بھے سولا

۶	سو بھاوی بس رانی اجانی		کر کچال انتہہ پچھتانی	
۷	تہان تمھار الپ اپرادھو		کہئے سو ادھم اجان اسادھو	
۸	کرتے راج تمھین نہین دوشو		رامہہ ہوت سنت سنتوشو	

۶- دوہا-	اب ات کینہو بھرت بھل تمھین اچت مت ایہہ سکل سمنگل مول جگ رگھبر چرن سنیہہ	

۱- ایسا کہنے پر بھی تو کوئی لوک مین بھلا نہ کہیگا کیونکہ لوک مت اور بید مت دونون مت پنڈتون کی سمت (رائے) ہے پنڈت لوگ تو اسی کو بھلا کہتے ہین جو لوک اور بید دونون کی سمت سے ہوا ہے ۔ ۲- سو ہے تات تمھارا جس گاے کر تو جیو لوک اور بید دونون مین بڑائی پاوینگے ۔ ۳- کیونکہ یہہ تو لوک اور بید سب ہی کا سمت ہے کہ جس پتر کو پتا راج دیتا ہے وہی پاتا ہے ۔ ۴ و ۵- راجا ستیہ برت راج تو تمھین کو بلا کر دیتے شری رام چندر جی کا بن کو جانا یہی انرتھ کا مول ہے جو سنکر جگت کو دکھ درد ہو گیا ۔ ۶- ہونہار کے بس ہو کر اجان رانی یہہ کچالی کر کے انت کو پچھتاتی ہے ۔ ۷- تمھارا تھوڑا بھی اپرادھ جو کوئی کہیگا سو نر ادھم اگیانی اسادھ ہی ہوگا ۔ ۸- کیونکہ تمکو تو راج کرنے مین بھی کچھ دوش نہین تھا بلکہ شری رامچندر مہاراج کو سنتے ہی بڑا سنتوکھ ہوتا ۔ ۶- دوہا- اور اب تو ہے بھرت جی یہہ تم نے بہت ہی اچھا کیا کہ شری رام چندر جی کے منانے کو جاتے ہو تمکو یہی مت اچت تھی کیونکہ شری رام چندر جی کے چرنون کا پریم سنسار مین سب منگلون کا مول ہے ۔

۱	سو تمھار دھن جیون پرانا		بھور بھاگ کو تمھین سمانا	
۲	یہہ تمھار اشچرج نہ تاتا		دشرتھ تنے رام پریہ بھراتا	
۳	سنو بھرت رگھپت من ماہین		پریم پاتر تم سم کوؤ ناہین	
۴	رام لکھن سیتہہ ات پریتی		نس سب تمھین سراہت بیتی	
۵	جانا مرم نہات پرایاگا		مگن ہوت تمھرے انراگا	
۶	تم پر اس سنیہہ رگھبر کو		سکھ جیون جگ جس جڑ نر کو	
۷	یہہ نہ ادھک رگھبیر بڑائی		پرنت کٹمب پال رگھرائی	
۸	تم تو بھرت مور مت ایہو		دھرے دیہہ جن رام سنیہو	

۷- دوہا-	تمکا بھرت کلنک یہہ ہم سب کا اپدیش	

رام بھگت رس سدھ ہت بھا یہہ سمے گنیش

۱۔ سو رام پریم ہی تمھارا جیون دھن اور پران ہی تو پھر تمھارے سمان دوسرا کون بڑبھاگی (خوش نصیب) ہی۔ ۲۔ سو ہے بھرت جی یہہ تمھارا پریم کچھ اچرج کی بات نہین ہے کیونکہ شری رام چندر جی کے پرم پریمی مہاراجا دشرتھ کے تو تم پتر ہو اور شری رام چندر جی کے بھائی۔ ۳۔ ہے بھرت جی سنو شری رام چندر کی جان مین تو کوئی تمھارے برابر پریم کا پاتر نہین ہی۔ ۴۔ شری رام لچھمن سیتا جی کو وہ رات بڑی پریت سے تمکو سراہتے بیتی۔ ۵۔ اور ہمنے تو یہہ بھید پریاگ نہاتے سمے جانا کہ سنکلپ مین تمھارا نام لیتے ہی (ارتھات بھرت کھنڈے آریا برتے کہتے ہی) تمھارے پریم مین مگن ہوگئے۔ ۶۔ تم پر تو شری رام چندر جی کو ایسا بڑا پریم ہی جیسا سکھ سے جینے پر سنسار مین مورکھ لوگون کو ہوتا ہی۔ ۷۔ یہہ کچھ شری رام چندر کی بہت بڑائی نہین ہے کیونکہ شری رامچندر جی تو اپنے پرنام کرنے والے کے پروار کے پالنے والے سدا سے چلے آئے ہین۔ ۸۔ ہے بھرت جی تم تو ہمارے جان مین مانو شری رام چندر کے پریم کی مورت ہی ہو۔ دوہا۔ ہے بھرت جی سنو تمکو یہہ کلنک ہم سبکو اپدیش کے نمت ہی شری رام چندر کی بھگت رس روپی سدھ کے لیے یہہ سمے بالو گنیش ہی ہوا ہی۔ ارتھات ایسے سمے کو دیکھکر بھگت پیدا ہو جاتی ہے۔

۱ نو بدھ تات تمل جس تورا رگھبر کنکر کمد چکورا
۲ گھٹنے نہ جگ بنہ دن دن دونا ادت سدا انتھوت کبھون نا
۳ کوک ترلوک پریت نت کرہین پربھ پرتاپ رب چھبہ نہ ہرہین
۴ نسدن سکھد سدا سب کاہو گرسے نہ کیکئی کرتب راہو
۵ پورن رام سپریم پیوکھا گرو اپمان دوش نہین دوکھا
۶ رام بھگت رس امی اگاہو کنیہو سلبھ سدھا بسدھا ہو
۷ بھوپ بھگیرتھ سرسر آنی سمرت سکل سمنگل کھانی
۸ دشرتھ گن گن برن نہ جاہین ادھک کہا جہہ سم کو ناہین

۸۔ دوہا۔
جاس سنیہہ سکوچ بس رام پرگٹ بھئے آئے
جے ہر ہیہ نینن کبھون نرکھے نہین اگھائے

۱۔ ہے بھرت جی تمھارا نرمل جس تو ایک ادبھت چندرما ہی جسکے سب ہرداس کمد کابلی اور

چکور ہین۔ ۳۔ کبھی گھٹتا نہین ہی سنسار روپی آکاش مین دن دن بڑھتا ہی رہتا ہی اور سدا اُدے رہتا ہی کبھی اَست نہین ہوتا ترلوک باسی جیوون پر پریت ہی کرتا ہی شری رامچندر کے پرتاپ کا سورج بھی اسکی چھب کو نہین ہرتا ہی۔ ۴۔ راتدن سدا اسکو سکھد ایک ہی ہی کیکئی کی کرنی روپی راہ بھی اسکو نہین ستاتا ہی۔ ۵۔ شری رامچندر کے پریم روپی امرت سے بھرا ہوا ہی گرو کے اپمان کا دوش بھی اسکو نہین لگ سکتا ہی۔ ۶ پھری رامچندر کی بھگت رس کا اتھاہ امرت سندھ کا امرت اسنے پرتھوی پر بھی سبکو سہج کر دیا ہی۔ ۷۔ راجا بھاگیرتھ تمھارے پرکھا گنگاجی کو لے آئے جو تینون لوک کو سمرن کرتے ہی آنند کی دینے والی ہی۔ ۸۔ مہاراجا دسرتھ کے گن تو کہے ہی نہین جا سکتے ہین اُنسے بڑھکر تو کوئی کہان ہوگا برابر بھی تو نہین ہی۔ ۸۔ دوہا۔ جنکے اسنیہہ کے سنکوچ سے شری رامچندر جی آکر پرگٹ ہوئے جنکو شوجی نے اپنے ہردے کے نیترون سے اگھاے کر نہین دیکھا دوسرے کو کب درشن ہو سکتے ہین۔

۱	کیرت بدھ تم کینہہ انوپا	جہان بس رام پریم مرگ روپا
۲	تات گلانن کرو جیہ جائے	ڈرو دردرہ پارس پائے
۳	سنو بھرت ہم جھوٹھ نہ کہہین	اداسین تاپس بن رہہین
۴	سب سادھن کر سپھل سہاوا	لکھن رام سیہ درشن پاوا
۵	تیہ پھل کر پھل درش تمھارا	سہت پریاگ سبھاگ ہمارا
۶	بھرت دھنیہ تم جگ جس لیو	کہہ اس پریم مگن من بھیو
۷	سن من بچن سبھا سد ہرکھے	سادھ سراہ سمن سر برکھے
۸	دھنیہ دھنیہ دھن گنگن پریاگا	سن سن بھرت مگن انراگا
۹۔ دوہا۔	پلک گات ہیہ رام سیہ سپھل سروره نین کر پرنام من منڈلی بولے گد گد بین + +	

۱۔ تمنے بھی یہہ کیرت روپی چندرما انوپ ہی کیا ہی جسمین رام پریم مرگ روپ ہوکر رہا کرتا ہی۔ ۲۔ سو ہے تات یہہ سوچ تم برتھا ہی کرتے ہو پارس پاکر بھی دردر سے ڈرتے ہو۔ ۳۔ سنو ہے بھرت جی ہم جھوٹھ نہین کہتے ہین کیونکہ ہم سنیاسی اور تپسی بن باسی ہین۔ ۴۔ سب سادھنون کا تو سندر سہاون پھل ہمنے شری لچھمن رام سیتاجی کا درشن پایا۔

۵۔ اور اُس پھل کا پھل ہمکو تمھارا درشن ہوا سب پریاگ باسیون سمیت آج ہمارا دھنّ بھاگ ہے۔ ۶۔ ہے بھرت جی تمنے جگت مین جس لے لیا اِس سے تم دھنّ ہو یہ کہکر بھردواج مُنی پریم مین مگن ہو گئے۔ ۷۔ بھردواج مُن کے ایسے بچن سُنکر سبھا کے سب لوگ تو پرسنّ ہو گئے اور دیوتا لوگ سادھو سراہ کر پھول برسانے لگے۔ ۸۔ پریاگ اور آکاش مین دھنّ دھنّ کی دھن ہونے لگی سو سُنکر بھرت جی بھی پریم مین مگن ہو گئے۔ ۹۔ دوہا۔ رومئین بدن کے کھڑے ہین اور ہردے مین شری سیتا رام ہین آنکھون مین آنسو بھرے ہین ایسے بھرت جی مُن لوگون کی منڈلی کو پرنام کر کے گدگد بچن بولے (یعنی رُکی ہوئی آواز سے بولے)۔

۱	مُن سماج اَرُ تیرتھ راجو		سانچیو سپتھ اگھاے اکاجو
۲	یہہ تھل جو کچھ کہیے بنائی		تہہ تے اَدِھک اگھ اَدھمائی
۳	تم سربگیہ کہون ست بھاؤ		اُر انتر جامی رگھو راؤ
۴	موہِ نہ ماتُ کرتب کر شوچو		نہین دُکھ جیہ جگ جانی پوچو
۵	ناہِن ڈر بگرے پر لوگو		پتہو مرن کر ناہِن شوچو
۶	سُکرت سُجس بھر بھون سہائے		لچھمن رام سرس سُت پائے
۷	رام برہ تن تج چھن بھنگو		بھوپ شوچ کر کون پرسنگو
۸	رام لکھن سیہ بن پگ پنہی		کر مُن بیکھ پھیر بن بن ہی

۱۰۔ دوہا۔	اجن بسن پھل اسن مہہ سین ڈاس کس پات بس تر ترنت سہت ہم آتپ برکھا بات

۱۔ مُن لوگون کا تو یہان سماج ہے اور پریاگ راج تیرتھ ہے اِس استھان پر بات کہنا سچ ہی سوگند ہے اور بڑا اکاج ہے۔ ۲۔ یہان بنا کر کہنے کے برابر تو نہ کوئی پاپ ہے نہ اَدھم پنا ہے۔ ۳۔ تیسرا آپ سب کچھ جاننے والے ہین اور شری رام چندر جی انتر جامی ہین مین ست بھاو ہی کہتا ہون کہ۔ ۴ و ۵۔ مجکو نہ تو ماتا کی کرنی کا شوچ ہے نہ سنسار مین اپجس کا ڈر ہے نہ پرلوک بگڑنے کا ڈر ہے نہ پتا جی کے مرنے کا شوچ ہے۔ ۶ و ۷۔ پتا جی کی تو سُندر کرنی اور سجس سب سنسار مین پھیل رہا ہے جنھون نے رام لچھمن ایسے پُتر پائے اور شری رام چندر کے بچھڑنے سے اپنا چھن بھنگ شریر تیاگ کر دیا تو راجا کے شوچ کا کیا کہنا ہے

۸- یہہ جو شری رام لچھمن سیتاجی بنا جوتے کھڑاوُن کے بن بن مُن کا بھیس بنائے ہوئے میرے سبب سے پھرتے ہیں- ۱۰- دوہا- مرگ چھالا اُوڑھتے بچھاتے ہیں پھل مول کھا کر رہتے ہیں کُش پتوں کو بچھا کر سوتے ہیں برچھوں کے نیچے رہ کر روز روز جاڑا اور گرمی اور برسات اور ہوا کا دُکھ سہتے ہیں-

۱	یہہ دُکھ داہ دہے دن چھاتی	بھوکھ نہ باسر نیند نہ راتی
۲	یہہ کُروگ کی اَوکھدھ ناہیں	سودھیوں سکل بِشو من ماہیں
۳	ماتُ کُمت بڑھئی اگھ مولا	تیہہ ہمار ہِت کینیھ بسولا
۴	کل کُکاٹھ کر کینیھ کُجنترو	گاڑ اَودھ پڑھ کٹھن کُمنترو
۵	موہ لگ یہہ کُٹھاٹھ تیہہ ٹھاٹا	گھالیس سب جگ بارہ باٹا
۶	مٹے کُروگ رام پھِر آئے	بسے اَودھ نہیں آن اپائے
۷	بھرت بچن سُن سُن سُکھ پائی	سبے کینیھ بہہ بھانت بڑائی
۸	تات کرو جن سوچ بِسیکھی	سب دُکھ مٹیں رام پد دیکھی

۱۱- دوہا-
گُہ سپرودھ من بہ کہیو اتیتھ پران پریہ ہوہ
کند مول پھل پھول ہم دیہہ لیو کر چھوہ

۱- اس دُکھ کے جلن سے دن رات میری چھاتی جلتی ہے دن کو بھوکھ نہیں لگتی ہے رات کو نیند نہیں آتی ہے- ۲- اس کٹھن روگ کی اَوکھدھ شری رام چندر کے سوائے اور کوئی نہیں ہے میں نے اپنے من میں سب جگت کو بچار کر دیکھ لیا ہے- ۳- ماتا کا کُمت تو اس پاپ کا مول بڑھئی ہوا ہے اور اُسنے ہمارے ہت کو بسولا بنایا- ۴- لڑائی جھگڑہ روپی بُرے کاٹھ کا جنتر بنایا اور چودہ برس کی اَودھ (یعنی میعاد) کا بُرا منتر پڑھ کر گاڑ دیا- ۵- ایسا میرے لیے اُسنے بڑا ٹھاٹھ ٹھاٹ کر جگت کو بارہ باٹ کر دیا- ۶- یہہ کُروگ شری رام چندر جی کے پھر آنے ہی سے مٹے گا اور اپائے سے اجودھیا نہیں بسے گی- ۷- بھرت جی کے ایسے بچن جو سب نے سُنے تو انیک بھانت بڑائی کرنے لگے- ۸- بھردواج مُن نے کہا کہ ہے تات تم بِسیکھ سوچ مت کرو شری رام چندر جی کے چرن دیکھ کر سب دُکھ دُور ہو جاینگے- ۱۱- دوہا- اس پرکار بھرت جی کو سمجھا کر بھردواج مُن بولے کہ ہے بھرت جی آج آپ ہمارے مہمان ہوجیے اور جو کند مول پھل پھول ہم دیویں اُسکو پریت مانکر لیجیے

۱ سُن مُن بچن بھرت ہیہ سوچو بھیو کواوسر کٹھن سنکوچو
۲ جان گرو گر گرا بہوری چرن بند بولے کر جوری
۳ سِر دَھر آئس کریے تمھارا پرم دھرم یہہ ناتھہ ہمارا
۴ بھرت بچن مُن بر مَن بھائے سُچ سیوک سب نکٹ بلائے
۵ چاہیے کینہہ بھرت پہنائی + کند مول پھل آنو جائی
۶ بھلے ناتھ کہہ تن سر نائے پرمدت نج نج کاج سدھائے
۷ مُنہہ سوچ پاہن بڑ نیوتا + تس پوجا چاہیے جس دیوتا
۸ سُن ردھ سدھ انمادک آئین آئس ہوے سو کرین گسائین

۱۲- دوہا۔ رام برہ بیاکل بھرت سانج سہت سماج
پہنائی کر ہرو شرم کہا مُدت مُن راج

۱- ایسے بھردواج مُن کے بچن سنتے ہی بھرت جی کے ہردے مین بڑا سوچ ہوا کہ یہہ اوس کٹھنے مین بڑا سنکوچ ہوا۔ ۲- پھر بڑون کی آگیا کو گرئی جانکر اُنکے چرنون کو پرنام کرکے بولے کہ ۳- ہے ناتھ آپکی آگیا کو ماتھے دھر کر کرنا یہی ہمارا پرم دھرم ہے۔ ۴- بھرت جی کے بچن سنتے ہی بھردواج مُن نے اپنے سیوکون کو بلایا اور کہا کہ ۵- آج ہم بھرت جی کی پہنائی (مہمانی) کیا چاہتے ہین کند مول پھل جاکر لے آؤ۔ ۶- تب سیوک بھلا ناتھ کہکر پرم پرسن ہوکر اپنے اپنے کام کو چلے۔ ۷- مُن نے سوچا کہ ہمنے تو بڑے پاہن (مہمان) کا نیوتا کیا ہے جیسا دیوتا تیسی پوجا چاہیے بھگوت نہین ہے تو جھگت ہین ہماری جوگ سدھ کون دن کام آویگی۔ ۸- یہہ بچار کرتے ہی ردھ سدھ سب آکر بولین کہ جو آگیا ہو سو ہم کرین۔ ۱۲- تب تو بھردواج مُن پرسن ہوکر بولے کہ شری رامچندر جی کے بچھڑنے سے بھرت جی اپنے بھائی اور سب سماج سہت بیاکل ہو رہے ہین انکی پہنائی کرکے سبکی تھکائی دور کرو۔

۱ ردھ سدھ سر دھر مُن بر بانی بڑبھاگن آپہہ انمانی
۲ کہتین پرسپر سدھ سمدائی اتلت اتتھ رام لگھ بھائی
۳ مُن پد بند کریے سوئی آجو ہوے سکھی جہہ راج سماجو
۴ اس کہہ رچیو رُچر گرہ نانا جہہ بلوک بلکھائین بمانا +
۵ بھوگ بھبوت بھور بھر راکھے دیکھت جنہین امر ابھلاکھے

٦ واسی داس ساج سب لینھے بھگوت رہین من ہی من دینھے
٧ سب سماج سج سیدھ پل ماہیں جو سکھ سپنیو سُر پُر ناہیں
٨ پرتھمے باس دیے سب کیہی سُندر سکھد جتھا رُچ جیہی

١٣- دوہا- پھر سپر جن بھرت کار کہ آئیس اس دینھ
بدھ بسمے دایک بھو من ہر تپ بل کینھ

١- ردھ سدھ ہونے بھر دواج منی کی آگیا کو سر پر رکھا اور اپنے کو بڑبھاگنی (خوش نصیب) مانا ٢- سب سدھیان آپس مین کہتی ہین کہ شری رام چندر جی کے بھائی بھرت جی اُتُل اتِتھ (بہت بڑے مہمان) ہین ٣- اس سے منی کے چرنون کا آسرا لیکر ایسا سامان کرنا چاہیے جس سے راج سماج سکھی ہو جاوے ٤- ایسے کہکر بہت سندر سندر بنائے جنکو دیکھکر دیوتون کے بمان بھی سہائے گئے ٥- طرح طرح کے بھوگ بلاس ستے بھر دیے جن کو دیکھکر دیوتا بھی ابھلاکھا کرنے لگے ٦- بہت سے واسی داس سب سامان لیے ہوئے سب کا من لیے رہتے ہین ٧- سدھیون نے پل بھر مین ایسا سامان سج دیا کہ جو امراوتی مین بھی سپنے مین بھی نہین ہے ٨- پہلے ہی سے آمنن پر باسیون کو ٹکا دیا سندر سکھدائی جیسی جیسکی رچ تھی ١٣- دوہا- پھر پر وار سمیت بھرت جی کو بھر دواج منی نے ایسا ہی (فوراً) کرنے کی آگیا دی پرنت اُنکے رہنے کے لیے برہماجی کو بھی اچنبھہ دینے والا سکھ سماج (سامان عیش) بھر دواج منی نے اپنے تپ کے بل سے رچ دیا۔

١ منی پربھاو جب بھرت بلوکا سب لگھو لگے لوک پت لوکا
٢ سکھ سماج نہین جائے بکھانی دیکھت برت بسارت گیانی
٣ آسن سین سوبسن بتانا بن باٹکا بہنگ مرگ نانا
٤ سُربھ پھول پھل امی سمانا بمل جلاسے ببدھ بدھانا
٥ اسن پان سچ امی امی سے دیکھ لوگ سکچات یمی سے
٦ سُر سُربھی سُرترُ سب ہی کے لکھ ابھلاکھ سُرپت سچی کے
٧ رت بسنت بہہ تربدھ بیاری سب کا سُلبھ پدارتھ چاری
٨ سرک چندن بنتا دک بھوگا دیکھ ہرکھ بسمے بس لوگا

١٤- دوہا- سمپت چکوی بھرت چک منی آئیس کھلوار

تہہ نِش آشرم پنجر اراکھے بھا بھنسار

۱- یہان راستے مین اجودھیا اور جنک پور کے سب مُن اور براہمن اور گرو بششٹھ اور بھرت جی اور راجا جنک شری رامچندر کے بچھڑ جانے سے سب ساج سمیت بیاکل ہین ۲- شری رامچندر کے گنون ہی کو اپنے اپنے من مین کہتے ہوئے چپ چاپ سب چلے جاتے ہین - ۳- اُسی دن جمنا اُتر کر سب پار ہو گئے اور اُس دن سبکو اُپاس ہی ہوا - ۴- دوسرے دن گنگا جی اُتر کر شرنگ بیر پور مین رہے تہان شری رامچندر کے سکھا نکھاد راج نے سبکا سُپاس کیا - ۵- تیسرے دن سئی ندی اُتر کر گومتی پر رہے چوتھے دن اجودھیا مین آگئے - ۶ و ۷ - تہان راجا جنک چار دن رہے سب راج کاج اور سب ساج سماج سمبھار لیا پھر بششٹھ مُن اور بھرت جی اور منتریون کو راج سونپ کر اپنے ساج سمیت تیرہت کو گئے - ۸ - یہان اجودھیا مین سب استری پُرش بششٹھ جی کی آگیا مانکر سُکھ کے ساتھ شری رامچندر کی راجدھانی اجودھیا مین رہنے لگے - ۱۲ - دوہا - اور شری رام چندر جی کے درشن کے نمت سب استری پُرش نیم برت کرنے لگے اور سب بھوجن اور بھوگ اور سُکھ چھوڑ کر کیول اودھ کی آس پر جینے لگے (یعنی تپسی لوگون کی طرح دُنیا کے سب سُکھون کو چھوڑ کر نیم برت کرکے پلٹنے کی اُمید پر زندگی کے دن کاٹنے لگے -

۱	سچو سُسیوک بھرت پربودھے	نج نج کاج پاے سب اُدھے
۲	پُن شکھ دینہہ بول لگھ بھائی	سونپی سکل مات سیوکائی
۳	بھوسُر بول بھرت کر جورے	کر پر نام برنے نہورے
۴	اونچ نیچ کارج بھل پوچو	آئیس دیبت نہ کرب سنکوچو
۵	پرجن پُرجن پرجا بُلائے	سمادھان کر سُبس بسائے
۶	سانج گے گر گیہہ بہوری	کر ڈنڈوت کہت کر جوری
۷	آئیس ہوئے تو رہون سنیما	بولے مُن تن پُلک سپیما
۸	سمجھب کہب کرب تم سوئی	دھرم سار جگ ہوئی جوئی

۲۲- دوہا-

من سُکھ پاے اسیش بڑ گنک بول دن سادھ
سنگھاسن پربھ پادکا بیٹھاری نر بادھ

۱- منتری اور سب سیوکون کو بھرت جی نے سمجھا دیا سو سب اپنا اپنا ادھکار پاکر اپنا اپنا کام کرنے لگے - ۲- پھر شترہن جی کو بُلا کر اُنکو سب ماتاؤن کی سوکائی سونپی - ۳- تسکے پیچھے

سب براہمنون کو بُلا کر اُنکو پرنام کیا اور ہاتھ جوڑ کر بڑی بنتی کر کے کہا کہ ۔ ۴ ۔ جو آپ کا اونچ نیچ بھلا بُرا کام کیسا ہی ہو اُسکی آگیا مجکو دیجیے ہین کسی طرح کا سنکوچ نکرنا ۔ ۵ ۔ پھر سب پروار والون اور نگر باسیون اور سب پرجا آدِ کو بُلایا اور اُنکو سمادھان کر کے بھلے پرکار سے اچھے باس سے بسا دیا ۔ ۶ ۔ پھر بھائی سمیت گرو کے گھر گئے اور ڈنڈوت کر کے بولے کہ ۔ ۷ ۔ جو آپکی آگیا ہو تو مین بھی نیم سے رہون یہ سُنکر گرو وششٹھ پُلکت شریر ہو کر پریم سہت بولے کہ ۔ ۸ ۔ ہے تات تم تو وہی سمجھو گے اور وہی کہو گے اور وہی کروگے جو اس سنسار مین دھرم کا سِدھانت سار ہوگا ۔ ۲۲ ۔ دوہا ۔ گروجی کی آگیا اور آشیش پا کر جوتشیون کو بلایا اور شبھ دن اور نچھتر اور لگن اور مہورت سُشودھکر شری رام چندرجی کی کھڑاؤن کو راج سنگھاسن پر شرا آپادھو رکھا ۔

۱ رام مات گُر پد پش نائی ۔ پربھو پد پیٹھ رجائس پائی
۲ نند گرام کر پرن کُٹیرا ۔ کینھ نواس دھرم دھُر دھیرا
۳ جٹا جوٹ سر مُن پٹ دھاری ۔ مہہ کھن کُش ساتھری سنواری
۴ اسن بسن اسن برت نیما ۔ کرت کٹھن رکھ دھرم سپریما
۵ بھوکھن بسن بھوگ سُکھ بھوری ۔ من تن بچن تجے برن توری
۶ اودھ راج سُر راج سہائین ۔ دسرتھ دھن لکھ دھند لجاہین
۷ تیہ پر بست بھرت بن راگا ۔ چنچریک جم چمپک باگا
۸ رما بلاس رام انُراگی ۔ تجت بمن جم جن بڑبھاگی

۲۳ ۔ دوہا ۔ رام پریم بھاجن بھرت بڑی نہ یہ کرتوت
چاتک ہنس سراہیت ٹیک بیبیک بھبھوت

۱ ۔ پھر شری رامچندر کی ماتا (کوشلیاجی) اور گرو وششٹھ جی کے چرنون کو پرنام کیا پھر شری رامچندر کے کھڑاؤن کی آگیا لیکر ۔ ۲ ۔ نند گرام مین پتون کی کُٹی بنا کر رہنے لگے ۔ ۳ ۔ سر پر جٹا و جُوڑا بنایا اور مُن لوگون کے کپڑے (یعنی بھوج پتر) پہنے اور زمین کھود کر کُشا کی ساتھری (چٹائی) بنائی ۔ ۴ ۔ مُن ہی لوگون کے ایسے تو بھوجن اور کپڑے اور آسن اور برت اور نیم ہین اور مہا کٹھن رکھ دھرمون کو پریم سمیت کرتے ہین ۔ ۵ ۔ اور راج بھوکھن اور بستر اور بھوگ بلاس اور سب سُکھ تن من بچن سے تنکے کے سمان

تیاگ دیا۔ ۶۔ جس اجودھیا کے راج کو دیکھکر دیوراج اندر بھی سہاتے ہین اور شری مہاراجا دشرتھ کے اپار دھن کو سُنکر کُبیر بھی لجاتے ہین۔ ۷۔ اُس اجودھیا مین بھرت جی راگ رہت بستے ہین جیسے چمپا کے باغ مین بھونرا رہتا ہے۔ ۸۔ رما بلاس ارتھات لوگ اور پرلوک کے سُکھ کو بھگونت بھگت لوگ بمن (یعنی قَے) رد کے سمان تیاگ دیتے ہین۔ ۳۲۳۔

دوہا۔ سُو شری رامچندر جی کی بھگتی کے پاتر (برتن) بھرت جی کی یہ کرتوت کچھ بڑی بات نہین ہے، ٹیک کی بھبوت مین پپیہا اور ببیک کی بھبوت مین ہنس سراہے جاتے ہین۔

۱	دیہہ دِنہُے دِن دُوبَر ہوئی	گھٹت نہ تیج بَل مُکھ چھب سوئی
۲	نت نو رام پریم پرن پینا	بڑھت دھرم دل من نہ ملینا
۳	جم جل نگھٹت شرد پرکاسے	بلست بیتس بنج بکاسے
۴	سم دم سنجم نیم اُپاسا	نکھت بھرت ہیہ بمل اکاشا
۵	دھرو بشواس اودھ راکا سی	سوامی سُرت سُربیتھ بکاسی
۶	رام پریم بدھ اچل اُدوکھا	سہت سماج سوہ نت چوکھا
۷	بھرت رہن سمجھن کرتوتی	بھگت برت گُن بمل بھبوتی
۸	برنت سکل سُکب سکچاہین	شیش گنیش گرا گم ناہین

۲۴۔ دوہا۔
نت پوجت پربھ پانوری پریت نہ ہردے سمات
مانگ مانگ آئس کرت راج کاج بہو بھانت

۱۔ دیہہ تو بھرت جی کی دن دن دُبلی ہوتی جاتی ہے پرنت تیج اور بل نہین گھٹتا ہے اور مُکھ کی شوبھا بھی پہلے کی طرح بنی ہے۔ ۲۔ شری رامچندر جی کے پریم کا پرن نت نیا بڑھتا ہی جاتا ہے اور دھرم کے برچھ مین شاکھا اور پتے بڑھتے ہی جاتے ہین اس سے من سدا پرسن ہی بنا رہتا ہے کبھی میلا نہین ہوتا ہے۔ ۳۔ جیسے شرد رت کے آنے سے پانی کے گھٹنے سے پھولے ہوئے کملون مین سُندر بینت تالابون سوہتے ہین۔ ۴۔ بھرت جی کا ہردے تو مانو نرمل آکاش ہے اسمین شم دم آدِ سُندر نچھتر ہین۔ ۵۔ اودھ (میعاد) کے پورے ہو جانے پر شری رام چندر جی کے ضرور پلٹ آنے کا اچل بشواس ہی اچل دھرو ہے اودھ ہی پورنماشی کی رات ہے بھگونت چرنار بندون مین سُندر پریت سوئی سُربیتھی (یعنی کہکشان۔ ہاتھی کی راہ) ہے۔ ۶۔ شری رامچندر جی کے پریم کا اچل ادوش چندرما

اپنے سماج سمیت نت شوبھتا ہی۔ ۷و۸۔ بھرت جی کی رہن اور سمجھن اور کرتوت اور اُنکے بھگت براگ گُن کی بھبھوت کے کہنے میں اچھے اچھے کب لوگ سکچاتے ہیں شیش گنیش سرستی جی کی بھی تو گم نہیں ہی۔ ۲۴۔ ڈوہا۔ نت اُٹھکے تو شری رام چندر جی کی کھڑاؤن کو پوجتے ہیں اور اُس سے آگیا مانگ کر سب راج کاج کرتے ہیں۔

۱ پُلک گات ہیہ سِیہ رگھُبیرو ۔ جیہہ نام جب لوچن نیرو
۲ لکھن رام سِیہ کانن بسہیں ۔ بھرت بھون بس تپ تن کسہیں
۳ دُوؤ دِس سمجھ کہت سب لوگو ۔ سب بدھ بھرت سراہن جوگو
۴ سُن برت نیم سادھُ سکُچاہیں ۔ دیکھ دشا مُن راج لجاہیں
۵ پرم پُنیت بھرت آچرنو ۔ مدھر منجُ مُد منگل کرنو
۶ ہرن کٹھن کل کلُکھ کلیشو ۔ مہا موہ نِش دلن دِنیشو
۷ پاپ پُنج کُنجر مرگ راجو ۔ شمن سکل سنتاپ سماجو
۸ جن رنجن بھنجن بھو بھارو ۔ رام سنیہہ سُدھاکر سارو

۱۔ شری رام چندر جی کے پریم میں بھرت جی کا شریر سدا پُلکت رہا کرتا ہی اور جیبھ سے سدا رام رام ہی جپتے ہیں اور ہردے میں سدا شری سیتا رام ہی کا دھیان رہتا ہی اور نیترون سے سدا پریم ہی کا جل بہا کرتا ہی۔ ۲۔ شری رام لچھمن سیتا جی تو بن میں رہتے ہیں اور بھرت جی راج بھون میں رہکر بھی تپسیا سے اپنے تن کو کستے ہیں۔ ۳۔ دونون اور کی دشا سمجھکر سب لوگ کہتے ہیں کہ سب بھانت سے بھرت جی ہی سراہنے کے جوگ ہیں۔ ۴۔ جنکے برت اور نیم سنکر سادھو لوگ بھی سکچاتے ہیں اور اُنکی دشا کو دیکھکر وششٹھ جی آدک مُن راج بھی لجاتے ہیں۔ ۵۔ ایسا پرم پوتر بھرت جی کا آچرن (یعنی چال چلن) ہے کہ کہنے میں تو جیبھ کو اور سُننے میں کانون کو اِمرت کے سمان مدھر لگتا ہے اور سُبت اُجل اور منگل کاری ہے۔ ۶۔ مہا کٹھن کلجگ کے پاپ روپی کلیشون کو دور کرنے والا مہا اگیان روپی رات کا ناش کرنے والا سورج ہے۔ ۷۔ سب پاپون کے ہاتھیون کو مار ڈالنے والا سنگھ روپ ہے اور سب سنتاپون کے سماج کا ناش کرنے والا ہے۔ ۸۔ لوگون کا آنند دینے والا اور جنم مرن کے مہا دُکھ بوجھ کا دور کرنے والا ہے اور شری رام چندر کے پریم روپی چندرما کا سار

اَمرت (خالص آبِ حیات) ہی ہے۔

چھند

سیہ رام پریم پِیُوکھ پُورَن ہوت جَنم نہ بھرت کو
مُنِ مَن اگم یم نیم شم دم بکھم برت آچرت کو
دُکھ داہ دارِد دمبھ دُوشن سُجس مِس اپہرت کو
کلِ کال تُلسی سے شٹھنہ ہٹھِ رام سنمُکھ کرت کو

سورٹھ

بھرت چرت کرنیم تُلسی جے سادر سُنہِین
سیا رام پد پریم اوشِ ہوے بھو رس برت

چھند کے ارتھ

شری سیتا رام جی کے پریم سے پَرِپُورن جو اس سنسار مین بھرت جی کا جنم نہوتا تو مُنیشورون کے مَن کی بھی جو اگم برت اور نیم اور سنجم کہے ہین اُنکا آچرن کون کرتا ارتھات مُن لوگون کی کرنی کون کر دکھاتا اور مجھ ایسے اَدھم جیوون کے دُکھ دَرِدر اور دمبھ (یا پاکھنڈ) اپنے سُجس کے بہانے سے دُور کرکے اِس کٹھن کلجگ مین ہٹھ کرکے شری رام چندر جی کے سنمکھ کون کر دیتا ارتھات پاپیون کے پاپ ناش کرکے رام بھگت کون بنا دیتا۔

سورٹھ کے ارتھ

بھرت جی کے چرتر کو جو لوگ آدر سمیت کہتے اور نیم سے سُنتے ہین اُنکو شری سیتا رام کے چرنون مین ضرور ہی پریم پیدا ہو جاتا ہے اور سنسار کے رس (یعنی دُنیا کے مزون) سے براگ ہو جاتا ہے ارتھات پھر وہ پاپ نہین کرتا ہے پریم ہی کی طرح ارتھات بھگتی پیدا ہو جاتی ہے۔

دوہا

کہت سُنت سمجھت سکھت بھرت پریم پن پین
کو نہوے تن من بچن رام چرن سنے لین

(یہہ اجودھیا کانڈ مین چوپائیون کی تیرہوین پچیسی سماپت ہوئی)
(اور یہہ کانڈ بھی سماپت ہوا)

اِت شری رام چرتر مانسے اجودھیا کانڈے

دوتیہ سوپان سمپورنم

ارتھات

رام چرتر مانس سروور کی دوسری سیڑھی اجودھیا کانڈ سماپت
ہوا

شری گنیشائے نمہ

تُلسی داس کرِت رامایَن

آرنیہ کانڈ سٹیک

اشلوک

अग्रेराममकारमीशमनघंविश्वाणुवेरायंविभुं ।
मध्येश्रीजनकाधिराजतनयांमायासुकारात्मकां
पश्चाच्चैवमकाररूपमनुजंमार्गेषुसंचारिणां ।
वन्देऽहंप्रणवस्वरूपत्रितयंतत्वत्रयंशाश्वतम्॥

دُوہا

جاسُ چرت ابھگم سُکھد مُکھ مُوہن شِیل
درُوہ اُپل جلجان جہہ سیچو سکھا کپ بھیل

اجُودھیا کانڈ تک تو گسائین تلسی داس نے جو برنن کیا سو بڑے بستار سے کہا اس کارن وہ بیاس کتھن کہلاتا ہی اب اِس آرنیہ کانڈ سے باقی جو سب رام چرتر کہا ہی سو سب سنچھیپ سے کہا ہی (یعنی مختصر کر کے کہا ہی) اس کارن یہہ سماس کتھن کہلاتا ہی جیسا کہ اُتر کانڈ مین کہا ہی۔ چوپائی۔ کہیُون ناتھ ہر چرت انُوپا۔ بیاس سماس سومت انُروپا۔ شروع اس کانڈ کا جینت کاگ کی کتھا سے ہی انت مین شوری کی مُوکش ہی جیسا کہا ہی چوپائی۔ پرتھم کاگ سُرپت سُت کرنی۔ پربھ اُر اتر بھینٹ پن برنی۔

مفصل بیان ۱۲

دوہا۔ کہہ براَدھ بدھ جیہہ بدھ دیہہ تجی شر بھنگ۔ برن ستیچھن پریت پن پربھ اگست ست سنگ

چوپائی۔ پُن پربھُ پنچ بٹی کر باسا۔ بھئی سکل مُنِن کی تراسا۔ پُن لچھمن اُپدیش انوپا۔ سوپ نکھا جِم کینھ کُرُوپا۔ کھر دوکھن بدھ بہُر بکھانا۔ جِم سب مرم دشانن جانا۔ دش کندھر ماریچ بتکہی جِہہ بِدھ بھئی سوُپ سب کہی۔ پُن مایا سیتا کر ہرنا۔ شری رگھبیر برہ کچھ برنا۔ پُن پربھ گِدّھ کریا جِم کینھی۔ بدھِ کبندھ شوری گت دینھی۔

اِس کانڈ مین دو پچیسی (یا پچاس چوپائیان) ہین پچیس پچیس چوپائی پیچھے دو چھند ہین سبھی چھند اَتر من کی بِنتی۔ کھر دوکھن کے جدّھ۔ ماریچ کے پریم کے کہے ہین۔ دوہا اور سورٹھونکا کچھ کرم (یعنی سلسلہ) نہین ہی کہین دو کہین تین کہین دو تین چوپائی پیچھے کہے ہین (یعنی ایک مقرّری طریقہ پر نہین ہین)۔

شری راماے نمہ

اشلوک

श्लोक ॥ मूलंधर्म्मतरोर्विवेकजलधेःपूर्णेन्दुमानन्ददं वैराग्याम्बुजभास्करंत्वघहरंध्वांतापहंतापहम् ॥ मोहाम्भोधरपुञ्जपाटनविधौस्वःसंभवंशंकरं वन्देब्रह्मकुलंकलंकशमनं श्रीरामभूपप्रियम्॥ १ ॥सांद्रानन्दपयोदसौभगतनुंपीतांवरं सुन्दरं पाणौवाणशरासनंकटिलसत्तूणीरभारंवरम् ॥ राजीवायतलोचनंधृतजटाजूटेनसंशोभितं सीतालक्ष्मणसंयुतंपथिगतंरामाभिरामंभजे ॥ २ ॥

سورٹھہ

اُما رام گن گوڑھ پنڈت مُن پاوین بِرت
پاوین موہ بموڑھ جے ہر بمکھ نہ دھرم رت

آرنیہ کانڈ کے شروع مین شری گسائین تلسی داس جی شری رام چرترمان سرو ور کے مُکھاچارج شری شوجی مہاراج کو پرنام کرتے ہین جو شوجی چارون بیدون کے سمان سب دھرم روپی برچھ کی جڑ ہین جیسا منُو نے کہا ہی۔ بیدوکھلو دھرم مولنگ۔

اشلوک کے ارتھ

۱۔ بیبیک روپی سمدر کی امنگ بڑھانیوالے پورن چندرما ہین اور بیراگ روپی کمل بن کے پھلانے والے سورج ہی ہین اور سب پاپون کے ہرنیوالے ہین اگیان روپی اندھکار اور دیہک دیوک بھوتک تینون تاپون کے ناش کرنیوالے ہین اور اگیان روپی میگھون کے اڑا دینے ہین پرچنڈ پون (تیز ہوا) ہی ہین اور سب جیوون کے کلیان کرنیوالے ہین ایسے کلنک ناش کرنیوالے اور شری رام چندر بھوپ کے ات پیارے شری شوجی کو مین نمسکار کرتا ہون۔ ۲۔ آب اپنے اشٹ دیو شری رام چندر سوامی کو پرنام کرتا ہون جن شری رام چندر سوامی کا جل سہت گھنے میگھ کے سمان تو سندر شیام شریر ہی اور شو بجلی کے رنگ کے سمان سندر پیتامبر پہنے ہین دونون ہاتھون مین دھنکھ بان لیے ہین کمر مین ترکش باندھے ہین کمل کے سمان سندر نیتر ہین ماتھے پر جٹاؤن کا جوڑا باندھے ہین اس پرکار شری سیتا جی اور شری لچھمن جی سہت راستہ مین چلے جاتے ہین ایسے شری رام چندر سوامی کو میرا نمسکار ہی

سورٹھہ کے ارتھ

شری شوجی مہاراج کہتے ہین کہ ہے پاربتی جی سنو شری رام چندر جی کے گن تو بہت ہی اگم ہین جنکو دیکھکر اور سنکر پنڈت اور منی لوگ تو گیان اور بیراگ اور بھگتی پاتے ہین اور موڑھ ارتھات راچھسی پرکرت کے لوگ تو موہ (اگیان) ہی پاتے ہین جو بھگوت بھگت نہین ہین اور دھرم پر نہین چلتے ہین۔

از مترجم۔ سیتا جی کا سوئمبر اور شری رام چندر جی کا بن کو جانا اور بھرت جی کا پریم جو گرنتھ کے آرمبھ (شروع) مین پہلے ہی کہہ گئے ہین انہین کہین بھی شو پاربتی جی اور کاگ بھشنڈ گرڑ جی اور جاگ ولک بھردواج منی کے سمباد نہین تھے اس کارن انکے پرگٹ کرنے کے نمت اس کانڈ مین پہلے ہی سورٹھہ سے شو پاربتی جی کا سمباد جنایا ہی پھر اور کسی کانڈ کے آرمبھ مین ایسا نہین کہا ہی۔

۱	پورب بھرت پریت مین گائی	مت انروپ انوپ سہائی
۲	اب پربھ چرت سنوات پاون	کرت بن سر نر من بھاون
۳	ایکبار چن کسم سہائے	نج کر بھوشن رام بنائے
۴	سیتہ پہرائے پربھ ساور	بیٹھے پھٹک شلا پر سندر

۵ سُرپت سُت دھریا لیں بیکھا ۔ شٹھ چاہت رگھپت بل دیکھا
۶ جم پپیلکا ساگر تھاہا ✤ مہا مندمت پاوَن چاہا
۷ سیتا چرن چونچ ہتِ بھاگا ۔ موڑھ مندمت کارن کاگا
۸ چلا رُدھر رگھنایک جانا ✤ سِینک دھنکھ شایک سندھانا

۲- دوہا- اَتِ کرپال رگھنبش مَنِ سدا دِین پر نیہہ
تا سن آئے کینہ چھل مورکھ اوگن گیہہ

۱- پہلے اجودھیا کانڈ مین تو ہے پاربتی اور ہے گرڑ جی یا ہے بھردواج یا ہے سب شروتا ہم سب نے اپنی اپنی مت کے انسار مہا بھگت شرومن شری بھرت جی کی آت انوپ سندر سہائی پریت تم سے کہی۔

اُترترجم- اس کانڈ کی پہلی ہی چوپائی مین بھرت جی کی پریت کا برنن اجودھیا کانڈ مین چارون سمبادون کا ختم ہو جانے والا ہو جانے کے نمت کہا گیا ہی جیسا سیتا سویمبر مین چارون سمبادونکا بودھ ہو جانے کے لیے بشوامتر کے آگمن مین یہہ چوپائی کہی ہی- چوپائی- یہہ سب چرت کہا مین گائی- اگل کتھا سنو من لائی جیسے اس چوپائی مین اگل پد ہی تیسے ہی یہان پورب کی لفظ کہی ہے- سو پہلے تو بھرت جی کی پریت ہی کہی-

۲- اس کانڈ مین شری رام چندر کے وہ سہائے اَتِ پاون چرتر سنو جو چترکوٹ من سکھ وایک بن مین رہکر کیے کہ- ۳ و ۴- ایک سمی سندر سہائے پھول چن کر اپنے ہی ہاتھون سے اَتِ سندر بھوکھن بنا کر بڑے آدر سے اپنی پرم پیاری سیتا جی کو پہرائے اور ان سمیت ایکانت مین سندر پھٹک کی شلا پر براجمان ہوئے- کوئی کہتے ہین کہ شری جانکی جی کی جانگھ پر سر رکھکر سو گئے- ۵- منگھون کا ایسا چرتر شری رام چندر جی کا دیکھکر دیوراج اندر کا بیٹا جینت اپنے کو سرپت اور شری رام چندر جی کو رگھپت ہی جانکر مہا موڑھ کوے کا روپ رکھکر شری رام چندر جی کے بل کو دیکھا چاہتا ہی- ۶- جیسے چینٹی سمدر کی تھاہ لیا چاہے اور مہا پاپی پاون گت چاہی- ۷- سو شری سیتا جی کے چرن مین چونچ مار کر بھاگا بڑا موڑھ مت مند کپٹ کوا ہی- ۸- جب سیتا جی کے چرنون سے لہو بہہ چلا تب شری رام چندر جی نے جانا تب تو سینک کے دھنکھ مین سینک ہی کا بان لگا کر اسکو مارا- ۲- دوہا- دیکھو پرم کرپال شری رگھبنش شرومن شری رام چندر جی کو جنکو سدا دکھی جنون پر پریم ہی رہتا ہے تن

سوامی سے آکر چھل کیا ایسا مُورکھ (بے وقوف) اور اَوگنوں کا گھر ہے۔

۱ پریرِت منتر برہم شر دھاوا — چلا بھاج بایس بھے پاوا
۲ دھر نج رُوپ گیو پِت پاہِین — رام بمکھ راکھا تِن ناہِین
۳ بھا نِراش اُپجی من تراسا — جتھا چکر بھے رِکھ دُرباسا
۴ برہم دھام شِو پُر سب لوکا — پھرا شرمت بیاکُل جِت شوکا
۵ کاہو بیٹھن کہا نہ اُوہی — راکھِ کو سکے رام کر دروہی
۶ مات مِرتُ پِت شمن سمانا — سُدھا ہوے بکھ سُن ہرِیانا
۷ مِتر کرین شت رِپ کی کرنی — تا کا بِبُدھ ندی بیترنی
۸ ہم گرِ تاہِ اَنل سے تاتا — جو رگھبیر بمکھ سُن بھراتا

۲- دوہا۔
جِم جِم بھاجت شکر سُت بیاکُل اَرت دِین
تِم تِم دھاوت رام شر پاچھے پرم پربین

۱- منتر پریرت برہم شر ارتھات شری رام چندر جی کا بان جو اُسکے پیچھے پڑا تو دیکھتے ہی جینت ڈرکر بھاگا۔ ۲- اپنا اصلی رُوپ بنا کر اپنے باپ یعنی اندر کے شرن (پناہ) مین گیا تب تو دیوراج اندر نے اُسکو شری رام چندر جی سے بمکھ (یعنی پھرا ہوا) جانکر اپنے لوک سے باہر نکال دیا۔ ۳- تب تو جینت بہت ہی نراس ہوا اور بہت ہی گھبرایا جیسے راجا امبریکھ کو ستانے سے بشن بھگوان کے سُدرشن چکر کے ڈر سے دُرباسا رکھ گھبرائے تھے۔ ۴- پھر بڑے ڈر سے بیاکُل ہو کر جیسے کوئی ڈوبتا ہوا سوار کو پکڑتا ہی تیسے ہی برہم لوک مین جا کر برہما جی کی شرن گیا اور شِو پُر یعنی کیلاس پربت پر مہادیو جی کی شرن گیا اور سب دِگپالون کے لوگون مین بھی دُکھ سے گھبرایا ہوا پھرتا پھرا۔ ۵- پرنتُ کسی نے اُسکو بیٹھنے تک کو بھی نہ کہا شری رام چندر جی سے بیر کرنے والے کی رچھا کون کر سکتا ہی جیسا کہ شر بید رامائن مین کہا ہی۔

श्लो० ब्रह्मास्वयंभूश्चतुराननोवारुद्रस्त्रिनेत्रस्त्रिपुरान्तकोवा।इ
न्द्रोमहेन्द्रः सुरनायकोवात्रातुंनशक्तोयुधिरामवध्यम्॥

۶- ماتا تو اُسکی موت بنجاتی ہی اور پتا اُسکا کال ہی ہو جاتا ہی اور امرت اُسکو سے گُڑ جی بکھ ہو جاتا ہی۔ ۷- متر لوگ اسکے ساتھ شترُو (دشمن) کی سی کرنی کرتے ہین اور دیوتون کی ندی گنگا جی بھی اُسکو جم پُر کی ندی بیترنی کے سمان ہو جاتی ہی۔ ۸- برف کا پہاڑ

اُسکو آگ سے بھی زیادہ گرم لگتا ہی ہے گر ڑجی جو کوئی شری رام چندر جی سے بِمُکھ (پھرا ہوا) ہوتا ہے ۳- دُوہا- جیسے جیسے اندر کا پُتر جینت بہت بیاکُل اُت دُکھی ہوا دین ہو بھاگتا جاتا ہی تیسے تیسے برم پربھن رام بان اُسکے پیچھے پیچھے لگا ہی چلا جاتا ہی-

۱	نارد دیکھا بکل جینتا	لاگ دیا کومل چت سنتا
۲	دُورہ تے پربھ سجس سُناوا	بھیجے جات تہہ بدھ سمجھاوا
۳	پٹھوا تُرت رام پہان تاہی	کہس پُکار پرنت ہت پاہی
۴	سُنِ مُن بچن تاسے پدماتھا	آوا جہان کرپال رگھناتھا
۵	آتُر سبھے گہس پد جائی	تراہِ تراہِ دیال رگھُرائی
٦	اتُلِت بل اتُلِت پربھتائی	مین مت مند جان نہین پائی
۷	نج کرت کرم جنت پھل پایون	اب پربھ پاہِ شرن تک آیون
۸	سُن کرپال اَت آرت بانی	ایک نین کر تجا بھوانی ❊

سُورٹھہ

کینہ موہ بشں درُوہ جدپ تہہ کر بدھ اچت
پربھ چھانڑیو کر چھوہ کو کرپال رگھبیر سم

۱- نارد جی نے جو اُس جینت کو مارے ڈر کے بیاکُل دیکھا تو بہت ہی دیا لگ آئی کیونکہ سادھ سنت لوگ بہت کومل چتّ (نہایت نرم دل) ہوتے ہین اور پرائے ہی دُکھ سے دُکھی ہوتے ہین اور اپنے دُکھ سُکھ کو تو برابر ہی جانتے ہین جیسے گُسائین جی نے کہا ہی- رام بھگت پرہت نرت پر دُکھ دُکھی دیال- چوپائی- سے جے ہرکھین پر سمپت دیکھی- دُکھت ہوین پر دُکھی بِشیکھی- پر دُکھ درَوین سنت سو پنیتا- اور جہان تک اُنکا بش چلتا ہی وہان تک اُسکے دُکھ دُور ہونے کا اُپائے ہی کرتے ہین- ۲- سُو دور ہی سے اُسکو شری رام چندر جی کا سجس سُنایا اور بھاگتے ہی ہین اُسکو بہت طرح سے سمجھایا کہ برہما بشن اندر آدھی تو کوئی شری رام چندر جی کے برودھی کا رچھک نہین ہی- ۳- اس سے تو اب شری رام چندر جی کے پاس جا اور پکار کر یہہ کہنا کہ ہے شرناگت کے رچھک ہے سوامی مین آپکا اپرادھی آپ ہی کی شرن مین آیا ہون میری رچھّا کیجیے جب تو اس طرح کہے گا تب ہی تیرے پران بچین گے کیونکہ شری رام چندر جی کی یہہ پرتگیا (عہد) ہی- اشلوک-

श्लो० ॥ सकृदेव प्रपन्नाय तवास्मीति त्वयाचते। अभयं

सर्व्वभूतेभ्योददाम्येतद्व्रतंमम ॥

یہ کہکر اُسکو شری رام چندر کے پاس بھیجا۔ ۴۔ جینت نے نارد جی کے پرم ہتکاری بچن سنکر اُنکو شیش نوایا اور جلد ہی شری رام چندر جی کے پاس آیا۔ ۵۔ بہت ہی دُکھی اور ڈرا ہوا آکر شری رام چندر جی کے آگے ڈنڈے کے سمان گر کر دونون چرن پکڑ لیے اور کہا کہ ہے سوامی مین اپرادھی آپکی شرن مین آیا ہون میری رچھّا کیجیے۔ ۶۔ اَتُل آپکا بل ہی اور اننت آپکا پربھاو ہے۔ اشلوک۔

ब्रह्मा शिवच्छलमरव: परमस्सुराडिते
चापियस्यमहिमार्णवविप्रशस्ते ॥

اشلوک کے ارتھ۔ ترلوکی ناتھ برہما جی اور شری مہادیو جی اور اندرا اور دیوتاؤن کے دیوتا بھی آپکی مہما کے پار پانے کو مہا ساگر کے کنکا (ذرہ) کے برابر ہین سو مجھ مندمت نے نہ جان پائی تھی۔ ۷۔ اِس سے اپنے کیے کرم کا پھل تو مین پا چکا اب تو ہے سوامی میری رچھّا کیجیے مین رچھا پانے کے جوگ ہون کیونکہ آپکو اشرن شرن جانکر آپکی شرن آیا ہون۔ ۸۔ تب تو کرپال سوامی نے اُسکی نہت ادھینتا کی بانی سنکر اپنی دونون نیر ندیاؤنکو بہاتے ہوئے اُسکو ایک آنکھ سے ہین کر کے چھوڑ دیا دوسری پرتگیا باراہ پران کی۔ اشلوک۔

मद्भक्तंस्वपचस्वापिनिन्दाकुर्वन्ति
येनराः। जन्मकोटिशतेनापिनक्षमामिवसुन्धरे॥

۹۔ اپنی ڈھٹھائی سے شری رام چندر کی پیاری جانکی جی کا اپرادھ کیا تھا اُچت تو یہ تھا کہ اُسکو مار ہی ڈالتے پرنت تو بھی سوامی نے اُسکو چھما کر کے چھوڑ ہی دیا۔

۱	رگھپت چترکوٹ بس نانا	چرت کیے شرت سُدھا سمانا
۲	بہر رام اَس من انمانا	ہوئی بھیر سبہی موہِ جانا
۳	سکل مُنن سن بدا کرائی ٭	سیتا سہت چلے دوؤ بھائی
۴	اتر آشرم مہ پربھ جب گئے	سنت مہا مُن ہرکھت بھئے
۵	پُلکت گات اتر اُٹھ دھائے	دیکھ رام آتر چل آئے
۶	کرت ڈنڈوت مُن اُر لائے	پریم بار دوؤ جن انھوائے
۷	دیکھ رام چھب نین جُڑائے	سادر نج آشرم تب آنے
۸	کر پوجا کہہ بچن سہائے	دیے مول پھل پربھ من بھائے
۴ سورٹھہ	پربھ آسن آسین بھر لوچن شوبھا نرکھ	

مُن بَر پَرَم پَرَبِین جُور پانِ اَستُت کَرَت

۱۔ اِس پرکار چِتر کوٹ پربت پر تھوڑے دِن رہکر شری رام چندر جی نے کانونکو سُکھد ایک اَمرت کے سَمان اور پرم منوہر چرتر کیے۔ ۲۔ شری رام چندر جی نے پھر تو یہہ بچار کیا کہ یہان نِکٹ (نزدیک) ہونے کے کارن اجودھیا اور جنک پُر باسیون کی بھیڑ بنی ہی رہا کریگی کیونکہ وے سب لوگ مجھکو دیکھ گئے ہین۔ ۳۔ تب تو سب منیشورون سے آگیا لے کر شری سیتا جی سمیت دونون بھائی چل دیے۔ ۴۔ سب سے پیچھے جب مہارِکھ بَر اُتم بتر اتر مُن کے استھان پر گئے تب تو شری رام چندر جی کا آنا سُنتے ہی مہامنیشور بڑے آنندت ہو گئے۔ ۵۔ پُلکت گات ہوکر (یعنی خوشی سے پھول کر) تُرت ہی اُٹھ دوڑے شری رام چندر جی نے اُنکو آتے دیکھکر لچھمن جی سمیت ڈنڈوت پرنام کیا۔ ۶۔ پرنام کرتے ہوئے دیکھکر مُن نے ہردے سے لگا لیا اور پریم کے آنسوؤن سے دونون بھائیون کو نہلا دیا۔ ۷۔ شری رام چندر جی کی منوہر چھبِ کو دیکھتے ہی مُن کے نیتر شیتل ہو گئے اور آدر سمیت اپنے آشرم کو لے آئے ۸۔ سُندر سُہائے مَدھر بچن کہکر اور بِدھِ سے پُوجن کرکے پربھ کے مَن بھائے مُول پھل آگے دھر دیے جب پرم پرسن شری رام چندر جی آسن پر براجے تب اُنکی سُندر مُورت کی شوبھا آنکھ بھر بھر کر دیکھکر پرم پربین شریشٹھ مُن دونون ہاتھ جوڑ کے یہہ اَستُت (تعریف مُناجات) کرنے لگے۔

افضل ۱۲

چھند

۱ نَمام بھکت بَتسلنگ کِرپال شیل کومَلنگ
بھجام تے پدامبجنگ اکامِ نانگ سُدھاندنگ
۲ نِکام شیام سُندرنگ بھوامبُ ناتھ مندرنگ
پرپھلّ کنج لوچننگ مدادِ دوش موچننگ
۳ پرلمب باہ بِکرمنگ پربھ اپرمیہ بیبھونگ
نِکھنگ چاپ سایکنگ دھرنگ ترلوک نایکنگ
۴ دنیش بنش منڈننگ مہیش چاپ کھنڈننگ
منیندر سنت رنجننگ سرار برند بھنجننگ
۵ منوج بیر بندتنگ اجادِ دیو سیوتنگ

بِشُدّھ بُودھ بگرہنگ سمَست دُوکھنا پہنگ
۶ بھجیش شکتِ سانُجنگ شچی پتِ پریا نُجنگ
نمام اِندرا پتنگ سکھاکرنگ ستانگ گتِنگ
۷ تودنگھرِ مُول یے نرا بھجنت ہِین متسرا ❖
پتنتِ نو بھوارنوے بترک بیچ سنکلے
۸ بِکُت باسنا سدا بھجنتِ مُکتِ ونگ مُدا
نِرسیہ اِندریادکنگ پریانتِ تے گتِنگ سوکنگ
۹ تومینک مدبھتنگ پربھنگ نِریہہ میشورنگ وبھنگ
جگت گُرُنگ چہ شاسوتنگ تُریّ میک کیولنگ
۱۰ بھجامِ بھاوبلبھنگ کُجوگِ نانگ سُدر لبھنگ
سوبھکت کلپ پادپنگ سمُست سیبیہ مستکنگ
۱۱ انُوپ رُوپ بھُوپتنگ نتوہ مُربجا پتنگ
پرسیدمے نمامتے پدابج بھکتِ دیہہ مے
۱۲ پٹھنت یے ستونگ تودنگ نرا درین تے پدنگ
برجنتِ نا ترسنشینگ تودی بھکتِ سنجنگ
دوہا بنتی کرِ مُنِ نائے سِر کہا کرجور بہور ❖ ❖ ❖
چرن سروُرُہ ناتھ جنِ کبہوُن تجے متِ مور

۱۔ باتسل گن (یعنی بچّون کی طرح پالنا) کیول آپکا اپنے بھگتون ہی پر ہے آپ بھگت بنسل اور کرپال شیل کومل ہین آپ کے چرن کملون کو مین سدا سیون کرتا ہون جو آپ اکام بھگتون کو (یعنی جن بھگتون کو کوئی کامنا نہین ہے انکو) اپنا دھام دیتے ہین۔

۲۔ آپ اتِ شیام سُندر ہین سنسار سمُدر کے مندراچل (پربت) ہین کمل نیتر ہین اور اہنکار آدِ دوشون کے ناش کرنے والے ہین۔ ۳۔ آپکی بشال (سُندر) بھجاؤنکا انت بھو ہے ترکش اور دھنکھ اور بان لیے ہوئے آپ ہی تینون لوک کے نایک جگناتھ ہین ہم سُورج بنش کے شوبھا دینے والے ہین شری مہادیو جی کے دھنکھ کے توڑنیوالے ہین مہامنِ سنت لوگون کے من کے آنند داتا ہین راچھسون کے ناش کرنے والے ہین۔

۵- کام دیو کے جیتنے والے شری مہادیو جی آپکو نمسکار کرتے ہین برہما جی آدِ سب دیوتا آپکی سیوا کرتے ہین شُدّھ گیان گھن سچدانند دیہ منگل مورت ہین سب دوشون کے ناش کرنے والے ہین۔ ۶- شچی پت اندر کے بھائی تربکرم بامن سوامی آپکا ہم شری سیتا لچھمن جی سمیت سیون کرتے ہین لچھمی جی کے پت سکھ کی کھان ست پرشون کی گت آپکو ہم نمسکار کرتے ہین۔ ۷- آپ کے چرنون کو جو کوئی اہنکار چھوڑ کر بھجتے ہین وہ سنسار سمدر کی گسترک روپی لہرون مین (یعنی دنیا کے اعتراضات ناقص ہین) نہین گرتے ہین ۸- سب کامنا سے رہت ہو کر جو آپ ہی کو مکت دینے والا جانکر بھجتے ہین وہ اندریونکو جیت کر اپنی گت کو پاتے ہین۔ ۹- آپ ایک ہی او بھت پربھ ہین نراکار ہین ایشور ہین سمرتھ ہین جگت گرو ہین سدا سے ہین ترتی ہین ایک ہین کیول ہین۔ ۱۰- بھاو کے بھوکھے ہین کجوگیون کو بہت دُرلبھ ہین اپنے بھگتون کو کلپ برچھ ہین سب دیوتاؤن کے مستک ہین ۱۱- انوپ روپ ہین راج راجیندر ہین ایسے سیتاپت کو ہم نمسکار کرتے ہین آپ مجھپر پرسن ہو جیے اور اپنے چرن کملون کی بھگت بردان دیجیے۔ ۱۲- جو میری کہی ہوئی اِس استت کو آدر سمیت پڑھے وہ بھی آپ کی بھگت سہت آپکا پد نہ سندیہ پاوے

دوہا- اِس پرکار اترِ منی شری رام چندر کی استت کرکے اور سر جھکا کر پھر بولے کہ ہے ناتھ آپ کے چرن کملون کو میرا من کبھی نہ چھوڑے۔

۱ اَنسویا کے پد گہہ سیتا   ملی بہور سشیل پنیتا۔
۲ رِکھ پتنی من سکھ ادھکائی   آسش دئی نکٹ بیٹھائی
۳ دِویہ بسن بھوکھن پہرائے   جے نت نوتن امل سہائے
۴ کہہ رِکھ بدھو سرل مردبانی   نارِ دھرم کچھ بیاج بکھانی
۵ ماتُ پتا بھراتا ہتکارے   مِت سکھ پرد سن راجکماری
۶ اَمت دان بھرتا بیدیہی   ادھم نارِ جو سیو نہ تیہی
۷ دِھیرج دھرم متر ار ناری   آپد کال پرکھیے چارے
۸ ایک دھرم اِک برت اِک نیما   کاے بچن من پت پد پریما

۶- سورٹھا-
سہج آپاون نارِ پت سیوت شبھ گت لہی
جس گاوین شرت چارِ اجھون تلسکا ہرہ پریہ

۱- پھر اتر رکھی کی استری ارتھات انسویا کے چرنون کو چھو کر سیتا جی بہت آدھینتا سے ملین ۲- رکھی کی استری کو بہت ہی آنند ہوا آشیش دے کر اپنے پاس بیٹھا لیا۔ ۳- دِبیہ ارتھات برہم لوگ کے گہنے کپڑے سیتا جی کو پہنائے جو نت نئے نرمل اور سہانے ہی بنے رہتے ہین ۴- تسکے پیچھے رکھی کی استری (انسویا) نے استریون کے دھرم کے بہانے سے کچھ بچن سیتا جی سے کہے کہ۔ ۵- ہے سیتا جی سنو استریون کو ماتا پتا بھائی آدی تو تھوڑے ہی سکھ کے دینے والے ہوتے ہین ۶- اور بہت سکھون کا دینے والا استریونکا تو پت ہی ہوتا ہے وہ استری ادھم ہے جو ایسے پت کی سیوا نکرے۔ ۷- دھیرج اور دھرم اور متر اور استری یہ چارون بپت کال ہی مین پرکھے جاتے ہین۔ ۸- استری کو تن من بچن سے پت کے چرنون مین پریم رکھنا یہی ایک دھرم ہے یہی ایک برت ہے یہی ایک نیم ہے۔ ۹- سو رکھ سوبھاو ہی سے اشدھ استری کیول پت ہی کی سیوا سے شبھ گت ارتھات سورگ کے سکھ اپنے پت کے ساتھ پاتی ہے دیکھو چارون بید جس گاتے ہین کہ برندا نام استری نے تھا دشٹ بشوبرودھی جالندھر اپنے پت ہی کے پریم کے پربھاو سے اپنے پت کا بھی ادھار کیا اور آپ بھی تلسی ہو کر ہر کی پیاری ہوئی۔

۱ سُن جانکی پرم سکھ پاوا سادر تاسُ چرن سِر ناوا
۲ تب مُن سن کہا کِرپا ندھانا آئیسُ ہوئے جاون بن آنا
۳ سنتت مو پر کرِپا کریہو ✤ سیوک جان تجیو جن نیہو ✤
۴ دھرم دھرندھر پربھ کی بانی سُن سپریم بولے مُن گیانی
۵ جاسُ کرپا شِو آج سنکادی ✤ چہت سکل پرمارتھ بادی
۶ تے تم رام اکام پیارے دِین بندھو مِرد بچن اُچارے
۷ کِہ بدھ کہون جاؤ اب سوامی کہو ناتھ تم انترجامی ✤
۸ اس کہہ پربھ بلوک مُن دھیرا لوچن جل بہا پلک سریرا

۷- دوہا- مُن کی اَستت کینہہ پربھ دینہہ سبھگ بردان
سمن برشٹ نبھ سنکل جے جے کرپا ندھان

۱- ایسا پرم ہتکاری اپدیش انسویا جی کا سنکر شری سیتا جی نے بہت سکھ پایا اور آدر سمیت انکے چرنونکو سر نوایا۔ ۲- پھر اترِ مُن سے شری رام چندرجی نے کہا کہ اب آپ جو مجھکو آگیا دیوین

تو مین دوسرے بن کو جاؤن۔ ۳۔ اور سدا اُنچھہ کر یا کرتے رہیے گا سدا اپنا سیوک جانکر اسنیہہ نچھوڑیے گا۔ ۴۔ ایسے دھرم دُھرندھر سوامی کے بچن سُنکر اتر مُن پریم سمیت بولے کہ۔ ۵۔ جن آپکی کرپا کو برہما شو سنکادک اور سب پرمارتھ کے جاننے والے منیشور لوگ چاہتے ہین۔ ۶۔ سو آپ اکام جنون کے پیارے دین دُکھی لوگون کے بھائی بندھو مجھ سے ایسے کومل بچن کہتے ہین ۷۔ سو بھلا مین آپ سے ہے سوامی جانے کو کیسے کہون آپ تو انترجامی ہین آپ ہی کہیے۔ ۸۔ ایسے کہکر اور شری رام چندر جی کی طرف دیکھکر اتر مُن کے نیتر جل سے بھر آئے اور بدن کے روئین کھڑے ہوگئے۔ ۷۔ دوہا۔ تب تو شری رام چندر جی نے مُن کی استت کی اور سُندر بھگت کا بردان دیا اس پرکار دیوتاؤن نے جب شری رام چندر جی کو چترکوٹ سے چلتے جاتا تب تو پھولون کی برکھا سے آکاش کو بھر دیا اور جے جے کر پا ندھان سوامی کہنے لگے۔

۱ مُن پد کمل ناے کر شیشا ۔ چلے نہے سر نرمن ایشا

۲ بن انیک سُندر گرِ نانا ۔ لانگھت چلے جاین بھگوانا

۳ سرتا بن گر اوگھٹ گھاٹا ۔ پت پہچان دینہہ سب باٹا

۴ جہان جہان جاین دیو رگھرایا ۔ کرین میگھ تہہ تہان تہان چھایا

۵ ملا اسُر برادھ مگ جاتا ۔ گرجا گھور کٹھور رساتا

۶ ارگ سمان جو رشر ساتا ۔ آوت ہی رگھبیر نپاتا

۷ ترتہہ رچر روپ تہہ پاوا ۔ دیکھ دُکھی نج دھام پٹھاوا

۸ پن آئے جہان مُن شر بھنگا ۔ سُندر انج جانکی سنگا

۸۔ دوہا

دیکھ رام مکھ پنکجہہ مُن بر لوچن بھرنگ
سادر پان کرت ات دھن جنم شربھنگ

۱۔ اتر مُن کے چرن کمل کو سر نوا کر سُر نرمُن سب کے نایک شری رام چندر جی دنڈک بن کو چلے ۲۔ تہان انیک بن اور بندھیاچل کے انیک کنگورون کو نانگھتے ہوئے چلے جاتے ہین۔ ۳۔ راہ کی سب ندیان اور سب بن اور پربت اوگھٹ گھاٹ (راہ دشوار گذار) مین بھی اپنے سوامی کو پہچانکر سہج راستہ دیتے چلے جاتے ہین۔ ۴۔ اور جہان جہان شری رام چندر جی چلے جاتے ہین تہان تہان میگھ بھی آکاش مین چھایا کرتے چلے جاتے ہین۔ ۵۔ تہان کسی بن مین جاتے ہوئے ایک راچھس برادھ نام آملا سو شری رام چندر جی کو دیکھکر بڑے کرودھ سے بڑے زور سے گرجا۔

۶- تب سانپون کے سمان زہریلے سات بان لگا کر شری رام چندر جی نے اُسکو مار ڈالا۔ ۷- بھگوان کا بان لگتے ہی دِویہ رُوپ اُسنے پایا اور کرُوڑون جنم کا اُسکو دُکھی جانکر اپنے دھام بیکنٹھ کو پرم کرپال سوامی نے بھیج دیا۔ ۸- تِسکے پیچھے شری سیتا جی اور شری لچھمن جی سہیت شر بھنگ مُن کے آشرم مین آئے۔ ۸- دُوہا۔ شری رام چندر جی کے کمل مُکھ کو دیکھتے ہی شر بھنگ مُن کے نیتر بھونرے کے سمان بڑے پریم سے رس پینے لگے ارتھات اِک ٹک دیکھنے لگے ایسا جنم شر بھنگ مُن کا دھن ہی۔

۱	کہا مُن سُن رگھبیر کرپالا	شنکر مانس راج مرالا
۲	جات رہیُون برنچ کے دھایا	سُنیُون شروَن بن آوت راما
۳	چِتوت پنتھ رہیُون دِن راتی	اَب پربھ دیکھ جُڑانی چھاتی
۴	ناتھ سکل سادھن مین ہینا	کینھی کرپا جان جن دینا
۵	سو کچھ دیو نہ مور نہورا ٭	نج پرن راکھیو جن من چورا
۶	تب لگ رہو دین ہت لاگی	جب لگ ملون تمہین تن تیاگی
۷	جوگ جگ جپ تپ برت کینھا	پربھ کا دیئی بھگتِ بر لینھا
۸	یہہ بدھ سر رچ مُن شر بھنگا	بیٹھے ہردے چھانڑ سب سنگا

۹- دُوہا۔

سیتا انج سمیت پربھ نیل جلد تن شیام
مم اُر بسو نرنتر سگُن رُوپ شری رام

۱- پھر شر بھنگ مُن شری رام چندر جی سے بولے کہ ہے رگھبیر ہے کرپال ہے مہا دیو جی کے من مان سروور کے ہنس راج۔ ۲- مین تو برہم لوک ہی کو جاتا تھا اِتنے مین یہہ سُنا کہ شری رام چندر سوامی بن کو آتے ہین۔ ۳- تب سے رات دِن آپ کے آنے کی راہ دیکھتا رہا اب آپکو دیکھکر میری چھاتی ٹھنڈی ہوئی۔ ۴- ہے ناتھ مین تو سب سادھنون سے ہین ہون آپ نے مجھکو اپنا دین جن جانکر یہہ کرپا کی ہی۔ ۵- سو ہے دیو کچھ مجھپر نہورا نہین ہی یہہ تو آپ اپنا پرن سدا سے ہی پالتے چلے آئے ہن اسی گُن سے اپنے بھکتون کے چت کو چُراتے ہین۔ ۶- اب جو آپ مجھپر کرپا ہی کرتے ہین تو تب تک یہان ہی رہیے جب تک مین اپنا شریر تیاگ کر آپکو ملُون ۷- ایسے کہکر جو کچھ جوگ جگ جپ تپ برت برہم لوگ وا ایک کیا تھا وہ سب سوامی کو ارپن کر کے سب کا اُتم پھل بھگوت بھگتی بردان مانگ لیا۔ ۸- اور سر اُروپ کر

(یعنی چتا بنا کر) شربھنگ مُنی سب سنگ کا تیاگ کر کے سترا پر بیٹھ گئے۔

۹۔ دوہا۔ دیہہ تیاگ کرنے کے سمے شری رام چندر جی سے یہہ بردان مانگا کہ ہے سوامی شری سیتا اور لچھمن جی سمیت اِس میگھ شیام رام روپ سے آپ میرے ہردی مین سدا رہا کیجے

۱ اس کہہ جوگ اگن تن جارا رام کرپا بیکنٹھ سدھارا
۲ رکھ نکائے مُن ہر گت دیکھی سُکھی بھئے نج ہردی بشیکھی
۳ استت کرین سکل مُن برندا جَیت پرنت ہِت کرنا کندا
۴ پن رگھناتھ چلے بن آگے مُن بر برند بپل سنگ لاگے
۵ استھ سموہ دیکھ رگھرایا پوچھا مُنن لاگ ات دایا
۶ تن کہا سنو دیو رگھبیرا پرنت پال بھنجن بھو بھیرا
۷ جانت ہو پوچھو کا سوامی سم درشی سب انترجامی
۸ نسچر نکر سکل مُن کھائے سن رگھبیر نین جل چھائے

۱۰۔ دوہا۔ نسچر ہین کرون مہی بھج اٹھائے پرن کینھ
سکل مُنن کے آشرمن جائے جائے سکھ دینھ

۱۔ اِس پرکار شری رام چندر جی سے کہکر جوگ کی اگن سے اپنے شریر کو بھسم کر دیا اور دبیہ شریر پاکر بھگوت کرپا سے آواگون سے رہت بیکنٹھ دھام کو چلے گئے۔ ۲۔ اُس استھان کے رکھ لوگون نے جب شربھنگ مُن کی ایسی سوگت دیکھی تب تو یہہ جانکر کہ سوامی اپنے بھکتون کو ایسی ہی اُتّم گت دیتے ہین اپنے اپنے ہردی مین بہت ہی پرسن ہو گئے۔ ۳۔ سب مُن لوگ شری رام چندر جی کی استت کرنے لگے اور جے جے بولنے لگے۔ ۴۔ پھر شری رام چندر جی وہان سے آگے کو چلے اور مُنیشورون کے جھنڈ ساتھ ہو لیے۔ ۵۔ تہان ایک استھان پر ہڈیون کا ڈھیر دیکھکر شری رام چندر جی نے دیا کر کے مُن لوگون سے پوچھا ۶۔ اُنھون نے کہا کہ ہے دیو ہے رگھبیر ہے کرپال ہے پرنت پال ہے بھو بھے بھنجن سوامی ۷۔ آپ تو جانتے ہی ہین پوچھتے کیا ہین کیونکہ آپ تو سم درشی ہین گپت اور پرگٹ کو برابر دیکھتے ہین اور سب کے انترجامی ہین۔ ۸۔ راچھسون کے سموہ (یعنی گروہ) نے یہہ سب مُنیشور کھائے ہین یہہ سنکر شری رام چندر جی کے نیتر جل سے بھر آئے۔ ۱۰ دوہا۔ تب تو اپنا ہاتھ اٹھا کر مُنیشورون کے سامنے پرن (یعنی عہد) کیا کہ سب

پرتھوی کو راچھسون سے خالی کرونگا مین ست برت ست سنکلپ ہون یہہ کہکر سب منیشورون کے اشرمون مین جاکر سبکو سکھ دیا (یعنی سب سے اپنا پرن کہکر سبکو نربھی کر دیا)

۱ منِ اگست کر شِکھ سجانا ۔ نام ستیچھن رتِ بھگوانا
۲ من کرم بچن رام پد سیوک ۔ سپنیہو آن بھروس نہ دیوک
۳ پربھ آگمن شروَن سن پاوا ۔ کرت منورتھ آتر دھاوا
۴ ہے بدھِ دین بندھ رگھرایا ۔ موسے شٹھ پر کرہین دایا
۵ سہت انج موہِ رام گسائین ۔ ملِ ہین نج سیوک کی نائین
۶ مورے جیہ بھروس دڑھ ناہین ۔ بھگتِ برت نہ گیان من ماہین
۷ نہین ست سنگ جوگ جپ جاگا ۔ نہین دڑھ چرن کمل انراگا
۸ ایک بان کرنا ندھان کی ۔ سو پریہ جاکے گت نہ آن کی

۱- اس پرکار بھگت وتسل پرم کرپال شری رام چندر سوامی اپنے [illegible] ہوئے بارہ برس تک اپنے بھکتون ہی کے آشرمون مین پھرتے رہے تیسکے پیچھے اگست منِ کے آشرم کو چلے تہان راہ مین ایک پرم سجان شِکھ (چیلہ) اگست منِ کا ستیچھن نام شری رام چندر جی کا پرم بھگت رہتا تھا۔ ۲- تن من بچن سے کیول شری رام چندر ہی کا سیوک تھا اور کسی دیوتا کا سپنے مین بھی بھروسا نہ رکھتا تھا۔ ۳- سو جب ستیچھن نے شری رام چندر کے آنے کے سماچار سن پائے تو جلد ہی بہت طرح کے منورتھ کرتے ہوئے اُٹھ دوڑے۔ ۴- ہے بدھاتا۔ دین دیال شری رام چندر سوامی مجھ ایسے شٹھ پر کیسے کرپا کرینگے۔ ۵- بھائی ارتھات لچھمن جی سمیت شری رام چندر سوامی اپنے سیوک کی طرح مجھ سے کیسے ملینگے۔ ۶- میرے جی کو تو پکا بھروسا نہین ہوتا ہے کیونکہ نہ تو میرے بھگتی ہے نہ بیراگ ہے نہ گیان ہی ہے۔ ۷- نہ اچھے لوگون کا ست سنگ ہے نہ جوگ ہے نہ جپ ہے نہ جگ ہے اور نہ سوامی کے چرن کمل مین دڑھ پریم ہے مین تو سب سادھنا سے ہین (یعنی خالی) ہون سوامی کے ملنے کا کون سہارا ہے۔ ۸- ہان کرپا ندھان سوامی کی ایک یہہ سندر بان (یعنی عادت) ہے کہ جس کسی کو سوائے بھگوان کے دوسرے کسی کا بھروسا نہین ہوتا ہے وہی انکا پیارا ہوتا ہے۔ دوہا۔ ہے تو رگھبر سے بنی کی بگری بھرپور تلسی ہے جو اور سے تا بینے بین دھور۔ سو مین تو اننیہ گت اننیہ شرن اننیہ سادھن ہون ارتھات سوائے انکے دوسری گت دوسری

شرن دوسری سادھنا نہین رکھتا ہون۔

۱	ہُوئی آج سپھل مم لوچن	دیکھ بدن پنکج بھو موچن
۲	نربھر پریم مگن مُن گیانی	کہہ نہ جائے سو دشا بھوانی
۳	دِش اور بدِش پنتھ نہین سوجھا	کو مین کہان چلیون نہین بوجھا
۴	کبہون پھر پاچھے سو جائی	کبہون نرت کری گُن گائی
۵	اَبِرل پریم بھگت مُن پائی	پربھ دیکھین ترُ اوٹ لُکائی
۶	اَتِ شری پریت دیکھ رگھبیرا	پرگھٹے ہِردے ہرن بھو بھیرا
۷	مُن مگ مانجھ اَچل ہوی ویسا	پُلک شریر پنس پھل جیسا
۸	تب رگھناتھ نکٹ چل آئے	دیکھ دشا نج جن من بھائے

۱- دھنّ میرے بھاگ ہین کہ سنسار رُوپی بندھن سے چھُڑانے والے شری رام چندر سوامی کا مُکھ کمل دیکھکر آج میرے نیتر سپھل ہونگے۔ ۲- ایسے اَتِ نرپُورن پریم مین ڈوبے ہوئے ستیچھن مُن کی دشا ہے بھوانی کہی نہین جاتی ہی کہ۔ ۳- جسکو مارگ مین نہ تو دِشا بدِشا سوجھتی ہی اور نہ یہہ جان پڑتا ہی کہ مین کون ہون کہان جاتا ہون۔ ۴- کبھی تو پیچھے کو پھر جاتے ہین کبھی پربھو کے گُن گاے گاے کر ناچنے لگتے ہین۔ ۵- ایسی جو بڑی بھکتِ مُن کو پراپت ہوئی اُسکو شری رام چندر جی برچھ کی اوٹ مین چھپے ہوئے دیکھتے ہین ۶- پھر تو اُنکی ایسی پریم بھکتِ دیکھکر اُنکے ہردے ہی مین سری رام چندر جی شری سیتا اور لچھمن جی سہت پرگٹ ہو گئے۔ ۷- تب ستیچھن اپنے سوامی کو اپنے ہردے ہی مین دیکھکر ہی دھیان مین اَچل ہوکر مارگ ہی مین پُلکت شریر ہوکر کیسے بیٹھ گئے جیسے کٹہل کا پھل ہوتا ہی۔ ۸- یہہ دشا دیکھکر شری رام چندر جی کو ستیچھن مُن بہت ہی پیارے لگے اور شری رام چندر جی ستیچھن مُن کے پاس چلے آئے۔

۱	مُنہِ رام بہُ بھانت جگاوا	جاگ نہ دھیان جنِت سکھ پاوا
۲	بھوپ روپ تب رام دُراوا	ہِردے چترُ بھج روپ دکھاوا
۳	مُن اکلاے اُٹھا تب کیسے	بِکل ہِین مَن پھن بر جیسے
۴	آگے دیکھ رام تن سیاما	سیتا انج سہت سکھ دھاما
۵	پرا لکُٹ جم چرن لاگی ❖ ❖	پریم مگن مُن بر بڑ بھاگی

۶	بھج بشال گہہ لیے اُٹھائی	پرم پریت راکھیو اُر لائی
۷	مُنہ ملت اِم سوہ کرپالا	کنک ترُہ جِم بھینٹ تمالا
۸	رام بدن بلوک مُن ٹھاڑھا	مانو چتر ماںجھ لکھہ کاڑھا

۱۳- دوہا-
تب مُنِ ہردے دھیر دھر گہہ پد بارہِ بار
نج آشرم پربھ آن کر پوجا بِبِدھ پرکار

۱- سُتیچھن کو شری رام چندر جی نے دھیان سے بہتیرا جگایا پر وہ نہ جاگے اُنھوں نے دھیان درشن ہی مین بڑا آنند پایا- ۲- تب تو شری رام چندر جی نے اپنا نرراج روپ اُنکے دھیان سے چھپا لیا اور اپنا ہمیشہ کا چترُبھج روپ اُنکو دکھایا- ۳- تب تو سُتیچھن اپنے پیارے دوبھجا والے رام روپ سے الگ چار بھجا والے روپ کو دیکھکر کیسے گھبرائے اُٹھے جیسے بنا مَن کے سانپ گھبرائے جاتا ہی- ۴- پھر تو شری سیتا جی اور شری لچھمن جی سہت اُنھیں آنند ندھان دوبھج گھنشیام رام چندر جی کو اپنے سامنے دیکھکر لاٹھی کی طرح شری رام چندر جی کے چرنون پر گر پڑے اور پریم مین ڈوب گئے- ۶- تب شری رام چندر جی نے سُتیچھن کو اپنے چرنون پر پڑا ہوا دیکھکر اپنے سُندر ہاتھون سے اُٹھا لیا اور بڑی پریت سمیت ہردے سے لگا لیا- ۷- مُن کو ملتے ہوئے شری رام کرپال کیسے سوہتے ہین جیسے سونے کے برچھ کو ترُن تمال بھینٹتا ہی- ۸- پھر تو شری رام چندر جی کے مُکھار بند کو سُتیچھن کیسے دیکھتے رہگئے مانو چتر (تصویر) لکھے سے کھڑے ہین- ۱۳- دوہا- تسکے پیچھے مُن نے پریم پرباہ کو روک کر شری رام چندر جی کے چرن بار بار پکڑے اور اپنے آشرم مین لاکر انیک بھانت سے پوجن کیا-

۱	کہا مُنِ سُن پربھ بنتی موری	استت کرون کون بدھ توری
۲	شیام تام رس دام شریرنگ	جٹا مکٹ پردھن مُن چیرنگ
۳	پان چاپ شر کٹ تونیرنگ	نومِ نرنتر شری رگھبیرنگ
۴	ارن تین راجیو سبیکھنگ	سیتا نین چکور نشیکھنگ
۵	ہر ہردے مانس راج مرالنگ	نومِ رام اُر باہو بشالنگ
۶	نرگن سگن بِکھم سم روپنگ	گیان گرا گوتیت منوپنگ
۷	امل اکھل مَن بد مپارنگ	نومِ رام بھنجن مہیہ بھارنگ
۸	اتِ ناگر بھوساگر سیتو	تراتا سدا دنکر کل کیتو

۱- اِس پرکار شری رام چندر جی کا پُوجن کرکے اور دونون ہاتھ جوڑ کر سنّچھمن بولے کہ ہے سوامی سُنیے مین آپکی اُستُت کسی بھانت سے نہین کرسکتا ہون -۲- جو آپ کمل نال کے سمان کومل سُنّدھار شیام شریر ہین اور جٹاؤن کا مُکُٹ اور مُنِ لوگون کے ایسے کپڑے (چھال بھوج پتّر آدِ) پہنے ہین -۳- کمر مین ترکش اور ہاتھ مین دھنکھ بان لیے ہین ایسے شری رگھبر کو میرا سدا پرنام ہی -۴- جو آپ کمل پتّر کے سمان آرُن نین اور سُندر بھیس بنائے ہین اور شری جانکی جی کے نیتر رُوپی چکورون کو پُورن چندرما کے سمان آنند دایک ہین۔

۵- شری شِو جی کے ہردے رُوپی مان سرُوور کے راج ہنس ہین ایسے سُندر بشال بھجا والے شری رام چندر جی کو میرا پرنام ہی -۶- اوگنون سے تو آپ نرگُن ہین اور اُتّم گیان سے سگُن ہین بھگت اور ابھگتون کے بھید سے آپ بکھم ہین اور شرناگت کے پالنے مین آپ سب جیوون کو برابر ہین مَن سمیت گیارہ ہو اندری اور بانی اور بُدھ سے آپ پرے ہین اور اَنُوپ (بے نظیر) ہین -۷- نِرمل اور سرب رُوپ اور دُنّدا سے رہت اور اپار ہین ایسے بھو بھار بھنجن شری رام چندر جی کو میرا پرنام ہی -۸- آپ بہت ہی پربین چتر ہین سنسار رُوپی سمُندر کے پُل ہین ایسے رگھوکل کے تِلکا شری رام چندر جی میری رچھیا کرین۔

۱	جو جانین تے جانو سوامی	سگُن اگُن اُر انتر جامی
۲	جو کوشل پت راجِو نینا	کرو سو رام ہردے مم اینا ✤
۳	سُن مُن بچن رام مَن بھائے	بہر کر گہہ مُنِ بر اُر لائے ✤
۴	پرم پرسن جان مُن موہین ✤	جو بر بھاؤ دیون مین توہین ✤
۵	مُنِ کہا مین بر کبہون نہ جانچا	سمجھ نہ پری جھوٹھ کا سانچا
۶	تمہین نیک لاگے رگھورائی ✤	سو موہِ دیو داس سُکھدائی
۷	اَبرل بھگت برت بگیانا	ہو سکل گُن گیان ندھانا
۸	پربھُ جو دینہہ سو بر مین پاوا	اب سو دیو موہِ جو بھاوا

۱۵- دوہا- انُج جانکی سہت پربھو چاپ بان دھر رام
مم ہیہ گگن اِندُو اِو بسو سدا نہہ کام ✤ ✤ ✤

۱ و ۲- سگُن یا نرگُن یا انتر جامی کرکے جو کوئی آپکو جانتے ہین سو جانا کرین مجھکو اِس جھگڑے سے کیا پر جو میرے ہردے مین تو جو آپ راج راجیندر شری اجودھیا ناتھ رام راجیو لوچن ہین

سُوئی سدا نواس کرین۔ ۴۔ ایسے پریم کے بھرے بچن سُنکر شری رام چندر جی کے مَن کو بہت
بھائے اور ہٹ کر (یعنی زبردستی کر کے) مُنِ بر (سُتیچھن) کو پھر اپنے ہردے سے لگا لیا اور پھر
بولے کہ ہے مُن اب تم مجھکو بہت پرسنّ جانکر جو بردان من مانگا مانگو وہ مین تمکو دُون
۵۔ یہہ سُنکر سُتیچھن نے کہا کہ ہے سوامی مین نے سِوائے آپ کے اور کسی سے کبھی کوئی بردان
مانگا ہی نہین ہی مین نہین جانتا ہون کہ کون بردان اچھا ہوتا ہی اور کون سا اچھا نہین ہی
۶۔ آپ ہی کو جو اچھا لگے سوئی ہے بھگت سُکھدایک دیجیے۔ جب سُتیچھن نے سب بوجھ
سرتس وا ایک شری رام چندر ہی پر رکھدیا تب تو پرم اُدار شری رام چندر جی بولے کہ اَبرل
بھکتِ تمکو ہو اور نرمل بیراگ اور شُدّھ گیان ہو سب گیا اور گنون کے ندھان ہو جاو۔
۸۔ یہہ سب بردان پاکر سُتیچھن مُن پھر بولے کہ ہے سوامی آپ نے اپنے من مانے جو بردان دیے
سو تو مین نے پائے پرنتُ اب جو بردان مجھکو اچھا جان پڑتا ہی وہ بھی دیجیے کہ۔
۸۔ دوہا۔ شری سیتا جی اور شری لچھمن جی سہت آپ دھنکھ بان لیے ہوئے میرے ہردے
رُوپی آکاش مین چندرما کے سمان اِس رام رُوپ ہی سے سدا رہا کیجیے۔

۱	ایوَمستُ کہا رمانِواسا		ہرکھے چلے کُنبھج رِکھ پاسا	
۲	مُن پرنام کینھا کر جوری ❖		سنو ناتھ اک بنتی موری ❖	
۳	بہت دِوس گُر درشن پائے		بھئے موہِ یہہ آشرم آئے	
۴	اب پربھُ سنگ چلو گُر پاہین		تمکا ناتھ نہورا ناہین ❖ ❖	
۵	چلے جات پربھ تو پرگنجا		دیکھون جِن بِرادھ مدگنجا	
۶	دیکھ کرپا ندھ من چترائی ❖		لیے سنگ بہسے دوؤ بھائی	
۷	پنتھ کہت نج بھگت انُوپا		مُن آشرم پہنچے سُر بھوپا	
۸	آشرم دیکھ مہا شج سُندر		سرت سرُ دُور کا تن بھُودھر	

۱۶۔ دوہا۔	ترورِ بِبدھ بہنگم بولت بِبدھ پرکار ❖ بِسین بِدھ مُن تپ کرین مہا گُن آگار ❖	

۱۔ ایوَمستُ (ایسا ہی ہوگا) کہکر شری رام چندر رمانواس آت پرسنّ مُن اگست مُن کے
پاس چلے۔ ۲۔ سُتیچھن نے ہاتھ جوڑ کر پھر پرنام کیا اور کہا کہ ہے سوامی میری ایک بنتی اور
ہی کہ ۳۔ مجھکو گردیو کے درشن پائے ہوئے بہت دن ہوگئے جب سے اِس آشرم مین

آیا ہون تب سے پھر اُنکے پاس نہین گیا ہون۔ ۴۔ اب آپ کے ساتھ گرو کے پاس چلا چاہتا ہون اسمین ہے ناتھ کچھ آپکا کام بشیکھ نہین ہو بلکہ مجھی کو یہہ بڑا لابھ ہوگا کہ۔ ۵۔ راہ مین چلے جاتے ہوئے آپ کے چرن کمل کا درشن کرتا جاؤنگا جسنے ابھی ابھی استھان مین ہم لوگون کے دُکھ دائی مہا دُشٹ برادھ کے گھمنڈ کو توڑا ہے۔ ۶۔ جب کرپال سوامی نے سُتیچھن کی یہہ چترائی دیکھی تب تو دونون بھائی ہنسے اور اُنکو ساتھ ہی لے لیا۔ چترائی یہہ ہے کہ جب ستیچھن اپنے گرو اگستمن سے بدیا پڑھ چکے تب ہمیشہ کے دستور کے موافق اُنسے گرو دچھنا مانگنے کو کہا تب اگستمن نے کہا کہ ہمکو کچھ نچاہیے تم پرسن رہو جب سُتیچھن نے بہت ہی ہٹھ کیا تب اگستمن نے کہا کہ ہمارے پاس پرمیشور کو لیکر آنا۔ ۷۔ راستہ مین شری رام چندر جی اپنی انوپم بھگت ستیچھن سے کہتے ہوئے اگستمن کے آشرم کے پاس پہنچے۔ ۸۔ مہا پوترمن کا آشرم دیکھا اور وہان کے ندی تالاب بن پربت سب سُندر دیکھے۔ ۱۶۔ دوہا۔ برچھون پر بھانت بھانت کے پنچھی بولتے دیکھے اور مہا گنون کے نواس مہا مُن سدھ وہان تپ کرتے دیکھے۔

۱ سُرت سُتیچھن گُر پہان گیو گُر دنڈوت کہت اس بھیو
۲ ناتھ کوشلادھیش کُمارا آئے ملن جگت آدھارا
۳ رام انج سمیت بیدیہی نِش دِن دیو جپت ہو جیہی
۴ سُنت اگست ترت اُٹھ دھائے ہرہ بلوک نین جل چھائے
۵ مُن پد کمل پرے دو بھائی رکھ ات پریم لیے اُر لائی
۶ سادر کشل پوچھ مُن گیانی آسن پر بیٹھارے آنی ٭
۷ پُن کر بہو پرکار پرپوجا مو سم بھاگونت نہین دوجا
۸ جہان لگ رہے اپر مُن برندا ہرکھے سب بلوک سُکھ کندا

۱۷۔ دوہا۔ مُن سموہ مان بیٹھے سنمکھ سب کی اور
شرد اندو تن چتوت مانو نکر چکور ٭٭

۱۔ ترت ہی ستیچھن مُن شری رام چندر جی کے آنے کے سماچار لیکر اپنے گرو دیو اگستمن کے پاس گئے اور ونڈوت پرنام کرکے یہہ کہنے لگے کہ۔ ۲۔ ہے ناتھ کوشلادھیش شری مہاراجا دشرتھ کے کمار آپ کے ملنے کو آئے ہین جو سب جگت کے آدھار ہین۔ ۳۔ جنکا نام

رام ہو اپنے بھائی لچھمن اور شری جانکی جی سمیت ہین جنکو آپ ہے دیو رات دن جپا کرتے ہین ۴- یہہ سنتے ہی اگست مُن ترت اُٹھ دوڑے اور شری رام چندر جی کو دیکھکر نیتر جل سے بھر گئے۔ ۵- جب شری رام چندر جی اور شری لچھمن جی دونون بھائی اگست مُن کے چرنون پر گر پڑے تب تو رِکھی نے بڑے پریم سے اُٹھا کر ہردے سے لگا لیا- ۶- آدر سمیت کُشل پوچھکر آشرم مین لا کر جتھا اُچت آسن پر بیٹھارے -۷- پھر انیک بھانت سے پوجن کیا اور کہا کہ ہے ناتھ آج تو میرے سمان دوسرا کوئی بھی بھاگوان نہین ہے۔

۸- اور جو منیشور لوگ وہان تھے وہ بھی شری رام چندر آنند کند کو دیکھکر پرسن ہو گئے ۹- منیشورون کی سماج مین شری رام چندر جی سب کی طرف سامنے ہی براجتے ہین اور سب منیشور لوگ شری رام چندر کے مکھ چندر ما کو چکور کی طرح دیکھتے ہین۔

۱	تب رگھبیر کہا مُن پاہین ✤	تمکا پربھ دُرا و کچھہ ناہین ✤
۲	تم جانو جہہِ کارن آیون ✤ ✤	تاتے تات نہ کہہ سمجھایون
۳	اب سو شِکھہ دیو مُن موہی ✤	جہہ پرکار مارون مُن دروہی
۴	مُن مسکانے سُن پربھ بانی ✤	پوچھو ناتھ موہِ کا جانی ✤ ✤
۵	اومر تر بشال تو مایا ✤ ✤	پھل انیک برہمانڈ نکایا ✤
۶	جیو چر اچر جنت سمانا	بھیتر رہین نہ جانین آنا ✤ ✤
۷	تے پھل بھچھک کٹھن کرالا ✤	تو ڈر ڈرت سدا سو کالا ✤
۸	تے تم سکل لوک پت سائین	پوچھیو موہ منُج کی نائین ✤ ✤

۱- تب تو شری رام چندر جی نے اگست مُن سے کہا کہ ہے سوامی آپ تو ترکال درشی ہین (یعنی تینون زمانون کا حال جاننے والے ہین) آپ سے کچھ چھپا نہین ہے- ۲- آپ تو جانتے ہین جس واسطے مین شری سیتا اور لچھمن جی سمیت یہان آیا ہون اس سے مین نے آپ سے پر کچھ نہین کہا- ۳- اس سے آپ ایسا اپدیش کرین جس سے مین ان مُن دروہیون کو (یعنی راکچھسون کو) مارون- ۴- یہہ سنکر اگست مُن مسکائے اور بولے کہ ہے ناتھ مجھکو آپ کیا جانکر پوچھتے ہین- ۵- گولر کے برکچھ کے سمان آپکی بشال مایا ہے اور اننت کوٹ برہمانڈ اُسکے پھل ہین- ۶- اُسمین سب چراچر جیو (یعنی حیوانات ناطق و غیر ناطق) بھنگے کی طرح رہتے ہین جو جسمین رہتا ہے وہ اُسی کو جانتا ہے دوسرے کو نہین

۷- ان سب پھلون کا کھانے والا مہا کٹھن کرال کال ہی سو وہ بھی آپکے ڈر سے ڈرتا ہے۔
۸- ایسے آپ سب لوک اور لوکپالون کے سوامی ہو کر مجھ سے منکّھ کی طرح پوچھتے ہین۔

۱	سنتت داسن دیو بڑائی ✤	تاتے موہ پوچھو رگھرائی ✤
۲	ہی پربھ پرم منوہر ٹھانون ✤	پاون پنچ بٹی تہہ نانون ✤
۳	گوداوری ندی تہان بہئی	چارون جگ پرسدّھ سواہئی
۴	دنڈک بن پنیت پربھ کر ہو ✤	اگر شاپ مُن بر کر ہر ہو ✤
۵	باس کرو تہان رگھ کل رایا ✤	کیجے سکل مُن پر دایا ✤ ✤
۶	چلے رام مُن آیس پائی	ترت پنچ بٹی نیرائی ✤ ✤
۷	لکھن رام سیہ چرن نہاری	کانن اگھ گا بھا سکھ کاری
۸	دبیہ لتا درم پربھ من بھائے	نرکھ رام سب بھئے سہائے

۱۹- دوہا-
گدھ راج سن بھینٹ بھئی بہہ بدھ پریت دڑھائے
گوداوری نکٹ پربھ رہے پرن گرہ چھائے ✤

اسے سوامی آپ سدا اپنے بھگتون کو بڑائی دیتے آئے ہین ایسی سے آپ نے مجھسے پوچھا ہی ۲ و ۳- ہے سوامی ایک پرم منوہر استھان ہی مہا پوتر پنچ بٹی نام ہی گوداوری گنگا تہان بہتی ہی جو چارون جگون مین پرسدّھ ہی- ۴- دنڈک نام بن جو بھرگ مُن کے شاپ سے سوکھا پڑا ہی اُسکو پوتر کیجیے- ۵- اور وہان ہی جا کر رہیے سب مُن لوگون پر دیا کیجیے- ۶- اگست مُن کی آگیا پا کر شری رام چندر جی شری سیتا اور لچھمن جی سہیت وہان سے چل دیے اور اور پنچ بٹی مین آ پہنچے- ۷- شری رام چندر جی اور شری سیتا جی اور شری لچھمن جی کے چرنونکو دیکھتے ہی دنڈک بن کا سب شاپ دور ہو گیا اور سندر سہاون ہرا بھرا ہو گیا- ۸- دبیہ لتا (مہا سندر بیل) اور برچھ شری رام چندر جی کو دیکھتے ہی ایسے سہاون ہو گئے کہ پربھو کے من کو بھا گئے- ۱۹- دوہا- تہان مہاراجا دشرتھ کے سکھا گدھ راج جٹایو نام سمپاتی گدّھ کے چھوٹے بھائی سے اور شری رام چندر جی سے پتا اور پتر کی طرح آپسمین پریت ہوئی اور گوداوری کے پاس پتون کا گھر چھا کر شری رام چندر جی رہے۔

۱	جب تے رام کینھ تہان باسا	سکھی بھئے مُن بیتی تراسا
۲	گر بن ندی تال چھب چھائے	دن دن پرت ات ہو ہنہ سہائے

۳ کھگ مرگ برند آنندت رہ ہیں ۔ مدھپ مدھر گنجت چھب لہ ہیں
۴ سو بن برن نہ سک اہِ راجا ۔ جہاں پرگھٹ رگھبیر براجا ؛
۵ ایکبار پربھ سکھ آسینا ۔ لچھمن بچن کہے چھل ہینا
۶ سُر نر مُن سچراچر سائین ۔ مین پوچھون نج پربھ کی نائین
۷ موہ سمجھائے کہو سو دیوا ۔ سب تج کرون چرن رج سیوا
۸ کہو گیان براگ اَرُ مایا ۔ کہو سو بھگت کرو جیہہ دایا ؛

۲۰- دوہا- ایشور جیو بھید پربھ سکل کہو سمجھائے
جاتے ہوے چرن رت شوک موہ بھرم جائے

۱- جب سے شری رام چندر جی شری سیتا اور لچھمن جی سہت دنڈک بن مین جا کر رہے تب سے وہان کے رہنے والے مُن لوگ سب سکھی ہو گئے کیونکہ اُنکے سب ڈر جاتے رہے- ۲- اور وہان کے پربت بن ندی تالاب سب چھب سے چھا گئے کہ دن دن پر بڑھ بڑھ کر بہت ہی سہاون ہونے لگے- ۳- طرح طرح کے پنچھی اور ہرنون کے جھنڈ آنند سے رہنے لگے اور بھونرے مدھر مدھر گنجتے ہوے بڑی چھب پانے لگے- ۴- اُس بن کی شوبھا کو تو ہزار مکھ والے شیش جی بھی نہین کہہ سکتے ہین جہان اننت کوٹ برہمانڈونکے سوامی شری رام چندر جی براجتے ہین- ۵- ایک سمے شری رام چندر سوامی پرم پرسن بیٹھے تھے ایسا ساوکاش کا سمے (فرصت کا وقت) دیکھکر لچھمن جی چھل کپٹ رہت بچن بولے- ۶- کہ ہے سُر نر مُن چراچر کے سوامی مین آپ سے کچھ اپنے پربھو کی طرح پوچھتا ہون کیونکہ میرے تو آپ ہی نج پربھو ہین مین تو آپ کے سوائے- گُر پِت مات نجانون کاہو- اشلوک-

श्लो० त्वमेवमाताचपितात्वमेवत्वमेवबन्धुश्चसखात्वमेव ।
त्वमेवविद्याद्रविणंत्वमेवत्वमेवसर्व्वंममदेवदेव ।।

۷- سو مجھکو سمجھا کر ایسا پرم ہِتکاری اُپدیش کیجیے کہ جو سُنکر سب دھرمون کو چھوڑ کر آپ ہی کے چرن رج کی سیوا کرون- ۸- گیان اور بیراگ کہیے اور مایا کا بھی حال کہیے پھر اپنی وہ بھگت کہیے جس سے آپ اپنے بھگتون پر دیا کیا کرتے ہین- ۲۰- دوہا- اور ایشور اور جیو مین جو بھید ہے وہ بھی سمجھا کر کہیے جس سے میری ڈرہ پریت آپکے چرنون مین ہو اور شوک موہ بھرم (رنج غفلت شُبہہ) سب میرے مَن سے جاتا رہے-

۱ تھورے ماں سب کہوں سمجھائی سنو تات من مت چت لائی
۲ میں اور مور تور تیں مایا جہہ بس کینھے جیو نکایا ✤
۳ گوگوچر جہاں لگ من جائی سو سب مایا جانو بھائی
۴ تاکر بھید سنو تم سوؤ ✤ بدیا اپر ابدیا دوؤ ✤ ✤
۵ ایک دُشٹ اَتِ سنتت دُکھ رُوپا جا بس جیو پڑا بھو کوپا ✤ ✤
۶ ایک رچے جگ گن بس جاکے پربھو پریرت نہیں نج بل تاکے
۷ گیان مان جہہ ایکو ناہیں ✤ دیکھیں برہم سمان سب ماہیں
۸ کہیے تات سو پرم براگی ✤ ✤ ترن سم سدھ تین گن تیاگی

۱۲- دوہا- مایا ایش نہ آپ کا جان کہو سو جیو ✤ ✤ ✤
بندھ موکش پرد سرب پر مایا پریرک سیو

۱- ایسا پرم اُتم پرشن (یعنی سوال) لچھمن جی کا سُنکر بید بیدانت کے جاننے والے شری رام چندر جی سب شاستروں کا سدّھانت بچن بولے کہ ہے تات سُنو میں تمسے تھوڑے ہی میں تمھارے سب پرشنوں کا اُتر (یعنی سوالوں کا جواب) سمجھا کر کہتا ہوں اُسکو تم من بدھ چت لگا کر سُنو کہ ۲- میں اور میرا تیں اور تیرا بھی اہنکار رُوپ مایا کہلاتی ہی جسنے سب جیوؤنکو اپنے بس کر رکھا ہی- ۳- سو جہاں تک گوگوچر پدارتھ ہیں ارتھات جسکو دسوں اندریاں جان سکتی ہیں اور جہاں تک من کی دوڑ ہی اُس سبکو ہے لچھمن تم مایا ہی جانو- ۴- سو مایا دو پرکار کی ہی ایک پرا مایا سو بدیا کہاتی ہی دوسری اپرا مایا سو ابدیا کہاتی ہی- ۵- ایک اپرا مایا تو مہا دُشٹ دُکھ کی رُوپ ہی ہی اُسی کے بس ہو کر جیو اِس اندھے کنوئیں ارتھات سنسار میں پڑا ہی (یعنی بار بار جنم اور مرن پاتا ہی)- ۶- دوسری پرا مایا ہی جو اِس سنسار کو پیدا کرتی ہی سب گن اِسی کے بس میں ہیں یہ دونوں مایا ہر پریرت ہیں (یعنی بھگوان کی اچھّا سے ہیں) کچھ اپنا نج بل نہیں رکھتی ہیں- بھگوت گیتا کا اشلوک-

श्लो० ॥ भूमिरापोनलोवायुः खंमनोबुद्धिरेवच । अहंकारइ-
तीयम्मेभिन्नाप्रकृतिरष्टधा ॥ १ ॥ یہ اپرا مایا کی ہے-
अपरेयमितिस्त्वन्यांप्रकृतिंविद्धिमेपरां । जीवभूतांमहाबा-
होययेदंधार्य्यतेजगत ॥ २ ॥ یہ پرا کرت مایا ہے-

۷- جو امانی (اہنکار سے رہت) ہو اُسکو گیانی جانو کیونکہ سب جیوؤن مین ایک اپنے ہی پربھُ انترجامی کو برابر دیکھتا ہی - ۸- پرم بیراگی اُسکو کہنا چاہیے جو تینون گنون کو سب سدّھیون سمیت تنکے کی طرح تیاگ دے - شری بھاگوت کا اشلوک -

ननाकपृष्ठं न च सार्वभौमं न योगसिद्धिं नपुनर्भवं वा । नपारमेष्ठ्यं
नरसाधिपत्यं वाञ्छन्ति यत्पादरजःप्रपन्नाः ॥ ÷ ॥ ÷ ॥ ÷ ॥

۲۱- دوہا - جو اپنے کو جیتن سمجھکر نہ تو مایا جان سکتا ہی اور نہ پرمنتر سمجھکر ایشور ہی مان سکتا ہی اُسکو جیو کہنا چاہیئے اور جو سب جیوون کو بندھن اور موکش دینے والا اور مایا کا پریرک (یعنی تحریک دینے والا) سوامی ہی سو سب سوابھاوک اَنودِھک ایشورج بیرج بل تیج گیان جس کا سیوَ (یعنی حد) ایشور ہے -

۱	دھرم تے برت جوگ تے گیانا		گیان موکش پرد بید بکھانا	
۲	جاتے بیگ دروون مین بھائی		سو مم بھگت بھگت سکھدائی	
۳	سو سوتنترا اولمب نہ آنا		تیہ آدھین گیان بگیانا	
۴	شروَن آدِک جن بھگت دڑھاہین		مم لیلا رتِ آت من ماہین	
۵	سنت چرن پنکج آت پریما		من کرم بچن بھجن دڑھ نیما	
۶	گرپت مات بندھ پت دیوا		سب مو کا جانین دڑھ سیوا	
۷	مم گن گاوت پلک سریرا		گدگد گرا نین بہے نیرا	
۸	کام آدک مد دمبھ نہ جاکے		تات نرنتر بس مین تاکے	

۲۲- دوہا -	بچن کرم من مور گت بھجن کرین نہکام تنہ کے ہردے کمل مان کرون سدا بشرام	

ابہ دھرم مین رچ ہونے سے بیراگ پیدا ہوتا ہی اور اشٹانگ جوگ ارتھات شم دم نیم آسن پرانایام پرتیاہار دھیان دھارنا سمادھ کے سادھنے سے گیان ہوتا ہے جس گیان کو بید موکش دینے والا کہتے ہین پرنتُ اُنہین سے میری کرپا کا کارن بھگت کے بنا کوئی بھی نہین ہی - ۲- جس سے مین اس جیو پر جلد کرپا کرتا ہون مجھو تو کیول میری بھگتی ہی ہی جو میرے بھگتون کو سکھدایک ہی اور وہ سوتنتر بھی ہی دوسرے سادھن کا سہارا نہین چاہتی ہی اور گیان بگیان آدیت موکش سادھن اُسکے آدھین ہین ہم اسی کارن

مُوکش چاہنے والے جوگ جو سُننے کے ابھلاکھی ہین وہ شَروَن آدک نَو[9] لچھن یا سولہہ[16] لچھن والی میری بھگت ہی کو دِڑھ کرتے ہین اور میرے دِبّیہ جَنم کرم کی لیلا ہی مین سدا پریت رکھتے ہین نو[9] لچھن والی بھگتِ شری مدبھاگوَت[12] کے اِس اشلوک سے سمجھو۔ اشلوک۔

श्रीमद्भागवते ॥ श्रवणं कीर्त्तनं विष्णोः स्मरणं पादसेवनं ।
अर्चनंवन्दन दास्य सख्य मात्मनिवेदनं ॥ ✣ ॥ ✣ ॥ ✣ ॥

یہہ نَو[9] دھا بھگتِ کہی گئی۔ اب پدم پُران کے مَت سے کھوڈشس[16] دھا بھگتِ کہتے ہین پدم پُران کے اشلوک۔

अथपद्मपुराणे षोडशधा भक्तिवर्णनं ॥

आद्यन्तु वैष्णवं प्रोक्तं शंखचक्रांकनं हरेः १। धारणं चोर्ध्वपुंड्राणां २ तन्मात्राणां परिग्रहं ३॥ अर्च्चनं ४ जप ५ ध्यानञ्च ६ तन्नामस्मरणं तथा ७। कीर्त्तनं ८ श्रवणं चैव ९ वन्दनं १० पादसेवन ११ ॥ तत्पादोदक सेवाच १२ तन्निवेदित भोजनं १३। तदीयानां चसेवाच १४ द्वादशी व्रत मुत्तमं १५॥ तुलसीरोपणं विष्णोः देवदेवस्य शार्ङ्गिणः १६। भक्तिः षोडशधा प्रोक्ता भववन्ध विमुक्तये ॥

یہہ کھوڈشس[16] دھا بھگتِ کہی گئی۔

۵۔ بھگوت جنون سے بہت پریم رکھتے ہین من کرم بچن سے میرا ہی سیون دِڑھ نیم کے ساتھ کرتے ہین ۶۔ ماتا پتا گرو بھائی سوامی سکھا اور اِشٹ دیو سب مجھی کو جانتے ہین ۷۔ میرے گُن گاتے ہین اُنکے بدن کے رُوئین کھڑے ہوجاتے ہین گدگد بانی (رُکی ہوئی آواز) ہوجاتی ہی اور نیترون سے پریم کا جل بہنے لگتا ہی ۸۔ ایسا جو میرا بھگت کام کرودھ لوبھ مد دمبھ (پاکھنڈ) سے رہت ہوتا ہی اُسکے بس مین ہے لچھمن بھائی مین سدا رہتا ہون ۲۲۔ دوہا بچن کرم من سے جو اننیہ گت اور نِہ کام میرا بھجن کرتا ہی اُسکے ہردے رُوپی کمل مین بھونرے کی طرح مین سدا رہا کرتا ہون۔

۱	بھگتِ جوگ سُن اَتِ سُکھ پاوا		لچھمن پربھ چرنن سِر ناوا	
۲	یہہ بِدھ گئے کچھک دِن بیتی ✣		کہت بِراگ گیان گُن نیتی	
۳	سُورپ نکھا راوَن کی بہنی		دُشٹ ہِردَے دارُن جِم اہِنی	
۴	پنچ بٹی سُو گئی اِک بارا ✣		دیکھ بِکَل بھئی جُگَل کُمارا ✣	

۵	رُچِر رُوپ دھر پربھ پہان جائی	بولی بچن مند مُسکائی ⁜
۶	تم سم پُرُش نہ مو سم ناری	یہہ سنجوگ بدھ رچا بچاری
۷	تم انُروپ پُرُش جگ ماہِین	دیکھیوں کھوج لوک تِہ ناہِین
۸	تا تے اب لگ رہی کُماری	من مانا کچھ تمھین نہاری

۱- جب شری رام چندر جی اُسکے بڑے پریم سے دیے ہوئے بھوجن سے ترپت ہو چکے تب شوری شری رام چندر جی کے آگے ہاتھ جوڑ کر کھڑی ہوئی اور اپنے سوامی شری رام چندر جی کو اپنے اوپر پرسن دیکھکر بڑی ہی پریت بڑھی اور کہنے لگی کہ۔ ۲- ہے سوامی میں آپکی استُت کسطرح کر سکتی ہوں کیونکہ میں تو اَدھم ذات استری ہوں اور مہا جڑ بدھ والی ہوں۔ ۳- استری تو اَدھم سے بھی اَدھم ہوتی ہے تیسرے میں تو اُس سے بھی اَدھم ہوں کیونکہ اَت ہی نیچ ذات بھیلنی مہا مندمت گنواری ہوں۔ ۴- جب اُسنے ایسا اپنا نیچ ذات ہونا کہا تب تو شری رام چندر جی بولے کہ ہے استری میری بات سُن میں تو کیول بھگت ہی کا ناتا مانتا ہوں ذات پانت کچھ نہیں جانتا ہوں چوپائی۔ بھگت ہین برنچ کن ہوئی۔ سب جیون سم پریہ موہ سوئی بھگت وان اَت نیچو پرانی۔ موہ پران پریہ اُس مم بانی۔ اشلوک۔

श्लोक ॥ नमेप्रियश्चतुर्वेदी मेभक्तःश्वपचःप्रियः । तस्मैदेयंततोग्राह्यंसचपूज्योयथाह्यहम् ॥ नशूद्राःभगवद्भक्ताःविप्रा भागवताःस्मृताः । सर्व्ववर्णेषुतेशूद्रा येह्यभक्ता जनार्दने॥ श्वपचोऽपि महीपालविष्णुभक्तोद्विजाधिकः । विष्णुभक्तिविहीनस्तुद्विजोपि श्वपचाधमः ॥ भागवते ॥ विप्राद्द्विषड्गुणयुतादरविन्दनाभः पादारविन्दविमुखाच्छ्वपचंवरिष्ठम् ॥

۵- جو کوئی ذات پانت میں اور کُل کے دھرم میں بھی بڑا ہے اور وہ دھن دولت والا ہے اور کُٹمب پریوار والا ہے اور گُنی اور چتُر بھی ہے۔ ۶- وہ بھی میری بھگت کے بِنا ایسا ہے جیسے بے پانی کا بادل ہوتا ہے۔ اشلوک۔

श्लोक ॥ विद्याविनयसम्पन्ना विशालकुलसम्भवाः । [illegible]वानशोभन्ते निर्गन्धाःकिंशुकाइव ॥

۷- اِس سے ہے شوری جو گتِ جو گیون کو بھی دُرلبھ ہی سو تجھکو آج سہج ہی مین مِل سکتی ہی- ۸- کیونکہ میرے درشن کا انوپ پھل یہی ہی جس سے جیو اپنا سُوابھاوِک اپراکرت سُندر شیام چتربھج دبیہ روپ پاتا ہی- ۲۴- دوہا- تمکو تو سب پرکار سے میری دِڑھ بھگتی اور میرے چرنون مین شُدھ پریم ہی تمھاری مہِما بھی جسکے ہِردے مین بسی اُسکے بہت بڑے بھاگ ہونگے-

۱ اِتِ بولے پربھُ گرا سُہائی ✤ جنک سُتا کی سُدھِ کہُون پائی
۲ پمپا سرہِ جاو رگھُرائی ✤ مُنِ بر بیُل رہے تہان چھائی
۳ رِکھ تنگ مہا گن بھاری جیو چراچر رہین سُکھاری
۴ بیر نہ کری کاہو سن کوئی ✤ جاسن بیر پریت کر سوئی ✤
۵ سُلبھ سُہاوَن کانن بھوے کھگ مرِگ جیو جنت انکولے
۶ کرو سپھل شرم تنکر جائی ✤ تہان ہوئی سُگریو متائی ✤
۷ سو سب دیو کہی رگھبیرا جانت کا پوچھو مت دھیرا
۸ بار بار پربھُ پد سِر نائی پریم سہِت سب کتھا سُنائی

چھند
کہہ کتھا سکل بِلوک ہر مکھ ہِردے پد پنکج دھرے ✤
تج جوگ پاوک دیہہ ہرِ پد لین بھئی جہہ نہین پھرے
نر بِبِدھ کرم ادھرم بہہ مت سوک پر سب تیاگ ہو
بشواس کر کہا داس تُلسی رام پد انراگ ہو

۲۵- دوہا-
جات ہین اگھ جنم مہہ مُکت کینہ اس نارِ
مہا مند مَن سُکھ چہت ایسے پربھُ بسارِ ✤

۱- اِس پرکار شوری کو سمجھا کر پھر اپنی نرلیلا کرتے ہوئے شوری سے بولے کہ ہے شوری تمنے کہین جنک سُتا جانکی جی کی بھی خبر پائی ہی- ۲- یہ سُنکر شوری تنگ رِکھ کی بات یاد کرکے بولی کہ ہے سوامی آب آپ یہان سے پمپاسر کو جائیے وہان مُن لوگون کے بہت سے آشرم ہین- ۳- اور وہان متنگ رِکھ کے گُنون کے پربھاو سے سب چراچر جیو سُکھی رہتے ہین- ۴- کوئی جیو کسی سے بیر نہین کرتا ہی جنکا جنسے سدا سے بیر تھا وہ بھی پریت ہی آپس مین کرتے ہین- ۵- تہان رِکھ مُوک نام پربت کے سُندر سہاوَن کنگورے ہین سُندر بن پھُول رہے ہین تمین طرح طرح کے پشُ پنچھی بہار کر رہے ہین- ۶- تہان جا کر اُن مہیشورون کے شرم (یعنی تپسیا) کو سپھل کیجے

وہان ہی سُگریو تام بندرُون کے راجا سے اور آپ سے مِتّر تائی (دوستی) ہو جائیگی - ۷- سُو سُگریو آپ سے سیتاجی کا سب حال کہیگا آپ سب جانتے ہین مجھسے کیا پوچھتے ہین - ۸- اِسطرح پریم بہت سب کتھا کہکر سوامی کے چرنون کو بار بار پرنام کیا چھند - جوگ کی اگن سے اپنے شریر کو تیاگ کرکے بھگوت پد مین مِلگئی جہان سے پھر جنم مرن نہین ہوتا ہے اِس سے ہے منکھ لوگ اسار رُوپ ادھرم اور سار رُوپ کرم اُپاسنا گیان جوگ بیراگ سب دھرم جو تمکو بہُ مت ہین اِن سب کا بھروسا اس کلجگ مین چھوڑ کر بشواس کرکے کیول شری رام چندر ہی کے چرنون کا آسرا رکھو یہہ گسائین تلسی داس جی کہتے ہین ایسکا پرمان بھی آگے لکھتے ہین

۲۵- دوہا - سب پاپون کی جنم بھوم اور مہا نیچ ذات شوری اُسکو بھی شری رام چندر جی نے مُکت دے دی - ہے مہا مند من تو ایسے کرپال سوامی شری رام چندر جی کو چھوڑ کر کلیان ہونا چاہتا ہی - مہابھارت کے اشلوک -

महाभारते ॥ त्यजधर्म्ममधर्म्मंचत्यजसत्यानृतेउभे । सत्यानृ-
तेउ भेत्यक्त्वायेनत्यज सितत्त्यज ॥ १ ॥

اشلوک کے ارتھ - ۱- دھرم کو بھی تیاگ کر ادھرم کو بھی تیاگ کر سچ کو بھی تیاگ کر جھوٹھ کو بھی تیاگ کر دھرم ادھرم سچ جھوٹھ کو جس گیان سے تیاگ کرے اُس گیان کو بھی تیاگ کر -

असारमल्पसारंवा सारंसारतरंत्यजेत् । भजेत्सारतमंशास्त्रंर-
त्नाकरमिवामृतम् ॥ २ ॥

۲- شاستر ارتھات بید مین لکھے ہوئے جو سین جگ آدکرم سو اسار اور سورگ آدکے نمت جو کرم سو الپ سار گیان جوگ سو سار بھگت جوگ سو سار تر پرنتو بھلا کبھی اِن سب کو تیاگ کرے اور سار تم بھگوت چرن کو بھجے -

सर्व्वगुह्यतमंभूय: शृणुमेपरमंवच: । इष्टोऽसिमेदृढमतिस्त-
तोवक्ष्यामितेहितम् ॥ ३ ॥

۳- سنو ہے ارجن مین نے تُمسے گپت گیان جوگ کہا اور گپت تر بھگت جوگ بھی کہا اب تم گپت تم میرے بچن سنو میرے اتِ اِشٹ اور دِرڑھ بدھ ہو تب مین تمسے پرم ہت تمھارا کہتا ہون

सर्व्वधर्म्मान्परित्यज्यमामेकंशरणंव्रज । अहंत्वांसर्व्वपापे-
भ्योमोक्षयिष्यामिमाशुच ॥ ४ ॥

۴۔ ہے ارجن اوپر کہے گئے جو دھرم ان سبکو چھوڑ کر کیول میری ہی شرن ہن ہو جاو تو مین تمکو سب پاپون سے چھڑا دونگا تم کسی بات کا سوچ مت کرو۔

ایسے پربل پرمانون سے تلسی داس جی کہتے ہین کہ یے سب دھرم آدھرم دکھ دینے والے ہی ہین ان سبکو چھوڑ کر بھگوت چرنار بندون کی شرن مین ہو رہو سنسار ساگر سے پار اترنے کو بھگوت چرنار بند ہی ناو ہین ارتھات شری رام چندر جی کے چرنون کی بھگتِ کرنے سے پھر جنم اور مرن کا جھگڑہ نہین رہتا ہے مکت ہی ہو جاتا ہے۔

ध्येयंसदापरिभवघ्नमभीष्टदोऽहं तीर्थास्पदंशिवविरंचिनुतंशरण्यम् । भृत्यार्तिहंप्रणतपालभवाब्धिपोतं वन्देमहापुरुषतेचरणारविन्दम् ॥ ५ ॥

۵۔ مہاپرش پرشوتم شری نارائن جگت پیدا ہونے کے آدِ کارن ہین اس سے انھین کے چرنار بند کا دھیان کرنا چاہیے وہی نارائن سب پاپون کے ناش کرنے والے اور بانچھت پھلون کے دینے والے ہین پرم پوتر تیرتھ ہین شیو جی اور برہما جی بھی انکو نمسکار کرتے ہین سب لوگ انکی شرن مین ہین اور شرناگت کا پالن کرتے ہین اور سنسار ساگر سے پار اتارنیوالے ہین ایسے مہاپرش جگت جنم آد کارن سوامی آپ کے چرنار بندون کو میرا سدا نمسکار ہے۔

اِت شری رام چرتر مانسے آرنیہ کانڈے ترتیہ سوپان سماپتم

ارتھات

رام چرتر مانس سروور کی تیسری سیڑھی ارتھات

آرنیہ کانڈ سماپت ہوا

شری گنیشائے نمہ

تلسی داس کرت رامائن

کشکندھا کانڈ سٹیک

اشلوک

वीरौ बाराधनुर्धरौ सुतरसौ दुष्टेभ पञ्चाननौ । शो-
भाढ्यौ कमलेक्षणौ नरवरौ लोकाभिरामावुभौ ॥
ब्रह्माशम्भुसुरेन्द्रवन्दितपदौ श्रीरामरामानुजौ ।
सीताप्राप्तिपरायणौ प्रभवतौ कल्याणकल्पद्रुमौ ॥

دوہا

گیان گرامن بدھ پرنگم نہیت سکھ کند
برنت برہن کی دشا یہ ہم سچد انند

جو کہ یہ کشکندھا کانڈ ساتون کانڈون کے بیچ مین ہی اسی کارن سب کانڈون سے چھوٹا ہی اس سے پہلے جو تین کانڈ جو اوپر کہے گئے ہین وے ایک سے ایک چھوٹے ہوتے آئے ہین اور جو تین کانڈ اس سے پیچھے کہے ہین وے ایک سے ایک بڑے ہوتے گئے ہین کیونکہ اس رام چرتر کو گسائین تلسی داس جی نے مان سرور برنن کیا ہی اس سے رام چرتر کو سرووَر (یعنی تالاب) ہی کی صورت پر بنایا ہی تالاب کے زینے

۴۔ ہے ارجن اوپر کہے گئے جو دھرم ان سبکو چھوڑ کر کیول میری ہی شرن مین ہوجاو تو مین تمکو سب پاپون سے چھڑا دونگا تم کسی بات کا سوچ مت کرو۔

ایسے پربل پرمانون سے تلسی داس جی کہتے ہین کہ یے سب دھرم ادھرم دکھ دینے والے ہی ہین ان سبکو چھوڑ کر بھگوت چرنار بندون کی شرن مین ہو رہو سنسار ساگر سے پار اترنے کو بھگوت چرنار بند ہی ناو ہین ارتھات شری رام چندر جی کے چرنون کی بھکت کرنے سے پھر جنم اور مرن کا جھگڑہ نہین رہتا ہے مکت ہی ہو جاتا ہے۔

ध्येयंसदापरिभवघ्नमभीष्टदोऽहं तीर्थास्पदंशिवविरिंचिनुतंशरण्यम् । भृत्यार्त्तिहंप्रणतपालभवाब्धिपोतं वन्देमहापुरुषतेचरणारविन्दम् ॥ ५ ॥

۵۔ مہاپرش پرشوتم شری نارائن جگت پیدا ہونے کے آد کارن ہین اس سے انھین کے چرنار بند کا دھیان کرنا چاہیے وہی نارائن سب پاپون کے ناش کرنے والے اور بانچھت پھلون کے دینے والے ہین پرم پوتر تیرتھ ہین شو جی اور برہما جی بھی انکو نمسکار کرتے ہین سب لوگ انکی شرن مین ہین اور شرناگت کا پالن کرتے ہین اور سنسار ساگر سے پار اتارنیوالے ہین ایسے مہاپرش جگت جنم آد کارن سوامی آپ کے چرنار بندون کو میرا سدا نمسکار ہے۔

اِت شری رام چرتر مانسے آرنیہ کانڈے ترتیہ سوپان سماپتم

ارتھات

رام چرتر مان سرور کی تیسری سیڑھی ارتھات

آرنیہ کانڈ سماپت ہوا

شری گنیشائے نمہ

تلسی داس کرت رامائن

کشکندھا کانڈ سٹیک

اشلوک

वीरौ बाणधनुर्धरौ सुतरुणौ दुष्टेभपञ्चाननौ । शो-
भाढ्यौ कमलेक्षणौ नरवरौ लोकाभिरामावुभौ ॥
ब्रह्माशम्भुसुरेन्द्रवन्दितपदौ श्रीरामरामानुजौ ।
सीताप्राप्तिपरायणौ प्रभवतौ कल्याणकल्पद्रुमौ ॥

دوہا

گیان گرامن بدھ پر نگم نیت سکھ کند
برنت برہن کی دشا یہہ سچد انند

جوکہ یہہ کشکندھا کانڈ ساتون کانڈون کے بیچ مین ہی اسی کارن سب کانڈون سے چھوٹا ہی اس سے پہلے جو تین کانڈ جو اوپر کہے گئے ہین وے ایک سے ایک چھوٹے ہوتے آئے ہین اور جو تین کانڈ اس سے پیچھے کہے ہین وے ایک سے ایک بڑے ہوتے گئے ہین کیونکہ اس رام چرتر کو گسائین تلسی داس جی نے مان سرووَر برنن کیا ہی اس سے رام چرتر کو سرووَر (یعنی تالاب) ہی کی صورت پر بنایا ہی تالاب کے زینے

اوپر سے جل استھان تک ایک سے ایک چھوٹے ہوتے جاتے ہین پھر جل استھان سے اوپر تک ایک سے ایک بڑے ہوتے جاتے ہین - یہہ رام چرتر مان سروور چار پرکار کا ہے اسکی صورت جو نیچے لکھی ہے اسکے دیکھنے سے سب کانڈون کے پرکار معلوم ہو جاتے ہین یہہ کشکندھا کانڈ سب کانڈون سے چھوٹا ہے اسمین سب چالیس اشٹ پدی ہین اسکے پرکار کی چارون دشا کی سیڑھیان دس دس اشٹ پدیون کی ہین اور یہی کانڈ جل کا استھان ہے باقی کے چھہون کانڈون مین دو دو دشا ہین - آرمبھ (یعنی شروع) اسکا شبری کے آشرم سے چلکر پمپا سر کی جاترا ہے تہان نارد جی کا آنا ہے - پھر مارتی کا ملاپ سگریو کی مترتا بالی کا بدھ - سگریو کا راج - برکھا اور شرد رت کا برنن - شری رام چندر جی کا سگریو پر کرودھ - سگریو کا لچھمن جی کی باتہہ سے شری رام چندر جی کی شرن مین آنا - دوتون کا سیتا جی کے کھوج کو بھیجنا - ببر پرویش - سمدر کے کنارے سمپاتی نام گدھ کا ملنا سمدر پار جانے کا جتن انت مین ہے -

چھندون کا سلسلہ جو بال کانڈ سے آرنیہ کانڈ تک اشٹ پدیون کی چھبیسون پر تھا سو اس کانڈ مین دس اور بیس اشٹ پدیون پر ہے اور اشٹ پدیون کے اس کانڈ مین چار دشا ہین

شری راماے نمہ

رامائن

اشلوک

۱ کُند اندیور سندراوت بلو بگیان دھاما بھو - شوبھا آڈھیو
بر دھنونو شرت نتو گو بپر برند پریو - مایا مانکھ رو پنو رگھو برو
سد دھرم ورمو ہتو سیتا نویکھن تت پرو پتھ گتو بھگت پردو تو ہِ نہ -
۲ برہما مبھودھ سمدبھونگ کل مل پردھونسنگ چاوینگ -
شری مچھمبھو مکھیندو سندر برے سنشو بھتنگ سر بدا سنسارا مے
بھیشجنگ سکھ کرنگ شری جانکی جیونگ - دھنیا ستے
کرت نہ پونت ستتنگ شری رام نا مامرتنگ -

श्लोक

कुन्देन्दीवरसुन्दरावतिबलौविज्ञानधामावुभौ
शोभाढ्यौवरधन्विनौश्रुतिनुतौगोविप्रवृन्दप्रियौ।
मायामानुषरूपिणौरघुवरौसद्धर्मवन्तौहितौ।
सीतान्वेषणात्तत्परौपथिगतौभक्तिप्रदौतौहिनः
॥१॥ ब्रह्माम्भोधिसमुद्भवंकलिमलप्रध्वंसनं
चाव्ययं श्रीमच्छम्भुमुखेन्दु सुन्दरवरे संशोभि-
तंसर्वदा। संसारामयभेषजंसुमधुरं श्रीजानकी
जीवनं धन्यास्ते कृतिनः पिबन्ति सततं श्रीरा-
मनामामृतम् ॥२॥

سورٹھہ

۱ مکت جنم مہہ جان گیان کھان اگھ ہان کر
جہان بس شنبھو بھوان سو کاشی سیئے کس نہ
۲ جرت سکل سر برند بکھم گرل جیہہ پان کیا
تیہہ نہ بھجس مت مند کو کرپال شنکر سرس

۱۔ اشلوک کے ارتھ۔ کشکندھا کانڈ کے آرمبھ مین گسائین تلسی داس جی شری رام لچھمن جی کو پرنام کرتے ہین۔ جو رام لچھمن کُند پُشپ (کُند کے پھول) کے سمان اُجلے اور اَندی بر نیل کمل کے سمان سُندر شیام ہین اتِ بلوان ہین گیان کے دھام ہین بھاگوان ہین اور دونو دھنکھ دھاری ہین بید جنکی پرشنسا کرتے ہین گئو اور براہمن کو پیارا رکھتے ہین کرپا سے منکھ روپ ہین رگھبر ہین ست دھرم دھارے ہین سیتا جی کے ڈھونڈھنے مین مستعد ہین سوئی ہمکو بھگت دینے والے ہین۔

۲۔ شری رام نام روپی امرت برہم ارتھات بید سمندر سے تو پیدا ہوا ہی کلجگ کے پاپون کا ناش کرنے والا ہی ابناشی ہی شری شِو جی کے مُکھ چندرما مین سدا شوبھتا ہی سنسار روگی

روگ کی اوکھدھ ہے شری جانکی جی کا جیون مور ہے وہ پرش دھنّ ہین جو ایسے شری رام نام پرم پوتر امرت کو سدا پیتے ہین۔

۱۔ سورٹھے کے ارتھ۔ شری کاشی پری کو مکت کی جنم بھوم اور گیان کی کھان اور پاپون کی ہرنے والی جانکر اور جہان شری پاربتی جی سہت جگت گرو شری شو جی مہاراج سدا رہتے ہین ایسی کاشی پری کا سیون کیسے نہ کیجیے ارتھات سدا سیون کیجیے۔

۲۔ جب کال کوٹ بکھ سے اندرادک سب دیوتا اور بل آدسب راکھشون کے سموہ (گروہ) جلے جاتے تھے ایسے کٹھن بکھ ہلاہل کو جن پرم کرپال شو جی نے پی لیا تجکو ہے مت مندمن تو کیون نہین بھجتا ہے بھلا دیکھ تو اس برہما جی کی سرشٹ مین دوسرا اور کون شری شنکر جی کے سمان پرم کرپال سوامی ہے۔

۱	چلے رام تیاگا بن سوؤ	اتلت بل نر کیہر دوؤ
۲	برہی اوبہ پربھ کرت بکھاوا	کہت کتھا انیک سمبادا
۳	لچھمن دیکھو بن کی شوبھا	دیکھت کیہ کر من نہین چھوبھا
۴	ناری سہت سب کھگ مرگ برندا	مانو موہ کرت ہین نندا
۵	ہمہین دیکھ مرگ نکر پرائہین	مرگی کہین تمکا بھے ناہین
۰ ٦	تم آنند کرو مرگ جاے	کنچن مرگ کھوجن آے
۷	سنگ لاے کرنی کر لیہین	مانو موہ سکھاون دیہین
۸	دیکھو تات بسنت سہاوا	بریاہن موہ بھی اپجاوا

۱۔ دوہا۔

برہ بکل بلہین موہ جالس نپٹ اکیل
سہت بپن مدھکر کھگن مدن کینہ بگ میل

۱۔ جب شوری نے شری رام چندر جی کو شری سیتا جی کے ملنے کا یہہ اپاے بتایا کہ آپ پمپاسر کو چلیے اور بندرون کے راجا سگریو سے مترتا کیجیے وہان آپکا کام سدھ ہو جائیگا تب تو شری رام چندر جی اور شری لچھمن جی دونون بھائی وہان سے چل دیے دنڈک بن کو چھوڑ دیا اور کسکندھا بن مین آ پہنچے دونون بھائی اتھاہ بل والے مانو نر سنگھ ہی ہین۔ ۲۔ اَت کامی سنساری منکھیون کی طرح جگدیشور سوامی دکھ کہتے ہین اور بہت طرح کی بجوگیون کی ایسی کتھا لچھمن جی سے کہتے جاتے ہین۔ ۳۔ جیسا شوری نے اس بن کو کہا تھا ویسا ہی پھولا پھلا دیکھکر لچھمن جی

کہنے لگے کہ ہے بھائی دیکھو تو اِس بَن کی شوبھا کو بھلا اِسکو دیکھکر کِسکا مَن نہ اُمنگ اُٹھے ۔ ۴۔ دیکھو بھائی اِس بن میں سب پَشُو پنچھیوں کے جھنڈ اپنی اپنی اِستریوں کو ساتھ ہی لیے پھرتے ہیں سو مانو میری نِندا کرتے ہیں ۔ ۵ دیکھو ہے بھائی ہمکو اور تمکو دھنکھ بان لیے دیکھکر مِرگوں کے جھنڈ بھاگ چلتے ہیں تب اُنکی مِرگی (یعنی ہرنی) اُنسے کہتی ہیں کہ ارے تم کیون بھاگتے ہو تمکو اِنسے تو کچھ بھی ڈر نہیں ہے ۔ ۶۔ تم آنند کے ساتھ اِس بَن میں پھِرو یے تو سونے کے مِرگوں کو کھوجتے پھرتے ہیں ۔ ۷۔ ہاتھی اِس بَن کے تو اپنی ہتھنیوں کو ساتھ ہی لیے پھرتے ہیں اکیلی نہیں چھوڑتے ہیں مانو مجھکو سِکھاون دیتے ہیں ۔ ۸۔ پرَم سُہاون رِتُ راج بَسنت کو تو تم سُنو ہے تات دیکھو بنا پیاری کے یہہ مجھکو بہت ڈر اُپجاتا ہے ۔

۱۔ دوہا۔ بِرہ کی بتھا سے مجھکو بَل رہت اور پیاری کے ہونے سے نپٹ اکیلا جانکر بَسنت رِتُ پھولے ہوئے بَن اور بھونرا طوطا مینا آدِ پنچھیوں کی چترنگنی سینا لیکر شوبھی کامدیو نے مجھکو آ دبایا ہے ۔

۱	بِٹپ بِشال لتا اُرجھانی	بِبِدھ بِتان دِیے جنُ تانی
۲	کدلی لتا بَر دھوجا پتاکا	دیکھ نہ موہ دھیر مَن جاکا
۳	بِبِدھ بھانت پھولے تَرُ نانا	جنُ بانیت بنے بہُ بانا
۴	کہُن کہُن سُندر بِٹپ سُہائے	جنُ بھٹ بِلگ بِلگ ہوے چھائے
۵	نِدھاگر نکھر بھیری سہنائی	تربر ہو بیار بسیٹھی آئی
۶	چتر نگن سینا سنگ لینھے	بِچرت سبہِ چنوتی دینھے
۷	لچھمن دیکھت کام انیکا	رہین دھیر تنکی جگ لیکا
۸	یہہ کے ایک پرَم بَل ناری	تہہ تے اُبر سُبھٹ سو بھاری

۲۔ دوہا۔
تات تین اَت پرَبل کھل کام کرودھ اَور لوبھ
مُن بگیان ندھان مَن کرہِن نمکھ ماہِ چھوبھ

۱۔ دیکھو ہے لچھمن بھائی اِس بَن کے بڑے بڑے برچھوں پر جو انیک بھانت کی لتا اور بیلین اُرجھ رہی ہیں سوئی مانو کامدیو نے بہت سے بتان (شامیانہ ۔ چندوا) تان دیے ہیں ۔ ۲۔ اور یے جو کیلے کے برچھ اور لتا ہیں سوئی اُسکے دھوجا پتاکا (جھنڈے پھریرے) ہیں تِنکو دیکھکر تو وہی نہ موہیگا جسکا مَن بڑا ہی دھیر ہوگا ۔ ۳۔ اور یے جو انیک رنگوں کے بھانت بھانت کے برچھ پھول رہے ہیں سوئی مانو کامدیو کے بنیلے چھیلے بانے اُجلے

بانون کے بانیت بنے ہین ۔ ۴ ۔ اور جو کہین کہین مہاسُندر سُہانے برچھ ہین سو مانو کامدیو کے بڑے بڑے بیر جودھا الگ الگ چھائے ہین ۔ ۵ ۔ بھونرون کا جو مدھر شبد ہو رہا ہے سو مانو کامدیو کی بھیری شہنائی بجتی ہین شیتل مند سُگندھ (ٹھنڈی ۔ ملائم خوشبودار) جو ہوا بسنت رت کی بہتی ہے سو مانو بسیٹھی (سندیسا دینے کو) آئی ہے ۔ ۶ ۔ اس طرح اپنی چترنگنی سینا کو ساتھ لیے ہوئے یہ بڑا بلوان اپراجیت (جسکو کوئی نہ جیت سکے ایسا) کامدیو اس بن مین ہے پرنتو لچھمن بھائی سبکو ارتھات برہما آدی کو بھی چنوتی دے دے بے کھٹکے پھر رہا ہے ۔ ۷ ۔ ایسی پرم ڈرجے سینا اس کامدیو کی دیکھکر جو دھیر بنے رہتے ہین انھین کی ہے لچھمن بھائی دھیرون مین گنتی ہے ۔ ۸ ۔ اس کامدیو کا ایک بڑا اکتھ بل استری ہے جو اس سے ابرتا ہے سو بھی بیر (بہادر) گنا جاتا ہے ۔ ۲ ۔ دوہا ۔ ہے تات یے تین اتی کھل موہ اور اگیان سے پیدا ہوئے بلوان گیان کے دشمن ہین ایک کامدیو دوسرا کرودھ یعنی غصہ تیسرا لوبھ یعنی لالچ ہے جو منی لوگ گیان کے ندھان (یعنی خزانہ) ہین انکے من کو بھی یے تینون چھن بھر مین بگاڑ دیتے ہین ۔

١	کُناتیت سچر اچر سوامی	اتا رام سب انتر جامی
٢	کامن کی دینتا دکھائی	دھیرن کے من برت دڑھائی
٣	کرودھ منوج لوبھ مد مایا	چھوٹین سکل رام کی دایا
٤	سو نر اندر جال نہین بھولا	جا پر ہوئے سنت انکولا
٥	اماکہون مین انبھو اپنا	ست ہر بھجن سبی جگ سپنا
٦	پن پربھ گیو سروور تیرا	پمپا نام سبھگ گمبھیرا
٧	سنت ہردے جس نرمل باری	باندھے گھاٹ منوہر چاری
٨	جہان تہان پیئن بدھ مرگ نیرا	جن اُدار گرہ جاچک بھیرا

۳ ۔ دوہا

سکھی مین کن ایک رس ات اگادھ جل مانہہ
جتھا دھرم شیلن کے دن سکھ سنجت جانہہ

استری شوجی مہاراج کہتے ہین کہ سنو ہے پیاری پاربتی شری رام چندر جی تو سب چر اور اچر جیوون کے سوامی ہین اور سب سنسار انھین کی بھبھوت ہے سب جیوون کے انتر جامی ہین اور آپ سب مایا کے گنون سے ارتھات کام کرودھ لوبھ موہ اہنکار دکھ درد

ڈر بڑھایا اور سوت سے آگے ہین ۔۲۔ یہہ تو پرم کرپال سوامی نے سنساری کامی پرشون کی دکھ کی دشا دکھا کر پرم دھرم اپنے بھگتون کے من مین برت (یعنی آزادگی) کو لگا کیا ہے اور جڑ مورکھ لوگون کو جو موہ اگیان ہوتا ہے یہہ اُنکے راجھتی سوبھاو کا دوش ہے ۔۳۔ کام کرودھ کا مد لوبھ آہنکار کو جب پایا ہے تو اسی سے کے چھوٹ جاتے ہین جسپر شری رام چندر سوامی کی دیا ہوتی ہے تو بھلا شری رام چندر سوامی مین کیسے ہو سکتے ہین جیسے جس کسی پرش پرہٹ پرسن ہوتا ہے سو پرش ہی جب اُسکے اندر جال مین نہین بھولتا ہے تو پھر وہی نٹ آپ اپنے اندر جال مین کیسے بھولیگا ۔۵۔ اس سے ہے پاربتی مین اپنا مت تمسے کہتا ہون کہ بھگوت بھجن ہی لوک سنسار مین سار ہے اسی سے سنسار کہلاتا ہے اس بھجن کو چھوڑ کر سب جگت سپنے کے سمان انت اور اسار ہے ۔۶۔ اس پرکار شری رام چندر سوامی کا ہنون کی دشا کہتے کہتے اس سرور کے پاس پہنچے جسکا نام پمپا سر ہے بہت ہی سندر اور بڑا گہرا ہے ۔۷۔ سادھ سنتون کے ہردے کے سمان بہت ہی سندر نرمل شیتل مدھر جل ہے اور اتی ہی منوہر جسکے چارون گھاٹ بنے ہین ۸۔ طرح طرح کے ہرن جھنڈ کے جھنڈ اسمین پانی پیتے ہوئے کیسے سوہتے ہین جیسے اُدار دھن وان (یعنی دولتمند) کے گھر پر مانگنے والون کی بھیڑ سدا لگی رہتی ہے ۔

۳۔ دوہا ۔ اُس تالاب کے بڑے گہرے جل مین اُسکی مچھلیان کیسی سکھی رہتی ہین جیسے دھرماتما پرش کے سب دن سکھ ہی مین بیتا کرتے ہین

۱	بکسے سرسج نانا رنگا	مدھر مکھر گنجت بہہ بھرنگا
۲	بولت جل ککت کل ہنسا	پربھ بلوک جن کرت پرشنسا
۳	سندر کھگ گن گرا سہائی	جات پتھک جن لیت بلائی
۴	تال سمیپ منن گرہ چھائے	چہون دس کانن بٹپ سہائے
۵	چمپک بکل کدمب تمالا	پاٹل پنس پلاس رسالا
۶	نو پلو کسمت ترنانا	چنچریک پٹلی کر گانا
۷	شیتل مند سگند سبھاو	سنتت بہے منوہر باو
۸	کہو کہو کوکل دھن کرہین	سن رو سرس دھیان من ٹرہین
۴۔ دوہا ۔	پھل کے بھارن نے بٹپ رہے بھوم نیرائے پر اپکاری پرش جم نوین سسمپت پائے	

۱- جسمین سرسج اربہات کمل کُلہار اُتپل سُنت پتر آدِ انیک بھانت کے نیلے پیلے لال اُجلے پھول رہے ہین اور اُنکے اوپر بھونرے جھنڈ کے جھنڈ مدھر شبد سے گونج رہے ہین۔ ۲- سُندر جل ککّٹ (مُرغابی) اور ہنس کیسے بول رہے ہین مانو اپنے پران ناتھ پربھ کو آئے جانکر اُنکی پرشنسا (تعریف) کر رہے ہین۔ ۳- اور بھانت بھانت کے پنچھیون کی جو سُندر سُہانی دُھن ہو رہی ہے اُسکو سُنکر دائین بائین سے جو مُسافر چلے آتے ہین سو مانو وہ سب پنچھی اپنی منوہر بولی سے اُنکو بُلا لیتے ہین۔ ۴- تالاب کے پاس ہی مُنی لوگون کے آشرم بنے ہین جنکی چارون دشائین سُندر سُہائے بن کے برچھ سوہتے ہین۔ ۵- کہین چمپا کے برچھ کہین مول سری کہین کدم کہین تمال لگے ہوئے ہین اور کہین کہین کٹہل کہین ڈھانک کہین سُندر آم ہین اسیطرح اور بھی جانو۔ ۶- رِت راج بسنت کے پربھاو سے انیک پرکار کے نئے برچھ نئے پتون سے سُندر شوبھا دے رہے ہین اور طرح طرح کے پھولون سے پھول رہے ہین تن پر بھونرے جھنڈ کے جھنڈ گونج رہے ہین۔ ۷- اور تہان سوبھاوہی سے شیتل مند سُگندھ پون بہہ رہی ہے۔ ۸- کہین کہین کوکلا مدھر دُھن کر رہی ہین جنکے رسیلے شبد کو سُنکر مُنی لوگون کے بھی دھیان چھوٹ جاتے ہین۔ ۹- دوہا برچھ پھلونکے بوجھ سے زمین پر جھک رہے ہین جیسے پراپکاری پُرش دھن پا کر جھک جاتے ہین

۱	دیکھ رام ات رچر تلاوا	مجن کینہہ پرم سکھ پاوا
۲	تہان پُن سکل دیو مُن آئے	استُت کر نج دھام سدھائے
۳	بیٹھے پرم پرسن کرپالا	کہت انُج سن کتھا رسالا
۴	برہ ونت بھگونتہ دیکھی	نارد من بھا چھوبھ بسیکھی
۵	مور شاپ کر انگی کارا	سہت رام نانا دکھ بھارا
۶	ایسے پربھہ بلو کون جائی	پُن نہ بنی اس اوسر آئی
۷	اس بچار نارد کر بینا	گئے جہان پربھ سُکھ آسینا
۸	سواگت پُوچھ نکٹ بیٹھارے	لچھمن سادر چرن پکھارے
۵- دوہا	نانا بدھ بنتی کری پربھ پرسن جیہ جان نارد بولے بچن تب جور سروروہ پان	

۱- ایسے ات منوہر تالاب کو دیکھکر شری رام چندر جی نے اشنان کیا اور بڑا سکھ پایا

۲۔ تہان پھر سب دیوتا اور منی لوگ آئے الگ الگ شری رام چندر جی کی استت کر کر اپنے اپنے دھام کو سدھائے۔ ۳۔ اب تو پرم پرسن چت شری رام چندر جی براجتے ہین اور لچھمن جی سے سندر سندر کتھا کہہ رہے ہین۔ ۴۔ اسی سمی اپنے سوامی شری رام چندر جی کو برہا مین بیاکل دیکھکر نارد منی کے من مین بڑا ہی چھوبھ ہوا کہ۔ ۵۔ دیکھو میرے شاپ کو مانکر میرے سوامی شری رام چندر بہت طرح کے کلیش سہتے ہین۔ ۶۔ ایسے بھکت بتسل سوامی کو اسی سمی جاکر دیکھنا چاہیے پھر ایسا سمی نہین بن پڑیگا۔ ۷۔ ایسا بچار کر نارد منی اپنی بین لیے شری رام چندر جی کے پاس گئے۔ ۸۔ شری رام چندر جی نے نارد منی کو آیا جانکر کشل پوچھکر اپنے پاس بٹھا لیا اور لچھمن جی نے بڑے آدر سمیت نارد منی کے چرن دھوئے۔ ۵۔ دوہا۔ پھر تو نارد منی نے اپنے سوامی کو اپنے اوپر پرسن جانکر بہت طرح سے استت کی اور ہاتھ جوڑکر یہہ کہنے لگے کہ۔

۱	سنو پرم ادار رگھنایک	سندا اگم سگم بردایک
۲	دیہو ایک بر مانگون سوامی	جدپ ناتھ تم انتر جامی
۳	جانو منی تم مور سبھاؤ	جن سن کبہون نہ کرون دراؤ
۴	کون بستو اس موہ پریہ لاگی	جو منی بر تم سکو نہ مانگی
۵	جن کا کچھ ادیئی نہین مورے	اس بشواس تجو جن بھورے
۶	تب نارد بولے ہرکھائی	اس بر مانگون کرون ڈھٹھائی
۷	جدپ پربھ کے نام انیکا	شرت کہا ادھک ایک تے ایکا
۸	رام سکل نامن تے ادھکا	ہوہ ناتھ اگھ کھگ گن بدھکا
۶۔ دوہا۔	اٹو مست منی سن کہیو کرپا سندھو رگھناتھ تب نارد من ہرکھ ات پربھ پد نایو ماتھ	

۱۔ سنیے ہے پرم ادار سوامی آپ تو جو پرم سندر اگم بردان دینے والے ہین انکے بھی سگم بردایک ہین۔ ۲۔ اس سے ایک بردان مین بھی آپ سے مانگتا ہون جدپ آپ ہے ناتھ انتر جامی ہین پر مجھکو میرے کہنے پر بردان دے ہی دیجیے۔ ۳۔ نارد منی کے ایسے بچن سنکوچ کے سنکر شری رام چندر جی بولے کہ ہے نارد تم میرے سوبھاؤ کو اچھی طرح سے جانتے ہو کہ مین اپنے بھگتون سے کبھی کسی بات کا چھپاؤ نہین رکھتا ہون۔ ۴۔ سو آج

مجھکو ایسی کون سی بستُ پیاری لگی ہی جسکا بردان تم ہے مُن نہین مانگ سکتے ہو۔ ۵۔ کوئی بستُ ایسی نہین ہی جو مین اپنے جن کو نہین دے سکتا ہون اِس بات کا بشواس تو تم ہے نارد مُن کبھی بھول کر بھی نہ چھوڑ دینا۔ ۶۔ جب شری رام چندر جی نے نارد مُن سے ایسے کرپا کے بچن کہے تب تو نارد مُن بہت ہی آنندت ہو کر بولے کہ ہے سوامی آپ سے ڈھٹھائی کر کے ایسا بردان مانگتا ہون کہ۔ ۷۔ جدّپ آپ کے بہُت سے نام ہین اور بید اُنکا پربھاو ایک سے ایک کا ادھک کر کے کہتے ہین۔ ۸۔ تدّپ آپ کرپا کر کے مجھکو یہ بردان دیجیے کہ اُن سب نامون سے ادھک آپکا رام نام سب پاپ رُوپی پنچھیون کا بدھک ہووے یعنی سب پاپون کا ناش کرنے والا ہووے۔ ۹۔ دوہا۔ جب نارد جی نے سب سنسار کے بھلے کے واسطے ایسا اُپکاری بردان مانگا تب تو کرپا سندھ رام چندر جی نے اَیوَمستُ (ایسا ہی ہوگا) کہہ دیا اور نارد مُن نے آنندت ہو کر شری رام چندر جی کے چرنون کو سر جھکایا۔ اسی سے یہ رام نام پرم پاون پرم جاپ پرم منتر پرم پاپ ناشک سہسر نام ہی کے برابر سب شاستروں مین پرسدھ ہے۔ رام اشٹوراج کا اشلوک

श्लोक ॥ श्री रामेति परं जाप्यं तारकं ब्रह्म संज्ञकम् ।
ब्रह्म त्यादि पापघ्न मिति वेद विदो विदुः ॥ ✣ ॥ ✣ ॥

۱ اتِ پرسن رگھ ناتھہ جانی ۔ پُن نارد بولے مردُ بانی
۲ رام جبہِ پریرہو نج مایا ۔ موہیہو موہ سُنو رگھُرایا
۳ تب بِواہ مین چاہیون کینھا ۔ پربھ کہہ کارن کرن نہ دینھا
۴ سُن مُن توہِ کہون سہروسا ۔ بھجہین موہ تج سکل بھروسا
۵ کرون سدا تِن کی رکھواری ۔ جِم بالک پالئے مہتاری
۶ گہہ ششُ انل اہہ جب دھائی ۔ تہہ راکھے جننی ارگائی
۷ پروڑھ بھئے تہہ سُت پر ماتا ۔ پریت کرے نہین پاچھل باتا
۸ اُس بچار پنڈت موہ بھجہین ۔ پائے گیان بھگت نہین تجہین

۷۔ دوہا۔ کام کرودھ مد لوبھ سب پربل موہ کی دھار
تہہ مان اَت داروُن دُکھدا مایا رُوپی نار

۱۔ پھر تو نارد مُن اپنے سوامی شری رام چندر جی کو اپنے اوپر بہت پرسن جانکر بڑی کومل

بچن

بانی سے بولے کہ ۔ ۲ ۔ ہے سوامی جب آپ نے اپنی جگت موہنی مایا کو پریر کر (تحریک دیکر) مجھکو موہ کرا دیا تھا ۔ ۳ ۔ تب مین نے موہ کے بس ہوکر بواہ کرنا چاہا تھا سو آپ نے مجھکو بواہ کس کارن سے کرنے نہین دیا تھا ۔ ۴ ۔ جب نارد مُن نے شری رام چندر جی سے یہ پوچھا تب شری رام چندر جی بولے کہ سنو نارد مُن مین تمسے خوشی سے پرن (عہد) کرکے کہتا ہون کہ جو میرے بھگت سب کا بھروسا ارتھات کرم اُپاسنا گیان کا بھروسا چھوڑ کر کیول میرا ہی آسرا رکھ کر مجھی کو بھجتے ہین ۔ ۵ ۔ اُنکی مین سدا ایسی رچھیا کرتا ہون جیسے اگیان بالک کی رچھیا نِت اُسکی ماتا کرتی رہتی ہے ۔ شری بھگوت گیتا کا اشلوک ۔

गीतायां ॥ अनन्याश्चिंतयतेमां येजनाः पर्युपासते । तेषा
नित्याभियुक्तानां योगक्षेमं वहाम्यहं ॥ ÷ ॥ ÷ ॥ ÷ ॥

۶ ۔ جب کبھی اجان بالک آگ یا سانپ کے پکڑنے کو دوڑتا ہے تو اُسکی رچھک ماتا اُسکو روک رکھتی ہے ایسے ہی جب کوئی میرا بھگت پرکرت کے بس ہوکر کسی بُری بات کی اِچھا کرتا ہے تو مین اسکو اُس دُراشا سے بچا کر نرمل بھگت گیان مین لگا دیتا ہون ۔ ۷ ۔ پھر بڑے ہونے پر پُتر کے اوپر ماتا پریت تو کرتی ہی رہتی ہے پرنتو اُسکے بھلے بُرے چلنون سے کچھ پرسوچ نہین رکھتی ہے ایسے ہی گیان پائے ہوئے جیوون پر مجھکو جانو ۔ ۸ ۔ یہی بچار کر جو بُدھ جاننے والے پنڈت ہین وہ مجھکو سدا سیون کرتے ہین گیانی ہو جانے پر بھی بھگت ہی کا بھروسا رکھتے ہین ۔ ۷ ۔ دوہا ۔ کام کرودھ لوبھ اہنکار یے سب موہ (غفلت اگیان) کی بلوان سینا ہین ان سب مین مہا دارن دُکھ دایک مایا روپی استری ہوتی ہے ۔

۱	سُن مُن کہا پُران شرُت سنتا	موہ بپن کا نار بسنتا
۲	جپ تپ نیم جلاشے جھاری	ہوئی گریکھم سوکھو تیہ ناری
۳	کام کرودھ مد متسر بھیکا	انہین ہرکھ پرد برکھا ایکا
۴	دُرباسنا کُمد سمداءی	تنکا سدا شرد سکھدائی
۵	دھرم سکل سرسیرُہ برندا	ہوئی ہم تن دُکھ دیئی مندا
۶	پُن ممتا جواس بہتائی	پلُہی نار ششر رِت پائی
۷	پاپ اُلوک نکر سکھ کاری	نار نبڑ رجنی اندھیاری
۸	بدھ بل شیل ست سب مینا	بنسی سم تریہ کہہین پربینا

۸۔ دوہا۔

اوگُن مُول شُول پرد پرمدا سب دُکھ کھان
تاتے کینہہ نوارن مُنی مَیں اَس جیہ جان

۱۔ سُنو ہے مُنی بید اور پُران اور سنت لوگ کہتے ہین کہ موہ کے بن کو تو بسنت پھول پھل دینے والی استری رِت راج بسنت ہی کے سمان ہوتی ہے۔ ۲۔ جپ تپ نیم آدتا لابون کو استری گریکھم رِت (موسم گرمی) ہو کر سوکھ لیتی ہے۔ ۳۔ کام کرودھ مد متسر (یعنی شہوت غصہ غرور غلبت) روپی مینڈھکون کو آنند بڑھانے والی استری کو ہے نارد مُنی تم ایک برکھا ہی جانو۔ ۴۔ سب بُری اچھا روپی کوکا بیلیون کو استری سدا اُتر رِت ہی کے سمان سکھد ایک ہوتی ہے۔ ۵۔ اور سب دھرم روپی کملون کو استری ہیم رِت یعنی موسم سخت سردی کے سمان ناش کر دیتی ہے۔ ۶۔ پھر استری روپی ششیر رِت کو پا کر ممتا روپی جواسہ کی بہتائی بڑا پلو دے کر بڑھتی ہے۔ ۷۔ اور سب پاپ روپی چمگودڑون کو سکھد ایک استری مہا اندھیاری چھ مہینے کی رات ہی ہوتی ہے۔ ۸۔ بدھ بل شیل ست روپی مچھلیون کو ناش کرنے والی استری کو بدھمان لوگ بنسی ہی کے سمان کہتے ہین۔

۸۔ دوہا۔ سب اوگنون کی جڑ سب شول (درد) کی دینے والی سب دکھون کی کھان استری ہوتی ہے ایسا مین نے بچار کر کہ میرا بھگت کا بیش مین نہ پڑے تمکو مین نے ہے نارد مُنی اس بواہ کرنے سے بچا لیا۔ پرن ہار سیوک ہنکاری۔ یہ مین نے اپنا پرن نبا ہا۔

۱	سُن رگھُپت کے بچن سُہائے	مُن تن پُلک نین بھر آئے
۲	کہو کون پربھُ کی اس رِیتی	سیوک پر ممتا اُر پریتی
۳	جے نہ بھجین اس پربھُ بھرم تیاگی	گیان رنک مت مند ابھاگی
۴	پُن سادر بولے مُن نارد	سنو رام بگیان بشارد
۵	سنتن سے لچھن رگھُبیرا	کہو ناتھ بھجن بھو بھیرا
۶	سُن مُن سنتن کے گن کہہ ہون	جن تے مین اُنکے بس اَہون
۷	کھٹ بکار تج اَنگھ اکاما	اَچل اکنچن شُچ سُکھدھاما
۸	ساودھان مان مد ہینا	دھیر دھرم گت پرم پربینا

۹۔ دوہا۔

گنا گار سنسار دکھ رہت بگت سندیہہ
تج مم چرن سروج پریہ جنکے دیہہ نہ گیہہ

۱۔ ایسے سُندر سہائے بھگت وتسل سوامی رام چندر جی کے بچن سُنکر نارد جی کا شریر پلکت ہو گیا اور آنکھون مین پریم کا جل بھر آیا اور اپنے مَن مین کہنے لگے کہ ۔ ۲۔ بھلا اور کون سے سوامی کی ایسی سُندر ریت ہی کہ سیوک پر ایسی ممتا اور پریت کرے ۔ ۳۔ جو ایسے پرم کرپال سوامی کو سب بھرم چھوڑ کر نہین بھجتے ہین اُنکو گیان سے رہت مند بدھ نر ابھاگی ہی جاننا چاہیے ۴ وہ ۵۔ ایسا مَن مین بچار کر پھر آدر سمیت شری رام چندر سے بولے کہ ہے بگیان بشارد ہے پربھو بھیربھنجن رگھبیر سوامی آپ اپنے بھگتون کے لچھن کرپا کر کے کہیے ۔ ۶۔ تب شری رام چندر جی بولے کہ سنو ہے نارد مین اپنے بھگتون کے سُندر گُن تمسے کہتا ہون جن گُنون سے مین سدا اُنکے بس مین رہتا ہون ۔ ۷۔ میرے بھگت کام کرودھ لوبھ موہ مد متسر ان چھہون بکارون کو تیاگ کر پاپ اور کام سے رہت ہوتے ہین کیسی ہی بپت پڑے پر وہ اپنا دھرم نہین چھوڑتے ہین میرے ہی بھروسے پر رہکر کچھ آپا سے ہی نہین ڈرتے ہین پرم پاون سُندھ آچرن (نیک چلن) ہوتے ہین اور سدا پرسن من رہتے ہین ۔ ۹۔ سدا اسا و دھان اور اہنکار رہت ہوتے ہین سبکو مان (یعنی آدر) دیتے ہین اور آپ آدر مان نہین چاہتے ہین بڑے دھیر اور دھرم مین پکے اور پرم پربین ہوتے ہین ۔ ۹ دوہا ۔ سب گنون کے ساگر اور سنساری دکھ سے رہت اور نہ سندیہ ہوتے ہین میرے چرن کمل کو چھوڑ کر اور کچھ اُنکو اپنی دیہہ اور گیہہ (گھر) تک بھی پیارا نہین ہوتا ہے ۔

۱	نج گن شروَن سنت سکچاہین	پرگن سنت ادھک ہرکھاہین
۲	سم سیتل نہین تیاگہین نیتی	سرل سوبھاو سبہی سن پریتی
۳	جپ تپ برت دم سنجم نیما	گرو گوبند بپر پد پریما
۴	شردھا چھما میتری دایا	مدتا مم پد پریت امایا
۵	برت بباک بنے بگیانا	بودھ جتھارتھ بید پرانا
۶	دمبھ مان مد کرہین نہ کاؤ	بھول نہ دیہہ کمارگ پانو
۷	گاوہین سنہین سدا مم لیلا	ہیتُ رہت پرہت رت سیلا
۸	سن من سادھن کے گن جیتے	کہہ نہ سکہین سارد سرت تیتے
چھند	کہہ سک نہ سارد سیش نارد سنت پد بنج لہے اس دین بندھو دیال اپنے بھگت گن نج مکھ کہے	

۱۰- دوہا-

سر ناے بارہ بار چرنن برہم پر نارد گئے
تے دھن تلسی داس آس بہاے جو ہر رنگ رئے
راون ارجس پاون گاوین سنین جے لوگ
رام بھگت دڑھ پاوہین بن براگ جپ جوگ

۱- پرائے مکھ سے اپنے گنون کی بڑائی سنتے ہی سکچاے جاتے ہین اور پرائے گنون کو سنکر بڑے پرسن ہوجاتے ہین - ۲- دوست اور دشمن دونون کے ساتھ برابر ہی بھلائی ہی کرتے ہین اور شیتل ارتھات سدا شانت چت ہی رہتے ہین نیت ارتھات بید پران کے ہوئے دھرم کو کبھی نہین چھوڑتے ہین سیدھے سبھاو رہتے ہین سب سے پریت ہی رکھتے ہین - ۳- جپ تپ برت دم سنجم نیم سمی کے انسار کرتے ہین گرو اور پرمیشور اور برہمن ان تینون کے چرنون مین سدا پریم رکھتے ہین - ۴- پرائے بھلے مین شردھا اور اپرادھیون پر چھما اور سب سے ہترتا اور سب پر دیا رکھتے ہین آپ سدا پرسن رہتے ہین اور ہمرے چرنون مین تن من بچن سے پریت رکھتے ہین - ۵- گیان براگ بگیان اور بید پران کو جیسا کچھ چاہیے جانتے ہین - ۶- پاکھنڈ اور گھمنڈ کبھی نہین کرتے ہین اور بری راہ مین تو بھول کر بھی پانون نہین دھرتے ہین - ۷- میرے جنم کرم کی لیلا کو سدا گاتے اور سنتے ہین اور بے پریوجن پرائے بھلے مین لگے رہتے ہین - ۸- سنو ہے نارد میرے بھگتون کے جو گن ہین انکو تو بید اور شارد ابھی نہین کہہ سکتی ہ

چھند- یہ سنتے ہی نارد مُن نے شری رام چندر جی کے چرن کمل پکڑ لیے اور کہا کہ دھن ہو دین بندھو دیال آپ نے اپنے بھگتون کے گن اپنے ہی مکھ سے کہے اس پرکار بارم بار شری رام چندر جی کے چرنون کو سر نواکر نارد مُن برہم لوک کو چلے گئے گسائین تلسی داس جی کہتے ہین کہ وے جیو دھنیہ ہین جو سب آشا چھوڑ کر رام رنگ مین رنگے ہین -

۱- دوہا- راون کے شتر ارتھات شری رام چندر جی کے پرم پاون جس کو جو لوگ گاتے یا سنتے ہین وہ شری رام چندر جی کی دڑھ ارتھات اچل بھگت بنا جپ جوگ ادر کسی سادھن ہی کے پا جاتے ہین -

یہ پرتھم دشک کشکندھا کانڈ کا ہوا +

۱ آگے چلے بہر رگھورایا ۔ رشیہ موک پربت نیرایا
۲ تہاں رہ سچو سہت سگریوا ۔ آوت دیکھ اتل بل سیوا
۳ ات سبھیت کہا سن ہنومانا ۔ پرش جگل بل روپ ندھانا
۴ دھر بٹ روپ دیکھ تیں جائی ۔ کہس موہ بجھ سین بجھائی
۵ بپر روپ دھر کپ تہاں گیو ۔ ماتھ نائے پوچھت اس بھیو
۶ کو تم شیامل گور شریرا ۔ چھتری روپ پھرو بن بیرا
۷ کٹھن بھوم کومل پد گامی ۔ کون ہیت بن بچرو سوامی
۸ کے تم تین دیو مان کوؤ ۔ نر نارائن کے تم دوؤ

۱۔ دوہا۔
جگ کارن بھو تارن بھنجن دھرنی بھار
کے تم اکھل بھون پت لینہ منج اوتار

۱۔ نارد مُن کے جانے کے پیچھے شری رام چندر جی شری لچھمن جی سہت پمپا سر سے آگے کو چلے اور رشیہ موک پربت کے پاس پاس آئے۔ ۲۔ اس پربت پر بال کے ڈر کے مارے منتریوں سہت سگریو نام بندروں کے راجا رہتے تھے جب سگریو نے بڑے بیر بلوان دونوں بھائیوں کو دھنکھ بان لیے اپنی طرف آتے دیکھا تو۔ ۳۔ بہت ڈر کر بولا کہ ہے ہنومان دیکھو تو یے دونوں پرش بل اور روپ کے ندھان چلے آتے ہین۔ ۴۔ تم بٹ (براہمن برہم چاری) کا روپ دھر کر انکے پاس جاؤ اور ہر پرثت کا بھید لیکر اشارے سے ہی مجھے سمجھا کر کہہ دینا۔ ۵۔ ایسی آگیا اپنے سوامی کی پا کر ہنومان جی براہمن کا روپ رکھ کر وہان گئے اور شری رام چندر جی اور شری لچھمن جی کو سر نوا کر یہہ پوچھنے لگے کہ۔ ۶۔ آپ سانولے اور گورے دبیہ شریر دھارن کیے ہوئے چھتری روپ مین بن بن جو پھرتے ہین تو آپ کون ہین۔ ۷۔ اس مہا کٹھور پرتھوی پر ان کومل کومل چرنون سے ہے سوامی آپ کس لیے پھر رہے ہین۔ ۸۔ میری جان مین یا تو آپ تینون دیوتاؤن مین سے کوئی ہین (یعنی برہما بشن مہیش ہی ہین) یا نر نارائن ہی آپ دونون بھائی ہین۔ ۱۔ دوہا۔ یا جو سربیشور جگت جنم آدکارن سنسار تارن ہر سوئی آپ اننت کوٹ برہمانڈ کے نایک باسدیو بشن بھگوان نے پرتھوی کا بھار اتارنے کو یہ منکھ اوتار دھارن کیا ہے۔

۱ کوشلیش دسرتھ کے جائے ۔ ہم پت بچن مان بن آئے

۲	نام رام لچھمن دو بھائی	سنگ نار سکمار سہائی
۳	یہان ہری نسچر بیدیہی	کھوجت پھرہین بپر ہم تیہی
۴	آپن چرت کہا ہم گائی	کہو بپر نج کتھا بجھائی
۵	پربھ پہچان پریو گہہ چرنا	سو سکھ اُما جائے نہین برنا
۶	پن دھیرج دھر استت کینھا	ہرکھ ہردے نج ناتھہ چینھا
۷	مور نیاو جو پوچھیو سائین	تم پوچھو کس نر کی نائین
۸	تو مایا بس پھرون بھلانا	تاتے مین نہین پربھ پہچانا

۲ ۔ دوہا ۔

ایک مند مین موہ بس کٹل ہردے اگیان
پن پربھ موہ بسارہو دین بندھ بھگوان

۱ ۔ جبکہ ہنومان جی نے شری رام چندر سوامی کو کچھ پہچان ہی سا لیا اور اپنے کو چھپائے ہی رہے تب تو ویسے ہی شری رام چندر بھی اپنے پربرہم روپ کو چھپائے ہوئے ہنومان جی سے بولے کہ ہم تو اجودھیا کے راجا دشرتھ جی کے پتر ہین ارتھات منکھ ہین پتا جی کی آگیا مانکر چودہ برس تک بن مین رہنے کو آئے ہین ۔ ۲ ۔ ہمارا نام رام اور انکا نام لچھمن ہے ہم دونون بھائی ہین اور ہمارے ساتھ ات سکماری پرم سندری راجا جنک کی پتری ہماری استری تھی ۔ ۳ ۔ سو یہان کسی نشاچر نے چھل کرکے ہرلی ہے اسیکو ہم ہے براہمن دیوتا ڈھونڈھتے پھرتے ہین ہم ۔ اپنا حال تو ہمنے تمسے سب کہہ دیا اب تم بھی ہے براہمن دیوتا اپنی کتھا ہمسے سمجھا کر کہو کہ تم کسواسطے اس بن مین پھرتے ہو ۔ ۵ ۔ جو شری رام چندر جی نے اپنا اور لچھمن جی اور سیتا جی کا نام لیا سوئی ہنومان سونیگ ردر اوتار نے اپنے اشٹ دیو سوامی کو پہچان لیا اور چرنون پر گر پڑے اس سمے کا سکھ ہے پاربتی مجھسے کہا نہین جاتا ہی ۔ ۶ ۔ پھر دھیرج دھر کر بنتی کی اور اپنے سوامی کو پہچانکر بڑا ہی آنند ہوا ۔ ۷ ۔ اور پھر کہنے لگے کہ ہے سوامی یہ میرا پوچھنا تو نیائے سے ہے کیونکہ مین جیو کھنڈ گیان ہون اور آپ تو ایشور اکھنڈ گیان ہین منکھو کی طرح مجھسے کیسے پوچھتے ہین ۔ ۸ ۔ مین تو آپ کی مایا کے بس ہو کر بھولا ہوا پھرتا ہون اس سے آپکو نہین پہچانا ۔ ۲ ۔ دوہا ۔ ایک تو مین مند جیو اگیان کے بس اور کٹل ہردے ذات کا بندر ہون اور تسپر جو آپ ایسے شرناگت کے پالنے والے سوامی مجھکو بھول جاوین تو ہے دیال بھگوان پھر میرا ٹھکانا کہان ہے ۔

۱ جدپ ناتھ بہو اوگن مورے — سیئوک پربھ پرہرئو نہ بھورے
۲ ناتھ جیو تو مایا موہا — سو نستری تمہارے چھوہا
۳ تا پر مین رگھبیر دہائی — جانون نہین کچھ بھجن اپائی
۴ سیئوک ست پت مات بھروسے — رہی اسوچ بنی پربھ پوسے
۵ اس کہہ چرن پرئو اکلائی — نج تن پرگٹ پریت اُر چھائی
۶ تب رگھپت اُٹھائے اُر لاوا — نج لوچن جل سینچ جڑاوا
۷ سُن کپ جیہ جن مانس اونا — تین مم پریہ لچھمن تے دونا
۸ سم درشی موہ کہا سب کوئی — سیئوک پریہ اننیہ گت سوئی

۳۔ دوہا۔
سو اننیہ اس جاس کی مت نہ ٹرئی ہنومنت
مین سیئوک سچراچر روپ راش بھگونت

۱۔ جدپ ہے سوامی میرے دوش بہت ہین پرنت آپ نے تو کیسے ہی دوش والے اپنے سیئوک کو کبھی تیاگ نہین کیا ہے۔ ۲۔ کیونکہ جیو تو سدا آپ کی مایا مین بھولا ہوا رہتا ہے اُس کا چھوٹنا تو کیول آپکی کرپا ہی سے ہوتا ہے۔ ۳۔ تِس پر مین تو ہے سوامی آپکی سوگند کرکے کہتا ہون کہ بھجن تک کو بھی مین مایا سے چھوٹنے کا سادھن اپائے نہین جانتا ہون مین تو کیول آپ کی کرپا ہی کو اپائے مانتا ہون۔ ۴۔ سیئوک کو تو اُچت یہ ہے کہ جیسے پُتر اپنے پتا اور ماتا کے بھروسے پر بیفکر رہتا ہے اُسی طرح اپنے سوامی کے بھروسے پر بیفکر رہے سیئوک کھرا کھوٹا کیسا ہی ہو شرن آنے پر تو سوامی کو پالتے ہی بنتا ہے۔ ۵۔ ایسے کہکر پریم مین مگن ہو کر جو سوامی کے چرنون پر گرے سوئی اپنا نج شریر پرگٹ ہو گیا ہردے مین پریت ہی چھا گئی کپٹ چھوٹ گیا۔ ۶۔ جب یہہ کپٹ ہو گئے تب تو شری رام چندر جی نے اُٹھاکر ہردے سے لگا لیا اور اپنے نیترون کے جل سے سینچ کر شیتل کیا اور بولے کہ۔ ۷۔ سنو ہے ہنومان جی تم اپنے جی مین اپنے کو کچھ ہیٹا مت مانو تم تو مجھے لچھمن بھائی سے بھی دونے پیارے ہو کیونکہ مجھکو تو سب سے ادھک پیارا سیئوک ہی ہے سو بائی۔ تن پن ست کہون تو وہ ہا ہین سنو سیئوک سم پریہ کو دونا ہین۔ ۸۔ سم درشی مجھکو سب سنسار کہتا ہے پرنت سیوک تو مجھکو بہت ہی پیارا ہے کیونکہ وہ تو اننیہ گت ہوتا ہے۔ ۳۔ دوہا۔ ہے ہنومان جی سنو اننیہ گت اُسکو کہتے ہین جس بھگت کی ایسی اچل بدھ ہوتی ہے کہ مین تو سیئوک ہون اور سب سنسار

چراچر روپ کی ایک راس ہو کر میرے سوامی ہی کی انگ بھوت ہے میرے سوامی سے الگ کچھ بھی نہیں ہے کیول مین اور میرا سوامی ہی ہے تیسرا کوئی بھی نہیں ہے نہ ہوگا۔

۱	دیکھہ پون سُت پت انکولا		ہردے ہرکھ بیتے سب سُولا
۲	ناتھ سَیل پر کپ پت رہئی		سو سگریو داس تو اہئی
۳	تاسن ناتھ میتری کیجے		دین جان تیہ ابھے کر دیجے
۴	سو سیتا کر کھوج کرائی		جہان تہان مرکٹ کوٹ پٹھائی
۵	یہہ بدھ سکل کتھا سمجھائی		لیے دوؤ جن پیٹھ چڑھائی
۶	جب سگریو رام کا دیکھا		اَت شے جنم دھن کر لیکھا
۷	سادر ملیو نا سے پد ماتھا		بھینٹیے انج سہت رگھناتھا
۸	کپ کر من بچار یہہ ریتی		کرہین بدھ موسن یے پریتی

۴۔ دوہا۔	تب ہنومنت ابھو دش کہہ سب کتھا بجھاے پاوک ساکھی دیئی کر جوری پریت دڑھاے

۱۔ ہنومان جی نے اپنے سوامی شری رام چندر جی کو اپنے اوپر جب ایسا پرسن دیکھا تب تو ہردے مین بڑا ہی آنند ہوا اور سب دُکھ درد چھوٹ گئے۔ ۲۔ اور بولے کہ ہے ناتھ ہم سب بندرون کا راجا سگریو آپ کا داس اِس پربت پر رہتا ہے۔ ۳۔ اُسکے ساتھ آپ چلکر متر تا کیجیے اور اُسکو دین دُکھی جانکر ابھے کر دیجیے ۴۔ وہ سیتا ماتا کا بھی کھوج کرادیگا دیش دیش کروڑون بندر سیتا جی کے ڈھونڈھنے کو بھیجیگا۔ ۵۔ اِس پرکار سب کتھا کہکر دونون بھائیون کو اپنی پیٹھ پر چڑھا لیا۔ ۶۔ جب سگریو نے شری رام چندر جی کو دیکھا تب تو اپنے جنم کو بہت ہی دھن مانا۔ ۷۔ بڑے آدر سمیت شری رام چندر جی کے چرنون کو سر نواکر ملا اور لچھمن جی سہت شری رام چندر جی کو بھینٹا۔ ۸۔ اور اپنے کو پرم نیچ اور شری رام چندر سوامی کو ایشر تم جانکر من مین بچار کرنے لگا۔ کہ ہے بدھاتا مجھسے یے کیسے پریت کرینگے

۴۔ دوہا۔ تب ہنومان جی نے شری رام چندر جی کی کتھا سگریو سے اور سگریو جی کی کتھا شری رام چندر جی سے کہکر اگن دیوتا کو ساکھی کرکے دونون کے آپس مین دڑھ پریت کرادی۔

۱	کینھہ پریت کچھ بیچ نہ راکھا		لچھمن رام چرت سب بھاکھا
۲	کہا سگریو نین بھر باری		ملی ناتھ متھلیش کماری

۳ منترن سہت اہان اِکبارا بیٹھ رہون مین کرت بچارا
۴ گگن پنتھ ماش دیکھی جاتا پرلبس پری بہت بلکھاتا
۵ رام رام ہارام پکاری ہمہین دیکھ دینھیو پٹ ڈاری
۶ مانگا رام ترت تسو دینھا پٹ اُر لائے سوچ اَت کینھا
۷ کہہ سگریو سنو رگھبیرا تجو سوچ اُر آنو دھیرا
۸ سب پرکار کرہون سیوکائی جہہ بدھ ملی جانکی آئی

۵۔ دوہا۔
سکھا بچن سن ہرکھیو رگھپت کرنا سیو
کارن کون بسو بن موہ کہو سگریو ۔

۱۔ جب ہنومان جی نے شری رام چندر اور سگریو مین ایسی پریت کرا دی کہ اُنمین کسی بات کا بھید نہین رہا تب تو لچھمن جی نے شری رام چندر جی کے راج کا بھنگ ہونا اور بن باس اور سیتا ہرن کا سب حال سگریو سے کہا۔ ۲۔ مترکا ایسا پرم دکھ سنتے ہی سگریو نیترون مین جل بھر کر بولے کہ ہے سوامی مین نہین جانتا تھا سیتا جی تو مجھکو ملی تھین۔ ۳۔ ایک سمے مین اپنے منتریون سمیت اسی استھان پر بیٹھا ہوا بچار کرتا تھا۔ ۴۔ تب آکاش مارگ مین مین نے انکو جاتے ہوئے دیکھا کہ پرلبس پڑی ہوئی بڑا بلاپ کرتی جاتی ہین۔ ۵۔ ہارام ہارام ایسے پکارتی ہوئی ہم سب کی طرف دیکھکر ایک اپنے بدن کا کپڑا اڈال دیا سو مین نے اٹھا رکھا ہے۔ ۶۔ یہ سنتے ہی شری رام چندر جی نے اُس کپڑے کو مانگا تب تو سگریو نے ترنت ہی لا دیا شری رام چندر جی نے اسکو پہچانکر اور ہردے سے لگا کر بڑا سوچ کیا۔ ۷۔ تب سگریو نے کہا کہ ہے سوامی آپ سوچ نکرین دھیرج ہی ہردے مین دھارن کرین۔ ۸۔ مین آپکی سب پرکار سے سیوکائی کرونگا جس سے سیتا جی آپکو پھر آملینگی۔ ۵۔ دوہا۔ ایسے اپنے متر سگریو کے بچن سنکر کرپا کے سیو (خدا) شری رام چندر جی پرسنّ ہو کر بولے کہ ہے سگریو یہ تو مجھے کہو کہ تم اس بن مین کس کارن سے رہتے ہو تمھارا دلش گوش (خزانہ) راج رانی سب کہان ہین

۱ ناتھ بالِ اَرُ مین دوی بھائی پریت رہی کچھ برن نہ جائی
۲ دُندبھ سُت مایا ہی ناؤن بیر لین آوا ہم گانؤن
۳ اَردھ رات پر دوار پکارا بالی رپ بل سہے نہ پارا
۴ دھاوا بالِ دیکھ سو بھاگا مین پن گیون بندھ سنگ لاگا

۵ گِروَر گُپھا پیٹھ شُو دھائی بال مُوہِ تب کہا بجھائی
۶ پرکھیو مُوہِ ایک پکھوارا نہین آؤن تو جانیوِ مارا
۷ ماس دِوَس تہان رہیون کھراری نِسری رُدِھر دھار جب بھاری
۸ تب مین رِپ مَن لینھ بچارا چھلَ گھلَ پَرَبل بال کا مارا

۱۔ سگریو نے کہا کہ ہے ناتھ سُنیئے کہ بال اور مجھ دو بھائیون مین آپس مین بڑی ہی پریت تھی۔ ۲۔ دُوندبھی نام ایک راچھس بڑا بلوان جسکو آگے کبھی بال نے جُدّہ مین مارا تھا سو اُسکا پُتر مایابی نام اپنے باپ کا بیر لینے کو پمپا پُر مین آیا تھا۔ ۳۔ سُو آدھی رات کو پُر کے دوار پر تال ٹھونک کر گرجا بال سے بیری کا بَل سہا نہ گیا۔ ۴۔ جو بال اُسکے پیچھے دوڑا سوئی مایابی بال کو دیکھکر بھاگا اور بال پیچھے ہی لگا چلا گیا مین بھی بھائی کو اکیلا جاتے ہوئے جانکر اُسکے ساتھ ہی دوڑا چلا گیا۔ ۵۔ مایابی بال کے ڈر سے ایک پہاڑ کی گُپھا مین گھس گیا تب بال نے مجھسے سمجھا کر کہا کہ۔ ۶۔ تو یہان ہی رہ مین جاتا ہون پندرہ دن تک میری راہ دیکھنا جو اتنے دن مین مین نہ لوٹ آؤن تو تو جانیو کہ مارا گیا۔ ۷۔ مین ایک مہینہ بھر تک وہان بیٹھا اُسکی راہ دیکھتا رہا جب اُس گُپھا سے ایک بڑی دھارا لہو کی نکلی۔ ۸۔ تب مین نے اپنے من مین بچار کیا کہ بیری بڑا بلوان مایابی ہے اُسنے چھل کر کے بال کو مار لیا ہے۔

۱ بال ہتس مُوہ مارِہ آئی سِلا ایک دے چلیون پرائی
۲ پمپا پُر آئیون تت کالا تَن بیاکُل مَن بہت بہالا
۳ منتِرن پُر دیکھا بن سائین دینھیو راج مُوہ بریائین
۴ بالی تاہِ مار گرہ آوا دیکھ مُوہ جیہ بھید بڑھاوا
۵ رِپ سم مُوہ مارس اَت بھاری ہَر لینھس سربس اُر ناری
۶ تاکے بھے رگھبیر کِرپالا سکل بھُوَن مان پھِریون بہالا
۷ اِہان شاپ بش آوت ناہین تدپ سبھیت رہون من ماہین
۸ سُن سیوک دُکھ دین دیالا پھرک اُٹھے دوہ بھجا بِشالا

۷۔ دوہا
سُن سگریو مین مارِہون بال کہ ایکہِ بان
برہم رُدر شرناگت گئے نہ اُبرہِ پران

۱۔ بال کو تو اُس دُشٹ نے مار ہی لیا اب آکر مجھکو بھی ماریگا یہ بچار کر اُس گُپھا کے دروازے پر

ایک بھاری شِل پتھر کی دے کر مین بھاگ آیا ۔۲۔ ترنت ہی پمپاپر مین آیا شہر یہ تو میرا بہت بیاکل اور من مہا اُداس رہتا تھا ۔۳۔ اِن منتریون نے نگر کو بنا سوامی کے دیکھکر مجھکو ہٹھ کر کے راج دے دیا ۔۴۔ اِسکے پیچھے جو بالی اُسکو مار کر گھر آیا تو مجھکو راج کرتے دیکھکر اپنے جی مین بڑا ہی بھید بڑھایا ۔۵۔ دُشمن کی طرح مجھکو بہت ہی مارا اور میرا سب دھن اور استری تک لے لیا اور میرے پیچھے پڑا ۔۶۔ اُسکے ڈر کے مارے ہے سوامی سب بھون ارتھات پرتھوی کے ساتون دیپ مین بھاگا پھرا اور بہت بے حال ہوا پھر اُن ساتون دیپ مین کوئی کھنڈ کوئی دیش کوئی پربت کوئی بن کوئی ندی کوئی تالاب ایسا نہین ہے جہان مین نہین گیا پرنتُ بالِ کے مارے کہین بھی مجھکو دم نہ ملا ۔۷۔ یہان اس پربت پر متنگ رکھ کے شاپ کے ڈر سے نہین آتا ہے تو بھی مین سدا ڈرتا ہی رہتا ہون ۔۸۔ ایسا دُکھ اپنے سیوک کا سُنتے ہی دین دیال شری رام چندر جی کے دونون بشال پرچنڈ بھجا اُسکے دُکھ ہٹانے کے لیے پھڑک اُٹھے اور بولے کہ ۔ دوہا ۔ سکھا سنو مین تمھارے دُکھ دایک بال کو ایک ہی بان سے مارونگا دوسرا بان نہین لونگا جو تمھارا بیری بالِ برہما جی اور رودر کی شرن (یعنے پناہ) مین جا کر لگیگا تو بھی اُسکے پران نہین بچین گے ۔

۱	جے نہ متر دکھ ہوہِں دکھاری	تِنہیں بلوکت پاتک بھاری
۲	سیوک شٹھ نرپ کرپن کناری	کپٹی متر شول سم چاری
۳	سکھا شوچ تیاگو بل مورے	سب بدھ گھٹب کاج مین تورے
۴	دُندبھ استھ تال دکھرائے	بِن پریاس رگھناتھ ڈھہائے
۵	دیکھ امت بل باڑھی پریتی	بال بدھن کی بھئی پرتیتی
۶	لے سگریو سنگ رگھناتھا	چلے چاپ سایک گہہ ہاتھا
۷	تب رگھپت سگریو پٹھاوا	گرجس جائے نکٹ بل پاوا
۸	سنت بال کرودھاتر دھاوا	گہہ کر چرن نار سمجھاوا

۸۔ دوہا

کہا بال سن بھیرو پریہ سم درشی رگھناتھ
جو کداپ موہ مار ہین تو پن ہوں سناتھ

۱۔ جو کوئی اپنے متر کے دُکھ سے دُکھی نہین ہوتا ہے اُسکے دیکھنے سے بھی بڑا پاپ ہوتا ہے ۲۔ سیوک شٹھ ہو تو وہ سیوک نہین ہے اور راجا ہو کر کنجوس ہو تو وہ راجا نہین ہے اور استری دُشٹ ہو تو

وہ استری نہیں ہی اور متر کپٹی ہو تو وہ متر نہیں ہی۔ یے چار کے چارو نر سے دکھ پردا ہی ہین۔ ۳۔ اس سے ہے سکھا اب تم میرے بل کے بھروسے پر اپنا سب سوچ دور کرو مین تمہارے سب کام پورے کر دونگا۔ ۴۔ جب شری رام چندر جی نے بال کے مارنے کو ایسی پرتگیا کی تب تو سگریو نے دندبھی نام دیت کی ہڈیان اور تاڑ کے برچھ دکھائے اور بولا کہ ہے سوامی جو کوئی ان تاڑ کے برچھون کو ایک ہی بان سے چھیدیگا وہی بال کو ماریگا یہ سنکر شری رام چندر جی نے سگریو کی پرتیت کے لیے ان سب برچھون کو ایک ہی بان سے کاٹ کر گرا دیا۔ ۵۔ ایسا اتھاہ بل شری رام چندر جی کا دیکھکر سگریو کی پریت شری رام چندر جی پر بہت بڑھ گئی اور بال کے مارنے کی بھی پرتیت ہو گئی۔ ۶۔ جب شری رام چندر جی نے جانا کہ اب سگریو کو ہمارے ہاتھ سے بال کے مارے جانے کا بشواس ہو گیا تب تو شری رام چندر جی نے دھنکھ اور ایک ہی بان ہاتھ مین لے لیا اور سگریو کو ساتھ لیکر پمپاپر کو چلے۔ ۷۔ جب پمپاپر کے پاس پہونچے تب تو شری رام چندر جی نے سگریو کو بھیجا تب سگریو شری رام چندر جی کے بل کے بھروسے پر پمپاپر کے پاس ہی جاکر بال کو للکار کر گرجا۔ ۸۔ سگریو کا للکارنا سنتے ہی بال کرودھ مین بھر گیا اور سگریو کے اوپر دوڑا تب تو تارا اسکی رانی اسکے پیرون پر گر پڑی اور بہت طرح سے اسکو سمجھایا۔ ۸۔ تب بال اس سے بولا کہ سن ہے ڈری ہوئی پیاری تو ڈرت شری رام چندر جی تو سب کے ایشور اور سبکو برابر دیکھنے والے ہین (یعنی انکے حساب تو سب برابر ہین) کوئی انکا دوست دشمن نہین ہی اور جو شرن آئے ہوئے کے بس ہو کر مجھکو مارینگے بھی تو بھی مین سناتھ ہو جاؤنگا ارتھات میری مکت ہو جائیگی۔

۱ اس کہہ چلا مہا ابھمانی   ترن سمان سگریوہ جانی
۲ بھڑے جگل بالی ات ترجا   مشتک مار مہا دھن گرجا
۳ تب سگریو بکل ہو بھاگا   مشٹ پر ہار بجر سم لاگا
۴ مین جو کہا رگھبیر کرپالا   بندھو نہوے مور یہہ کالا
۵ ایک روپ تم بھراتا دوؤ   تیہہ بھرم تے ماریون نہین سوؤ
۶ کر پرسا سگریو شریرا   تن بھا کلش گئی سب پیرا
۷ میلی کنٹھ سمن کی مالا   پٹھوا پن بل دیتی بشالا
۸ پن نانا بدھ بھئی لڑائی   بٹپ اوٹ دیکھت رگھرائی

۹- دوہا-

بہہ چھل بل سُگریو کر ہردَی ہارے بھے مان
مارا بالہہ رام تب ہردی ماجھ سَر تان

ا- اس پرکار اپنی رانی تارا کو سمجھا کر مہا ابھمانی بال سُگریو کو تنکے کے برابر جانکر لڑنے کو چلا- ۲- اُس مین دونون بھائی مہا جدھ کرنے لگے انت کو بال نے جھپٹ کر سُگریو کو ایک گھونسا مارا اور بڑے زور سے گرجا- ۳- تب تو سُگریو بیاکل ہو کر بھاگا کیونکہ بال کا گھونسا سُگریو کے بجر کے سمان لگا- ۴- آکر شری رام چندر جی سے کہا کہ ہے سوامی مین نے تو آپ سے پہلے ہی کہا تھا کہ یہ میرے برابر بل کا بھائی نہین ہی بلکہ مجھسے بہت بلوان میرا کال ہی ہی- ۵- شری رامچندر جی نے سُگریو سے کہا کہ تم دونون بھائی تو ایک ہی صورت کے ہو جدھ مین پہچانے نہین گئے اِس دھوکھے سے ہمَ نے اُسکو نہین مارا- ۶- یہہ کہکر جو سُگریو کے بدن پر اپنا ہاتھ پھیرا تو سُگریو کا شریر بجر کا ہو گیا اور سب بیتھا جاتی رہی- ۷- تب ایک پھولون کی مالا پہچان کے لیے اُسکے گلے مین پہنا دی اور بہت بل دے کر پھیر بھیجا- ۸- پھر تو بہت طرح کی لڑائی دونون بھائیون مین ہونے لگی اور شری رام چندر جی ایک برچھ کی آڑ مین کھڑے ہو کر دیکھنے لگے ۹- دوہا- جب سُگریو نے اپنی شکت بھر بہت سے چھل بل کیے اور سب طرح سے ہار مانکر ڈر گئے تب شرناگت پالک شری رام چندر جی نے ایک بان بال کے ہردے مین مارا-

۱	پڑا بکل مہہ سَر کے لاگے		پُن اُٹھ بیٹھ دیکھ پربھ آگے	
۲	ہردَی پریت مُکھ بچن کٹھورا		بولا چِتے رام کی اورا	
۳	دھرم ہیت اوتریہو گُسائین		مارِیُو موہ بیادھ کی نائین	
۴	مین بیری سُگریو پیارا		کارن کون ناتھ موہ مارا	
۵	سُنت رام اَت کومل بانی		بال شیش پرسا نج پانی	
۶	اَچل کرون تم راکھو پرانا		تب اُٹھ بولا کرپا ندھانا	
۷	جنم جنم مُن جتن کراہین		انت رام کہہ آوت ناہین	
۸	سُو مم لوچن گوچر آوا		بہُر کہ پربھ اَس بنی بناوا	

ا- شری رام چندر جی کے بان کے مارنے سے بال اچیت ہو کر پرتھوی پر گر پڑا اور پھر جھٹکا کر اُٹھ بیٹھا اور سوامی کو اپنے آگے کھڑا دیکھا- ۲- اپنے پران ناتھ سوامی کو دیکھکر ہردے مین تو بہت ہی پریت بڑھی پرنت کٹھن سبھاو کے انسار شری رامچندر جی کی طرف دیکھکر کٹھور بچن بولا کہ-

۴- ہے سوامی آپ نے تو ساکشات دھرم کے واسطے اوتار لیا ہی سو مجھکو اُدھرم جُدھ سے بدھک کی طرح کیون مارا ۔ ہم کس کارن سے مین تو بیری اور سُگریو پیارا ہوا کہ جس سے آپ نے بیر ہاتھ سُگریو کا پچھ کرکے مجھکو مارا ۔ ۵- بال کی یہہ کوٗمل بانی سُنتے ہی کرپاندھان سوامی نے اُسکے سر پر اپنا ہاتھ رکھ دیا اور کہا کہ ۔ ۶- تم سوچ مت کرو مین تمھارے تن کو اچل (یعنی امر) کردونگا تم اپنے پران نہ چھوڑو تب تو بال بولا کہ ہے کرپاندھان سوامی سُنیے ۔ ۷- جنم جنم تپسیے مُن لوگ بڑے بڑے جتن کرتے ہین تو بھی انت کے سمے رام ایسا آپ کا نام نہین کہا جاتا ہی ۔ ۸- سو آپ ساکشات میری آنکھون کے سامنے اس انت سمے مین آئے بھلا ایسا دُرلبھ بناؤ پھر بھی بن پڑیگا ارتھات ایسا سمے پھر نہین ملیگا ۔

۱- چھند ۔
سو نین گوچر جاس گن نت نیت کہہ شرت گاوہین
جت پون من گو نرس کر مُن دھیان کبھُونک پاوہین
موہ جان ات ابھمان بس پربھ کہیو راکھُ سریر ہی
اس کون سٹھ ہٹھ کاٹ سُرتر بار کرہی کُٹیر ہی
۲- اب ناتھ کر کرُنا بلوکو دیہہ جو بر مانگ ہون
جیہہ جون جنمون کرم بس تہان رام پد انراگ ہون
یہہ تنے مم سم بنے بل کلیان پد پربھ لیجیے
گہہ باہ سُر نر ناہ آپن داس انگد کیجیے

۱۰- دوہا
رام چرن درڑھ پریت کر بال کینھ تن تیاگ
سُمن مال جمی کنٹھ سے گرت نہ جانے ناگ

۱- چھند سو آپ میرے آنکھون کے سامنے ہین جن آپ کے گُنون کو بید سدا نیت نیت کہہ گاتے ہین اور پون اور من کو جیت کر اور اِندریون کو اپنے بس مین رُوک کر (یعنی آنکھ ناک کان زبان عضو تناسل کو انکی لذتون سے الگ رکھکر) بڑے بڑے مُن لوگ کبھی کبھی دھیان مین آپ کو پاتے ہین سو آپ نے مجھکو بہت ہی ابھمان کے بس (یعنی بڑا گھمنڈی) جانکر شریر رکھنے کو آگیا دی ہی بھلا ایسا کون سٹھ ہوگا جو کریل کی رچھا کے لیے کلپ برچھ کو کاٹکر اُسکی باڑھ بنادیگا ۔ ۲- اب تو ہے ناتھ کرپا کرکے میری اور دیکھیے اور جو بردان مین مانگون وہ مجھکو دیجیے کہ جس جون مین مین اپنے کرمون کے بس ہو کر جنما کرون تہان تہان آپکے

چرنون مین پریم کیا کرون اور یہہ میرا انگد نام تیرہی میرے ہی سمان اسمین بنی اور بل ہی اسکو کلیان پد (بہتری کا درجہ) دیجیے اور اسکی بانہہ پکڑ کر اپنا داس کر لیجیے ۔ ۱۰۔ دوہا ۔ اس طرح شری رام چندر جی کی بنتی کرکے اور اُنکے چرنون مین پریت ڈرڑھ کرکے بال نے ایکایک شریر کو اسطرح تیاگ دیا جیسے پھولون کی مالا کو ہاتھی اپنے گلے سے گرتے نہین جانتا ہے ۔

(یہہ دوسرا ادھیائے کشکندھا کانڈ کا ہوا)

۱ رام بال نِج دھام پٹھاوا ۔ نگر لوگ سب بیاکل دھاوا
۲ نانا بدھ بلاپ کرتا تارا ۔ چھوٹے کیش نہ دیہہ سمھارا
۳ مَن پت تمھیَن بہت سمجھاوا ۔ کال بَش کچھ مَن ہی نہ آوا
۴ انگد سن کچھ کہن نہ پائے ۔ بیچہہ سُر پُر ان پٹھائے
۵ تا سُس بِکل دیکھیو رگھُرایا ۔ دِینھ گیان ہَر لینھو مایا
۶ اُما دار یوکھت کی نائیں ۔ سب ہی نچاوت رام گُسائیں
۷ تب سُگریوہ آیسُ دِینھا ۔ مرتک کرم بدھ وت سب کینھا
۸ رام کہا انجہہ سمجھائی ۔ راج دِیو سُگریوہ جائی

۱۔ دوہا ۔
لچھمن ترت بلائیو پُرجن بپر سماج ۂ
راج دینھ سُگریو کا انگد کا جُو راج ۂ

۱۔ شری رام چندر جی نے بال کی پریت اپنے مین دیکھکر اُسکو اپنے نج دھام آواگون (جنم مرن سے) رہت بیکنٹھ کو بھیجدیا یہہ سُنتے ہی نگر کے سب لوگ مہا بیاکل ہوکر دوڑے آئے ۔ ۲۔ تارا اُسکی رانی انیک پرکار کے بلاپ کرنے لگی جسکے سر کے بال ٹوٹ گئے تھے اور شریر کی سُدھ کچھ بھی نہین تھی ۔ ۳۔ اور کہتی تھی کہ ہے پت مین نے تو تمکو بہت سمجھایا پرنت کال کے بس ہوکر تمھارے من مین کچھ بھی نہ آیا ۔ ۴۔ انگد سے بھی کچھ کہنے نہ پائے بیچ ہی مین سُرلوک بیکنٹھ کو چلے گئے ۔ ۵۔ تارا کو بہت بیاکل دیکھکر شری رام چندر جی نے اُسکو برہم گیان کا اُپدیش دیا اور اپنی جگت موہنی مایا کو اُسکے اوپر سے ہر لیا ۔ ۶۔ سنو ہے پاربتی شری رام چندر سوامی کٹھپتلی کی طرح سب سنسار کو نچاتے ہین ۔ ۷۔ تارا کو گیان دیکر سُگریو سے کہا کہ اپنے بھائی کی کریا کرم کر آؤ سُو سُگریو نے بدھ وت ارتھات بید کے انوسار اور سمے اور کُل کے انوسار سب مرتک کرم اپنے بھائی کا کیا اور شُدھ ہو کر شری رام چندر جی کے پاس آ گئے ۔ ۸۔ تب شری رام چندر جی نے

لچھمن جی سے سمجھا کر کہا کہ تم پمپاپُر مین جاکر سُگریو کو راج تِلک کرآؤ مین نگر مین پِتا کے بچن سے جا نہین سکتا ہون (سمجھانے کا یہہ مطلب ہی کہ بال انگد کو میرے شرن مین کر گیا ہی سُگریو کے بعد راج انگد کو ملیگا اِس سے اُسکو جُوراج یعنی ولیعہد کرنا چاہیے ۔ ۱۔ دُوہا ۔ لچھمن جی نے جاکر سب نگر باسیون اور براہمنون کو بلاکر سوامی کی آگیا اُنسار سُگریو کو راجا اور انگد کو جُوراج (ولیعہد) کیا۔

۱	اُمارام سم ہِت جگ ماہِین	گُر پِت ماتُ بندھو سُت ناہِین
۲	سُر نر مُن سب کی یہہ رِیتی	سوارتھ لاگ کرین سب پرِیتی
۳	بال تراس بیاکُل دِن راتی	تن بہُ بَرن چِنتا جر چھاتی
۴	سو سُگریو کینہہ کپِ راؤ	اَت کِرپال رگھُبیر سُبھاؤ
۵	پُن سُگریو لینہہ بُلائی	بہہ پرکار نرپ نِیت سِکھائی
۶	گت گرِیکھم برکھارِت آئی	رہِہون نِکٹ شَیل پر چھائی
۷	انگد سہت کرہُو تم راجو	سَنتت ہردَے دھریو مم کاجو
۸	جب سُگریو بھَون پھر آئے	رام پَرَبرکھن گِرِ پر چھائے

۲۔ دُوہا ۔	پرتھمہ دیون گرِ گُہا راکھی رُچِر بنائے رام کرپاندھ کچھُک دِن باس کرینگے آئے

۱۔ سُنو ہے پاربتی جی شری رام چندر جی کے سمان اِس سنسار مین جیو کا ہتکاری گرو ماتا پِتا بھائی بیٹا کوئی بھی تو نہین ہی ۔ ۲۔ سِوائے شری رام چندر سوامی کے اور سب دیوتا اور منشو اور مُن لوگون کی یہی رِیت ہی کہ اپنے سوارتھ ہی کے لیے پرِیت کرتے ہین ۔ گیتاولی ۔ ہین سُر سِدھ مُنیش جوگ بدِ بید پُران بکھانے ۔ پوجا لیت دیت پلٹے سُکھ ہان لابھ انُمانے ۔ کو نہ سمیت دیت شیوت لوگ ہو یہہ رِیت ۔ داس تلسی دین پر ایک رام ہی کی پرِیت ۔ ۳۔ دیکھو بال کے ڈر کے مارے سُگریو دن رات بیاکُل رہتا تھا اور تن جسکا بِبرن (بدرنگ) ہو گیا تھا مارے چنتا کے چھاتی جلی جاتی تھی ۔ ۴۔ ایسے مہا دُکھی سُگریو کو بندرون کا راجا کر دیا ہے پاربتی جی ایسا کرپال کا سوبھاو شری رام چندر سوامی کا ہی ۔ ۵۔ تِسکے پیچھے سُگریو کو بلالیا اور بہت طرح سے راج نیت اُسکو سکھائی اور چلتے سمے کہا کہ ۔ ۶۔ اب تو گرِیکھم رِت (گرمی) گئی اور برکھا رِت (برسات) آئی سیتا جی کے ڈھونڈھنے کا اُپاے نہین ہو سکتا ہی اِس سے مین تمھارے پاس ہی اِس پربت پر تُون کی کُٹی چھاے کر رہون گا ۔ ۷۔ تم انگد سمیت

راج کرنا اور ہمارے کام کی سُدھ سدا اپنے ہردے مین رکھنا۔ ۸۔ شری رام چندر سوامی کی آگیا پاکر سُگریو اپنے گھر آئے۔ شری رام چندر جی نے لچھمن جی سہت پربرکھن (چھپر) پربت پر چھایا ۲۔ دوہا۔ دیوتاؤن نے اُس پربت کی سب کھوہین بہت ہی سُندر پہلے ہی سے بنا رکھی تھین اسواسطے کہ کرپا ندھان سوامی شری رام چندر جی کسی دن اِس پربت پر بھی آکر رہینگے

۱	سُندر بن کُسُمت اَت سوبھا	گُنجت چنچریک مدھو لوبھا
۲	کند مول پھل پترم سُہائے	بھئے بہت جب تے پربھو آئے
۳	دیکھ منوہر شَیل انوپا	رہے تہان انج سہت سُرچھوپا
۴	منگل روپ بھئے بن تب تے	کینھ نواس رمایت جب تے
۵	مدھکر کھگ مرگ تن دھر دیوا	کرین سدّھ سب پربھو کی سیوا
۶	پھٹک سِلا اَت سُبھر سُہائی	سُکھ آسین تہان دُوؤ بھائی
۷	کہت انج سن کتھا انیکا	بھگت برت نرپ نیت بیبیکا
۸	برکھا کال میگھ نبھ چھائے	گرجت لاگت پرم سُہائے

۳۔ دوہا	لچھمن دیکھو مور گن ناچت بارد پیکھ گرہی برت رت ہرکھ جم بشن بھگت کا دیکھ

۱۔ سُندر پھولے ہوئے بن کی اَت سوبھا ہو رہی ہے جہان مدھو کے لوبھ سے بھونرے گونج رہے ہین۔ ۲۔ اور جب سے شری رام چندر سوامی نے اس بن مین پرویش کیا ہے تب سے کند مول پھل پرم سوادِشٹ (نہایت مزہ دار) سُہاؤن طرح طرح کے بہت سے پیدا ہوئے ۳۔ ایسا منوہر اور انوپ (دل فریب و بے مثل) پربت دیکھکر دیوتاؤن کے ایشور شری رام چندر سوامی شری لچھمن جی سہت وہان رہے۔ ۴۔ منگل روپ بن تب ہی سے ہو گیا جب سے ساکشات لچھمی پت شری رام چندر جی وہان جا کر رہے۔ ۵۔ دیوتا سدّھ منیشور لوگ پَش اور پچھی اور بھونرون کا شریر دھر دھر کر شری رام چندر جی کی سیوا کرنے لگے۔ ۶۔ ایک پھٹک سِلا بہت اُجلی اور سُندر سہاونی تھی اُس پر سُکھ سے دونون بھائی بیٹھے ۷۔ تہان شری رام چندر جی لچھمن جی سے بہت طرح کی کتھا کہنے لگے کبھی بھگت کبھی بیراگ کبھی راج نیت کبھی گیان کہنے لگے۔ ۸۔ برکھا رت کے جو میگھ آکاش مین چھائے رہے ہین سو گرجتے ہوئے بڑے سہاونے لگتے ہین اُنکو دیکھکر شری رام چندر جی لچھمن جی سے کہتے ہین کہ

۱۳۔ دوہا۔ ہے لچھمن بھائی دیکھو تو یہ مور گن میگھون کو اُٹھے دیکھکر کیسے پرسن ہو ہو کر ناچتے ہین جیسے براگی گرہستھ لوگ اپنے گھر مین بشنو بھگت کو آئے دیکھکر پرسن ہوتے ہین۔

۱	گھن گھمنڈ نبھ گرجت گھورا	پریا ہین ڈرپت من مورا
۲	دامن دمک چھپت گھن ماہین	کھل کی پریت جتھا تھر ناہین
۳	برکھین جلد بھوم نیرائے	جتھا نوین بدھ بدیا پائے
۴	بُند اگھات سہین گر کیسے	کھل کے بچن سنت سہین جیسے
۵	چھدر ندی بھر چلی اترائی	جم تھورے دھن کھل اترائی
۶	بھوم پرت بھا ڈھابر پانی	جم جیوہ مایا لپٹانی
۷	سمٹ سمٹ جل بھرہین تلاوا	جم سدگن سجن پہان آوا
۸	سرتا جل جل ندھ مان جائی	ہوے اچل جم جیو ہر پائی

۴۔ دوہا۔
ہرت بھوم ترن سنکل سمجھ پری نہین پنتھ
جم پاکھنڈ بوادے گپت ہونہہ سد گرنتھ

۱۔ میگھ جو آکاش مین گھمنڈ گھمنڈ کر بڑے زور سے گرجتے ہین اسکو سنکر بنا پیاری کے میرا من ڈرتا ہی۔ ۲۔ دیکھو ہے لچھمن یہ چنچل بجلی میگھون مین چمک چمک کر پھر میگھون ہی مین کیسے چھپ جاتی ہی جیسے اوچھے کی پریت ٹھہرتی ہی نہین ہی۔ ۳۔ جل بھرے میگھ پرتھوی پر نہچے ہوکر (یعنی نزدیک آکر) جھوم جھوم کر کیسے برستے ہین جیسے پنڈت لوگ بدیا کو پاکر جھک چلتے ہین۔ ۴۔ بڑی بھاری برکھا کی بوندون کی دُسہہ چوٹ کو پربت کیسے سہتے ہین جیسے دشٹون کے دُسہہ بچن سنت لوگ سہتے ہین۔ ۵۔ چھوٹی چھوٹی ندیان تھوڑے ہی جل سے اپنی اپنی ٹیلیون اور جھیلون کو بھر کر کیسی امنگ چلی ہین جیسے اوچھے آدمی تھوڑے دھن پاکر اتراتے چلتے ہین۔ ۶۔ پرتھوی پر گرتے ہی شُدھ جل کیسا ڈھابر (یعنی گندلا) ہو گیا ہی جیسے شُدھ جیو مایا کے لپٹنے سے میلا ہو جاتا ہی۔ ۷۔ سب طرف سے پانی سمٹ سمٹ کر تالاب کیسے بھرتے ہین جیسے سب اچھے گن سجن لوگون کے پاس آکر جمع ہوتے ہین۔

۸۔ ندیون کا جل جب تک ندیون مین رہتا ہی تب تک بشرام (آرام۔ قیام) نہین پاتا ہی چھوٹی ندیون سے بڑی ندیون مین جاتا ہی پھر سمندر مین جاکر اس طرح تھم جاتا ہی جیسے جیو چھوٹے چھوٹے دیوتاؤن مین بھٹکتے بھٹکتے جب بشن بھگوان کو پاتا ہی تب اچل ہو جاتا ہی

ارتھات جنم مرن کی بھرمنا سے چھوٹ کر مکت ہو جاتا ہی - باراہ پران کے اشلوک -

श्लोक ॥ भास्करस्यतुयोभक्तः सप्तजन्मान्तरंनरः । तस्यैवतुप्रसादेनरुद्रेभक्तिःप्रजायते ॥१॥ शंकरस्यतुयोभक्तः सप्तजन्मान्तरंनरः । तस्यैवतुप्रसादेनविष्णौ भक्तिः प्रजायते ॥२॥✣॥

اشلوک کے ارتھ - ۱ - جو آدمی سورج دیوتا کا بھگت ہوتا ہی وہ سات جنم کے بعد شری مہادیو جی کا بھگت ہوتا ہی - ۲ - اور جو آدمی شری مہادیو جی کا بھگت ہوتا ہی وہ سات جنم کے بعد بشن بھگوان کا بھگت ہوتا ہی - ۴ - دوہا کے ارتھ - گھاس کے شکل سے (یعنی گھنے ہونے سے) زمین ہری ہو رہی ہی راستہ نہین سوجھ پڑتا ہی جیسے پاکھنڈیون کے جھگڑے سے سدگرنتھ ارتھات بید آدک سچے گرنتھ چھپ جاتے ہین -

۱ دادر دھن چہون دشا سہائی بید پڑھین جن بٹ سمدائی
۲ کھوجت کتہون ملی نہین دھوری کرہی کرودھ جم دھرمہ دوری
۳ ششی سمپن سوہ مہہ کیسے اپکاری کی سمپت جیسے
۴ کرکھی نراوین چتر کسانا جم بدھ تجین موہ مد مانا
۵ دکھیت چاتر داک کھگ ناہین کلہہ پاے جم دھرم نشاہین
۶ ارک جواس پات بن بھیؤ جم سراج کھل اُدم گیؤ
۷ بیدھ جنت سنکل مہہ بھراجا بڑھت پرجا جم پاے سراجا
۸ جہان تہان رہے پتھک تھک نانا جم اندری گن اپجے گیانا

۵- دوہا-
کہون دوس مان نبڑ تم کہونک پرگٹ پتنگ
اُپجی بنسی گیان جم پاے سسنگ کسنگ
کہون چلی ماروت پربل جہان تہان میگھ بلائین
جم کپوت کے جنم تے سب کل دھرم نشائین

۱- ہے لچھمن جی دادرون کی دھن (یعنی مینڈھکون کی آواز) چارون اور سے کیسی سندر سہانی ہو رہی ہی مانو بید پڑھنے کے استھان مین براہمنون کے سمدائے (یعنی گروہ) بید ہی پڑھ رہے ہین ۲- دھول تو کہین ڈھونڈھنے سے بھی نہین مل سکتی ہی بہت برکھا نے ایسی مٹا دی ہی جیسے کرودھ دھرم کو مٹا دیتا ہی ۳- کھیتی کے بڑھنے سے پرتھوی بھری پری کیسی دن دن ادھک

شوبھا دے رہی ہے جیسے پراُپکاری پرشون کی سمپت (یعنی دولت) بڑھتی ہی جاتی ہے۔ ۴۔ اپنی اپنی کھیتیوں کو چتر کسان لوگ کیسے نرلیے کر سب گھاس پھوس دکھدائی نکالکر پھینک دیتے ہیں جیسے آتما کے دکھدائی موہ مد مان آدِ کو پنڈت لوگ تیاگ کر دیتے ہیں۔ ۵۔ چکّی چکوا پنچھی تو ایسے ادرشیہ (یعنی غائب) ہو گئے ہیں جیسے لڑائی جھگڑے سے دھرم لوپ ہو جاتے ہیں۔ ۶۔ مدار اور جواسا کے برچھ کیسے بے پتّون کے ہو گئے ہیں جیسے دھرماتما راجا کے راج میں چور بٹ پاریوں کے اُدم جاتے رہتے ہیں۔ ۷۔ طرح طرح کے کیڑے مکوڑوں سے بھری ہوئی پرتھوی کیسی شوبھتی ہے جیسے سُندر راجا کو پاکر پرجا بڑھتی ہے ۸۔ بہت پانی کے بڑھنے سے مسافر لوگ جہان کے تہان تھکت ہو کر (یعنی ہار مانکر) کیسے بیٹھ رہے ہیں جیسے گیان پیدا ہونے سے سب اِندریاں اپنے اپنے بکھیوں سے تھکت ہو کر رہ جاتی ہیں۔ ۵۔ دوہا۔ کبھی تو دِن میں مہا اندھیرا ہو جاتا ہے اور کبھی سورج نکل آتے ہیں ارتھات اُجیرا ہو جاتا ہے جیسے اچھی سنگت سے گیان پیدا ہو جاتا ہے اور بُری سنگت سے گیان جاتا رہتا ہے کبھی بڑے زور کی ہوا چلنے سے میگھ بلائے جاتے ہیں جیسے کپوت کے پیدا ہونے سے کُل کے سب دھرم بلائے جاتے ہیں۔ یہان برکھا رت اور شرد رت کے ملنے سے گسائیں تلسی داس جی نے دو دو دوہے کہے ہیں جیسا کہ آگے کی چوپائی سے شرد رت کا آنا ثابت ہے۔

۱ برکھا بگت شرد رت آئی ۔ دیکھو لچھمن پرم سہائی
۲ پھولے کاس سکل مہی چھائی ۔ جنُ برکھا کرت پرگٹ بڑھائی
۳ اُدت اگست پنتھ جل سوکھا ۔ جم لوبھ سوکھی سنتوکھا
۴ سرتا سر جل نرمل سوہا ۔ سنت ہردے جس گت مدموہا
۵ رس رس سوکھ سرت سر پانی ۔ ممتا تیاگ کرین جم گیانی
۶ پنک نہ رین سوہ کس دھرنی ۔ نیت نپن نرپ کی جس کرنی
۷ بن گھن نرمل سوہ اکاشا ۔ ہرجن جم پر ہر سب آشا
۸ کہون کہون برشٹ شاردی تھوری ۔ کو ڈ اک پاو بھگت جم موری

۶۔ دوہا۔
چلے ہرکھ تج نگر نرپ تاپس بنک بھکھار
جم ہر بھگتہ پاسے تیرم تجت آشرمی چار

ا۔ برکھا رت تو بیت گئی اور شرد رت آپہونچی ہے لچھمن دیکھو یہ رت بھی بسنت رت ہی کے سمان

سہاونی ہے اسمین بھی بہت طرح کے برچھ انتابیل کمل کوکابیلی پھولتے پھلتے ہین ان بھی پیدا ہوتا ہے ۔ ۲ ۔ اُجلے اُجلے پھولے ہوئے کاسون سے پرتھوی کیسی چھا رہی ہے مانو برکھا رت نے اپنا بڑھاپا ہی دکھا دیا ہے ۔ ۳ ۔ دکھن دشا مین اگست مُن کے اُدے ہوتے ہی راستون کا پانی کیسے سوکھ چلا جیسے لوبھ (لالچ) کو سنتوکھ (قناعت) سوکھ لیتا ہے ۔ ۴ ۔ ندی اور تالابون کا پانی کیسا نرمل سوہتا ہے جیسا بھگوت بھکتون کا ہردے مدموہ (غرور و الفت دنیا) کو چھوڑ کر نرمل ہو جاتا ہے ۔ ۵ ۔ رسے رسے ارتھات دھیرے دھیرے تھوڑا تھوڑا ندی تالابون کا پانی دن دن کیسے سوکھتا جاتا ہے جیسے گیانی لوگ دھیرے دھیرے ممتا کو چھوڑتے جاتے ہین ۔ ۶ ۔ اب تو نہ کہین کیچڑ ہے نہ دھول ہے پرتھوی کیسی سندر سہانی دیکھ پڑتی ہے جیسے نیتی نبھانے والے راجا کی کرنی سراہنے کے جوگ ہوتی ہے ۔ ۷ ۔ بادل کے نہونے سے شرد رت کا آکاش کیسا نرمل سوہتا ہے جیسے بھگوت بھکت لوگ سب آشا ترشناؤن کو چھوڑے ہوئے پرم پرسن چت صاف دل سوہتے ہین ۔ شری مدبھاگوت کا اشلوک ۔

श्लोक ॥ न नाकपृष्ठं न च सार्वभौमं न पारमेष्ठ्यं न रसाधिपत्यम्
न योगसिद्धिं च पुनर्भवं वा वाञ्छन्ति यत्पादरज प्रपन्नाः ॥ * ॥

۱ ۔ چتر اور سواتی کی شرد رت کی برکھا کہین کہین تھوڑی ہو جاتی ہے جیسے کروڑون جیوون مین کوئی کوئی میری بھگتی پاتا ہے ۔ ۲ ۔ دوہا ۔ اب تو راجا اور تپسوی اور بنجارے اور بھکاری لوگ اپنے اپنے اُدم کو چلے نگر تیاگ دیے جیسے بھگوت بھکت لوگ پھل کو پاکر چارون آشرم والے (یعنی برہمچاری ۔ گرہستھ ۔ بان پرستھ ۔ سنیاسی لوگ) اپنے آشرم کے شرم (یعنی محنت پوجا پاٹھ جپ تپ وغیرہ) کو چھوڑ دیتے ہین ۔

۱	سکھی مین لن نیر اگادھا	جم ہر شرن نہ ایکو بادھا
۲	پھولے کمل سوہ سر کیسے	نرگن برہم سگن بھئے جیسے
۳	گنجت مدھکر نکر انوپا	سندر کھگ مرگ نانا روپا
۴	چکرواک من دکھ نشی پیکھی	جم درجن پرسمپت دیکھی
۵	چاتک رٹت ترکھا ات اوہی	جم سکھ لہی نہ شنکر دروہی
۶	شرد تاپ نشی ششی اپہرئی	سنت درس جم پاتک ٹرئی
۷	دیکھیں بدھو چکور سمدائی	چتوین جم ہرجن ہر پائی

٨	مشک دنش بیتے ہم تراسا		جم دوج درؤہ کیے کل ناشا	
٧۔ دوہا۔	بھوم جیو سنکل رہے گئے شر درت پاے سد گرہ ملے بتے جاین جم سنشی بھرم سمدا اے			

١۔ تھوڑے پانی کے رہنے والے جیوون کو پانی کے سوکھ جانے کا ڈر سدا بنا رہتا ہی اور اتھاہ پانی کے رہنے والے مین گن یعنی مچھلیان سدا سکھی ہی رہتی ہین جیسے چھوٹے چھوٹے دیوتا کی اپاسنا کرنے والے انکے لوک سمیت ناش ہو جانے کے ڈر سے ڈرے ہوئے رہتے ہین اور پرمیشور کے شرنا گتون کو ایک بھی بادھا نہین ہوتی ہی۔ چوپائی۔ اگ جگ ناگ اسر نر دیوا۔ ناتھ سکل جگ کال کلیوا۔ ٢۔ رنگ رنگ کے پھولے ہوئے کملون سے تالاب کیسا سوہتا ہی جیسے نرگن برہم اپنے سوابھاوک کلیان گنون سے (یعنی نیک خصلتی سے) سگن اوتار لینے سے سوہتا ہی۔ ٣۔ وہ شرد کال مین بھونرے جھنڈ کے جھنڈ گونجتے ہین اور سندر پنچھی اور پشو طرح طرح کے آنند لگن سوہتے ہین۔ ایک چکور اچلئی ہی کو رات دیکھکر دکھ ہوتا ہی جیسے درجنون کو پرائی سمپت دیکھکر دکھ ہوتا ہی۔ ٥۔ پپیہا مارے پیاس کے پکارتا ہی اسکو سکھ کیسے نہین ملتا ہی جیسے جگت ہتکاری شری مہادیو سوامی کا بیری کبھی سکھ نہین پاتا ہی۔ ٦۔ شرد کی آتپ (یعنی گرمی) کو رات مین چندرما ہر لیتا ہی جیسے بھگوت بھاکت کے درشن سے پاپ ڈر جاتا ہی ٧۔ مچھر اور ڈانس شرد رت کے جاڑے کے مارے کیسے ناش ہو گئے جیسے براہمن کے ستانے سے کل پروار کا ناش ہو جاتا ہی۔ ٧۔ دوہا۔ پرتھوی پر بہت طرح کے جیو جنت تھے سو شرد رت کو پاکر کیسے ناش ہو گئے جیسے اچھے گرو کے ملنے سے سب سندیہ اور بھرم جلتے رہتے ہین۔

١	برکھا گت نرمل رت آئی		سدھ نہ تات سیتا کی پائی	
٢	ایکبار کیسیو سدھ جانون		کالہہ جیت نمکھ ماہ آنون	
٣	کتہون ہوے بوجیوت ہوئی		تات جتن کر آنون سوئی	
٤	سگریو سدہ مور لبساری		پاوا راج کوش پر ناری	
٥	جہ بنایک مین مارا بالی		تہہ شر ہتون موڑھ کا کالی	
٦	جاسں کرپا چھوٹے مد موہا		تاکا راما کہ سپنیو کوہا	
٧	جانہن یہ چرتر منی گیانی		جن رگھبیر چرن رت مانی	

۸	لچھمَن کرودھ ونت پر بھُ جانا		دھنکھ چرھائے گہیو کر بانا	
۸- دوہا	تب انُو کرنا سیو بھے دکھائے لی آؤ تو تات سکھا سگریو			

ا- اِس پرکار برکھا اور شرد رِت کے برنن کے بہانے سے سنگرہ اور تیاگ (اختیار کرنے اور ترک کرنے کے لیے بھگت گیان بیراگ اور راج نیت کا اُپدیش کرکے پھر اپنی ہٹ لیلا کرنیلگے اور کہنے لگے کہ برکھا رِت تو بیت گئی اور نرمل شرد رِت بھی آ گئی پرنت سیتا جی کی سُدھ (خبر) اب تک ہے لچھمن بھائی کچھ بھی تو نہ پائی۔ ۲- ایکبار بھی جو کسی طرح اُنکی خبر جان پاؤن تو کال کو بھی جیت کر پل بھر مین لے آؤن۔ ۳- کہین ہون پر جیتی ہون تو مین وہی اُپائے کرون کہ لے ہی آؤن۔ ۴- اِس سگریو کو تو دیکھو کہ اسنے بھی میری سُدھ بھلا دی راج اور دیش اور کوش خزانہ اور رانی کو پا کر مدمت (غرور سے مست) ہو گیا ہی۔ ۵- جو آج ہی میرے پیرون نہ پڑا تو جس بان سے مین نے بالِ کو مارا ہی اُسی بان سے کالھ اس مورٹھ کو مارونگا ۶- جس سوامی کی کرپا سے جیوون کے مدموہ (غرور و غفلت) چھوٹ جاتے ہین اُسکو ہے پاربتی سپنے مین بھی کرودھ کہان ہو سکتا ہی۔ ۷- ایسے سوامی کے گُپت چرترون کو مُنی اور گیانی لوگ ہی جانتے ہین جنھون نے شری رام چندر جی کے چرنون مین پریت کی ہی گیانی کیا جانی۔ ۸- لچھمن جی نے جو اپنے سوامی شری رام چندر جی کو سگریو پر کرودھ ونت جانا تو اپنا دھنکھ چڑھا کر ہاتھ مین بان لیا اور سگریو کے پاس جانے کو مستعد ہو گئے۔ ۸- دوہا- تب انو کرنا شیو (بہت ہی دیاوان) شری رام چندر جی نے لچھمن جی کو سمجھایا کہ مین نے کرودھ مین ایسا کہا ہی سگریو کو سکھا بنا کر مارنا اُچت نہین ہی ڈر دکھا کر لے آنا چاہیے۔

ا	یہان پون سُت ہردی بچارا		رام کاج سگریو بسارا	
۲	نکٹ جائے چرنن شِر ناوا		چارِ و بدھ تیہ کہہ سمجھاوا	
۳	سُن سگریو پرم بھے مانا		بکھے مور ہر لینھس گیانا	
۴	اب مارُت سُت دُوت سموہا		پٹھو جہان تہان بانر جوہا	
۵	کہو پاکھ مان آو نہ جوئی		مورے کر تا کر بدھ ہوئی	
۶	تب ہنومنت بُلائے دُوتا		سب کر کر سنمان بہوتا	
۷	بھے اُرُ پریت نیت دکھرائی		چلے سکل چرنن شِر نائی	

۸ تہہ اَوسر لچھمن پُر آئے ۔ کُرُودھ دِیکھ جہان تہان کپ دھائے

۹۔ دوہا
دَھنکھ چڑھائے کہیو تب جار کروں پُر چھار
بیاکُل نگر دیکھ تب آیو بال کمار ۔۔

۱۔ یہان لچھمن جی کے آنے سے پہلے ہی ہنومان جی نے بچار کیا کہ سُگریو راج کے مد مین شری رامچندر جی کے کام کو بھول گیا۔ ۲۔ تب تو سُگریو کے پاس جا کر چرنون پر سر جھکایا اور راج نیت کے چارون چرن ارتھات سام دام بھید دنڈ سے اسکو سمجھایا۔ ۳۔ سُنتے ہی سُگریو بہت ڈرے اور کہنے لگے کہ دیکھو ان بکھیون (یعنی دُنیا کی عیش و عشرت) نے میرا گیان ہر لیا۔ ۴۔ تب تو ہنومان جی سے کہنے لگے کہ ہے ہنومان جی جو ہو گیا سو تو ہو گیا پر اب تم جلدی دوتون کو سینا یعنی فوج کے بلانے کے لیے جہان تہان کو بھیجو ۵۔ اور دوتون سے یہہ کہہ دو کہ تم سب سیناپتون (سپہ سالارون) سے کہتے جانا کہ جو کوئی پندرہ دن کے اندر فوج سمیت اس پمپاپور مین نہ پہنچ جایگا تو وہ راجا سُگریو ہی کے ہاتھ سے مارا جائیگا۔ ۶۔ تب تو ہنومان جی نے جہان تہان دوتون کو بھیجا اور اُنکا بڑا آدر مان کیا۔ ۷۔ ڈر بھی دکھایا اور پریت کی ریت بھی دکھائی سو سب دوت راجا سُگریو کو پرنام کر کر فوج بلانے کو گئے۔ ۸۔ اسی سمے لچھمن جی پمپاپور مین آئے اُنکو کرودھ مین بھرے ہوئے دیکھکر بندر اپنے پران لیکر جہان تہان بھاگ چلے۔ ۹۔ دوہا۔ تب تو لچھمن جی نے دھنک چڑھا کر کہا کہ کہان بھاگ کر جاؤ گے مین سب پُر کو جلا کر راکھ کر دونگا اس طرح کی کھر بھر سارے نگر مین دیکھکر بال کا بیٹا انگد لچھمن جی کے پاس دوڑا ہوا آیا۔

۱ چرن نائے سر بنتی کینہی ۔ لچھمن ابھے بانہہ تہہ دینہی
۲ کرودھ ونت لچھمن سن کانا ۔ کہا کپیش ات شر اکلانا
۳ سُن ہنومنت سنگ لے تارا ۔ کر بنتی سمجھا و کمارا
۴ تارا سہت جائے ہنومانا ۔ چرن بند پربھ سجس بکھانا
۵ کر بنتی مندر مان لائے ۔ چرن پکھار پلنگ بیٹھائے
۶ تب کپیش چرنن سر ناوا ۔ گہہ بھج لچھمن کنٹھ لگاوا
۷ پون تنے سب کتھا سنائی ۔ جہہ بدھ گئے دوت سمدائی
۸ سنت بلیت بچن سکھ پاوا ۔ لچھمن تہہ بہو بدھ سمجھاوا

۱۰۔ دوہا۔

ہرکھ چلیو سگریو تب انگد آدِ کپ ساتھ
راما نج آگے کیے آئے جہان رگھناتھ

۱۔ آکر لچھمن جی کے چرنون کو سر نوایا اور بنتی کی تب تو لچھمن جی نے انگد کو نڈر ہونے کی بانہہ دی۔ ۲۔ لچھمن جی کو کرودھ وان آئے سُنکر سُگریو بہت گھبرا کر بولے کہ ۳۔ ہے ہنومان جی تم تارا کو ساتھ لیکر جاؤ اور بنتی کرکے لچھمن جی کو سمجھاؤ۔ ۴۔ تب تو تارا سمیت ہنومان جی نے جاکر لچھمن جی کے چرنون کو نمسکار کرکے شری رام چندر جی کے سُجس کا بکھان کیا۔ ۵۔ اور بنتی کرکے مندر مین لے گئے اور چرن دھو کر پلنگ پر بٹھایا۔ ۶۔ تب راجا سُگریو نے آکر چرنون کو سر جھکایا لچھمن جی نے ہاتھ پکڑ کر گلے سے لگا لیا۔ ۷۔ تسکے پیچھے ہنومان جی نے سب کتھا کہی جیسے سینا (یعنی فوج) کو بُلانے کے لیے دوت بھیجے گئے۔ ۸۔ بنتی کے بچن سُنتے ہی لچھمن جی نے بڑا سُکھ پایا اور سُگریو کو سب طرح سے سمجھایا۔ ۱۰۔ دوہا۔ تب تو پرسن ہوکر راجا سُگریو انگد آدِ بندرون کو ساتھ لیکر اور شری راما نج لچھمن جی کی بانہہ سے شری رامچندر سوامی کے پاس سب آئے۔

یہ تیسرا دستک کشکندھا کانڈ کا ہوا۔

۱	نابے چرن سر کہا کر جوری	ناتھ موہ کچھ ناہِن کھوری
۲	اتِ شی پربل دیو تو مایا	چھوٹی تبہی کرو جب دایا
۳	بکھی لشیہ سر نر مُن سوامی	مین پامر پشو کپ اتِ کامی
۴	نارِ نین شر جاہ نہ لاگا	گھور کرودھ تم نِس جو جاگا
۵	لوبھ پاش جیہ گر نہ بندھایا	سو نر تم سمان رگھورایا
۶	یہ گن سادھن تے نہین ہوئی	تمہری کرپا پاؤ کوئی کوئی
۷	تب رگھپت بولے مسکائی	تم پریہ موہ بھرت سم بھائی
۸	اب سو جتن کرو من لائی	جیہ بدھ سیتا کی سدھ پائی

۱۔ دوہا

یہہ بدھ کرت بتکہی آئے جو تہپہ جوتھ
نانا برن اتُل بل بانر بھال برُوتھ

۱۔ سُگریو نے آکر شری رام چندر جی کے چرنون کو سر نوایا اور ہاتھ جوڑ کر کہا کہ ہے ناتھ آپکی اس آگیا کے بھنگ ہو جانے مین میری کچھ بھی لاگ نہین ہے۔ ۲۔ ہے دیو آپکی مایا بہت ہی

بلوان ہی جیو اپنی سامرتھ سے اُس سے کسی طرح نہین چھوٹ سکتا ہی جب آپ ہی اپنی نہہ پر توجن کرپا کرین تبھی چھوٹ سکتا ہی ۳- اِن پانچ بکھیون کے بس مین (یعنے باصرہ وسامعہ وشامہ وذائقہ ولامسہ اِن حواس خمسہ کے قابو مین) تو سب دیوتا اور منکھ اور مُن لوگ ہی سوامی ہو رہے ہین تہان بھلا میری کون گنتی ہی مین تو مہانیچ بندر پشُ کی ذات سو بھاو ہی سے بڑا کامی ہون ۔ ۴- جس جیو کے استری کے نینون کے بان نہ لگے ہون ارتھات جو کامدیو کے بس مین نہو گیا ہو اور جو جیو مہا گھور کرودھ کی اندھیری رات مین جگا ہو ارتھات کرودھ کے بس نہوا ہو ۔ ۵- اور لوبھ کی پھانسی مین جسکا گلا نہ بندھا ہو یعنی جو کام کرودھ لوبھ اِن تینون کے بس مین نہ پڑا ہو سو تو ہے سوامی آپ ہی کے سمان ہوگا ۔ ۶- یہہ گن ارتھات کام کرودھ لوبھ کا جیت لینا کسی سادھنا سے بھی نہین ہوتا ہی یہہ تو کیول آپ ہی کی کرپا سے کوئی کوئی منکھ جو آپ کے پرم بھاگت ہین وہ ہی پاتے ہین ۔ ۷- جب سگریو کے ایسے سچے بچن سُنے تب تو شری رام چندر سوامی مسکا کر بولے کہ ہے سکھا تم تو میرے پیارے بھرت جی کے سمان پانچوین بھائی ہو ۔ ۸- اب من لگا کر ایسا جتن کرو جس سے سیتا جی کی خبر لے ۔ ۱- دوہا اِس پرکار باتین کرہی رہے تھے کہ چارون دشا سے بندرن کے غول کے غول آنے لگے بہت طرح کے مہا بلوان بندر اور ریچھ آ پہونچے ۔

۱	بانر کٹک اُما مین دیکھا	سو مورکھ جو کیا چاہی لیکھا
۲	آئے رام پد ناوین ماتھا	نرکھ بدن سب ہوین سناتھا
۳	اُس کپ ایک نہ سینا ماہین	رام کُشل جیہ پوچھی ناہین
۴	یہہ نہین کچھ پربھ کی ادھکائی	بشو روپ بیاپک رگھورائی
۵	ٹھاڑھے جہان تہان آئیس پائی	کہا سگریو سبہی سمجھائی
۶	رام کاج ار مور نہورا	بانر جوتھ جاو چہون اورا
۷	جنک سُتا کا کھوج جو جائی	ماس دِوس مان آو بھائی
۸	اودھ مِٹے جو بن سُدھ پائے	تاہ بدھون مین بچ کر آئے

۲- دوہا-
بچن سُنت سب بانر جہان تہان چلے تُرت
تب سگریو بلائے انگد آدِ ہنومنت ہ

۱- شری مہادیو جی کہتے ہین کہ ہے پاربتی جی بندرون کی بے انتہا فوج مین نے دیکھی اسکو

مورکھ اگیانی ہی جانو جو اُن بندروں کا حساب وشمار کرنا چاہی کیونکہ وہ تو بےشمار ہی تھے ۔ ۲۔ سب آ سے آ سے کر شری رام چندر سوامی کے چرنوں کو سر جھکانے لگے اور اپنے سوامی کے مُکھ کو دیکھ دیکھ کر سناتھ ہونے لگے ۔ ۳۔ ایسا بندر اُس فوج مین ایک بھی نہ تھا جسکی کُشل شری رام چندر سوامی نے نہ پوچھی ہو ۔ ۴۔ یہ کچھ شری رام چندر جی کی بڑی بات نہین ہی کیونکہ شری رام چندر جی تو جگت روپ اور سب جگت مین بیاپک ہین ۔ ۵۔ سب بندر آگیا پا کر جہان تہان کھڑے ہو گئے تب سگریو نے سب سے سمجھا کر کہا کہ ۔ ۶۔ سُنو بھائیو شری رام چندر سوامی کا تو کارج ہی اور مجھ پر نہورا ہی تم سب بندروں کے جھنڈ چاروں طرف کو جاو اور ۔ ۷۔ راجا جنک کی بیٹی شری سیتا جی کو کھوجو اور ایک مہینہ مین یہان سبکے سب آ جاؤ ۔ ۸۔ اور جو کوئی اودھہ (یعنی میعاد) بیت جانے پر بغیر خبر لیے آویگا اُسکو مین آئے پیچھے اپنے ہاتھ سے مار ڈالونگا ۔ ۲۔ دوہا ۔ راجا سگریو کے ایسے بچن سُنتے ہی سب بندر جسکو جہان کی آگیا ہوئی سو تہان کو ترنت ہی چل دیے تب پیچھے سے سگریو نے انگد اور ہنومان آدکو بلایا اور کہا کہ ۔

۱	سُنو نیل انگد ہنومانا	جاموونت مت دھیر سجانا
۲	سکل سُبھٹ مل دچھن جاہو	سیتا سُدھ پوچھو سب کاہو
۳	آیس پاے چرن سر نائی	چلے ہرکھ سُمرت رگھرائی
۴	پاچھے پون تنے سر ناوا	کاج جان پربھو نکٹ بلاوا
۵	پرسا شیش سروُرہ پانی	کر مُدرکا دینہہ سہدانی
۶	بہت پرکار سیتہ سمجھایو	کہہ بل برہ بیگ تم آیو
۷	ہنومت جنم سپھل کر جانا	چلا ہردے دھر کرپا ندھانا
۸	جدپ پربھو جانت سب باتا	راج نیت راکھت سُرتراتا

۳۔ دوہا

چلے سکل بن کھوجت سرتا سر گر کھوہ ۔

رام کاج لولین من بسرا تن کر چھوہ ۔

۱۔ سُنو ہے انگد ہے ہنومان ہے نل نیل ہے دوبد مینڈ گو آکش ہے جاموونت تم سب مت دھیر (مستقل مزاج) اور بڑے جانکار چتر سجان ہو ۔ ۲۔ اِس سے تم سب ملکر دکھن دشا کو جاو اور سیتا جی کی خبر جو جہان ملے اُس سے پوچھو ۔ ۳۔ ایسی آگیا راجا کی پا کر

چرنون کو پرنام کرکے پرسن من سے شری رام چندر جی کے چرنون کو سمرتے ہوئے چلے سب سے پیچھے ہنومان جی نے پرنام کیا شری رام چندر جی نے اُنھین کو کارج کرتا جانکر اپنے پاس بُلا لیا ۔ ۵۔ اور ہنومان جی کے سِر پر اپنا کمل ایسا ہاتھ پھیرا اور اپنے ہاتھ کی انگوٹھی شری سیتا جی کی پرتیت کے لیے دے دی ۔ سہدانی نشانی کو کہتے ہین ۔ ۶۔ اور کہا کہ تم سیتا جی کو بہت طرح سے سمجھانا اور اُنسے بل بکھان کر جلدی آجاو ہے ہنومان جی مین تمھارا کہنا سب پورا کرونگا ۔ ۷۔ سوامی کے ایسے بچن سُنکر ہنومان جی نے اپنا جنم سپھل جانا اور ہردے مین کرپانِدھان سوامی کا پرتاپ رکھکر چل دیے ۔ ۸۔ ہے پاربتی جی جدپی (اگرچہ) شری رام چندر سوامی سب کچھ جانتے ہین پرنتُ نر لیلا مین راج نیت کو نباہتے ہین ۔ ۲۳۔

دوہا ۔ اب تو یہ سب جودھا ملکر پھاٹر سے دکھن دِشا کو چلے اُس دِشا کے سب بن اور ندی اور تالاب اور پہاڑون کی کھوہ اور گھاٹیون کو کھوجتے جاتے ہین کیول شری رام چندر ہی کے کام مین من لگ رہا ہے کسی کو اپنے شریر کا بھی موہ ممتا نہین ہے ۔

۱	کہون ہوئے نشچر سن بھینٹا		پران لینہہ اِک ایک چپیٹا	
۲	بہُ پرکار گِر کانن ہیرین		کوُ مُن ملہِ تاہِ سب گھیرین	
۳	لاگ ترِکھا اتِشے اکُلانے		ملا نہ جل بن گہن بھلانے	
۴	ہنومان کینہا انُمانا		تجن چہت سب بن جل پرانا	
۵	چڑھ گرِ سِکھر چہون دِس دیکھا		بھوم بِبر اِک کوتک پیکھا	
۶	چکر واک بک ہنس اُڑاہین		بہتک کھگ پروِشین تیہہ ماہین	
۷	گِر تے اُترِ پون سُت آوا		سب کا لے سو بِبر دکھاوا	
۸	آگے کے ہنومنتہ لینہا		پیٹھے بِبر بلمب نہ کینہا	
۴۔ دوہا	جاے دیکھ اُپبن سُبھگ سر بکسے بہُ کنج مندر ایک رُچر تہان بیٹھ نار تپ پنج			

۱۔ ایک استھان پر ایک بڑا بلوان راچھس ملا اُسکو راون ہی ہے ؟ ۔ ایسے کہکر انگد آدِ یُدھدون نے ایک ہی چپیٹے مین پران اُسکے لے لیے ۔ ۲۔ اِسی طرح بہت سے بن اور پربتون کو دیکھتے ہین اور جہان کوئی مُن ملتا ہے اُسکو گھیر کر سب پوچھتے ہین ۔

۳۔ اسی طرح چلتے چلتے ایک نرجل بن مین پہونچے جہان نہ تو کوئی پھل اور برچھ ہے نہ کوئی

جُلاشے (پانی کا چشمہ) ہے نہ کوئی جیو جنتُ ہے جہان مُنڈ نام رِکھ کا ایک بیٹا دَس برس کا جِسکو کسی جنگلی جانور نے کھا لیا تھا تب سے یہ بَن اُسکے شراپ سے ایسا ہو گیا تھا تہان سب بُندر پیاس کے مارے بہت بیاکُل ہو گئے بُہتیرا ڈھونڈھتے ہین کہین پانی نہین مِلتا ہے مہا گھنے بَن مین بھٹکتے پھرتے ہین ۔ ۴ ۔ تب ہنومان جی نے بچار کیا کہ یے سب بِنا جَل کے مَرا چاہتے ہین ۔ ۵ ۔ تب تو ایک پربت کی چوٹی پر چڑھکر چارون دِشا کو دیکھا تہان سے پرتھوی کے ایک بِل (سوراخ) مین ایسا اچرج دیکھا کہ ۔ ۶ ۔ وہان چکوے اور ہنس اُڑ رہے ہین اور بہت سے پنچھی اُس بِل مین گھُسنے چلے جاتے ہین ۔ ۷ ۔ یہ دیکھکر ہنومان جی پہاڑ سے نیچے اُتر آئے اور سبکو لیجا کر اُس رِچھ نام بِیر (یعنی بِل) کو دکھایا ۔ ۸ ۔ تب تو سب نے ہنومان جی ہی کو آگے کر لیا اور اُس بل کے اندر جانے مین کچھ بھی دیر نہ کی

۴ ۔ دوہا ۔ جب اُس بِل کے بھیتر پہونچے تب تو وہان سُندر اُپبن اور تالاب دیکھا جسمین بہت سے کمل پھول رہے ہین اور بہت رُچِر (دل پسند) ایک مندر دیکھا اور اُسمین استری بڑی تپسیا کرنے والی بیٹھی ہوئی دیکھی ۔

۱	اُدورہ تے سب تِہہ تہرناوا	پوچھا تب بِرتانت سُناوا
۲	تب تِہہ کہا کرو جل پانا	کھاو سُرس سُندر پھل نانا
۳	مجّن کینہہ مدھر پھل کھائے	تاس نِکٹ پُن سب چل آئے
۴	تِہہ سب آپن کتھا سُنائی	مین اب جاؤن جہان رگھُرائی
۵	مُوندو نین بِیر تَج جاہو	پیہو سِیتہِ جِن کھیتا ہو
۶	نین مُوندِ پُن دیکھین بیرا	ٹھاڑھے سکل سِندھُ کے تیرا
۷	سو پُن گئی جہان رگھُناتھا	جائے کمل پد نایو ماتھا
۸	نانا بھانت بِنَے تِہہ کینھی	اَن پاینی بھگت بَر بجھ دیہی
۵ ۔ دوہا	بَدری بن کا سو گئی پربھ آگیا دھر شیش	اُر دھر رام چرن جگ جو بندت اج ایش

۱ ۔ تب تو اُسکے پاس جاکر دُور ہی سے سب نے اُسکے چرنون کو سِر جھکایا جب اُسنے پوچھا تب سب اپنا حال اُسکو کہہ سنایا ۔ ۲ ۔ تب تو اُسنے اُن سبکو جو بھوکھا پیاسا دیکھکر کہا کہ پہلے تو تم جاکر اِس تالاب کا پانی پیو اور اِس اُپبن کے سُندر رسیلے پھل کھاؤ تب میرے پاس آؤ

۳- اس پرکار اسکی آگیا پاکر سب نے جاکر اس تلاؤ مین اسنان کیا اور اس اپن کے بہت میٹھے پھل کھاکر پھر اسی کے پاس آئے۔ ۴- تب اس استری نے اپنی سب کتھا بندرون کو سنائی کہ یہ مکان مے نام دیتون مین بشوکرما کا بنایا ہوا ہے اسکا پتر یا یہی نام ہیما نام اپسرا کے اوپر عاشق تھا اسنے یہ مکان ہیما کو دے دیا تھا اور مین اسی ہیما اپسرا کی سہیلی ہون یہان اب تک رہی اب مین شری رام چندرجی کی شرن مین جاتی ہون۔ ۵- تم سب اپنی آنکھین بند کرلو مین تمکو اپنے تپ کے بل سے اس بل سے باہر کردونگی اور تم ضرور سیتاجی کو پاؤگے سوچ مت کرو۔ ۶- اسکے کہنے سے بندرون نے اپنی اپنی آنکھین بند کرکے پھر جو دیکھا تو سب کے سب سمدر کے کنارے کھڑے ہین۔ ۷- اور ہیما کی سکھی نے شری رامچندر جی کے پاس جاکر پرنام کیا۔ ۸- اور بہت طرح سے بنتی کی شری رام چندر سوامی نے اچل بھگت اسکو دے دی اور بدرکاشرم جانے کو آگیا دی۔ ۹- دوہا۔ تب وہ شری رام چندر سوامی کی آگیا ماتھے دھرکر بدری بن کو چلی گئی اور شری رام چندرجی کے چرنون کو جنھین شری برہماجی اور شری شوجی مہاراج سدا نمسکار کرتے ہین ہردے مین رکھ لیا۔

۱	یہان بچارکین من ماہین	بیتی اودھ کاج کچھ ناہین
۲	کہا انگد لوچن بھر باری	دوو پرکار بھئی مرت ہماری
۳	یہان نہ سدھ سیتا کی پائی	آہان گئے ماری کپ رائی
۴	پتا بدھے پر مارت موہی	راکھا رام نہورا اوہی
۵	پن پن انگد کہا سب پاہین	مرن بھیو کچھ سنشے ناہین
۶	جاموونت انگد دکھ دیکھی	کہی کتھا اپدیش بسیکھی
۷	تات رام کا نرجن جانو	نرگن برہم اجت اج مانو
	ہم سب سیوک ات بڑبھاگی	سنتت سگن برہم انراگی

۶- دوہا-
نج اچھا اوتریو پربھ سر دوج گو ہت لاگ
سگن اپاسک سنگ ہم رہین موکش سکھ تیاگ

۱- یہان بندرون کے من مین بڑا سوچ ہوا کہ اودھ (یعنی میعاد) تو بیت گئی اور سوامی کے کاج کا کچھ بھی پتا نہین ہے۔ ۲- انگد نے آنکھون مین آنسو بھر کر کہا کہ ہماری تو دونون طرح سے موت ہوئی۔ ۳- یہان تو سیتاجی کی کچھ بھی خبر نہ پائی اور وہان گئے پیچھے

سُگریو مار لگا۔ ۴۔ سُو سُگریو تو مجھکو تیاگ کے مارے جانے ہی پر مار ڈالتا بہہ تو شری رام چندر سوامی نے مجھکو بچا لیا ہی کچھ سُگریو کا بھلا نہیں ہے۔ ۵۔ بار بار انگد سب سے کہتے ہیں کہ مرنا تو اب ہوا ہی ہے اسمین کچھ سندیہہ ہی نہین ہے۔ ۶۔ جاموونت نے انگد کا دُکھ دیکھکر بشیش اُپدیش کی کتھا کہی کہ۔ ۷۔ ہے تات تُم شری رام چندر جی کو منُشیہ نہ جانو بلکہ اُنکو مایا کے گُنون سے رہت نِرگُن برہم اجیت اور اجنما نو۔ ۸۔ ہم سب اُنکے سیوک بہت ہی بڑ بھاگی ہین جو سدا سب شُبھ گُنون کے ساگر اُسی سگُن برہم کے اُپاسک ہین۔ ۹ دوہا۔ اپنی ہی اِچھا سے سرب بیشور سوامی دیوتا براہمن گئو پرتھوی کے بھلے کے لیے اُوترے ہین ہم سب سیوکون کو چاہیے کہ موکش تک کے سُکھ کو تیاگ کرکے سگُن برہم ہی کی اُپاسنا مین نت مگن رہین۔

۱ یہہ بدھ کتھا کہی بہہ بھانتی ۔ گِر کندرا سُنا سمپاتی
۲ باہر ہوی دیکھ بہہ کپیشا ۔ موہِ اہار دینہہ جگدیشا
۳ کپ سب اُٹھے گِدھ کا دیکھی ۔ جاموونت من سوچ بشیکھی
۴ کہا بچار انگد من ماہین ۔ دھن جٹایو سم کوؤ ناہین
۵ رام کاج کارن تن تیاگی ۔ ہر پر گئیو پرم بڑ بھاگی
۶ سُن کھگ ہرکھ شوک جت بانی ۔ آوا نکٹ کپن بھئے مانی
۷ تنہین ابھے کر پوچھیں جائی ۔ کتھا سکل تن تاہ سُنائی
۸ سُن سمپاتی بندھو کی کرنی ۔ رگھپت مہما بہہ بدھ برنی

۷۔ دوہا۔
موہِ لی جلو سندھو تٹ دیون تلانجل تاہ
بچن سہائے کرب مین پیہو کھو جو جاہ

۱۔ اس پرکار انیک بھانت کی جو کتھا جاموونت انگد سے کہہ رہے ہین اُس پربت کی کندرا مین جٹایو کے بڑے بھائی سمپاتی گِدھ نے سُنا۔ ۲۔ کندرا سے باہر نکل کر اور بہت سے بندرون کو دیکھکر من مین کہا کہ یہ تو مجھکو اچھا اہار ایشور نے دے دیا۔ ۳۔ بندرون نے جو پربت کے سمان اُس گدھ کو اپنی طرف آتے دیکھا تو اُٹھ بھاگے جاموونت کے من مین بڑا ہی سوچ ہوا ۴۔ انگد نے اپنے من سے بچار کر کہا کہ گدھون کے کُل مین جٹایو کے سمان کوئی دھن نہین ہے ۵۔ جو شری رام چندر جی کے کام کے لیے اپنے شریر کو تیاگ کر پرم بڑ بھاگی بھگوت دھام کو چلا گیا۔ ۶۔ انگد کی یہہ دُکھ بھری ہوئی بانی سُنکر سمپاتی جو پاس آیا تو بندرون نے بہت

ڈرمانا۔ ۷- سمپاتی نے ان سب کو نربھے کر کے انسے اپنے بھائی جٹایو کے مرنے کا سب برتانت پوچھا تب انھون نے سب کتھا اسکو لبستار سے سنا دی ۸- ایسی سندر کرنی اپنے بھائی جٹایو کی سنکر سمپاتی نے شری رام چندر جی کی مہما بہت بھانت سے برنن کی ۷- دوہا بولا کہ مجھکو سمندر کے تیر لیچلو مین اپنے بھائی کو تلانجل دونگا اور مین تمھاری سہایتا بچنون سے کرونگا تم میرے بچن سنکر سیتاجی کو ڈھونڈھو ضرور پاؤگے۔

۱ ہم دوو بندھو پرتھم ترونائی ۔ گگن گئے رب نکٹ اڑائی
۲ تیج نہ سہہ سک سو پھر آوا ۔ مین ابھمانی رب نیرا وا
۳ جرے پنکھ رب تیج اپارا ۔ پریون دھرن کر گھور چکارا
۴ من اک نام چندرما اوہی ۔ لاگی دیا دیکھکر ہوہی
۵ تریتا برہم تنج تن دھرہین ۔ تاس نار نسیچر پت ہرہین
۶ تاس کھوج پٹھوب پربھ دوتا ۔ تنھین ملے تم ہووب پوتا
۷ من کی گرا ست بھئی آجو ۔ سن مم بچن کرو پربھ کاجو
۸ گر ترکوٹ اوپر بس لنکا ۔ تہان رہ راون سہج اشنکا

۸- دوہا۔
مین دیکھون تم ناہہ گدھہ درشٹ اپار
بوڑھ بھیون نا تر کچھک کرت سہاے تمھار

۱- مین اور میرا چھوٹا بھائی جٹایو اٹھتی جوانی مین سورج کے چھونے کو آکاش مین دونون اڑے ۲- جٹایو سے جب سورج کا تیج نہ سہا گیا تب تو وہ لوٹ آیا اور مین مارے گھمنڈ کے سورج کے پاس ہی چلا گیا ۳- تب تو سورج کے اپار تیج کے مارے میرے سب پنکھ جل گئے اور بہت زور سے چلا کر زمین پر گر پڑا ۴- تب تو ایک اتر من کے پتر چندرما نام ساکشات برہما جی کے اوتار نے جو میری یہ دشا دیکھی تو انکو بہت دیا لگی ۵- تب وہ کہنے لگے کہ تریتا جگ مین ساکشات پربرہم پرمیشور منکھیہ کا اوتار لینگے انکی استری سیتاجی کو راچھسون کا راجا راون ہر لیگا ۶- تنکے کھوجنے کو سوامی دوت بھیجینگے ان دوتون کے ملنے سے تیرا شریر پوتر ہو جائیگا (یعنی پہلے کی طرح درست ہو جائیگا) اس طرح کہتے کہتے ہی اسکے سب پنکھ پہلے کی طرح نکل آئے ۷- تب بولا کہ دیکھو من کی بات آج سچ ہو گئی اب سے مین تمھاری سہایتا (مدد) بچنون سے کرتا ہون سو میرے بچن سنکر تم سوامی کا کاج کرو۔

۸- یہان سے سَو جوجن (۴۰۰ کوس) پر سُمُدر مین ترکوٹ نام پربت پر لنکا بستی ہی اُسمین راون نِربھی ہوکر راج کرتا ہی- ۸- دوہا- مین تو یہان ہی سے دیکھتا ہون پر تم لوگ نہین دیکھ سکتے ہو کیونکہ گِدّھ کی درِشٹ اپار ہوتی ہی اب مین بوڑھا ہوگیا ہون نہین تو تمھاری مدد کچھ اور بھی کرتا اب تم میری بات سُنو کہ-

۱	جو لانگھے شت جوجن ساگر	کرے سو رام کاج مت آگر
۲	مُوہِ بلوک دھرو اُر دھیرا	رام کرِپا کس بھیو شریرا
۳	پاپِو جا کر نام سُمِرہین	اَتِ اپار بھوساگر ترہین
۴	تاس دوت تم تج کدرائی	رام ہردی دھر کرو اپائی
۵	اس کہہ اما گِدّھ جب گیو	سب کے من اتِ بسمے بھیو
۶	نِج نِج بل سب کاہو بھاکھا	پار جان کر سنشے راکھا
۷	جنھر بھیون اَس کہا رِچھیشا	اہہ نہ اہر پرتھم بل لیشا
۸	جبہی تر باتنم بھیو کھراری	تب مین ترن رہیون بل بھاری
۹- دوہا	بل باندھت پربھ بارھیو سو تن برن نہ جائے اُبھے گھری مان دینہ مین سات پردچھن دھائے	

۱- تم مین سے جو کوئی سو جوجن سمُدر نانگھہ سکیگا وہی بلوان بدھیمان شری رام چندر سوامی کا یہہ کام کریگا- ۲- میرے یہ بچن سُنکر تم اِس سُمدر کا نانگھنا کٹھن نہ جانو تم مجھکو دیکھکر دھیرج باندھو کہ شری رام چندر سوامی کی کرپا سے میرا شریر کیسا پہلے کی طرح ہو گیا- ۳- مہا پاپی بھی جو انکا نام لیتے ہین سو بھی اِس اپار سنسار ساگر کے پار ہوجاتے ہین- ۴- تن سوامی کے تم تو دوت ہو اور سوامی ہی کے کام کو آئے ہو کدرائی چھوڑکر شری رام چندر ہی کے بھروسے پر اپائے کرو سب سدھ ہی ہوگا- ۵- ایسے کہکر ہے پاربتی جی پھر تو وہ گدھ اپنے بھائی کی تلانجلی دینے کو اُڑا چلا گیا تب تو سبکے من مین بڑا سوچ ہوا- ۶- تب سب نے بیٹھکر اپنے اپنے بل کا حال کہا پرنتو پار جانے مین سب کو سندیہ ہی رہا کسی کی ہمت نہ پڑی کہ مین سمدر کو نانگھہ جاؤنگا- ۷- ریچھون کے راجا جاموونت نے کہا کہ ہائے کشٹ اب تو مین بوڑھا ہوا پہلے کا ایسا بل مجھ مین ذرا بھی نہ رہا اس سے لاچار ہون- ۸- آگے ست جگ مین جب میرے سوامی شری رام چندر راجا بل کے چھلنے کو باون سے تر باتنم ہوئے تھے تب مین جوان تھا

اور بڑا بل تھا کہ۔ ۹۔ دوہا۔ راجا بل کو باندھنے مین جب سوامی نے اپنے شریر کو بڑھایا تھا کہ پاتال سے لیکر برہم لوک تک (تمام دُنیا کو) دوہی چرن مین ناپ لیا اُس سمے مین نے اُنکے سب شریر کی پرکرما دوہی گھڑی مین سات بار کر لی تھی۔

۱	انگد کہا جاؤن مین پارا		جیہ سنشے کچھ پھرتی بارا
۲	جاموَنت کہا تم سب لائک		پٹھوون کم سب ہی کر نایک
۳	کہا رچھ پت سُن ہنومانا		کاچپ سادھ رہا بلوانا
۴	کون سو کاج کٹھن جگ ماہین		جو نہین ہوت تات تم پاہین
۵	رام کاج لگ تو اوتارا		سُنت بھیو پربت آکارا
۶	جاموَنت مین پوچھون توہین		اُچت سکھاون دیجے موہین
۷	اتنا کرو تات تم جائی		سیتہ دیکھ کہیو سدھ آئی
۸	تب نج بھج بل راجو نینا		کوتک لاگ سنگ کپ سینا

۱۔ جب انگد نے دیکھا کہ کسی کو سامرتھ پار جانے کی نہین ہے تب آپ ہی بولے کہ پار تو مین جا سکتا ہون چلا جاؤنگا پرنتُ پھرتی بار جی مین کچھ سندیہ ہے۔ ۲۔ انگد کے بچن سُنکر جاموَنت نے کہا کہ مین جانتا ہون کہ تم سب لائک ہو پار جانا اور پھر آنا تمکو کتنی بات ہے پرنتُ تم تو ہم سب کے سوامی ہو بھلا ہم سیوک لوگ تمکو کیسے جانے دین۔ ۳۔ تب تو جاموَنت نے سبکی طرف دیکھا کہ سب تو اپنا اپنا بل کہہ چکے پر ہنومان جی کچھ نہین بولے ایسا سمجھکر جاموَنت ہنومان جی سے بولے کہ ہے ہنومان بلوان تم کیسے چپ سادھے بیٹھے ہو۔ ۴۔ ایسا کٹھن کارج کون سا اس جگت مین ہے جسکو تم نہین کر سکتے ہو۔ ۵۔ کیا تم اپنے بل کو بھول گئے کہ تمنے جنم لیتے ہی سورج اور راہ اور اندر سب کا ابھمان توڑ دیا تھا اور شری رام چندر جی کے کارج کرنے کو تو تمھارا اوتار ہی ہے اتنا سُنتے ہی ہنومان جی پھول کر پربت کے برابر ہو گئے اور بولے کہ ۶۔ ہے جاموَنت مین تمسے پوچھتا ہون کہ مین لنکا مین جا کر کیا کیا کام کرون یہ اُچت سکھاون مجھکو دیجے۔ ۷۔ تب جاموَنت نے کہا کہ ہے تات تمکو تو اتنا ہی کرنا چاہیے کہ لنکا مین جاؤ اور سیتا جی کی کو دیکھکر اُنکی کُشل شری رام چندر جی کو آ سُناؤ۔ ۸۔ پھر تو اپنی بھجاؤن کے بل سے کمل نین شری رام چندر جی دیکھنے کے لیے بندرون کی سینا ساتھ لیکر سب کام آپ ہی کر لینگے۔ یعنی۔

چھند

کپ سین سنگ چڑھاے نشچر مار سیتہ آن ہین
ترے لوک پاون سجس سُر مُن نارد آدِ بکھان ہین
جو کہت گاوت سنت سمجھت پرم پد تے پاو ہین
رگھبیر چرت پنیت نِش دن داس تلسی گاو ہین

دوہا

بھیشج رگھناتھ جس سنین جو نر ار نار
تنکے سکل منورتھ سدھ کرین ترشرار

سورٹھ

نیلوتپل دل شیام کوٹ کام شوبھا ادھک
سنیے تاس گن گرام جاس نام اگھ کھگ بدھک

چھند کے ارتھ۔ بندرون کی سینا کو ساتھ لیکر راچھسون کو مار کر سیتاجی کو لے آوینگے۔ تینون لوک کے پوتر کرنے والے سوامی کے سجس کو نارد آدِ مُن بکھان کرینگے جو لوگ کہ شری رام چندر جی کے چرترون کو کہتے یا سُنتے یا گاتے یا سمجھتے ہین سو پرم پد کو پاتے ہین اسی سے شری رام چندر جی کے پرم پوتر چرترون کو رات دِن تلسی داس بھی گاتے ہین۔

دوہا کے ارتھ۔ بھو ارتھات سنسار مین بارم بار جنم روپی روگ کو اوکھد روپی شری رام چندر سوامی کا جس جو استری یا پُرش سُنتے ہین اُنکے سب منورتھون کو ترپُرمردن شری شو جی مہاراج پورا کر دیتے ہین۔

سورٹھ کے ارتھ۔ نیل کمل کے سمان سُندر شیام اور کروڑ کامدیو سے بھی ادھک شوبھا وان ایسے شری رام چندر جی کے گنون کو سدا سُنتے رہیے جنکا نام پاپ روپی پنچھیون کا بدھک ارتھات ناش کرنے والا ہے۔

(یہ چوتھا دنک کشکندھا کانڈ کا ہوا ۔)

اِت شری رام چرتر مانسے کشکندھا کانڈے
چتُرتھ سوپان سمپوُرنم

ارتھات

شری رام چرتر مان سرور کی چوتھی سیڑھی
کشکندھا کانڈ سماپت ہوا

فقط

شری گنیشائے نمہ

تلسی داس کرت رامائن

سندر کانڈ سٹیک

اشلوک

श्लो॰ यः सिन्धुं कृपया करोति चुलकं ज्वालानलं शीतलं शत्रुम्मित्रं गिरिं शिलाशकलवद्धालाहलं चामृतं । रक्षाणां मशकी करोति भवगानकाले वशं वीर्य्यवान् । तं गोविप्रहितं सुरारिशमनं सीतापतिं संश्रये ॥ १ ॥

دوہا

جن نر تن بوہت دیو اُر ست گر گنٹھ ہار
سوئی بنج کرپا جہاز۱۲ سمیر ہوا۱۲ ہے رام لگائی پار ملاح۱۲

یہ شری سندر رامائن کا پانچواں کانڈ ہے رامائن مین پنچ پران کے سمان براجمان ہے کیونکہ اسمین پانچ بھگوت بھگنت پنچ پران ہین - پرتھم پران بایو پتر ہنومان دوسرے شری سیتاجی تیسرے بھبھیکھن چوتھے شنک دوت پانچوین سمدر ہے اور اس کانڈ کا نام سندر اس کارن ہے کہ اسکا آدِ مدھ انت سندر بن ہی مین ہے اور اسکے سب تہاس بھی

سُندر ہین اور اِسکو اَتِ سُندر چھند کا بیّہ النکار سہت سب کانڈون سے سُندر شری بالمیک پرم رِکھ نے بنایا ہی اور کہا ہی کہ۔ اشلوک۔ سُندرے سندری سیتا سُندرے سُندری کتھا سُندرے سُندرو رامہ سُندرے کِنّ سُندرے۔

اور اِس کانڈ مین چھپّن چوپائی ہین۔ اِسکے پُورباردہ (یعنی نصف حصّۂ اوّل) مین ترکوٹاچل پربت پر ہنومان جی کے جانے کی کتھا جانکر اُسکو کشکندھا کانڈ کی رِیت پر چوپائیون کے بین ہی ڈھنگ مین پورا کیا پھر اُتراردہ (یعنی نصف حصۂ دوم) کو پچیس چوپائیون مین سماپت کیا۔ پوربارده مین اتنی کتھا ہین۔ سمندر پار جانے کا جتن۔ مَیناک درشن۔ چھایا گراہی کا بدھ۔ سمندر پار جانا۔ لنکا درشن۔ لنکا پرویش۔ بھبیکھن کا ملنا سیتاجی کا درشن۔ راون کا آنا۔ ترجٹا کا سُپنا۔ سیتاجی کو سمجھانا۔ بن اُجاڑنا۔ اکش کا مارا جانا۔ ہنومان جی کا بندھن مین پڑنا۔ راون کو سمجھانا۔ لنکا کو پھونکنا۔ پھر سمندر پار آجانا۔ مدھوبن پرویش۔ سیتاجی کی کُشل کہنا۔ فوج سمیت شری رامچندرجی کا چلنا۔ سمندر کے کنارے رہنا۔ اُترارده مین اتنی کتھا ہین۔ لنکا گھر بھر۔ مندودری راون سمباد۔ راون سبھا۔ بھبیکھن کا منتر یعنی صلاح دینا۔ بھبیکھن کا اپمان۔ بھبیکھن کا آنا۔ بھبیکھن شرناگت۔ لنکا کا راج تلک۔ سمندر پار جانے کا جتن۔ شُک دوت کتھا سمندر پر کوپ کرنا۔ سمندر کا کلیش ہر لینا۔

شری رامایے نمہ

رامائن

اشلوک

श्लो. शान्तं शाश्वतमप्रमेयमनघं निर्वाणशान्तिप्रदं-
ब्रह्माशम्भुफणीन्द्रसेव्यमनिशं वेदान्तवेद्यं विभुं रा
माख्यं जगदीश्वरं सुरगुरुं मायामनुष्यं हरिं वन्दे
ऽहं करुणाकरं रघुवरं भूपालचूडामणिम्॥१॥ अतु
लितबलधामं स्वर्णशैलाभदेहं दनुजवनकृशानुं

ज्ञानिनामग्रगण्यम्। सकलगुणनिधानं वानराणाम-
धीशं रघुपतिवरदूतं वातजातं नमामि ॥ २॥ ✤॥

اشلوک

۱۔ شانتنگ شاشوتنگ اپرمے ینگ انگھنگ نربان شانت
پردنگ ۔ برہما شمبھ پھنیندر سیبیہ منشنگ بیدانت
بیدینگ بھبنگ ۔ راما کھینگ جگدیشور نگ سرگرنگ
مایا منکھینگ ہرنگ ۔ بندے اہنگ کرنا کرنگ رگھبرنگ
بھوپال چوڑامنگ ۔

۲ اتلت بل دھامنگ سورن شیلابھ دیہنگ ۔ دنج بن
کرشانگ گیان نامگر گنینگ ۔ سکل گن ندھانگ بانرانانگ
دھیشنگ ۔ رگھپت بردوتنگ بات جاتنگ نمام

اس سندر کانڈ کے شروع مین گسائین تلسی داس جی راجادھراج شری رام چندر جی کو سربیشور ساکشات پربھگوان دکھلاتے ہوئے بندنا کرتے ہین اشلوک کے ارتھ ۔ ۱۔ جو شری رام چندر شانت ارتھات شدھ ست چت آنند شیلوان دیاوان ہین ۔ اور شاشوت ارتھات سدا سے آد انت رہت ہین اور اپرمے ارتھات بے پرمان اور انگھ ارتھات پاپ رہت اور نربان موکش اور شانت کے داتا ہین اور سرشٹ کرتا برہما جی اور انت کرتا شری شیو جی اور جگت آدھار شری شیش جی ہے تینون دیوتا جنکی سیوا مین سدا رہتے ہین بیدانت مین سب نامون سے رام نام ہی مکھ ہے اور شری رام چندر ہی سب طرح کی سامرتھ رکھتے ہین اور جگت مین رام کر کے پرسدھ ہین جگت کے ایشور ہین سب دیوتون کے شرومن ہین کرپا کر کے منکھ روپ دھارن کیے ہین ساکشات بشن ہری ہین ایسے کرپا کرنے والے رگھبر سب راجون کے شرومن شری رام چندر جی کو میرا نمسکار ہے ۔

۲۔ اب ہنومان جی کو نمسکار کرتے ہین جو ہنومان جی اتھاہ بل کے گھر ہین سونے کے پہاڑ

گے سمان جنکا شریر ہی راچھسون کے بنش کے بن کو پرچنڈ اگن ہین گیانیون مین پہلے گنے جاتے ہین سب گنون کے سمندر ہین بانرکُل کے مکھیا ہین شری رام چندر جی کے اُتم دوت ہین ایسے پون سُت ہنومان جی کو میرا پرنام ہی۔

دوہا۔ بار برابر بار ہی تا پر بہت بیار۔ رگھبر بار اُتار ہین اپنی اُور نہار۔ ارتھات بال کے برابر تو پاپون کے بوجھ سے لدی ہوئی کرنی رُوپی ناو مین آنیکو پانی رہ گیا ہی۔ اور اُس پر بھی ترشنا (ہوس) کی پرچنڈ پون بہتی ہی تو اب ڈوبنے مین کون سندیہ ہی شری رام چندر ہی اپنی اُور دیکھکر پار کرینگے ارتھات مین تو سب طرح سے بگاڑ ہی چکا ہون شری رام چندر ہی کے بنائے بنیگی اُنہین کا بھروسا ہی۔

۱	جامونت کے بچن سُہائے		سُن ہنومان ہردے اَت بھائے	
۲	تب لگ موہ پرکھیو بھائی		سہہ دُکھ کند مول پھل کھائی	
۳	جب لگ آؤن سیتہ دیکھی		ہوئی کاج موہ ہرکھ بسیکھی	
۴	اَس کہہ نائے سبن کا ماتھا		چلیو ہرکھ ہیہ دھر رگھناتھا	
۵	سندھ تیر اک سندر بھودھر		کوتک کود چڑھیو تا اوپر	
۶	بار بار رگھبیر سنواری		ترکیو پون تنے بل بھاری	
۷	جِم اموگھ رگھپت کر بانا		تاہی بھانت چلا ہنومانا	
۸	جل ندھ رگھپت دوت بچاری		کہا میناک ہوہ شرم ہاری	

۱۔ دوہا۔	ہنومان کر پرس کر کینھس تاہ پرنام رام کاج کینھے بنا موہ کہان بشرام	

۱۔ جامونت کے اَت سندر سُہائے بچن سُنکر ہنومان جی کے ہردے کو بہت ہی بھائے ۲۔ ہاتھ جوڑ کر سب سے بولے کہ ہے بھائیو تب تک تم سب میرا راستہ کند مول پھل کھا کر اور اپنے اوپر کلیش سہکر یہان ہی دیکھتے رہنا۔ ۳۔ جب تک مین شری سیتا جی کو دیکھکر لوٹ آؤن جسمین سوامی کا تو کارج ہو اور مجھکو بسیکھ آنند ہو۔ ۴۔ ایسے کہکر اور سبکو شیش نوا کر پرسن من مین شری رام چندر جی کو رکھکر لنکا کو چلے۔ ۵۔ سمندر کے تیر سندر ایک پربت دیکھکر اُس پر بنا پرشرم ہی کود کر چڑھ گئے۔ ۶۔ اور بار بار شری رام چندر جی کو سمرکر پون پتر ہنومان بڑے زور سے کودے۔ ۷۔ جیسے اموگھ ارتھات نرگھن اور پرچنڈ

بان شری رام چندر جی کا جاتا ہے اسی طرح ہنومان جی لنکا کو چلے ۔ ۸۔ سمندر نے سگر بنشی اپنے سوامی شری رام چندر جی کے دوت کو جاتے ہوئے جانکر میناک پربت سے جو اندر کے ڈر کے مارے سمندر ہی مین رہتا تھا کہا کہ ہے میناک تو شری رام چندر سوامی کے دوت کو میرے بیچ بشرام (آرام) دے ۔ سمندر کے بچن سنتے ہی میناک پربت ترنت ہی پانی سے باہر نکل آیا (اسواسطے کہ ہنومان جی مجھپر ٹھہر کر ذرا دم لے لیوین) ۱۔ دوہا۔ ہنومان جی نے اسکو ہاتھ سے چھوکر پرنام کیا اور کہا کہ مجھکو شری رام چندر سوامی کے کام کیے بنا بشرام کہان ہے۔

۱ نشچر ایک سندھ مانھ رہتی ۔ کرمایا نبھ کے کھگ گہتی
۲ سوئی چھل ہنومان سن کینہا ۔ تاس کپٹ کپ ترتہہ چینہا
۳ تاہ مار مارت سُت بیرا ۔ بار دھ پار گیو مت دھیرا
۴ تہان جاے دیکھی بن شوبھا ۔ گنجت چنچریک مدھ لوبھا
۵ نانا ترُ پھل پھول سہائے ۔ کھگ مرگ برند دیکھ من بھائے
۶ شیل بشال دیکھ اک آگے ۔ تاپر دھاے چڑھا بھے تیاگے
۷ گر پر چڑھ لنکا کپ دیکھی ۔ کہہ نہ جاے ات درگ بشیکھی
۸ ات اتنگ جل ندھ چہون پاسا ۔ کنک کوٹ کر پرم پرکاشا

۲۔ دوہا۔
پُر رکھوارے دیکھ بہُ کپ من کینھہ بچار
ات لگھُ روپ دھرون نِش نگر کرون پَیسار

۱۔ ایک چھایا گراہی راکھشس سمندر مین رہتا تھا سو اپنی مایا سے سمندر پر اڑتے ہوئے پنچھیون کی چھایا دیکھکر انکو پکڑ لیتا تھا ۔ ۲۔ سوئی چھل اسنے کال کے بس ہوکر کال کے بھی کال شری رام چندر سوامی کے دوت ہنومان جی کے ساتھ بھی کیا تو شری رام چندر جی کی کرپا سے اسکا کپٹ ہنومان جی نے ترنت ہی جان لیا ۔ ۳۔ بڑی جھپٹ کی چال مین اسکو لات ہی سے مارتے ہوئے مہابیر پون پتر ہنومان جی سمندر کے پار ہوگئے ۔ ۴۔ تہان جاکر اس اپ دیپ کے بن شوبھا دیکھی جسمین مدھ کے لوبھ سے بھونرے گونج رہے ہین ۔ ۵۔ طرح طرح کے برچھ دیکھے جنمین سندر سہائے پھل پھول شوبھا دے رہے ہین طرح طرح کے پنچھی بول رہے ہین اور ہرن جھنڈ کے جھنڈ پھر رہے ہین ۔ ۶۔ آگے چلکر ایک بڑا پربت دیکھا تو اسپر بے کھٹکے ہوکر چڑھ گئے ۔ ۷۔ پربت پر چڑھ کر ہنومان جی نے لنکا دیکھی وہ لنکا

ایسی دُرگم (دُشوار گذار) ہے کہ کچھ کہی نہین جاتی ہے ۔ ۸۔ بہت تو اُونچی ہی اور شِرکُوٹاچل پربت کے اُوپر چارون طرف سُمُدر سے گھری ہے سونے کے قلعہ کا بڑا پرکاش ہو رہا ہے ۔

۲۔ دُوہا۔ بڑے بڑے بہت سے جُودھا شہر کی رکھواری کر رہے ہین اُنکو دیکھکر ہنومان جی نے بچار کیا کہ دِن مین جانا تو ٹھیک نہین ہوگا اِس سے مین بہت چھوٹا رُوپ دھر کر (یعنی مسافر۔ مچھر بنکر) رات کو شہر مین چلُون ۔

۱	اَتِ لَگھُ رُوپ دھرا ہنُومانا	پیٹھا نگر سُمِر بھگوانا
۲	مندِر مندِر پرت کر شودھا	دیکھے جہان تہان اگنت جودھا
۳	گیُو دشانن مندِر ماہین	اَتِ بچتر کہہ جات سو ناہین
۴	سَین کیے دیکھا کپِ تیہی	مندر مان نہ دیکھ بیدیہی
۵	سوچ لاگ کہان اب جاؤن	کہان درشن سیتا کر پاؤن
۶	نسِچر گھور بھیانک رہ ہین	سیتا کی سُدھ کو نہ کہہ ہین
۷	پوچھون کاہ کرون کا بھائی	جنک سُتا کو دیہی دکھائی
۸	بھُون ایک پُن دیکھ سُہاوا	ہر مندر تہان بھِن بناوا

۳۔ دُوہا۔
رامایُدھ انکت گرِہ شوبھا برن نہ جائے
نو تُلسی کے برند تہان دیکھ ہرش کپِ رائے

۱۔ ایسا بچار کر ہنومان جی نے بہت ہی چھوٹا رُوپ دھر لیا اور شری رام چندر جی کو سُمِر کر لنکا مین گھسے ۔ ۲۔ رات ہی مین لنکا کا ایک ایک گھر مندر مندر پھر کے دیکھ لیا جہان دیکھا تہان بے گنتی جُودھا ہی دیکھے ۔ ۳۔ پھرتے پھرتے راون کے مندر مین پہونچے وہ تو ایسا انوکھا بنا ہے کہ کچھ کہا ہی نہین جاتا ہے ۔ ۴۔ تہان راون کو تو سوتے ہوئے دیکھا اور سیتا جی کو وہان بھی نہ دیکھا ۵۔ تب تو ہنومان جی سوچنے لگے کہ اب کہا جاؤن اور کہان سیتا جی کے درشن پاؤن ۔

۶۔ اس لنکا مین تو سب مہا گھور تامسی راچھس ہی رہتے ہین کوئی سیتا جی کی کچھ چرچا بھی نہین کرتے ہین ۔ ۷۔ کس سے پوچھون کیا کرون کون سیتا جی کو دکھا دے ۔ ۸۔ اسی سوچ مین ڈوبے ہوے پھرتے پھرتے ایک بڑا سُندر مندر دیکھا جسمین ایک ٹھاکر دوارا ہے اُسکا بناو تو سب سے نرالا ہی ہے ۹۔ دوہا۔ رامایُدھ ارتھات تنکھ چکر گدا کھڑگ دھنکھ بان اِن پانچ ہتھیارون سے انکت (یعنی منقش) ہے اور تلسی کے نئے نئے برچھ جھُنڈ کے جھُنڈ سوہتے ہین اُنکو تو دیکھتے ہی

ہنومان جی

ہنومان جی بڑے پرسنّ ہوگئے کیونکہ یے ہی لکھ چِنّھ ہر مندروں کے شری مدبھاگوت مین کہے ہین ۔ شری مدبھاگوت کے پہلے ادھیائے کا تیئیسواں ۲۳ اشلوک ہے ۔

श्लोक ॥ अन्यानि चेह द्विजदेवदेवैः कृतानि नानायतनानि विष्णोः। प्रत्यंग मुख्यांकित मन्दिराणि यद्दर्शनात् कृष्णमनुस्मरन्ति।

اشلوک کے ارتھ ۔ جو کوئی اس پرتھوی پر وِوِدھ دیو یعنی رکھ اور دیوتاؤں کے بنائے ہوئے انیک پرکار کے بشن مندر جنکے انگ انگ مین بھگوان کے ہتھیار یعنی شنکھ سدرشن چکر اور پانچوں ہتھیار بنے ہوں انکا درشن کرتا ہے اسکو کرشن بھگوان کا اسمرن دیا کرنے کا پھل ہوتا ہے

۱ لنکا نشیچر نکر نواسا ۔ یہاں کہاں سجن کر باسا

۲ من مانہہ ترک کرن کپ لاگا ۔ تیہی سمے بھبھیکھن جاگا

۳ رام رام تیہہ سمرن کینھا ۔ ہردے ہرکھ کپ سجن چینھا

۴ یہہ سن ہٹھ کر ہوں پہچانی ۔ سادھو تے ہوئے نہ کارج ہانی

۵ بپر روپ دھر بچن سناوا ۔ سنت بھبھیکھن اٹھ تہاں آوا

۶ کر پرنام پوچھی کشلائی ۔ کہو بپر نج کتھا بجھائی

۷ کی تم ہر داسن مانہہ کوئی ۔ مورے ہردے پریت ات ہوئی

۸ کی تم رام دین انراگی ۔ آئے موہ کرن بڑبھاگی

۴ ۔ دوہا ۔ تب ہنومنت کہی سکل رام کتھا نج نام
سنت جگل تن پلک ات من سمر گن گرام

ار جب یے لکھ چنّھ ٹھاکردوارے کے دیکھے تب تو ہنومان جی کے من مین بڑا العجب ہوا کہ لنکا مین تو راچھسوں ہی کے سموہ رہتے ہین یہان سجن بھگت کا باس کہاں ۔ ۱و۲ اسطرح ہنومان جی اپنے من مین بچار ہی کر رہے تھے کہ اسی سمے بھبھیکھن جاگ پڑے ۔ ۳ شری رام کرشن نارائن باسدیو ایسا جب بھبھیکھن کہنے لگے تب تو ہنومان جی کا ہردے بہت ہی آنند ہوگیا اور پہچانا کہ یہ کوئی سجن (بھگوت بھگت) ہی ہے ۔ ۴ ۔ من مین کہا کہ اس سے تو مین ضرور ہی جان پہچان کرونگا ساڈھ سنت سے تو کبھی کارج کی ہان ہوتی ہی نہین ہے ۔ ۵ ۔ تب تو ہنومان جی نے براہمن کا روپ دھر کر کچھ بچن کہے سو سنتے ہی بھبھیکھن اٹھکر ہنومان جی کے پاس آئے ۔ ۶و۷ ۔ براہمن دیکھکر پرنام کیا اور کشل پوچھکر کہا کہ ہے براہمن دیوتا تم اپنا حال کہو کہ تم رات کو میرے پاس

کیسے آئے یا تو تم کوئی بھگوت داسوں میں ہو کیونکہ میرے ہردے میں تو تمھارے اوپر بڑی ہی پرِیت ہوتی آتی ہے۔ ۸۔ اور یا تو تم دِین پر کِرپا کرنیوالے شری رام چندر ہی ہو مجھکو بڑ بھاگی کرنیکو آئے ہو۔ ۴۔ دُوہا۔ جب ہنومان جی نے ببھیکھن کی بھگوان اور بھگوان کے داسوں دونوں پر ایسی پرِیت دیکھی تب تو اُنکو بڑا اسادھ جانکر سب رام کتھا اُنسے کہی اور اپنا نام بھی کہہ دیا سو سُنتے ہی دونوں کے شریر پُلکِت (شگفتہ) ہو گئے اور بھگوت کے گنوں کو سُمِر سُمِر کر بڑے آنند میں مگن ہو گئے۔

۱ سُنو پَوَن سُت رَہَن ہماری — جِم دَسنَن مانہہ جیبھ بِچاری
۲ تات کبھوں موہ جان اناتھا — کرِہَیں کِرپا بھانُ کُل ناتھا
۳ تامس تن کچھ سادھن ناہیں — پریت نہ پد سروج من ماہیں
۴ اب موہ بھا بھروس ہنومنتا — بِن ہر کِرپا مِلیں نہیں سنتا
۵ جو رگھبیر انگرہ کینھا — تو تم موہ درش ہٹھ دینھا
۶ سُنو ببھیکھن پربھو کی ریتی — کرت سدا سیوک پر پریتی
۷ کہو کون میں پرم کُلینا — کپ چنچل سب ہی بدھ ہینا
۸ پرات لیت جو نام ہمارا — تہہ دِن تاہ نہ ملے اہارا

۵۔ دُوہا۔
اس میں ادھم سکھا سُن موہوں پر رگھبیر
کری کرپا سُمِر گُن بھرے بلوچن نیر

۱۔ پھر تو ببھیکھن بولے کہ ہے ہنومان جی سُنو ہمارا رہنا تو اس لنکا میں ایسا ہی جیسے دانتوں کے بیچ میں بچاری جیبھ رہتی ہے۔ ۲۔ ہے تات کبھی مجھکو اناتھ جانکر سورج بنس کے ناتھ شری رام چندر سوامی میرے اوپر کرپا کرینگے۔ ۳۔ تامسی تو میرا بدن ہے اس شریر سے نہ تو کچھ سادھنا ہی ہو سکتی ہے اور نہ سوامی کے چرن کمل میں پریت ہی ہے۔ ۴۔ پرنتُ اب میرے من میں یہ بھروسا ہوا کہ بنا کرپا شری رام چندر سوامی کے سادھ سنتوں کا درشن اور اُنکا ست سنگ نہیں ملتا ہے۔ ۵۔ جب شری رام چندر سوامی نے مجھپر کرپا کی تب تو تمنے ہٹھ کرکے مجھکو درشن دیا۔ ۶۔ تب ہنومان جی بولے کہ ہے ببھیکھن سُنو شری رام چندر سوامی کی یہ ریت ہے کہ اپنے سیوکوں پر سدا ہی پریت کرتے ہیں۔ ۷۔ کہو تو میں کہاں کا بڑا کلین ہوں بندر کی ذات بڑا چنچل سب بھانت سے ہین ہوں۔ ۸۔ ایسا ہوں کہ جو کوئی پراتہ کال میرا نام لیوے تو

اُسکو اُس دِن بھوجن ہی نہین مِلتا ہَے ۔ ۵ ۔ دوہا ہے سکھا سُنو مین ایسا اَدھم سو مجھ پر بھی تو شری رام چندر سوامی نے کِرپا ہی کی شری رامچندر جی کے گُنون کو اِسطرح کہتے ہی نیترون مین جل بھر آیا

۱ جانت ہو اس سوامی لیباری ۔ جہ مت کاہے نہ ہوہِ دُکھاری
۲ یہہ بدہ کہت رام گُن گراما ۔ پاوا انِردِن سُکھ بِشراما
۳ پُن سب کتھا بھبھیکھن کہی ۔ جہہ بدہ جنک سُتا تہان رہی
۴ تب ہنومنت کہا سُن بھراتا ۔ دیکھا چہون جانکی ماتا
۵ جُگت بھبھیکھن سکل سنائی ۔ چلا پون سُت بِدا کرائی
۶ دھر سوئی رُوپ گیو پُن تہوان ۔ بن اشوک سیتا رہی جہوان
۷ دیکھ من ہی من کینہ پرناما ۔ بیٹھے بیت گئی نِس جاما
۸ کرش تن سیس جٹا اک بینی ۔ جپت ہردَے رگھپت گُن شرینی

۹ ۔ دوہا ۔
نج پد نین دیئے من رام کمل پد لین
پرم دُکھت بھا پون سُت دیکھ جانکی دین

۱ ۔ جان بوجھکر بھی ایسے سوامی جگت پالن ہار کو بھول جانے والے جیو بدھا اُلجھا گئے لوگ ہے سکھا کیسے نہ دکھی ہون ۔ ۲ ۔ اس پرکار شری رام چندر جی کے گُنون کو کہتے سُنتے ہوئے ہنومان جی اور بھبھیکھن نے سنت ملنے کا گُنون کو سانجھد ایک بِشرام پایا ۔ ۳ ۔ اسکے پیچھے بھبھیکھن نے وہ سب کتھا کہی جسطرح شری سیتاجی بڑی رکھواری سے وہان رہتی ہین ۔ ۴ ۔ تب تو ہنومان جی نے کہا کہ ہے سکھا سُنو اب تو مین اپنی جگت جننی سیتا ماتا کو دیکھا چاہتا ہون ۔ ۵ ۔ یہہ سُنکر بھبھیکھن نے شری سیتاجی کے رہنے کا استھان اور وہان جانے کی تدبیر ہنومان جی کو کہہ سُنائی سُنتے ہی ہنومان جی بھبھیکھن سے بدا ہوکر چل دیے ۔ ۶ ۔ وہی چھوٹا رُوپ رکھکر وہان گئے جہان اشوک باٹکا مین سیتاجی رہتی تھین ۔ ۷ ۔ دیکھکر من ہی من مین پرنام کرلیا اور کسی اشوک برچھ پر جا بیٹھے اِتنے مین ایک پہر رات بیت گئی ۔ ۸ ۔ ہنومان جی نے سیتاجی کو کیسی دیکھا کہ بہت دُبلی ہو رہی ہین اور بالون کے لٹون کی ایک بینی ہو گئی ہے اور ہردَے مین شری رام چندر کے گُنون کی مالا جپ رہی ہین ۔ ۹ ۔ دوہا ۔ نیترون نے چرنون پر دیے ہین اور من شری رام چندر سوامی کے چرنون مین لگائے ہین ایسی پرادھین دُکھی وِشنا شری سیتاجی کی دیکھکر ہنومان جی بہت ہی دُکھی ہوگئے ۔

۱ تر پالو مان رہا ہو لکائی — کرت بچار کرون کا بھائی
۲ تیہہ اوسر راون تہان آوا — سنگ نار بہہ کیے بناوا
۳ بہہ بدھ کھل سیتہ سمجھاوا — سام دام بھی بھید دکھاوا
۴ کہا راون سن سمکھ سیانی — مندودری آد سب رانی
۵ تو انچری کرون پرن مورا — ایک بار بلوک مم اورا
۶ ترن دھر اوٹ کہت بیدیہی — سمر اودھ پت پرم سنیہی
۷ سن دش مکھ کھدیوت پرکاشا — کبہو نلنی کرین بکاشا
۸ شٹھ سونے ہر آنس موہین — ادھم نلج لاج نہین توہین

۷۔ دوہا۔
آپہہ سن کھدیوت سم رامہہ بھان سمان
پروکھ بچن سن کاڑھ اس بولا اتی کھسیان

۱۔ سوامی کا کارج سدھ ہونے کے لیے اشوک برچھ کے پتون مین چھپ کر بیٹھ رہے اور سوچنے لگے کہ کیا کرون۔ ۲۔ اسی سمے مین راون نے پتنے مین شری رام چندرجی کا بھیجا ہوا ایک بندر لنکا مین آیا دیکھا تب اٹھکر بہت سی رانیون کو بڑے بناو سمیت ساتھ لیکر سیتاجی کے پاس آیا۔ ۳۔ اس دشٹ راون نے بہت طرح سے ستی شرومن سیتاجی کو سمجھایا اور سام دام بھی بھید دکھایا۔ ۴۔ اور کہا کہ ہے سندر مکھ والی ہے سیانی مین مندودری آد سب رانیون کو۔ ۵۔ تیری داسی کردونگا یہہ میرا پرن ہی تو ایکبار میری طرف دیکھ۔ ۶۔ تب تنکے کی اوٹ کرکے سیتاجی نے اپنے پران پت پرم پیارے شری رام چندر سوامی کو سمر کر راون سے کہا کہ۔ ۷۔ سن ہے راون کہین جگنون کے پرکاش سے کملنی کھلتی ہی۔ ۸۔ ارے شٹھ تو سونے (تنہائی) مین مجھکو چرالایا اور اب استریون کے آگے بیر بنتا ہی ارے نیچ ارے نرلج تجھکو لاج بھی نہین آتی ہی۔ ۷۔ دوہا۔ جب اسطرح راون نے سیتاجی کے مکھ سے اپنے کو جگنو اور شری رام چندرجی کو سورج کے سمان سنا اور شٹھ اور چور اور نیچ اور نرلج ایسے کڑوے بچن سنے تب تو سب رانیون کے سامنے بہت کھسیانے گیا اور اپنی چندرہاس نام تلوار نکال کر شری سیتاجی سے یہ بچن بولا کہ۔

۱ سیتا تین مم کرت اپمانا — کاٹون تو شیر کٹھن کرپانا
۲ نہین تو سپد مان مم بانی — سمکھ ہوت نہ تو جیون ہانی

۳ شیام سروج دام سم سُندر　　پربھ بھج کرِ کر سم دش کندھر
۴ سو بھج کنٹھ کہ تو اسِ گھورا　　سُن سٹھ اس پرمان پرن مورا
۵ چندر ہاس ہر مم پرتاپا　　رگھپت برہ انل سنتاپا
۶ سُنت بچن پن مارن دھاوا　　مے تنیا کہہ نیت بجھاوا
۷ کہس سکل نسچری بلائی　　سیتہہ بہو بدھ تراسو جائی
۸ ماس دوس مانہ کہا نہ مانا　　تو مَین مارب کڈھن کرپانا

۹- دوہا— بھون گیو دش کندھر یہان پشاچنی برند
سیتہہ تراس دکھاوہن دھرہن روپ بہو مند

۱- ہے سیتا تو نے سب رانیون کے آگے میرا بڑا اپمان (توہین) کیا ہین تیرے سر کو اس کٹھن تلوار سے کاٹ ڈالونگا نہین تو جلدی میرے بچن کو مان لے ۔ ہے سُندر مکھی نہین تو تیرے جینے کی ہان ہی ہوگی ۔ ۳و۴ ۔ یہ سُنکر سیتاجی بولین کہ سُن راون شری رام چندر سوامی کی جو بھجا سُندر شیام ہین اور کمل کی نال کے سمان کومل ہین اور ہاتھی کی سونڈ کے سمان سُڈھار ہین سو وہی بھجا میرے اس کنٹھ پر ہونگی نہین تو تیری تلوار ہی ہوگی میرا بھی یہی پرن ہے ۔ ۵ ۔ یہ کہکر سیتاجی اس تلوار سے بولین کہ ہے چندرہاس تو میرے اس دُکھ کو ہر لے کیونکہ مجھکو شری رام چندر سوامی کے بچھڑنے کی اگن سے بڑی ہی جلن ہے ۔ ۶ ۔ سیتاجی کے یہہ بچن سُنکر راون مارنے کو دوڑا تب مندودری نے پکڑ لیا اور راج نیتِ کہکر اسکو سمجھایا ۔ ۷ ۔ تب راون نے راچھسیون کو بُلا کر کہا کہ سیتا کو بہت طرح سے ڈر دکھاؤ ۔ ۸ ۔ جو ایک مہینے مین میرا کہنا نہ مانے گی تو مین نہ سُندر یہہ کٹھن تلوار سے اسکو مارونگا ۔ ۹ ۔ دوہا ۔ یہہ کہکر راون تو گھر کو چلا گیا اور یہان راچھسون کی استریان سیتاجی کو ستانے لگین اور مہا بھینکر روپ دکھانے لگین ۔

۱ ترجٹا نام راچھسی ایکا　　رام چرن رت نپن بیبکا
۲ سب سن بول سنایس سپنا　　سیتہہ سیئی کرو ہت اپنا
۳ سپنے بانر لنکا جاری　　جاتدھان سینا سب ماری
۴ کھر آروڑھ نگن دش شیشا　　منڈت سر کھنڈت بھج بیسا
۵ یہہ بدھ سو دکھن دش جائی　　لنکا منہو بھبیکھن پائی

۶ نگر پھری رگھبیر دوہائی   تب پربھ سیتہ بول پٹھائی
۷ یہ سپنا مین کہون پکاری   ہوئی ست گئے دن چاری
۸ تاس بچن سن تے سب ڈرین   جنک ستا کے چرنن پرین

۹۔ دوہا۔
جہان تہان گئین سکل تب سیتا کے من سوچ
ماس دوس بیتے موہ ماری نسچر پوچ

۱۔ اتنے مین ترجٹا نام ایک راچھسی شری رام چندر جی کے چرنون کی بھگت اور بڑی گیان وان سوتے سے اٹھ آئی۔ ۲۔ اور سبکو بلاکر اپنا سپنا کہہ سنایا اور کہا کہ ابھی سے تم سب سیتاجی کی سیوا کرکے اپنا بھلا کر رکھو۔ ۳۔ سو مین نے یہ سپنا دیکھا ہی کہ شری رام چندر جی کے بھیجے ہوئے ایک بندر نے سب لنکا کو جلا دیا اور راچھسی سینا کو مار ڈالا۔ ۴ و ۵۔ اور راون سر منڈائے بھجا کٹائے ننگا گدہے پر سوار دکھن دشا کو چلا جاتا ہی اور مانو لنکا بھبھیکھن نے پائی ہی۔ ۶۔ نگر مین شری رام چندر کی دوہائی پھرتی ہی اور شری رام چندر جی نے سیتاجی کو بلا بھیجا ہی۔ ۷۔ سو مین پکار کر سب سے کہے دیتی ہون کہ تھوڑے ہی دنون مین یہ سپنا بہر سچ ہو جایگا۔ ۸۔ اسکے بچن سنتے ہی سب راچھسی ڈر گئین اور سیتاجی کے پیرون پڑنے لگین کہ ماتا ہمارا اپرادھ چھما کرو ہم تو پرائے بس مین ہین۔

۹۔ دوہا۔ یہ کہکر وہ سب تو جہان تہان جاکر سو رہین اور سیتاجی کے من مین بڑا ہی سوچ پیدا ہوا کہ ایک مہینے پیچھے مجھکو یہ نیچ راون ماریگا۔

۱ ترجٹا سن بولی کر جوری   مات بپت سنگن تو موری
۲ تجون دیہہ کر بیگ اپائی   دسہہ برہ اب سہا نہ جائی
۳ آن کاٹھ رچ چتا بنائی   مات انل پن دیو لگائی
۴ ست کرو مم پریت سیانی   سنے کو سرون سول سم بانی
۵ سنت بچن پد گہہ سمجھایس   پربھ پرتاپ بل سجس سنایس
۶ نس نہ انل مل راجکماری   اس کہہ سو نج بھون سدھاری
۷ کہا سیتا بدھ بھا پرتکولا   ملی نہ پاوک مٹی نہ سولا
۸ دیکھ پرم برہ آکل سیتا   سو چھن کپہ کلپ سم بیتا

۱۰۔ سورٹھا   کپ کر ہردے بچار   دینہ مدرکا ڈار تب

اجن اشوک انگار   دیہہ ہرکھ اٹھ کر گہیو

۱- ترجٹا سے ہاتھ جوڑ کر بولین کہ ہے ماتا اس بپت مین بپت کی سنگنی میری تو ہی ہے— ۲- و ۳- سن ہے ترجٹا مین اپنی دیہہ تیاگ کیا چاہتی ہون تو جلدی اسکا جتن کر دے کہ لکڑی لاکر چتا رچ دے اور آگ لاکر اسمین لگا دے کیونکہ یہہ دسہہ دکھ رام بچھڑن کا مجھسے اب سہا نہین جاتا ہی- ۴- یہہ کام میرا تو ضرور ہی کر دے یہی میری پرتگیا ہی- کانون کو شول کے سمان لگنے والی ایسی بانی سیتا جی کی کون سن سکتا ہی- ۵ و ۶- سو سنتے ہی ترجٹا شری سیتا جی کے چرنون پر گر پڑی اور بہت طرح سے سیتا جی کو سمجھایا اور شری رام چندر سوامی کا بل اور پرتاپ اور سجس سنایا اور کہا کہ دھیرج دھرو ابھی رات کو تو آگ نہین مل سکتی ہی یہہ کہکر وہ بھی اپنے گھر کو چلی گئی- ۷- تب تو سیتا جی نے کہا کہ مجھپر بدھاتا ہی کوپ کیے ہی نہ آگ ملیگی نہ یہہ دکھ مٹیگا- ۸- اس طرح سیتا جی کو جو مہابرہ مین بیاکل دیکھا تو وہ چھن ہنومان جی کو کلپ کے سمان ہو گیا- ۱۰- سورٹھ- پھر تو ہنومان جی نے بچار کیا کہ یہہ بڑا اچھا سمے ہی (یعنی اسوقت کوئی دوسرا نہین ہی اکیلی آپ ہی ہین) ایسا بچار کر ہنومان جی نے برچھ کے اوپر ہی سے شری رام چندر کی انگوٹھی سیتا جی کے آگے ڈال دی تب سیتا جی نے یہہ جانا کہ اشوک برچھ ہی نے انگار دے دیا جلد ہی اٹھ کر بڑی خوشی سے ہاتھ مین لے لی-

۱	تب دیکھی مدرکا منوہر	رام نام انکت ات سندر
۲	چکت چتت مندری پہچانی	ہرکھ بکھاد ہردی اکلانی
۳	جیت کو سکی اجے رگھرائی	مایا تے اس رچی نہ جائی
۴	سیتا من بچار کر نانا	مدھر بچن بولے ہنو مانا
۵	آدہ تے سب کتھا سنائی	لاگی شرون سنن من لائی
۶	شرونامرت جن کتھا سنائی	کہیو سو پرگٹ ہوت کن آئی
۷	تب ہنومنت نکٹ چل گیو	پھر بیٹھی من بسمے بھیو
۸	رام دوت مین مات جانکی	ست شپتھ کرنا ندھان کی

۱۱- دوہا-
کپ کے بچن سپریم سن   اپجا من بسواس
جانا من کرم بچن یہہ   کرپا سندھ کر داس

۱- جب ہاتھ مین لی تب تو منوہر انگوٹھی دیکھی کہ رام نام اسپر لکھا ہی اور بہت سندر ہی-

٢۔ سُو تو دیکھتے ہی سیتاجی چکت چِت ہوگئین انگوٹھی کو پہچان کر دُکھ سُکھ کے بس ہو کر گھبرا اُٹھین۔ ٣۔ اور بچار کرنے لگین کہ سوامی کو کوئی جیت تو نہین سکتا ہی کیونکہ وہ تو اَجے اور اَپَراجِت ہین اور کوئی دانو دیو تُر مَن اپنی مایا سے ایسی بنا بھی نہین سکتا ہی۔ ٤۔ اِس پرکار سیتاجی اپنے مَن مین بچار کرتی ہی تھین کہ اُوپر سے ہنومان جی اَتِ مَدھُر بچن بولے۔ ٥۔ پھر سے سب رام چرتر انگوٹھی ڈالنے تک سیتاجی کو سُنایا اُسکو سیتاجی مَن لگا کر سُننے لگین۔ ٦۔ سُنکر بولین کہ جسنے یہہ کانون کو اَمرت کے سمان کتھا سُنائی ہی وہ میرے آگے پرگٹ کیون نہین ہوتا ہی۔ ٧۔ تب تو ہنومان جی شری سیتاجی کے پاس چلے گئے بندر کا رُوپ دیکھکر سیتاجی کے مَن مین سندیہہ ہوا کہ اِسمین کچھ چھل تو نہین ہی تب پیٹھ دے کر بیٹھین۔ ٨۔ تب تو ہنومان جی بہت مدھر اور کومل بانی سے بولے کہ ہے ماتا مین تو اپنے سوامی شری رام چندر جی کا دُوت ہون کرپا ندھان شری رام چندر جی کی سچی سوگند کھاتا ہون تم بشواس مانو سندیہہ مت کرو۔ ١١۔ دوہا۔ ہنومان جی کے ایسے پریم بھرے بچن سُنکر سیتاجی کے مَن مین بشواس ہوا اور جانا کہ تن مَن بچن سے یہہ کرپا کے سمُدر شری رام چندر سوامی کا داس ہی ہی۔

١ ہرجن جان پریت اَتِ باڑھی سجل نین رُد ماوَل ٹھاڑھی
٢ بُوڑت برہ جلدھ ہنومانا بھیُو تات مو کا جلجانا
٣ اَب کہہ کُشل جاؤن بلہاری اَنج سہت سُکھ بھون کھرادی
٤ کومَل چِت کرپال رگھُرائی کپ کہہ ہیت دھری نٹھرائی
٥ سہج بان سیوک سُکھدایک کبھُونک سُرت کرت رگھُنایک
٦ کبھون نین مم سیتل تاتا ہوئی ہین نرکھ شیام مرد گاتا
٧ بچن نہ آو نین بھر باری اَہہ ناتھ ہون نپٹ بسباری
٨ کہا کپ ہردی دھیر دھر ماتا سُمر رام سیوک سُکھداتا

١٢ دوہا نِشچر نِکر پتنگ سَم رگھُپت بان کرشان
جننی اُر دھیرج دھرو جرے نشاچر جان

١۔ بھگوان کا بھکت جانکر سیتاجی کی پریت ہنومان جی پر بہت ہوئی یہان تک کہ آنکھون مین آنسو بھر آئے اور بدن کے رُوئین کھڑے ہوگئے۔ ٢۔ اور کہنے لگین کہ ہے تات ہنومان تم

مجھکو اس رام برہ ساگر مین ڈوبتے ہوئے دیکھکر جہاز ہی ہو گئے ۔ ۳ ۔ مین تمھارے بل جاؤن اب تم یہہ تو کہو کہ سکھ دھام شری رام چندر سوامی لچھمن جی سمیت کشل سے ہین ۴ ۔ اتِ کول چت کرپال پرنت پال رگھناتھ سوامی نے کون کارن سے مجھپر ایسی نٹھرائی کی ہے ۵ ۔ سیوک کے سکھدائی جن سوامی کی سدا سے بان (یعنی عادت) ہے سو رگھناتھ سوامی کبھی میری بھی سدھ کرتے ہین ۔ ۶ ۔ ہے ہنومان کبھی ایسا بھی ہوگا کہ سوامی کے شیام کومل سندر گات (بدن) کو دیکھکر میرے یہ نیتر شیتل ہونگے ۔ ۷ ۔ ایسا کہتے ہی آنکھون مین پانی بھر آیا اور مکھ سے کچھ بچن نہ نکلے کیول اتنا ہی کہا کہ ہے ناتھ مجھکو آپنے نپٹ ہی بسار دیا اتنا کہکر چپ ہو گئین ۔ ۸ ۔ سیتا جی کو اسطرح دکھی دیکھکر ہنومان جی نے کہا کہ ہے ماتا شری رام چندر جی سیوک کے سکھداتا ہی ہین انکو سمر کر ہردے مین دھیرج دھرو ۔

۱۲ ۔ دوہا ۔ یہ راچھسون کے جھنڈ کے جھنڈ جو اس لنکا مین پانکھی کی طرح بے گنتی بھرے ہین انکے لیے شری رام چندر سوامی کے بان جلتی ہوئی آگ ہی کے سمان ہین یہہ سمجھکر تم ہے ماتا دھیرج دھرو اور ان سب کو تم جلے ہی جانو ۔

۱ جو رگھبیر ہوت سدھ پائی　　کرتے نہین بلمب رگھورائی
۲ اب ہی ماتُ مین جاؤن لوائی　　پربھ آگیا نہین رام دہائی
۳ کچھک دِوس جننی دھر دھیرا　　کپن سمیت ایہین رگھبیرا
۴ نسچر مار توہ لی جے ہین　　تہون پر نارد آد جس گی ہین
۵ کہہ ست کپ سب تم ہی سمانا　　جات دھان اتِ بھٹ بلوانا
۶ موریہ ہردے پرم سندیہا　　سن کپ پرگٹ کینہ نج دیہا
۷ کنک بھودھرا کار سریرا　　سمر بھینکر اتِ رن دھیرا
۸ سیتا من بھروس جب بھیو　　تب لگھ روپ پون ست لیو

۱۳ ۔ دوہا
سن ماتا شاکھامرگ نہین بل بدھ بشال
پربھ پرتاپ تے گرڑہی کھائے پرم لگھ بیال

۱ ۔ جو شری رام چندر جی سنتے تمھارے یہان ہونے کی کچھ بھی سدھ پائی ہوتی تو ذرا بھی دیر نہ کرتے ۔ ۲ ۔ ہے ماتا مین تمکو لوا سے تو ابھی جاؤن پرنتو مین شری رام چندر ہی کی سوگند کھاتا ہون کہ مجھکو سوامی کی یہہ آگیا نہین ہے ۔ ۳ ۔ اس سے اب تھوڑے ہی دن کم ہے ماتا

اور دھیرج دھرو بندروں کی سینا لیکر شری رام اور لچھمن دونوں بھائی آوینگے — ۴۔ اپنے بل سے راچھسوں کو مار کر تمکو لے جائینگے جنکا پرم پاون جس تینوں لوک کے رہنے والے نارد آدمہارکھ لوگ گاوینگے۔ ۵۔ جب ہنومان جی نے کہا کہ بندروں کی سینا سے راچھسونکو جیت لینگے تب سیتا جی نے کہا کہ ہے تات کہو سب بندر تو تمہارے ہی سمان ہونگے اور راچھس تو بڑے بیر اور بہت بلوان ہیں۔ ۶۔ یہہ تو میرے ہردے میں بڑا ہی سندیہہ ہے یہ سنکر ہنومان جی نے اپنا اصلی بدن سیتا جی کو دکھایا۔ ۷۔ سمیر پربت کے برابر تو بہت بڑا شریر ہے اور جدھ میں بھینکر اور بڑا رندھیر ہے — ۸۔ جب سیتا جی کے من میں بھروسا ہو گیا تب تو ہنومان جی پھر بہت چھوٹے ہو گئے۔ ۱۳۔ دوہا۔ اور بولے کہ ہے ماتا سنو ہم تو بندر ہیں ہمارے کچھ بل اور بدھ اتم نہیں ہے پرنت شری رام چندر سوامی کے پرتاپ سے گرڑ کو بھی بہت چھوٹا سا سانپ کھا سکتا ہے —

۱	من سنتوکھ سنت کپ بانی	بھگت پرتاپ تیج بل سانی
۲	آشش دینہہ رام پریہ جانا	ہوہ تات بل بدھ ندھانا
۳	اجر امر گن ندھ ست ہوہو	کرو بہت رگھنایک چھوہو
۴	کرو کرپا پربھ اس سن کانا	نربھر پریم مگن ہنومانا
۵	بار بار نائو پد سیشا	بولا بچن جوڑ کر کیشا
۶	سن ماتا موہ ات شبھ بھوکھا	لاگ دیکھ سندر پھل روکھا
۷	سن ست بپن کریں رکھواری	پرم سبھٹ رجنی چر بھاری
۸	تنکر بھی ماتا موہ ناہیں	جو تم سکھ مانو من ماہیں
۱۴۔ دوہا۔	دیکھ بدھ بل نپن کپ کہیو جانکی جاہ رگھپت چرن ہردے دھر تات مدھر پھل کھاہ	

۱۔ ایسی بھگت اور پرتاپ اور تیج اور بل سے پورن ہنومان جی کی بانی سنتے ہی سیتا جی کے من کو سنتوکھ ہو گیا۔ ۲۔ تب تو ہنومان جی کو شری رام چندر جی کا پرم پیارا جانکر یہہ آشیرباد دیا کہ ہے تات تم بل اور بدھ کے ندھان (خزانہ) ہوجاو — ۳۔ اجر ہو یعنی کبھی بوڑھے نہو اور امر ہو جاؤ اور سب گنوں کی کھان ہو جاو اور شری رام چندر سوامی سدا تم پر کرپا کرتے رہیں — ۴۔ سب آشیربادوں کے پیچھے جو یہہ آشیرباد دیا کہ شری رامچندر سوامی

سداتم پر کرپا کرتے رہیں شو آشیرباد سُنکر تو ہنومان جی بڑے پریم میں مگن ہو گئے ۔ ۵۔ بار بار سیتاجی کے چرنوں کو سِر نوایا اور ہاتھ جوڑ کر بولے کہ ۔ ۶۔ ہے ماتا سُنو مجھکو یہ سُندر پھل اور برچھوں کو دیکھکر بڑی ہی بھوکھ لگی ہے ۔ ۷۔ تب سیتاجی نے کہا کہ ہے پُتر سُنو اس بن کی رکھواری تو بڑے بڑے بھاری جودھا بہت راچھس لوگ کرتے ہیں ۸۔ یہہ سُنکر ہنومان جی نے کہا کہ ہے ماتا جو تم اپنے من میں سُکھ مانو تو اُنکا ڈر تو مجھکو کچھ بھی نہیں ہے ۔ ۱۔ دوہا ۔ تب تو سیتاجی نے ہنومان جی کو بل اور بدھ دونوں میں پورے جانکر کہہ دیا کہ جاؤ اور شری رام چندر جی کے چرن کمل ہردے میں دھر کر بے کھٹکے اس بن کے میٹھے میٹھے پھل کھاؤ ۔

۱ چلا نائے سِر پیٹھو باگا ۔ پھل کھائیس ترُ توڑن لاگا

۲ رہے تہاں بہُ بھٹ رکھوارے کچھ مارے کچھ جائے پکارے

۳ ناتھ ایک آوا کپ بھاری تِہہ اشوک باٹکا اجاری

۴ کھائیس پھل اَرُ بِٹپ اُکھارے رچھک مَرد مَرد مہہ ڈارے

۵ سُن راوَن پٹھیے بھٹ نانا تنہیں دیکھہ گرجا ہنومانا

۶ سب رجنی چر کپ سنگھارے گئے پکارت کچھ ادھ مارے

۷ پُن پٹھوا تیہہ اکشے کمارا چلا سنگ لے سُبھٹ اپارا

۸ آوت دیکھ بِٹپ گہہ ترجا تاہِ نپات مہا دھُن گرجا

۱۵۔ دوہا ۔ کچھ مارس کچھ مردس کچھ ملائس دھور
کچھ پُن جائے پکارے پربھو مرکٹ بل بھور

۱۔ جیون سیتاجی کی آگیا پائی ترنت ہی ہنومان جی سِر نوا کر چل دیے اور باغ میں گھُسے پہلے تو اگھائے کر من مانے پھل کھائے پھر تو سوامی کے کچھ لشکیہ کا نرج کرنے کے لئے برچھوں کو توڑنے لگے ۔ ۲۔ اور جو بڑے بڑے بیر راچھس لوگ اُس باغ کی رکھواری کرتے تھے سو تو کچھ ہنومان جی کے ہاتھ سے مارے گئے اور کچھ راون کے آگے جا کر پکار کرنے لگے کہ ۔ ۳۔ ہے ناتھ ایک بڑا بھاری بلوان بندر آیا ہے اُسنے ہمکو مار کر سب باغ اُجاڑ ڈالا ۔ ۴۔ پھل تو کھا لیے اور برچھ اُکھاڑ ڈالے اور رکھواروں کو مل مل کر زمین پر ڈال دیا ۔ ۵۔ یہہ سُنکر راون نے بہت سے جودھا انیک پرکار کے بھیجے اُنکو آتے دیکھکر ہنومان جی

بُہت ہی گرجے۔ ۶۔ اور اُن سبکو ہنومان جی نے مار ڈالا جو کچھ اَدھ مرے بھاگ گئے سو پھر راون کے پاس جا پکارے۔ ۷۔ تب تو راون نے اپنے پُتر اکش کُمار کو بھیجا سو بے گنتی جودھا اپنے ساتھ لیکر چلا۔ ۸۔ اُسکو آتے دیکھکر ہنومان جی ایک برچھ کو لیکر اُسکے اوپر دوڑے اور اُسی برچھ سے اُسکو مار کر بڑی زور سے گرجے۔ ۱۵۔ دوہا۔ اُنمین سے کچھ تو مارے اور کچھ مل ڈالے کچھ لاتون سے کچل کر دھول مین مِلا دِیے کچھ اَدھ مارے پھر جا پکارے کہ ہے ناتھ یہہ بندر تو بڑا ہی بلوان ہے۔

۱ سُت بَدھ سُن لنکیش رسانا ۔ پٹھئیس میگھ ناد بلوانا
۲ مارس جن سُت باندھیس تاہی ۔ دیکھون کپیش کہان کر آہی
۳ چلا اِندر جت اَتلت جودھا ۔ بندھ ندھن سُن اُپجا کرودھا
۴ کپ دیکھا دارن بھٹ آوا ۔ کٹ کٹاے گرجا اُر دھاوا
۵ رہے مہا بھٹ تہہ کے سنگا ۔ گہہ گہہ کپ مردے نج انگا
۶ تنھین نپات تاہ سن باجا ۔ بھرے جگل مانو گجراجا
۷ مُشٹک مار چڑھا ترجائی ۔ تاہ ایک چھن مُرچھا آئی
۸ اُٹھ بہور کینھس بہو مایا ۔ جیت نہ جاے پربھنجن جایا

۱۶۔ دوہا
برہم بان تب سانڈھیو کپ من کینھ بچار
جو نہ برہم شر مان ہون مہما گھٹے اپار

۱۔ اپنے پُتر اکش کا مارا جانا سُنکر راون نے بُہت ہی کرودھ کیا تب اپنے بڑے بیٹے مہا بلوان میگھ ناد کو بھیجا اور کہا کہ ۲۔ ہے پُتر اس بندر کو تم مارنا تو نہین پرنتُ جیتا ہی پکڑ لانا کیونکہ مین تو دیکھون کہ کہان کا بندر ہے اور کسکا بھیجا ہوا ہے۔ ۳۔ پتا کی یہہ آگیا پا کر مہا بلوان جودھا میگھ ناد چلا اور اپنے بھائی کا مارا جانا سُنکر بڑا کرودھ کیا۔ ۴۔ جب ہنومان جی نے دیکھا کہ اب تو بڑا بھاری جودھا آیا تب اپنا بانری کٹ کٹا شبد کر کے گرجے اور اُٹھ دوڑے۔ ۵۔ جو اسکے ساتھ بڑے بڑے جودھا تھے اُنکو تو ہنومان جی نے پکڑ پکڑ کر اپنے انگ ہی سے مل ڈالے۔ ۶۔ اُنکو مار کر میگھ ناد سے جا بھڑے تو دونون اپنا اپنا بل کر کر کیسے لڑنے لگے جیسے دونون گجراج ہی ہین ۷۔ پھر تو ہنومان جی میگھ ناد کی چھاتی پر ایک گھونسا مار کر برچھ کے اوپر چڑھ گئے کیونکہ میگھ ناد کو ایک چھن بھر مورچھا آگئی تھی۔ ۸۔ پھر تو اسنے اُٹھکر بہت طرح کی راچھسی مایا کی

جب کسی طرح ہنومان جی کو میگھ ناد نہ جیت سکا۔ ۱۶۔ دوہا۔ تب تو اسنے برہم بان کا پریوگ کرکے سندھان کیا۔ (یعنی برہما جی کا دیا ہوا تیر کمان پر چڑھایا۔) تب ہنومان جی نے سوچا کہ جو میں اس برہم بان کو نہیں مانتا ہوں تو اسکی جو اپار مہما ہے وہ گھٹ جائیگی—

۱	برہم بان تب کپ کا مارا	پرتی بار کٹک سنگھارا
۲	تہہ دیکھا کپ مرچھت بھیو	ناگ پھانس باندھس لے گیو
۳	جاس نام جپ سنو بھوانی	بھو بندھن کاٹین نر گیانی
۴	تاس دوت کہ بندھن آوا	پربھ کارج لگ آپ بندھاوا
۵	کپ بندھن سن نسچر دھائے	کوتک لاگ سبھا سب آئے
۶	دسمکھ سبھا دیکھ کپ جائی	کہہ نہ جائے کچھ اتے پربھتائی
۷	کر جوڑے سر دسپ بنیتا	بھرکٹ بلوکین سکل سبھیتا
۸	دیکھ پرتاپ نہ کپ من سنکا	جم اہ گن مانہ گرڑ اسنکا

۱۷۔ دوہا۔

کپہہ بلوک دسانن بہسا کہا در باد

ست بدھ سرت کینہہ تب اپجا ہردے بکھاد

۱۔ جب برہم بان سے میگھ ناد نے ہنومان جی کو مارا تب گرتی بار بھی ہنومان جی نے فوج کو مارا۔ ۲۔ جب میگھ ناد نے جانا کہ بندر مرچھا کھا کر گرا تب سوچا کہ ایسا نہو کہ یہہ مر جاوے تب تو وہ ہنومان جی کو ناگ پھانس میں باندھکر راون کے پاس لے گیا۔ ۳۔ ہے پاربتی سنو جس سوامی کا نام ہی جپ کر گیانی لوگ مہا کٹھن بندھن روپی سنسار سے چھوٹ جاتے ہیں۔ ۴۔ اس سوامی کا دوت بھلا کیسے کسی کے بندھن میں آسکتا ہے ہنومان جی نے اپنے سوامی کے کارج کرنے کے لیے اپنے کو آپ ہی بندھائے دیا۔ ۵۔ بندر کا بندھ جانا سنتے ہی سب راچھس دوڑے دیکھنے کے لیے راج سبھا میں آئے۔ ۶۔ راون کی سبھا کو ہنومان جی نے جا کر دیکھا جسکے ٹھاٹھ کچھ کہے ہی نہیں جاتے ہیں۔ ۷۔ ہاتھ جوڑے ہوئے سب دگپال ارتھات اندر برن کبیر جمراج آد سب دیوتا جسکے آگے کھڑے ہیں اور بہت ڈرے ہوئے اسی کی بھرکٹی بلاس (جنبش ابرو) کو دیکھ رہے ہیں۔ ۸۔ ایسا مہا پرتاپ بھی دیکھ کر ہنومان جی کے من میں کچھ ڈر نہوا جیسے بہت سے سانپوں میں بھی گرڑ جی نڈر ہوتے ہیں۔

۱۷ دوہا ہنومان جی کو آیا ہوا دیکھکر راون نے ہنسکر کچھ دربچن کہے پھر تو اپنے بیٹے

اکشے کمار کا مارا جانا یاد کرکے کلیجے مین شول ہی ہو گیا۔

۱	کہہ لنکیش کون تین کیشا	کیہہ کے بل گھالیس بن کھیشا
۲	کی دھون شرون سنا نہین موہین	دیکھون اَت اَشنک سٹھ توہین
۳	مارے نسچر کیہہ اپرادھا	کہہ سٹھ توہ نہ پران کی بادھا
۴	سن راون برہمانڈ نکایا	پائے جاس بل برچت مایا
۵	جیہہ بل شیش دھرت سہسانن	انڈ کوش سمیت گر کانن
۶	جاکے بل برنچ ہر ایشا	پالت سرجت ہرت دس شیشا
۷	ہر کودنڈ کٹھن جیہہ بھنجا	تیہہ سمیت نرپ دل مد گنجا
۸	کھر دوکھن ترسرا ار بالی	بدھے سکل اتلت بل شالی

۱۸۔ دوہا۔

جاکے بل لولیش تے جیتو چر اچر جھار
تاس دوت مین جاس تم ہر آنیو پریہ نار

۱۔ راون نے کہا کہ ارے بندر تو کون ہے اور کسکے بل سے میرا بن تو نے اجاڑ دیا۔ ۲۔ کیا تو نے مجھکو کانون سے نہین سنا تھا مین تجھکو بہت ہی نڈر دیکھتا ہون۔ ۳۔ اور تو نے راچھس کون اپرادھ سے مارے کیا تجھکو اپنے پرانون کا ڈر نہین ہے۔ ۴۔ ہنومان جی نے کہا کہ سن راون مین اس اپار بل ساگر بلوان کا دوت ہون جسکے بل کو پا کر جگت مول مایا بہت سے برہمانڈ (دنیا) کو پیدا کیا کرتی ہے۔ ۵۔ پھر جسکے بل سے جگت آدھار شیش جی اپنے ہزار پھنون پر پہاڑ اور جنگل سمیت اس ساری پرتھوی کو لیے ہوئے ہین۔ ۶۔ اور جسکے بل سے برہما جی جگت کو پیدا کرتے ہین اور شری شو جی سنگھار کرتے ہین تیسے ہی آپ ہی وشن روپ ہو کر اپنے پرسوروپ کے بل سے پالن کرتے ہین۔ بھوک سین سنگھتا کا اشلوک۔

श्लो. चतुमुखस्तुभगवान्स्टष्टिकार्येनियोजितः। शंकराख्यो महायोगी संहारेविनियोजितः॥ पालनायस्वयंचैवप्रादुरासीत्तदाहरिः ॥ + ॥

اشلوک کے ارتھ۔ ہرنارائن نے جگت رچنے کے لیے برہما جی کو مقرر کیا اور سنگھار کے لیے مہاجوگی شری شو جی مہاراج کو مقرر کیا اور پالنے کے لیے آپ ہی پرگٹ ہوئے۔ ۷۔ جسنے شری شو جی مہاراج کے مہا کٹھن دھنش کو توڑا ہے اور اُسکے سمیت سب راجاؤن کا گھمنڈ توڑ ڈالا ہے۔ ۸۔ اور تیرے بھائی ترشرا اور کھر اور دوکھن اور تیرے ہی متر بال

مہابلیوان کو مارا ہے۔ ۱۸۔ دوہا۔ اور اُسی کے بل کے لویلیش کو پاکر تو نے بھی سب چراچر جیوون کو جیت لیا ہے اُسی کا مین دوت ہون، اور اُسی کا بل رکھتا ہون جسکی تو پرم پیاری ناری (ارتھات سیتاجی) کو چرا لایا ہے۔

۱ جانت مین تمھار پربھتائی — سہس باہُ سن پری لرائی
۲ سمر بال سن کر جس پاوا — سن کپ بچن بہنس بہلاوا
۳ کھائون پھل موہ لاگی بھوکھا — کپ سوبھاوتے توریون روکھا
۴ جن موہ مارا تن مین مارا — تا پر باندھیو پتر تمھارا
۵ موہ نہ کچھ باندھے کی لاجا — کینھ چہون نج پربھ کر کاجا
۶ بنتی کرون جور کر راون — سنو مان تج مور سکھاون
۷ جاکے ڈر ات کال ڈرائی — جو سر اسر چر اچر کھائی
۸ تا سن بیر کبھون نہین کیجے — موہ کے کہے جانکی دیجے

۱۹۔ دوہا۔
پرنت پال رگھونش من کرونا سندھ کھرار
شرن گئے پربھ راکھ ہین تو اپرادھ بسار

۱۔ تیری پربھتا کو تو مین اچھی طرح سے جانتا ہون سہسر اباہُ کو جیسا کچھ تو نے جیتا ہے سو کیا مین نہین جانتا ہون۔ ۲۔ پھر ہمارے راجا بال سے جدھ کر کے جیسا جس پایا سو بھی مین جانتا ہون راون نے ہنومان جی کے ایسے بچن سُنکر ہنسی ہی مین اُڑا دیے۔ ۳۔ آیا تو مین تیرے یہان تھا کھانے کو کسلئے گھر جاتا بھوکھ لگنے پر تیرے ہی باغ کے پھل کھائے اور اپنی ذات کے سوبھاو سے برچھ توڑ ڈالے۔ ۴۔ اور جنھون نے مجھکو مارا انکو مین نے بھی مارا تسپر تمھارے پتر میگھناد نے مجھکو باندھا ہے اتنا زیادہ کیا اسکا بدلا لینا، ہے ۵۔ اور مجھکو تو کچھ باندھنے کی لاج بھی نہین ہے کیونکہ جیسے ہو ویسے اپنے مالک کا کام کیا چاہتا ہون۔ ۶۔ اس سے ہے راون مین تجھسے ہاتھ جوڑ کر بنتی کرتا ہون ابھمان کو چھوڑ کر میرا سکھاون سن کہ۔ ۷۔ جنکے ڈر سے کال بھی ڈرتا ہے جو کال سب جیوون کو کیا دیوتا کیا راچھس کیا چر کیا اچر سب جگت کو کھا لیتا ہے۔ ۸۔ اُس سے ہے راون کبھی بیر کرنا نچاہیے اس سے میرے کہنے سے تو سیتاجی کو دے دے۔ ۱۹۔ دوہا۔ شری رام چندر سوامی پرنت پال (عاجز نواز) اور دیا کے سمدر ہین جب تو سیتاجی کو لیکر انکی شرن مین جائیگا

تب تو شری رام چندر سوامی تیرے سب اپرادھون کو بھُلا کر تیری رچھا ہی کرینگے۔

۱	جدپ کہی کپ اَت ہت بانی	بھگت ببیک دھرم نے سانی
۲	بولا بہنس مہا ابھمانی	ملا ہمہین کپ بڑ گرُ گیانی
۳	مِرت نکٹ آئی کھل توہین	لاگیس ادھم سکھاون موہین
۴	الٹا ہوئے کہا ہنو مانا	مت بھرم پرگٹ تور مین جانا
۵	سن کپ بچن کہت کھسیانا	بیگ نہ ہرہو موڑھ کے پرانا
۶	سُنت نشاچر مارن دھائے	سچون سہت ببھیکھن آئے
۷	ماتھ نائے کر بنی بہوتا	نیت برودھ نہ ماریے دوتا
۸	آن ڈنڈ کچھ کریے گسائین	سب ہی کہا منتر بھل سائین

۲۰۔ دوہا۔
کپ کی ممتا پوچھ پر سب ہی کہا سمجھاے
تیل بور پٹ باندھ پُن پاوک دیہہ لگاے

۱۔ جدپ ہنومان جی نے راون کے بھلے کی اور بھگت گیان بیراگ دھرم نیت کی بھری ہوئی بات کہی۔ ۲۔ پرنتُ اسکو سُنکر بڑا ابھمانی راون نے بہت ہنسا اور بولا کہ آج تو ہمکو یہہ بندر کیا ہی بڑا گیانی گرو ملا ہی۔ ۳۔ ارے مورکھ تیری موت پاس آ گئی ہی تو مجھکو سکھاتا ہی۔ ۴۔ تب ہنومان جی نے کہا کہ موت تو آئی ہی پرنتُ تیری ہی آئی ہی اور تو الٹی میری بتاتا ہی اِس سے مین نے جانا کہ ٹھیک ٹھیک تیری مت کا بھرم ہی۔ ۵۔ ایسے بچن ہنومان جی کے سنکر راون کھسیاے گیا اور بولا کہ کوئی ہی نہین اسکو جلد ہی کیون نہین مار ڈالتا ہی۔ ۶۔ راون کے بچن سنتے ہی راچھس مارنے کو دوڑے اتنے مین منتریون سمیت ببھیکھن آ گئے۔ ۷۔ راون کو شیش نوا کر اور بڑی بنتی کرکے بولے کہ ہے مہاراج نیت کے برُدھ (یعنی انصاف کے خلاف) دوت (یعنی ایلچی) کو مارنا نچاہیے۔ ۸۔ اور ہی کچھ ڈنڈ دیجیے یہ سنکر سبھا کے سب لوگون نے کہا کہ ہے مہاراج یہی صلاح اچھی ہی۔ ۲۰۔ دوہا۔ تب تو راون نے سب کو سمجھا کر کہا کہ بندر کو اپنی پوچھ پیاری ہوتی ہی اس سے ایک کام کرو کہ تیل مین کپڑا ڈبو ڈبو کر اسکی پوچھ مین باندھو اور لنکا مین سب طرف پھرا کر آگ اسکی پوچھ مین لگا دو۔

(یہہ دوسرا ونشک سندر کانڈ کا ہوا)

۱ جات دھان سن راون بچنا لاگے رچن موڑھ سوئی رچنا
۲ رہانہ نگر بسن گھرت تیلا باڑھی پوچھ کینھ کپ کھیلا
۳ باجہن ڈھول دینہہ سب تاری نگر پھیر پن پوچھ پرجاری
۴ پاوک جرت دیکھ ہنومنتا بھئیو پرم لگھو روپ ترنتا
۵ ٹھمک چڑھیو پن کنک اٹاری بھئین سبھیت نشاچر ناری
۶ دیہہ بشال پرم ہروائی مندر تے مندر پر جائی
۷ جارا نگر نمکھ اک ماہین ایک بھبیکھن کر گرہ ناہین
۸ الٹ پلٹ لنکا سب جاری کود پرا پن سندھ منجھاری

۲۱- دوہا-
پوچھ بجھائی کھوئے شرم دھر لگھو روپ بہور
جنک ستا کے آگے ٹھاڑھ بھئیو کر جور

۱- جات دھان ارتھات راچھس لوگ راون کے بچن سنکر مہا موڑھ وہی رچنا رچنے لگے ۲- جیسے جیسے ہنومان جی کی پوچھ مین چکنے چکنے کپڑے باندھتے جاتے ہین ویسے ویسے ہنومان جی اپنی پوچھ بڑھاتے جاتے ہین یہانتک کہ لنکا بھر مین نہ تو کہین کپڑا باقی رہگیا نہ تیل گھی باقی رہگیا ایسا کھیل ہنومان جی نے کیا ۳- پھر تو سب راچھس لوگ ڈھول بجاکر تاڑی دینے لگے اس طرح ہنومان جی کو لنکا مین چارون طرف گھماکر راج دربار مین لاکر پوچھ مین آگ لگادی ۴- آگ کو پوچھ مین جلتی ہوئی دیکھکر ہنومان جی ترنت ہی بہت چھوٹے سے ہوگئے ۵- اور کود کر سندر سونے کے محلون پر چڑھ گئے سو دیکھتے ہی راچھسی استریان ڈر گئین ۶- پھر بشال روپ ہوکر بڑی بڑائی (یعنی شوبھا) سے ایک محل سے دوسرے محل پر جاجاکر ۷- پل بھر مین سب لنکا کو جلادیا ایک بھبیکھن کا گھر بچا دیا ۸- اس طرح ہنومان جی نے الٹ پلٹ کر لنکا کو جلادیا پھر سمندر مین کود پڑے ۲۱- دوہا- پوچھ کو بجھاکر اور تھکن کو مٹاکر پھر چھوٹا روپ رکھکر سیتاجی کے سامنے آکر ہاتھ جوڑ کر کھڑے ہوگئے

۱ مات موہ دیجے کچھ چینھا جیسے رگھنایک موہ دینھا
۲ چوڑامن اتار تب دینھی ہرکھ سمیت پون ست لینھی
۳ کہیو تات اس موہ پرناما سب پرکار پربھ پورن کاما
۴ دین دیال برد سنبھاری ہرو ناتھ مم سنکٹ بھاری

۵ تات شکر سُت کتھا سُناوُ ۔ بان پرتاپ پربھُ سمجھاوُ
۶ ماس دوس مانہہ ناتھ نہ آوین ۔ تو پُن موہ جیت نہین پاوین
۷ کہہ سُت کہہ بدھ راکھون پرانا ۔ تم ہوں تات کہت اب جانا
۸ توہ دیکھ سیتل بھئی چھاتی ۔ پُن موکا سوئی دِن سوئی راتی

۲۲۔ دوہا
جنک سُتہ سمجھائے کر بہُ بدھ دھیرج دینھ
چرن کمل سر نائے کپ گون رام پہان کینھ

۱۔ بڑی آدھینتا سے ہاتھ جوڑ کر بولے کہ ہے ماتا آپ بھی مجھکو یہان آنے کی کچھ چنہہ یعنی نشانی دیجیے جیسے رگھوناتھ سوامی نے مجھکو دی ہے ۔ ۲۔ تب تو سیتا جی نے اپنے ماتھے پر سے چوڑامن اُتار کر ہنومان جی کو دے دیا اور کہا کہ ۔ ۳۔ ہے تات سوامی سے پرنام کہنا اور یہ کہنا کہ آپ تو سب پرکار سے پرپورن کام ہین ۔ ۴۔ پرنتُ اپنا دین دیال سوبھاو سمجھکر ہے ناتھ میرے اِس سنکٹ کو ہر لین ۔ ۵۔ اور ہے تات ایک مین تمسے اِندر کے پُتر جینت کی کتھا کہتی ہون وہ تم سوامی سے کہنا اور بان کا پرتاپ سوامی کو سمجھانا جسکے سُنتے ہی سوامی کو تمہارے یہان آنے کی پرتیت ہو جائیگی کیونکہ اِس چرتر کو میرے اور سوامی کے سِوائے اور کوئی نہین جانتا ہے ۔ ۶۔ اور یہ بھی کہنا کہ جو مہینے بھر مین سوامی یہان نہ آوینگے تو پھر مجھکو جیتا نہ پاوینگے ۔ ۷۔ ہے پُتر کہو اب مین اپنے پران کون بدھ سے راکھون تم بھی اب یہان سے جانا چاہتے ہو ۔ ۸۔ تمکو دیکھکر میرا کلیجا ٹھنڈا ہوا تھا اب تو مجھکو پھر ویسے ہی دِن اور ویسی ہی راتین ہونگی یہ کہکر سیتا جی چپ ہو گئین ۔ ۲۲۔ دوہا ۔ تب تو ہنومان جی نے سیتا جی کو سمجھا کر بہت طرح سے دھیرج دیا اور اُنکے چرن کمل کو پرنام کر کے شری رام چندر سوامی کے پاس چلے ۔

۱ چلت مہا دھن گرجا بھاری ۔ گربھ سترون سن نسچر ناری
۲ ناگھ سندھ ہہ پارہ آوا ۔ سبد کلاکِل کپن سُناوا
۳ ہرکھے سب بلوک ہنوماتا ۔ نوتن جنم کپن تب جانا
۴ مکھ پرسن تن تیج براجا ۔ کینھس رام چندر کر کاجا
۵ ملے سکل اَت بھئے سکھاری ۔ تلپھت مین پائے جِم باری
۶ چلے ہرکھ رگھونایک پاسا ۔ پوچھت کہت نول اتہاسا

٧ تب مدھوبن بھیتر سب آئے — انگد سہت مدھو پھل کھائے
٨ رکھوارے جب برجن لاگے — مشٹ پرہار ہنت سب بھاگے

۲۳۔ دوہا — جائے پکارے تے سکل بن اُجار جُوراج
سُن سُگریو ہرکھ اَت کر آئے پربھ کاج

۱۔ چلتی بار ہنومان جی اس زور سے گرجے کہ جسکو سنکر راکھشون کی استریون کے گربھ گرنے لگے۔ ۲۔ سمندر کو نانگھ کر اس پار آئے اور اپنا بانری کلکلا شبد سب بندرون کو سنایا ۳۔ ہنومان جی کو دیکھتے ہی سب پرسن ہو گئے اور تب اپنا نیا جنم سب بندرون نے مانا۔ ۴۔ سب کے مکھ پرسن ہو گئے اور تن مین تیج آگیا کیونکہ شری رام چندر جی کا کارج کر لیا۔ ۵۔ اُٹھ اُٹھکر سب ہنومان جی کو ملے اور کیسے سکھی ہو گئے جیسے تلملتی ہوئی مچھلی کو پانی ملجائے ۶۔ پھر تو پرسن ہو کر شری رام چندر جی کے پاس چلے راہ مین نئے نئے اتہاس کہتے سنتے چلے جاتے تھے۔ ۷۔ تب تو سب بندر مدھو بن مین آپہونچے تہان انگد سمیت سبنے میٹھے میٹھے پھل کھائے۔ ۸۔ رکھوارے روکنے لگے تو انکو گھونسا مار مار کر بھگا دیا۔ ۲۳ دوہا سو سب رکھوارے سگریو کے پاس جا پکارے کہ ہے مہاراج جوراج انگد نے آکر سب بن اُجاڑ دیا یہ سنتے ہی سگریو کے من مین بڑا ہی آنند ہوا کہ سوامی کا کام کر آئے۔

۱ جو نہ ہوت سیتا سُدھ پائی — مدھو بن پھل سکت نہ کھائی
۲ یہہ بدھ من بچار کر راجا — آئے گئے کپ سہت سماجا
۳ آئے سبن نائے پد سیشا — ملے سبہی اَت پریم کپیشا
۴ پوچھی کشل کشل پد دیکھی — رام کرپا بھا کاج بسیکھی
۵ ناتھ کاج کینھو ہنومانا — راکھے سکل کپن کے پرانا
۶ سن سگریو بہر تیہہ ملیو — کپن سہت رگھپت پہان چلیو
٧ رام کپن جب آوت دیکھا — کیے کاج من ہرکھ بسیکھا
٨ پھٹک سلا بیٹھے دوؤ بھائی — پرے سکل کپ چرنن جائی

۲۴۔ دوہا — پریت سہت سب بھینٹے رگھوپت کرنا پنج
پوچھی کشل ناتھ اب کشل دیکھ پد کنج

۱۔ جو سیتا جی کی خبر نہ پائی ہوتی تو میرے مدھو بن کے پھل کون کھا سکتا تھا۔ ۲۔ اس طرح

سگریو اپنے من مین بچار کرتے ہی تھے کہ سب بندر سماج سمیت اُنکے پاس آگئے ۔ ۳ ۔ سب نے آکر راجا سُگریو کے چرنون کو سر نوایا اور سُگریو سب کو بڑے آدر پریم سے ملے ۔ ۴ ۔ کُشل پوچھی تب سب نے کہا کہ آپ کے چرن کُشل دیکھنے سے ہم سب کی کُشل ہے اور شری رام چندر جی کی کرپا سے سوامی کا کارج بھی سدھ ہوگیا ۔ ۵ ۔ ہے ناتھ یہہ کارج ہنومان جی نے کیا اور ہم سب کو جیوداں دیا ۔ ۶ ۔ یہہ سنکر سُگریو پھر ہنومان جی کو ملے اور سب ملکر شری رام چندر جی کے پاس چلے ۔ ۷ ۔ شری رام چندر جی نے سب بندرون کو آتے دیکھا کہ کارج کیے ہوئے بڑے پرسن چلے آتے ہین تو شری رام چندر جی کو بھی بڑا آنند ہوگیا ۔ ۸ ۔ سُندر پھٹک شلا کے اوپر دونون بھائی بیٹھے تھے تہان سب بندر چرنون پر جا گرے ۔ ۲۴ ۔ دوہا ۔ تب تو بڑی پریت سمیت کرپا کے راشی شری رام چندر جی سب کو ملے اور کُشل پوچھی سب نے کہا کہ آپ کے چرن کمل کُشل دیکھکر ہم سب کی کُشل ہے ۔

۱	جاموَنت کہا سُن رگھورایا	جاپر کرو ناتھ تم دایا
۲	تاہ سدا شُبھ سکل نرنتر	سُر نر مُن پرسن تہہ اُوپر
۳	سوئی بجئی بنئی گُن ساگر	تاس سُجس ترلوک اُجاگر
۴	پربھ کی کرپا بھئیو سب کاجو	جنم ہمار سپھل بھا آجو
۵	ناتھ پون سُت کینہ جو کرنی	سہس ہُدن سون جائے نہ برنی
۶	پون تنے کے چرت سُہائے	جاموَنت رگھوپتہ سُنائے
۷	سُنت کرپا ندھ کے من بھائے	پُن ہنومنت ہرکھ ہیئے لائے
۸	کہو تات کہہ بھانت جانکی	رہت کرت رچھا سو پران کی

۲۵ ۔ دوہا ۔

نام پاہرو دوس نس دھیان تمہار کپاٹ
لوچن نج پد جنترت پران جاین کہہ باٹ

۱ ۔ جاموَنت نے کہا کہ ہے سوامی سُنئے جسپر آپ کرپا کرین ۔ ۲ ۔ اُسکو تو ہمیشہ ہر وقت کلیان ہی ہوتا ہے اور سُر نر مُن سب اُسپر سدا پرسن ہی رہتے ہین ۔ اشلوک ۔ پرسنو یدگوبنداہ پرسناہ سُرب دیوتاہ ۔ ۳ ۔ سوئی اس سنسار مین بجے اور بڑائی اور نیت اور گُن کا ساگر ہوتا ہے اور اُسکا سُجس تینون لوک مین پرسدھ ہوتا ہے ۔ ۴ ۔ سو یہہ کارج تو آپ ہی کی کرپا سے ہوا ہے اور ہم سب کا جنم بھی آج ہی سپھل ہوا ہے ۔ ۵ ۔ پرنتو ہے ناتھ اب جو کرنی ہنومان جی نے

کی ہے سو تو ہزار مُکھ سے بھی نہین کہی جاتی ۔ ۶۔ ایسے کہکر پھر تو جاموَنت نے سب چرتر ہنومان جی کے شری رام چندر جی کو کہہ سُنائے ۔ ۷۔ سو تو سُنتے ہی کرپاندھان شری رامچندر جی کے مَن کو بہت بھائے اور پرسنّ ہوکر پھر کر ہنومان جی کو ہردے سے لگایا ۔ ۸۔ اور بولے کہ ہے تات کہو تو کون بھانت سے سیتا جی اپنے پران کی رچھّا کرتی رہتی ہین ۔

۲۵۔ دوہا۔ ہنومان جی نے کہا کہ ہے سوامی سُنیے کہ سیتا جی نے آپ کے درشن کے لیے اپنے پرانون کی رچھّا کے واسطے آپکا نام تو دن رات پہرا کیا ہے اور آپکے دھیان کے کواڑے لگائے رہتی ہین اور آنکھون کو اپنے ہی چرنون پر لگائے رہتی ہین سوئی مانو شرنکھلا (یعنی زنجیر) ہے اس طرح اپنے پران روک رکھے ہین ۔

۱	چلت موہِ چوڑامنِ دِینھی	رگھُپت ہردَی لاے سو لینھی
۲	ناتھ جگل لوچن بھر باری	بچن کہیو کچھ جنک کماری
۳	انج سمیت گہیو پربھ چرنا	دین بندھو پرنت آرت ہرنا
۴	من کرم بچن چرن انراگی	کیہ اپرادھ ناتھ موہ تیاگی
۵	اوگن ایک مور مین جانا	بچھڑت کینھ نہ پران پیانا
۶	ناتھ سو نینن کر اپرادھا	نسرت پران کرت ہٹھ بادھا
۷	برہ انل تن تول سمیرا	شواس جرے چھن ماہنہ شریرا
۸	نین سروین جل نج ہت لاگی	جرے نہ پاو دیہ برہ آگی

۲۶۔ دوہا۔	نمکھ نمکھ کرونانین جاین کلپ سم بیت بیگ چلیے سنیہ آنیے بھج بل کھل دل جیت

۱۔ چلتے سمے مجھکو یہہ چوڑامن (سر کا زیور) دی ہے سو تو شری رام چندر جی نے لیکر ہردے سے لگا لیا ۔ ۲۔ ہے ناتھ سیتا ماتا نے اپنے دونون نیترون مین جل بھر کے کچھ بچن بنتی کے کہے ہین ۔ ۳ و ۴۔ لچھمن جی سہت آپ کے چرن چھوے ہین اور یہہ کہا ہے کہ ہے دین بندھو ہے شرناگت کے دُکھ ہرنے والے مین منسا باچا کرمنا سے آپکے چرنون کی انراگی ہون پھر مجھکو آپنے کس اپرادھ سے تیاگ دیا ہے ۔ ۵۔ ہان ایک اوگن اپنا تو مین جانتی ہون کہ آپکے بچھڑتے سمے میرے پران نہین چلے گئے ۔ ۶۔ سو ہے ناتھ یہہ آنکھون کا قصور ہے میرا قصور نہین کیونکہ پران نکلتے سمے آنکھین ہٹھ کرکے روکتی ہین (یعنی درشن کے چاہنے مین) درشن کی تمنا

پران کو نکلنے نہین دیتے ہین) ۷- آپکا برہ تو اگن ہے اور میرا بدن روئی ہے اور سانس پون ہے ایک چھن مین شریر کو جلائے دیتا ہے ۸- پرنتُ آنکھین اپنے بھلے کے لیے پانی سینچ دیتی ہین اس سے تن برہ کی اگن سے جلنے نہین پاتا ہے- ۲۶- دوہا- ہے دیاندھان سوامی سیتاجی کو ایک ایک پل ایک ایک کلپ کے برابر جاتا ہے اس سے جلد ہی چلیے ہے سوامی دشمن کو اسکی فوج سمیت اپنے باہو بل سے جیت کر سیتاجی کو لے آئیے-

۱ سن سیتا دکھ پربھو سکھ اینا — بھر آئے جل راجو نینا
۲ بچن کاے من مم گت جاہی — سپنیو بپت کہ بوجھیے تاہی
۳ کہا ہنومنت بپت پربھو سوئی — جب تو سمرن بھجن نہ ہوئی
۴ کتک بات پربھو جاتو دھان کی — رپُہ جیت آنیے جانکی
۵ سن کپ توہ سمان اپکاری — نہین کوئی سر نر من تن دھاری
۶ پرت اپکار کرون کا تورا — سنمکھ ہوئی نہ سکت من مورا
۷ سن کپ توہ ارن مین ناہین — دیکھیون کر بچار من ماہین
۸ پن پن کپہ چتو سرترا تا — لوچن سجل پلک اتِ گاتا

۲۷- دوہا-
سن پربھو بچن بلوک مکھ گات ہرکھ ہنومنت
چرن پرئو پریم آکل تراہ تراہ بھگونت

۱- سیتاجی کا دکھ سنتے ہی آنند ندھان شری رام چندر جی کے کمل ایسے نیتر جل سے بھر آئے ۲- اور سوچنے لگے کہ جس میرے بھگت کو بچن اور کرم اور من سے میری ہی گت (یعنی میرا ہی بھروسا) ہو اسکو کیا سپنے مین بھی بپت ہونی چاہیے ۳- اس طرح شری رام چندر جی کو سوچ کرتے ہوئے دیکھکر ہنومان جی نے کہا کہ ہے سوامی بپت تو وہی ہوتی ہے جب اس جیو سے آپکا بھجن اور سمرن نہو سکے- اشلوک-

श्लोक ॥ यद्दिनं भगवन्नाम कथा पीयूष वर्जितम् तद्दिनं दुर्दिनं मन्ये वर्षा वातेन दुर्दिनम् ॥ ✣ ॥ ✣ ॥ ✣ ॥ ✣ ॥ ✣ ॥ ✣ ॥

سو سیتاجی تو نت آپکا بھجن اور اسمرن کرتی رہتی ہین انکو کون بپت ہے ۴- اور جو آپ اسکو بپت مانتے ہین تو راچھسون کی کتنی بات ہے جلدی دشمن کو جیت کر سیتاجی کو لے آئیے ۵- تب تو شری رام چندر جی نے کہا کہ ہے ہنومان جی سنو تمہارے برابر اپکاری سر نر من ا

شریر دھاری لوگون مین کوئی بھی تو نہین ہی۔ ۶۔ اِس اُپکار کا بدلا دینے کو میرا من بھی تو سامنا نہین کر سکتا ہی۔ ۷۔ مین نے بچار کر دیکھا کسی طرح مین تمسے اُرِن نہین ہو سکتا۔ ۸۔ شری رام چندر جی بار بار ہنومان جی کو دیکھتے تھے نیتر تو جل سے بھرے تھے اور شریر پلکت ہو رہا تھا۔ ۲۷۔ دوہا۔ ایسے بچن شری رام چندر جی کے سنکر اور اُنکا مکھار بند دیکھکر شری ہنومان جی کا انگ انگ پرسن ہو گیا اور تراہ تراہ کر شری رام چندر جی کے چرنون پر گر کر پریم مین بیاکل ہو گئے

۱ پربھ پنکج کپ کر شیشا ۔ سُمِر سو دشا مگن گوریشا
۲ ساودھان پُن من کر شنکر ۔ لاگے کہن کتھا اَت سندر
۳ کپ اُٹھاے پربھ ہردے لگاوا ۔ کر گہہ پرم نکٹ بیٹھاوا
۴ کہہ کپ راون پالت لنکا ۔ کہہ بدھ دہیو دُرگ اَت بنکا
۵ پربھ پرسن جانا ہنومانا ۔ بولا بچن بگت ابھمانا
۶ شاکھامرگ کی اَت منسائی ۔ شاکھا تے شاکھا پر جائی
۷ لانگھ سندھو ہاٹک پر جارا ۔ نسچر گن بدھ بپن اُجارا
۸ سو سب تو پرتاپ رگھورائی ۔ ناتھ نہ کچھ موری منسائی

۲۸۔ دوہا۔
ناکا پربھ کچھ اگم نہین جاپر تم انکول
تو پرتاپ بڑوانلہہ جار سکے کھل تول

۱۔ شری رام چندر جی کے تو چرن اور ہنومان جی کا مستک اِس پرم لابھ کی دشا کو یاد کرکے گوریش گرجاپت شری شیو جی مہاراج بھی پریم مین مگن ہو گئے کیونکہ ہنومان جی کا اوتار تو انھین کے انش سے ہی۔ ۲۔ پھر تو من کو ساودھان کر کے اَت سندر کتھا کہنے لگے۔ ۳۔ سنو ہے پاربتی ہنومان جی کو شری رام چندر جی نے اُٹھا کر اپنے ہردے سے لگا لیا اور ہاتھ پکڑ کر بہت ہی پاس بیٹھا کر پوچھنے لگے کہ۔ ۴۔ کہو تو ہے ہنومان راون کی پالی ہوئی مہا دُرگم (نہایت دشوار گذار) بڑی بانکی لنکا کو تمنے کیسے جلا دی۔ ۵۔ اِس پرکار جب شری رام چندر جی کو بہت پرسن جانا تب تو ہنومان جی ابھمان سے رہت بچن بولے کہ۔ ۶۔ ہے سوامی سنیے مین تو بندر ہون میری بڑی منسائی یہی ہی کہ ایک ڈار سے دوسری ڈار پر کود کر چلا جاؤن۔ ۷۔ یہ جو سمندر نانگھ گیا اور لنکا جلا دی اور راچھسون کو مار ڈالا بن اُجار ڈالا۔ ۸۔ سو یہ تو سب آپ کے پرتاپ ہی نے کیا ہی ہے ناتھ اسمین تو میری منسائی (یعنی جوان مردی) کچھ بھی نہین ہی۔ ۲۸۔ دوہا۔ ہے ناتھ

سُنیے اُسکو تو کوئی بات کٹھن نہیں ہے جسپر آپ پرسن ہوں آپ کے پرتاپ سے تو بڑوانل کو (یعنی بڑی بھاری آگ جو سمندر میں رہکر سمندر کو شوکھا کرتی ہے اُسکو بھی) روئی بھی جلا سکتی ہے

۱	ناتھ بھگت اَت سُکھ دائنی	دیہہ کرپا کر اَن پاینی
۲	سُن پربھ پرم سرل کپ بانی	ایومستُ تب کہیو بھوانی
۳	اُما رام سُبھاؤ جیہ جانا	تاہ بھجن تج بھاؤ نہ آنا
۴	یہہ سمباد جاس اُر آوا	رگھپت کرپا بھگت تہہ پاوا
۵	سُن پربھ بچن کہت کپ برندا	جے جے جے کرپال سُکھ کندا
۶	تب رگھپت کپ پتہہ بُلاوا	کرو چلن کہہ بیگ اُپاوا
۷	اب بلمب کیہہ کارن کیجے	تُرت کپن کا آئس دیجے
۸	کوتک دیکھ سُمن بہہ برکھے	نبھ تے بھون چلے سُر ہرکھے

۲۹- دُوہا

کپ پت بیگ بُلاۓ آۓ جُوتھپ جُوتھ

نانا برن اتُل بل بانر بھالُ برُوتھ

۱- ہے ناتھ مجھکو تو آپ اپنے چرنوں کی اَن پاینی سُکھ داینی بھگت کرپا کرکے دیجیے جو لوک اور پرلوک دونوں میں سُکھ دینے والی ہے۔ ۲- ایسی پرم سہج بانی ہنومان جی کی سنکر ہے پاربتی شری رام چندر جی نے ایومستُ (ایسا ہی ہو) کہہ دیا۔ ۳- ہے پاربتی جی جن بھگتوں نے شری رام چندر جی کے سہج اور شیلوان اور اُدار اور دیال کرپال گمبھیر سو بھاؤ کو جان لیا ہے اُنکو تو سوائے بھگوت بھجن کے اور کچھ سُہاتا ہی نہیں ہے۔ ۴- یہ پرم پاون کتھا جسکے ہردے میں آوے وہ بھی شری رام چندر جی کی کرپا سے بھگت پاوے۔ ۵- ایسے بچن شری رام چندر سوامی کے سُنکر جے کرپال جے سُکھ کند کہنے لگے۔ ۶- پھر تو شری رام چندر جی نے سگریو کو بلایا اور کہا کہ چلنے کا اُپاے جلد ہی کرو۔ ۷- اب دیری کرنے کا کون کام ہے جلدی بندروں کو آگیا دیو۔

۸- شری رام چندر جی کے لنکا کو جانے کا یہ چرتر دیکھکر آکاش سے دیوتا لوگ پھول برسا کر پرسن من ہو کر اپنے اپنے لوک کو چلے۔ ۲۹- دُوہا۔ تب تو سگریو نے جو بندر بلاۓ سوئی جھنڈ کے جھنڈ چلے آۓ اتھاہ بل والے طرح طرح کے بندر اور ریچھوں کے جھنڈ دیکھ پڑنے لگے

۱	پربھ پد پنکج ناوین سیسا	گرجین بھال مہابل کیسا
۲	دیکھی رام سکل کپ سینا	چتئی کرپا کر راجو نینا

۳	رام کرپا بل پاے کپندرا	بھئے پچھر جت منو گرندا
۴	ہرکھ رام تب کینہ پیانا	سگن بھئے سندر شبھ نانا
۵	پربھ پیان جانا بیدیہی	پھرکین بام انگ شبھ تیہی
۶	کٹک کٹک کو برنی پارا	گرجین بانر بھالو اپارا
۷	نکھ آیدھ گر پادپ دھاری	چلے گگن مہ اچھا چاری
۸	کیہر ناد بھالو کپ کرہین	ڈگمگاہین دگ گج چکرہین

۱۔ آے آے کر شری رام چندر جی کے چرنون کو پرنام کرنے لگے بڑے بلوان ریچھ اور بندر گرجنے لگے ۲۔ تب تو شری رام چندر جی نے سب بندرون کی سینا کو چھن کر کرپا کی درشٹ سے دیکھا ہے ۳۔ تب تو شری رام چندر جی کی کرپا کا بل پاکر سب بندر کیسے دیکھ پڑنے لگے مانو پنکھ سہت سمیر پربت ہی ہین۔ ۴۔ اس طرح سب سینا کو اپنی کرپا کا بل دے کر سب سمیت پرسن من ہو کر لنکا کو چلے اسی سمے طرح طرح کے اچھے اچھے سگن ہونے لگے۔ ۵۔ شری رام چندر کا چلنا سیتا جی نے جان لیا کہ انکے سندر شبھ بائین انگ پھڑکنے لگے۔ ۶۔ جیسی کچھ بندرون کی سینا چلی تھی اسکا پار (یعنی شمار) کون کہہ سکتا ہے اپار بندر اور اپار ریچھ گرجتے چلے جاتے تھے۔ ۷۔ نکھ یعنی ناخن اور پہاڑ اور برچھ ہی انکے ہتھیار تھے راہ مین یعنی زمین پر اور آسمان مین اچھا چاری چلے جاتے تھے۔ ۸۔ سنگھ کی طرح ریچھ اور بندر گرجتے تھے جسکے مارے دگ گج ڈگمگاتے تھے اور چنگھارتے تھے۔ گیتاولی۔ جب رگھبیر پیانو کینھو۔ چھبھت سندھو ڈگ مگت مہی دھر سج سارنگ کر لینھو۔ سن کٹھور ٹنکور رگھور ات چونکے بدھ تر پراری۔ جاپٹل تے جلین سر سری سکت نہ سنبھ سمبھاری۔

۱۔ چھند	چکرہین دگ گج ڈول مہ گر لول ساگر کھر بھرے من ہرکھ دنکر سوم سر من ناگ کنر دکھ ٹرے کٹ کٹہین مرکٹ بکٹ بھٹ بہو کوٹ کوٹن دھاوہین جے رام پربل پرتاپ کوشل ناتھ گن گن گاوہین
۲۔	سہہ سک نہ بھار ادار اہ پت بار بار موہ ہین گہہ دسن پن پن کمٹھ پشٹھ کٹھور سو کم سوہ ہین رگھبیر رچر پیان پرستھت جان پرم سہاونی

جُن کمبھ کُھپر سَرب راج سا گھت اُجل پاوَنی

۳۰- دُوہا

یہہ بدھ جاے کرپا ندھ اُترے ساگر تیر
جہان تہان لاگے کھان پھل بھالو بپُل کپ بیر

۱- آٹھو دِشاؤن کے آٹھو دگ گج تو چنگھارنے لگے اور بھونچال ہونے لگا پہاڑ چلنے لگے سمُندر مین کھربھر ہوا اُٹھا سوُرج کے مَن مین آنند ہوا کہ ہمارے بنش مین تیر لوگون کا بیر لینے والا پُتر پیدا ہوا اور چندرما کو بھی آنند ہوا کہ ہمارے بنش مین بھی یہہ جنم لیگا اور سُرمُن ناگ کنّر سبکے دُکھ دُور ہو گئے بندروُن کے مہابلوان بانکے پہلوان کٹ کٹا شبد کرتے تھے اور کروڑون کرور دوڑتے چلے جاتے تھے شری رام چندرجی کی جے بولتے اور اُنکے بل پرتاپ کے گُن بکھان کرتے تھے- ۲- بڑے بھاری بوجھ کو ناگ راج باسکی (جو زمین کو اپنے سر پر لیے ہین سب بوجھ ایک جگہ جمع ہو جانے سے) سہہ نہین سکتے تھے بار بار موہتے تھے اور دانتون سے کچھوے کی پیٹھ پکڑ کر رہجاتے تھے سو کیسے سو بھاویتے تھے مانو شری رام چندرجی کی اس سُہاونی جاترا کی پرستھت ارتھات کال سنگیا کہ ایک سنوتسر ایک جاٹ ایک جرن ایک سمبت ایک این ایک رِت ایک مہینا ایک پچھ ایک تتھ ایک نچھتر ایک دِن ایک لگن مین شری رام چندرجی نے لنکا کا پرستھان کیا اسکو پرم سُہاونی جانکر کچھوے کے کھپر پر راج باسکی لکھ رہے ہین ۳۰- دُوہا- اس پرکار کرپا ندھان شری رام چندرجی چلکر سمُندر کے پاس سینا سمیت اُترے اور جہان تہان ریچھ بندر سندر بن مین پھل کھانے لگے-

(یہہ سُندر کانڈ کا تیرادشک ہوا-)

(اور پُورباردھ پورا ہوا)

بالمیکی رامائن مین سُندر کانڈ یہان ہی تک ہی اس سے گسائین تُلسی داس جی نے اسکو کشکندھا کانڈ کی ریت پر تین دشکون مین برنن کیا ہی اور باقی سب اُتراردھ آرنیہ کانڈ کی ریت پر ایک پچیسی مین برنن کیا ہی-

اُتراردھ

۱ آہان نشاچر رہت سسنکا جب تے جار گیو کپ لنکا
۲ بِج بِج گرہ سب کرین بچارا نہین نشچر کُل کیز ابارا

۳	جاس دُوت بَل بَرَن نہ جائی	تِہہ آئے پُر کَون بھلائی
۴	دُوتن سَن سُن پُرجن بانی	مَندودری ہِردَے اَکُلانی
۵	رہی جُور کَر پَت پد لاگی	بولی بچن نیت رَس پاگی
۶	کَنْت کَرکھ ہَر سَن پَرِہَرہُو	مور کہا اَت ہِت اُردَھرہُو
۷	تُو کُل کَمَل بِپن دُکھدائی	سیتا سیت نِشا سَم آئی
۸	سُنو ناتھ سیتا بن دینہے	ہِت نہ تُمھار شَمبھُو اَج کینہے

۱۔ دُوہا	رام بان اَہِ گَن سَرِس نِکر نِشاچر بھیک جب لگ گرسَت نہ تب لگ کرَہُ جَتن تج ٹیک

۱۔ وہان جب سے ہنومان جی لنکا کو جلاے آئے تب سے سب راچھس ڈرتے ہی رہتے تھے۔ ۲۔ اپنے اپنے گھرون مین سب یہی بچار کیا کرتے تھے کہ اب راچھس بنس کا کسیطرح بچاؤ نہین سوجھ پڑتا ہے۔ ۳۔ جس دشمن کے ایک دوت کا بل تو کہا ہی نہین جاتا ہے تو اس مہا بلوان کے فوج سمیت آنے سے بھلا اس نگر مین کون سی بھلائی ہوگی۔ ۴۔ ایسی بانی نگر کے لوگون کی دوتیون سے سن سن کر راون کی پٹ رانی مندودری من مین گھبرا گئی۔ ۵۔ ہاتھ جوڑ کر اور سر جھکا کر راون کے پیرون پر گر پڑی اور نیت رس سے پاگے بچن بولی کہ۔ ۶۔ ہے پت سنو شری رامچندر جی ساکشات بشن بھگوان کا اوتار ہین اس لیے بیر بھاؤ کو چھوڑ دو میرے کہنے کو تم اپنے من مین اپنا بھلا ہی جانو۔ ۷۔ تمھارے بنس روپی کمل بن کی دکھدائی یہہ سیتا شرد رت کی رات ہی کے سمان آئی ہے۔ ۸۔ ہے ناتھ سنیے ایک سیتا کے دیے بنا تمھارا بچاؤ نہ تو شوجی کے کرنے سے ہوگا اور نہ سویمبھو برہما جی کے کرنے سے ہوگا۔ ۱۔ دوہا شری رام چندر کے بان تو بڑے زہریلے سانپ کے سمان ہین اور تمھارے سب راچھس مینڈھکون کے برابر ہین اس سے جب تک ان راچھسون کو شری رام چندر جی کے بان پکڑ نہین لیتے ہین تب ہی تک اس ہٹھ کو چھوڑ کر جتن کرنا اچت ہے۔

۱	شرون سنت شٹھ تاکی بانی	بِہسا جگت بدت ابھمانی
۲	سبھے سوبھاؤ نار کر ساچا	منگل مانہہ بھے مَن اتِ کاچا
۳	کمپہی لوکپ جاکی تراسا	تاس نار سبھی کر بڑ ہاسا
۴	اس کہہ بہنس تاہ اُر لائی	چلیو سبھا ممتا ادھکائی

۵	مُنْدودَری ہِردَے کر چِنْتا	بھیُو کَنْت پَر بِدھ بِپرِیتا
۶	بَیٹھت سَبھا کھبَر اَس پائی	سِنْدھو پار سینا سب آئی
۷	بُوجھت سَچِو اُچِت مَت کہہُو	تِے سب ہنْسے مَون گہہ رہُو
۸	جِیتے سُراسُر تو بھی ناہین	نَر بانَر کہہ لیکھے ماہین
۲- دُوہا-	سچو بید گُرُ تین جو پریہ بولین بھے آشس راج دھرم تن تین کر ہوے بیگ ہی ناش	

۱- ایسی پرم ہتکاری بانی مُنْدودری کی کانون سے سُنتے ہی جگت پرسِدھ ابھمانی راوَن بولا کہ- ۲- سچ ہے استریون کا سوبھاو ہی ڈرپکنا ہوتا ہے دیکھو سُندر آنند منگل مین بھی ڈرتی اور گھبراتی ہے- ۳- جسکے ڈر کے مارے لوکپال بھی کانپتے ہین اُسکی استری ہوکر بھی ڈرتی ہے یہہ تو جگت مین بڑی ہنسائی ہے- ۴- ایسا کہکر اور ہنسکر مُنْدودری کو ہِردَے سے لگا کر یعنی سمجھا کر بڑے اہنکار سمیت راج سبھا کو چلا گیا- ۵- مندودری کے ہِردَے مین بڑی چنتا ہوئی کہ میرے پت کے اوپر بدھاتا ہی اُلٹا ہو گیا ہے- ۶- سبھا مین بیٹھتے ہی یہہ خبر پائی کہ سمُندر کے پار بندرون کی سب سینا آگئی ہے- ۷- یہ خبر سُنتے ہی منتریون سے پوچھا کہ دیش اور سمے کے موافق اور دُشمن کا بل اور ابل بچار کر اُچت منتر (واجبی صلاح) کہو یہہ سُنکر سب منتری ہنسے اور بولے کہ چپ سادھے بیٹھے رہو- ۸- کیونکہ بل اور ابل کا حال تو ظاہر ہے جب آپ نے سب دیوتا اور راچھس جیت لیے تب تو کچھ ڈرے نہین بھلا یے آدمی اور بندر بچارے کون گنتی مین ہین- ۲- دوہا منتری (یعنی وزیر- صلاح کار) اور بید اور گرو یے تینون جو راجا اور شِشیہ (چیلہ- مُرید) اور روگی کے من سُہاتی بات لوبھ سے یا ڈر سے کہین تو راجا کے راج کا اور شِشیہ کے دھرم کا اور روگی کے شریر کا تھوڑے ہی دن مین ناش ہو جاتا ہے اسمین تو کچھ سندیہہ ہی نہین ہے-

۱	سُوئی راوَن کا بنی سَہائی	اَستُت کَرَت سُنائے سُنائی
۲	اَوسَر جان بِبھیکھن آوا	بھراتا چرن سِیش تیہہ ناوا
۳	پُن سِر نائے بَیٹھ نِج آسن	بولا بچن پائے اَنُشاسن
۴	جو کرِپال پُوچھہُ موہہ باتا	مَت اَنُرُوپ کہُون ہِت تاتا
۵	جو آپَن چاہَت کلیانا	سُجَس سُمَت شُبھ گَت سُکھ نانا

۶	توپر نار للاٹ گسائیں		تجو چوتھ چندا کی نائیں	
۷	چودہ بھون ایک پت ہوئی		بھوت دروہ تشٹے نہین سوئی	
۸	گن ساگر ناگر نر جوؤ		الپ لوبھ بھل کہہ نہ کوؤ	

۳- دوہا-	کام کرودھ مد لوبھ سب ناتھ نرک کے پنتھ سب پرہر رگھبیر پد بھجو کہہ ہین سنت گرنتھ	

۱- سوئی بات راون کو سہایک آ بنی کہ راون کی بڑائی سنا ے کر کرنے لگے- ۲- ایسا
سمے جانکر بھبیکھن بھی وہان آئے اور راون کے چرنون پر شیش نوایا- ۳- بیٹھنے کی آگیا پاکر
پھر شیش نواکر اپنی بیٹھک پر جا بیٹھے اور راون کی آگیا پاکر بولے- ۴- کہ ہے کرپال
جو آپ مجھسے پوچھتے ہین تو مین اپنی بدھ کے موافق آپ کے بھلے کی کہتا ہون کہ- ۵- جو
آپ اپنا بھلا اور سنسار مین سجس چاہتے ہین اور بڑے بدھمان کہایا چاہتے ہین اور لوک
اور پرلوک مین شبھ گت اور طرح طرح کے سکھ چاہتے ہین- ۶- تو پرائی استری کے
للاٹ پل (یعنی تختہ پیشانی) کا درشن چوتھ کے چاند کی طرح تیاگ کرو- ۷- جو چودہ بھون
کا ایک سوامی ہو وہ بھی جیودن کو دکھ دینے سے نہین رہ سکتا ہے (یعنی سب کا ستانے والا
ضرور مٹ جاتا ہے)- ۸- جو سب گنون کا ساگر اور بڑا چتر بھی ہو اور تھوڑی بات کا لوبھ کرے تو
اسکو کوئی بھلا نہین کہتا ہے- ۳- دوہا- ہے ناتھ سنئے کام کرودھ لوبھ موہ بے سبب
نرک ہی کے پنتھ (راہ) ہین ان سبکو چھوڑ کر شری رام چندر ہی کے چرنون کو بھجو یہی سب
گرنتھ ارتھات چارون بید چھون شاستر اٹھارہ پران کہتے ہین-

۱	تات رام نہین نر بھوپالا		بھونیشور کال ہو کر کالا	
۲	برہم انامے اج بھگونتا		بیاپک اجت انادی اننتا	
۳	گو دوج دھینو دیو ہتکاری		کرپا سندھ مانکھ تن دھاری	
۴	جن رنجن بھنجن کھل براتا		بید دھرم رچھک سن بھراتا	
۵	تاہ بیر تج نائیے ماتھا		پرنت آرت بھنجن رگھناتھا	
۶	دیہو ناتھ پربھ کا بیدیہی		بھجو رام بن ہیت سنیہی	
۷	سرن گئے پربھ تاہ نہ تیاگا		بسو دروہ کرت اگھ جیہہ لاگا	
۸	جاسو نام ترے تاپ نساون		سو پربھ پرگٹ سمجھ جیہ راون	

۴۔ دُوہا۔
بار بار بَر مانگ ہُون بِنے کرون دَش شیش
پَرہَر مان موہ مَد بھجو کوشلا دھیش

۱۔ ہے تات سُنو شری رام چندر جی سنساری مُنکھ راجا نہیں ہیں بلکہ بھُوَنیشور ارتھات چودہ بھوَن تینوں لوک کے ناتھ ہیں اور کال کے بھی کال ہیں۔ ۲۔ ساکشات پَربرہم ہیں نِرلکار اَجنما بھگوان بِبُھو بیاپک اَجیت اور آدانت سے رہت ہیں۔ ۳۔ گئو ارتھات پِرتھوی اور براہمن اور دیوتا اور گئو کے ہتکاری ہیں کرپا کے سُمندر اور منکھ تن دھاری ہیں۔ ۴۔ اور بھگت جنوں کے آنند دینے والے ہیں اور دُشٹوں کے برات (یعنی گروہ) کے ناش کرنیوالے ہیں بید اور بید کے دھرموں کے رکھشک ہیں ہے بھائی۔ ۵۔ بَیر بھاو کو چھوڑ کر اُنکو شیش ہی نوانا چاہیے رگھناتھ سوامی شرناگتوں کے دُکھ کے ناش کرنیوالے ہیں۔ ۶۔ اس سے ہے ناتھ سیتا جی کو اُنھیں دے دو اور بنا پریوجن ہی اسنیہہ کرنیوالے شری رام چندر سوامی کو بھجو۔ ۷۔ شرن گئے پیچھے تو سوامی نے اُسکو بھی نہیں تیاگ کیا ہے جسکو سب سنسار سے بیر کرنیکا پاپ لگا ہے۔ ۸۔ جن سوامی کا نام ہی دِہیات اور دَیوک اور بھوتک تینوں تاپوں کا ناش کرنیوالا ہے وہی سوامی ہے راون پرگٹ ہوئے ہیں

۴۔ دُوہا اس سے میں بار بار آپ سے یہ بردان مانگتا ہوں اور بنتی کرتا ہوں کہ ابھمان اور موہ اور مدکو چھوڑ کر کوشلا دھیش شری رام چندر جی کا ہے راون بھجن کرو۔

۱ مالونت اتِ سچو سیانا — تاسُ بچن سُن اتِ ہت مانا
۲ تات انُج تو نیتی بِبھوکھن — سو اُر دھرو کہے جو بِبھیکھن
۳ رِپُ اُتکرکھ کہت سٹھ دوؤ — دُور نہ کرو اِہاں ہر کوؤ
۴ مالونت گرہ گیؤ بہوری — کہت بِبھیکھن پُن کر جوری
۵ سُمت کُمت سب کے اُر رہی — ناتھ پُران نِگم اَس کہی
۶ جہاں سُمت تہاں سمپت نانا — جہاں کُمت تہاں بپت ندانا
۷ تو اُر کُمت بسی بپریتی — ہت ان ہت مانت رِپ پریتی
۸ کال راتر نسچر کُل کیری — تا سیتا پر پریت گھنیری

۵۔ دُوہا۔
تات چرن گہہ مانگ ہُون راکھو مور دُلار
سیتا دیجے رام کا اَہِت ہوے تمھار

۱۔ مالونت نام ایک بڑا چتر منتری تھا اُسکو بھبھیکھن کے بچن سُنکر بہت اچھے لگے۔ ۲۔ بولا کہ ہے تات تمھارا بھائی بھبھیکھن تو راج نیت کا گہنا ہی ہے (یعنی عدل و انصاف کا زیور ہی ہے) اس سے اب وہی کرو جو بھبھیکھن کہتے ہین۔ ۳۔ سُنتے ہی راون بولا کہ ارے مورکھو تم دونون میرے دُشمن ہی کا بل اور پرتاپ میرے سامنے کہتے ہو کوئی یہان ہے انکو نکال کیون نہین دیتا ہ ۴۔ یہ سُنکر مالونت تو اپنے گھر چلا گیا پر بھبھیکھن ہاتھ جوڑکر پھر بولے۔ ۵۔ کہ ہے ناتھ سُنیے بید اور پُران ایسا کہتے ہین کہ سُمت اور کُمت سب کے ہردے مین رہتی ہے۔ ۶۔ جب جہان سُمت ہوتی ہے تب تہان سُکھ اور سمپت (دولت بڑھتی ہے اور جہان کُمت ہوتی ہے تہان بپت (مُصیبت) ضرور ہوتی ہے۔ ۷۔ سو اس سمے آپ کے ہردے مین سُمت کے برخلاف کُمت بسی ہے اس سے آپ بھلی بات کو تو بُری اور بُری بات کو بھلی مانتے ہین۔ ۸۔ دیکھیے جو ہمارے راچھس بنس کو کال رات کے سمان آئی ہے اُسی سیتا پر آپ کی بڑی پریت ہے ۵۔ دوہا اس سے مین آپ کے پیرون پڑکر یہہ بات مانگتا ہون آپ میرے دُلار کو رکھیے کہ میرے کہنے سے آپ سیتا جی کو شری رام چندر کے حوالہ کر دیجیے اسمین آپکا بہت ہی بھلا ہوگا

۱ بدھ پُران شرت سمت بانی　کہی بھبھیکھن نیت بکھانی
۲ سُنت دشانن اُٹھا رسائی　کھل توہ مرت نکٹ چل آئی
۳ جیت سدا اسٹھ مور جیاوا　رپ کر پچھ مُوڑھ توہ بھاوا
۴ کہس نہ کھل اس کو جگ ماہین　بھج بل جیہہ جیتو مین ناہین
۵ مم پر بس تپسن سن پریتی　سٹھ مل جاے تنہین کہہ نیتی
۶ اس کہہ کنہیس چرن پرہارا　انج گہے پد بارہ بارا
۷ تم پت سرس بھلے موہ مارا　رام بھجے ہت ہوے تمہارا
۸ سچو سنگ لے نبھ پتھ گیو　سب ہی سُنائے کہت اس بھیو

۶۔ دوہا۔
رام ستّ سنکلپ پربھ سبھا کال بس تور
مین رگھُنایک شرن اب جاون دیہہ جن کھور

۱۔ جو بانی پنڈتون اور پُرانون اور بیدون کی کہی ہوئی ہے اُس بانی سے بھی بھبھیکھن نے راج نیت بکھان کرکی پرنت۔ اشلوک۔
उपदेशोहि मूर्खाणां प्रकोपाय न शान्तये।
पयः पानं भुजंगानां केवलं विषवर्द्धनम्॥ + ॥ + ॥ + ॥ + ॥

اشلوک کے ارتھ ۔ مورکھ کو اپدیش کرنے سے کوپ ہی بڑھتا ہی کچھ شانت نہین ہوتی ہی جیسے سانپ کو دودھ پلانے سے زہر ہی بڑھتا ہی ۔ ۲ ۔ سُنتے ہی راون رِسیا سے اُٹھا اور بولا کہ ارے دُشٹ تیری موت آپہونچی ہی ۔ ۳ ۔ ہے دُشٹ جیتا تو تو میرے جلانے سے ہی اور پچھ مجھکو سدا سے میرے بیری لچھن ہی کا سُہاتا ہی اس سے بار بار تپسیون کو لچھن ہی بتاتا ہی ۔ ۴ ۔ یہہ نہین دُشٹ کہتا ہی کہ ایسا بوان سنسار مین کون ہی جسکو مین نے اپنے بانہہ بل سے نہین جیت لیا ہی ۔ ۵ ۔ میرے نگر مین رہکر جو تو تپسیون ہی سے پریت رکھتا ہی تو یہان سے اُٹھ جا اُنہین سے مل بڑا نیت جاننے والا ہی تو اُنہین کو نیت جا کر سکھلاو ۔ ۶ ۔ ایسے کہکر بھبیکھن کو لات سے مارا اسپر بھی بھبیکھن نے بھلائی سمجھکر اُسکے چرن ہی پکڑ لیے اور کہا کہ ۷ ۔ آپ تو پتا ہی کے سمان میرے بڑے بھائی ہین جو مجھکو مارا تو کون ڈر ہی پرنتُ اب بھی آپ سمجھیے کہ آپ کا بھلا شری رام چندر کے بھجنے ہی مین ہی ۔ ۸ ۔ جب دیکھا کہ کسیطرح سے نہین مانتا ہی تب تو بھبیکھن نے بھی راون کو بھگوان سے پھرا ہوا جانکر اُسکو تیاگ کرنا ہی اُچِت جانا منتریونکو ساتھ لیکر آکاش مین گئے اور سب سبھا کے لوگون کو سُناتے ہوئے راون سے یہہ بچن بولے کہ ۔ ۹ ۔ دوہا ۔ ہے راون سُن شری رام چندر تو ستّ کے دھام ہین اور تیری یہہ سب سبھا کال کے بس ہو رہی ہی اس سے مین تو اب شری رام چندر سوامی کی شرن مین جاتا ہون آگے پیچھے کوئی مجھکو دوش نہ دینا ۔

۱	اس کہہ چلا بھبیکھن جب ہین	آیو ہین بھے نشچر تب ہین
۲	سادھو اوگیا ترت بھوانی	کرہ کلیان اکھل کی ہانی
۳	راون جب ہی بھبیکھن تیاگا	بھیو بھبھو بن تب ہی ابھاگا
۴	چلا ہرکھ رگھُنایک پاہین	کرت منورتھ بہو من ماہین
۵	دیکھون جاے چرن جلجاتا	ارُن مِرِدُل سیوک سکھداتا
۶	جے پد پرس تری رکھ ناری	ونڈک کانن پاون کاری
۷	جے پد جنک سُتا اُر لاے	کپٹ کرنگ سنگ دھر دھاے
۸	ہر اُر سر سروج پد جوئی	اہو بھاگ مین دیکھب سوئی

۷ ۔ دوہا ۔

جن چرنن کی پادُکا بھرت رہے من لاے
تے پد آج بلوکہون ان نینن اب جاے

۱۔ یہ کہکر جب ہی بھبکھن لنکا سے چلے تب ہی سے سب راچھش آیُربل سے رہت ہو گئے ۲۔ سادھو کی اَگیا نہ ماننا ہے پاربتی تُرت ہی کلیان کا ناش کر دیتی ہے ۳۔ راون کو جب ہی بھبکھن نے تیاگ کیا اُسی سمے سے سب ایشوریہ سے راون رہت ہو گیا کبت بید بُردھ مہا مُن سادھو سنشوک کیے تُر لوک اُجاریو ۔ اور کہا کون بتیہ ہری تب ہون کرنا کر کوپ نواریو ۔ شیوک ورودھ تے چھانڑ اچھما تُلسی لکھیو رام سو بھاو نیاریو ہا تو تون نہیں داپ دلیو دش کندھر جو تون بھبکھن لات نہ ماریو ۔ ۴۔ اَب تو بھبکھن جی استری پُتر مِتر پروار دھن دھان یہ گھر بار راج سُکھ سب تیاگ کر پرم پرسنّ مَن شری رام چندر جی کی شرن مین چلے راہ مین بہت سے منورتھ کرتے جاتے ہین کہ ۔ ۵۔ دھنّ میرے بھاگ کہ آج مین اپنے سوامی کے چرن کمل دیکھونگا جو لال لال اور بہت کومل اور سیوکون کے سکھ دینے والے ہین ۔ ۶۔ جنکی دھول کو چھوتے ہی اہلیا تر گئی اور سوکھا ہوا دنڈک بن ہرا بھرا ہو گیا ۔ ۷۔ جو چرن سیتا جی نے اپنے ہردے مین دھارن کیے اور جو چرن کپٹ مرگ ماریچ کے پیچھے دوڑے ۔ ۸۔ اور جو چرن شری شیو جی مہاراج کے ہردے روپی تالاب کے کمل ہین اہو بھاگ کہ اُنہین چرنون کو مین آج نشاچر دیکھونگا ۔ ۹۔ دوہا ۔ جن چرنون کی پادکا (یعنی کھڑاؤن) کے اوپر بھرت جی مَن لگائے رہے ہین اُن چرنون کو آج مین آنکھ بھر کر دیکھونگا

۱	یہ بدھ کرت سپریم بچارا	آیو سپد سندھ یہ پارا
۲	کپن بھبکھن آوت دیکھا	جانا کوئی رپ دوت بسیکھا
۳	تاہ راکھ کپیس پہان آئے	سماچار سب تاہ سنائے
۴	کہا سگریو سنو رگھو رائی	آوا ملن دسانن بھائی
۵	کہا پربھو سکھا بوجھیے کاہا	کہیو کپیس سنو نرناہا
۶	جان نہ جائے نساچر مایا	کام روپ کیہ کارن آیا
۷	بھید ہمار لین سٹھ آوا	راکھیے باندھ موہ اس بھاوا
۸	سکھا نیت تم نیک بچاری	مم پرن شرناگت بھے ہاری

۹۔ دوہا

شرناگت کا جے تجہین نج انہت انمان
تے نر پامر پاپ مئی تنھین بلوکت ہان

۱۔ اسطرح پریم سمیت بچار کرتے کرتے ساعت بھر مین سمُندر کے اس پار بھبکن جی آ گئے

شترُون سمیت آگئے ۔ اشلوک ۔

इत्युत्क्वा परुषंवाक्यं रावणं रावणानुजः।
आजगाम मुहूर्त्तेन यत्र रामः सलक्ष्मणः ॥ + ॥ + ॥ + ॥ + ॥

۲ ۔ بندرُون نے جو ببھیکھن کو آتے دیکھا تو راون دُشمن کا بھیجا ہوا کوئی خاص دُوت جانا اور ببھیکھن نے اُنھون سے یہ کہا کہ شرناگت کے پالنے والے شری رام چندر جی سے جا کہو کہ راون کا بھائی ببھیکھن اپنا سب گھربار چھوڑ کر آپکی شرن (پناہ) مین آیا ہی ۔ اشلوک ۔

रावणो नाम दुर्वृत्तो राक्षसो राक्षसेश्वरः। तस्याहमनुजो भ्राता विभीषण इति श्रुतः॥ सोहं परुषितस्तेन दासवच्चावमानितः। त्यक्त्वा पुत्रांश्च दारांश्च राघवं शरणं गतः॥ निवेदयत मां क्षिप्रं राघवाय महात्मने। सर्वलोकशरण्याय विभीषणमुपस्थितम् ॥ + ॥

۳ ۔ ببھیکھن کے ایسے بچن سُنکر بندرُون نے راجا سگریو کو جا سُنائے ۔ سگریو نے شری رامچندر جی سے جا کر کہا کہ ہے مہاراج راوُن کا ایک چھوٹا بھائی ببھیکھن آپ کے ملنے کو آیا ہی ۔

۴-۵ ۔ شری رام چندر جی نے پُوچھا کہ کیا کرنا چاہیے سگریو نے کہا کہ ہے مہاراج سُنیے راچھسُون کی مایا کچھ جانی نہین جاتی ہی کام رُوپ ہوتے ہین (یعنی جیسا کام پڑتا ہی ویسا ہی رُوپ دھر لیا کرتے ہین) نہ جانیے کہ کس نمت آیا ہی ۔ ۶ ۔ ہمارا بھید لینے کو یہ شٹھ آیا ہوگا اِس سے اِسکو باندھ رکھیے مجھکو تو یہی اچھا جان پڑتا ہی ۔ ۷ ۔ شری رامچندر جی نے کہا کہ ہے سکھا نیت تو نے اچھی کہی پرنت شرن آئے ہوئے کو نربھی کرنا یہ ہمارا سناتن پرن ہی یعنی قدیم دستور ہی ۔ اشلوک ۔۔

सकृदेव प्रपन्नाय तवास्मीति च याचते। अभयं सर्व--
भूतेभ्यो ददाम्येतद्व्रतं मम ॥

۸ ۔ دوہا ۔ ہے سکھا سُنو جو کوئی انسان بھلا بچار کر بھی شرن آئے ہوئے کو تیاگ دیتے ہین وہ نیچ بڑے پاپی ہین اور اُنکے دیکھنے سے بھی ہِت کا ناش ہو جاتا ہی ۔

۱	کوٹ بپر بدھ لاگی جا ہو		آئے شرن تجون نہین تاہو	
۲	سنمکھ ہوے جیو موہ جب ہین		جنم کوٹ اگھ ناشون تب ہین	
۳	پاپ ونت کر سہج سبھاو		بھجن موہ تیہہ بھاؤ نہ کاؤ	
۴	جو پے دُشٹ ہردے سو ہوئی		مورے سنمکھ آؤ کہ سوئی	
۵	نرمل من جن سو موہ پاوا		موہ کپٹ چھل چھدر نہ بھاوا	

۶	بھید لینی پٹھوا دش شیشا		تب ہو نہ کچھ بھیہ ہان کپیشا	
۷	جگ مانۡ سکھا نشاچر جیتے		لچھمن ہنئ نمکھ مانۡ تیتے	
۸	جو سبھیت آوا شرنائی		رکھہون تاہ پران کی نائی	

۹- دوہا	اُبھی بھانت تہ آن ہو ہنس کہا کرپانکیت جی کرپال کہہ کپ چلے انگد ہنو سمیت	

۱- سنو ہے سکھا مین شرن آئے ہوئے کو نربھے کر دیتے ہی سے سم درشی (یعنی سبکو برابر ہی دیکھنے والا) ہون شرن آئے ہوئے کے گن اوگن نہین دیکھتا ہون کیسا ہی دشٹ پاپی ہو پرنت شرن آئے پر مین اسکو پالتا ہی ہون یہان تک کہ جسکو کروڑ گئو مار ڈالنے کا بھی پاپ لگا ہو اور وہ میری شرن مین آوے تو مین اسکو کبھی نہین تیاگ کرتا ہون - ۲- جب ہی یہ جیو میرے سنمکھ ہوتا ہی (یعنی میری طرف رجوع ہوتا ہی) اسی سمی اسکے کروڑ جنم کے پاپ ناش ہو جاتے ہین

श्लो· किरातहूणांध्रपुलन्दपुष्कशा आभीरकंकायवनाखसा- اشلوک
दयः। येन्ये च पापायदुपाश्रयाश्रयाः शुद्ध्यन्ति तस्मै प्रभविष्णवे नमः।

۳و۴- پاپی جیوون کا تو یہ ہمیشہ کا سوبھاو ہی کہ میرا بھجن انکو نہین سہاتا ہی جو بھبیکھن دشٹ ہردی ہوتا تو میری شرن مین آتا ہی نہین کیونکہ - اشلوک -

श्लो· नमां दुष्कृतिनो मूढाः प्रपद्यन्ते नराधमाः। माययापहृतज्ञा
ना आसुरं भावमाश्रिताः ॥ ÷ ॥ ÷ ॥ ÷ ॥ ÷ ॥ ÷ ॥ ÷ ॥

۵- جب یہ جیو میرے سنمکھ ہونے سے نرمل من ہو جاتا ہی تب مجھکو پاتا ہی مجھکو چھل کپٹ کچھ بھی نہین سہاتا ہی - ۶- جو کداچت راون نے بھید لینے ہی کو بھیجا ہی تب بھی مجھکو نہ کچھ ڈر ہی نہ ہان ہی - کیونکہ - اشلوک -

श्लो· पिशाचान दानवान् यक्षान् पृथिव्यां चैव राक्षसान्। अं-
गुल्यग्रेण तान् हन्यामिच्छन् हरिगणेश्वर ॥ ÷ ॥ ÷ ॥ ÷ ॥

۷- ہے سکھا اس جگت مین جتنے راچھس ہین ان سبکو لچھمن جی ایک پل بھر مین مار سکتے ہین ۸- اور جو راون کے ڈر سے ڈر کر میری شرن مین آیا ہی تو مین اپنے پرانون کے سمان اسکی رچھا کرونگا - ۹- دوہا - اس سے جو وہ دشٹ ہی تو بے آؤ اور جو سادھو ہی تو بے آؤ اور جو آپ راون ہی تو لے آؤ کیونکہ شرن مین آیا ہی مین نے اسکو ابھے دان دیا - اشلوک

श्लो॰ आनयैनं हरिश्रेष्ठ दत्तमस्याभयं मया । विभीषणो वा सु-
ग्रीवो यदि वा रावणस्स्वयम् ॥ ✣ ॥ ✣ ॥ ✣ ॥ ✣ ॥ ✣ ॥ ✣ ॥

ایسا جب شری رام چندر جی نے کہا تب توجی کرپال کہکر انگد ہنومان آدِ بندر بھبیکھن کو لینے کو چلے۔

اشلوک- श्लो॰ श्रूयते हि कपोतेन शत्रुः शरणमागतः । अर्चितश्च-
यथान्यायं स्वैश्च मांसैर्निमंत्रितः ॥ १ ॥ सहितं प्रतिजग्राह भार्य्या-
हर्त्तारमागतम् । कपोतो वानरश्रेष्ठ किं पुनर्मद्विधो जनः ॥ २ ॥
ऋषेः कण्वस्य पुत्रेण कंडुना परमर्षिणा । शृणु गाथां पुरा गीतां
धर्मिष्ठां सत्यवादिनः ॥ ३ ॥ बद्धांजलिपुटं दीनं धावंतं शरणा-
गतम् । न हन्यादानृशंस्यार्थमपि शत्रुं परंतपः ॥ ४ ॥ आर्त्तो वा
यदि वा दृप्तः परेषां शरणं गतः । अरिः प्राणान् परित्यज्य रक्षि-
तव्यः कृतात्मना ॥ ५ ॥ स चेद्भयाद्वा मोहाद्वा कामाद्वापि न-
रक्षति । स्वया शक्त्या यथान्यायं तत्पापं लोकगर्हितम् ॥ ६ ॥
विनष्टः पश्यतस्तस्य रक्षिणः शरणं गतः । आदाय सुकृतं तत-
स्य सर्वं गच्छेदरक्षितः ॥ ७ ॥ एवं दोषो महानत्र प्रपन्नानाम
रक्षणे । अस्वर्ग्यं चायशस्यं च बलवीर्य्यविनाशनम् ॥ ८ ॥ ✣ ॥

اشلوک کے ارتھ۔ اے سنو ہے سکھا سُگریو ایک پرانا اتہاس پرمانیک (معتبر حال) مین تمسے کہتا ہون کہ ایک کبوتر نے اپنی کبوتری کے مار ڈالنے والے دُشمن کو بھی شرن مین آیا جانکر اپنے مانس (یعنی گوشت) سے بھوجن دے کر اُسکو آسودہ کر دیا۔ کہتے ہین کہ ایک بدھک (شکاری) نے اُس کبوتر کی کبوتری کو مار ڈالا دوسرے دن وہی بدھک پھر اپنے اُدم کو گیا تمام دن بھرما کہین کچھ نہ پایا رات کو سنگھ باگھ کے ڈر کے مارے بہت بھوکھا اُسی کبوتر کے برچھ کے نیچے جاڑے کا مارا ہوا گیا اور بہت دین دُکھی ہو کر بولا کہ جو کوئی اِس برچھ پر ہو اسکی مین شرن مین آیا ہون کبوتر نے اُسکو پہچانا اور شرن آیا ہوا جانا تب تو اپنا گھونسلا نیچے گرا دیا اور ادھر جلی ہوئی لکڑی بھی لا کر ڈال دی جب آگ جلنے لگی تب تو آپ بھی (یعنی کبوتر) اُسمین گر کر بھُن گیا بدھک نے تاپ کر اپنا جاڑا چھُڑایا اور اُسکے مانس کو کھا کر ترپت ہوا۔ اِس شرناگت کی رچھا کرنے کے دھرم کے پربھاو سے کبوتر کو سورگ

۱۔ اِس پرکار سیتا جی کو سمجھا کر ترجٹا اپنے گھر چلی گئی ۔ ۲۔ پھر تو سیتا جی اپنے من مین بہت بلاپ کرنے لگین شری رام چندر جی کے بجوگ سے دکھی ہو گئین ۔ ۳۔ جب سیتا جی کے ہردے مین شری رام چندر جی کے بچھڑنے کا بہت ہی داہ ہوا اُسی سمے آنند دایک سگن ہوئے ارتھات سیتا جی کے بائین نیتر اور بھجا پھڑکنے لگے ۔ ۴۔ یہان آدھی رات کو راون مورچھا سے جگا اور رتھوان سے بکنے جھکنے لگا کہ ۔ ۵۔ ارے شٹھ تو نے مجھے رن بھوم چھڑا دی ارے دُربدھی ادھم نجکو دھکار ہے ۔ ۶۔ تب اُسنے راون کے پانون چھو کر بہت سمجھایا رتھوان کا دھرم سنایا پھر پراتہ کال ہوتے ہی رتھ پر چڑھا کر لے دوڑا ۔ ۷۔ راون کا آنا سُنتے ہی بندرون کے دل مین بڑا کھڑبھڑ ہوا ۔ ۸۔ جہان تہان سے پربت اور برچھ اکھاڑ کر ترے بھڑے جو دھا کٹ کٹائے کر دوڑے ۔ ۲۲۔ چھند ۔ مہا بلوان بندر اور ریچھ جو ہاتھ مین پربت لیکر دوڑے اور کوپ کر کے مارنے لگے تو راچھس بھاگے راچھسون کے دل کو بچلائے کر بندرون نے پھر راون کو جا گھیرا چارون طرف سے چپیٹ مار مار کر اور ناخون سے اُسکا بدن پھاڑ پھاڑ کر بیاکل کر دیا تب راون نے بندرون کو بڑا بلوان دیکھکر بچار کیا کہ انتردھیان ہو کر پل ہی بھر مین مایا کا بستار کیا ۔

تومر چھند

۱ جب کینہہ تیہہ پاکھنڈ بھجے پرگٹ جنتُ پرچنڈ
بیتال بھوت پشاچ کر دھرے دھنُ ناراچ
۲ جوگن گہے کرپال اک ہاتھ منج کپال

	کرت شونت پان	ناچین کرین بہہ گان
۳	دھر مار بولین گھور	رہ پور دھن چہون اور
	مکھ باے دھاوین سوان	تب لگے کیش پران
۴	جہان جاین مرکٹ بھاگ	تہان برت دیکھین آگ
	بھئے بکل بانر بھال	پن لاگ برکھن بال
۵	جہان تہان تھکت کر کپش	گرجیو بہر دس شیش
	لچھمن کپیش سمیت	بھئے سکل بیر اچیت
۶	ہا رام ہا رگھناتھ	کہہ سبھٹ مینجین ہاتھ
	یہ بدھ سکل بل تور	تہہ کینہ کپٹ بہور
۷	پرگٹے بپل ہنومان	دھاے گہے پاکھان
	تن رام گھیرے جاے	چہون دش بروتھ بناے
۸	مارو دھرو جن جاے	کٹ کٹین پونچھ اٹھاے
	دس دش لنگور براج	تہہ مدھ کوشل راج

۱۔ جب راون نے پاکھنڈ رچا تب تو بہا پرچنڈ جیو جنت پرگٹ ہوئے ارتھات بیتال بھوت پشاچ سب ہاتھون مین دھنکھ بان لیے ہوئے پرگٹ ہوئے۔ ۲۔ جوگنیان ایک ہاتھ مین تلوار لیے ہین اور ایک ہاتھ مین بیرون کے سر لیے ہوئے رن بھوم مین ترنت کا لہو پی کر ناچ رہی ہین اور گا رہی ہین۔ ۳۔ پکڑو پکڑو مارو مارو ایسی آنکے بولنے کی مہا گھور دھن چارون اور پور رہی ہے مکھ پسار کر کھانے کو دوڑتی ہین تب تو بندر جہان تہان کو بھاگنے لگے ۴۔ جدھر کو بندر بھاگتے ہین ادھر کو جلتی ہوئی آگ دیکھتے ہین تب تو سب ریچھ اور بندر بیاکل ہوگئے پھر انکے اوپر گرم باؤ بہنے لگی۔ ۵۔ اس پرکار جہان کے تہان بندرون کو بیاکل کرکے راون پھر گرجا اور لچھمن جی اور سگریو آدی سب بیرون کو اچیت کر دیا۔ ۶۔ ہا رام ہا رام کہہ کہکر پہلوان لوگ ہاتھ ملتے ہین کسی کی کچھ نہین چلتی ہے اس طرح سبکا بل توڑ کر پھر اسنے اور کپٹ کیا کہ۔ ۷۔ بے گنتی ہنومان جی پرگٹ ہوگئے ہاتھون مین پتھر لیے ہوئے دوڑے اور چارون طرف سے جھنڈ ملکر شری رام چندر سوامی کو جا گھیرا ۸۔ مارو مارو پکڑو پکڑو بھاگ جانے نہ پاوین ایسے پونچھ اوٹھاے او ڈھاے کر

کٹ کٹاتے ہین دسو دشاءین انکی پونچھین دُدُم چھاے رہی ہین تنکے بیچ مین کوشل راج
شری رام چندر جی مہاراج براج رہے ہین۔

۲۲۔ چھند	تیہ مدہ کوشل راج سُندر شیام تن شوبھا لہی جنُ اِندر دھنکھ آبار کی بر بار تُنگ تمال ہی ٭ پربھُ دیکھ ہرکھ بکھاد اُر سُر بدت جے جے جے کری رگھوبیر ایکہے تیر کوپ نمیکھ مانُ مایا ہری + ٭ مایا بگت کپ بھالُ ہرکھے بٹپ گر گہہ سب پھرے شر نکر چھاڑے رام راون باہُ شر پُن ہرے شری رام راون سمر چرت انیک کلپ جو گاوہین + شت شیش شارد نگم شو تیپ پار نہ پاوہین +	
۲۲۔ دوہا	تاکے گن گن کچھک جڑ مت تُلسی داس بِج پور کھ انُہار جِم مشک اُڑاین اکاس +	

۲۲۔ چھند۔ تنکے بیچ مین کوشل راج شری رام چندر کے سُندر شیام شریر نے کیسی شوبھا
پائی ہے مانو تمال برچھ کے آس پاس بہت سے اندر دھنکھون کی باڑ (صف) بنی ہے
اِس پرکار شری رام چندر سوامی کو دیکھ کر دیوتا لوگ سُکھ دُکھ سمیت جے جے کار پکارنے لگے
تب تو رگھوبیر سوامی نے ایک ہی بان سے سب مایا ہرلی۔ مایا سے چھوٹ کر سب ریچھ
اور بندر پرسن ہوئے اور برچھ اور پربت لے لیکر دوڑے اور شری رام چندر جی نے
بھی بانون کے جُھنڈ چھوڑے اُنسے بار بار راون کے سر اور بھجا کٹ کٹ کر زمین پر گر گر
پڑے سُنو گرڑ جی یہ شری رام اور راون کا سنگرام چرتر اپار ہے اِسکو تو جو بہت
سے کلپون تک اننت شیش شارد برہما بید شو جی بھی گاوین تو وہ بھی پار نہ پاوین
۲۲۔ دوہا۔ تس اننت چرتر بھگوان گن گن کو مین تلسی داس نے بھی کہے سو
ایسے کہے کہ جیسے اپنے بل کے موافق مچھر بھی اتھاہ آکاش مین اُڑتا ہے۔

۱	مرے نہ رپ شرم بھیو بشیکھا		رام بِبھیکھن تن تب دیکھا	
۲	سُن سر گنیہ چرا چر نایک		پرنت پال سر مُن سکھدایک	
۳	نابھ کُنڈ پیوکھ بس جاکے		ناتھ جیت راون بل تاکے	

۴ سُنت ببھیکھن بچن کرپالا ++ ہرکھ گہے کر بان کرالا +
۵ اسگن لگے ہون تب نانا روؤین کھر شرگال بہہ سوانا
۶ بولین کھگ جگ آرت ہیتو پرگٹ بھئے نبھ جہان تہان کیتو
۷ دس دش داہ ہون ات لاگا بھیو پرب بن رب اپراگا
مندودر اُر کمپت بھاری پرتما شروین نین مگ باری

۲۳۔ چھند۔
پرتما شروین بہ پاشان ات بات بہہ دولت مہی
برکھین بلاہک ردھر کچ رج اشبھ ات سک کو کہی
اُتپات امت بلوک نبھ سُر بکل بولین جے جے
سُر سبھئے جان کرپال رگھپت چاپ شر جوڑت بھئے

۲۳۔ دوہا۔
کھینچ سر شرون لگ چھاڑے شر اکتیس
رگھنایک سایک چلے مانو کال پھنیش ++

۱۔ جب دشمن مارنے سے مرتا ہی نہیں مارتے مارتے برابر شرم ہوا تب شری رام چندر جی نے ببھیکھن کی طرف دیکھا۔ ۲ و ۳۔ ببھیکھن نے کہا کہ ہے سرگیہ (سب کچھ جاننے والے) ہے چراچر کے مالک ہے پرنت پال ہے سر من سکھد ایک سوامی سنیے کہ اسکے نابھ کنڈ میں یعنی توندی میں امرت ہو اُسی کے بل سے یہ جیتا ہے۔ ۴۔ ببھیکھن کے بچن سنتے ہی شری رامچندر جی نے پرسن ہوکر ہاتھ میں بان لیے۔ ۵۔ بانون کے لیتے ہی طرح طرح کے اسگن ہونے لگے بہت سے گدھے سیار کتے رونے لگے۔ ۶۔ دکھ کے ہیت اُلو وغیرہ پنچھی بولنے لگے آکاش میں جہان تہان راہ کیتو پرگٹ ہوگئے۔ ۷۔ دسو دشا میں اگ جلنے لگی بنا پرب ہی کے سورج گہن ہونے لگا۔ ۸۔ مندودری کا ہردے کانپنے لگا دیوتادکی مورتون کے نیترون سے آنسو بہنے لگے۔ ۲۳۔ چھند۔ آکاش سے بجر ٹوٹنے لگے بڑی تیز پرچنڈ ہوائین بہنے لگی پرتھوی ڈولنے لگی میگھ لہو اور بال اور دھول برسانے لگے ایسے بہت سے اتپاتون کو دیکھکر دیوتا لوگ آکاش میں بیاکل ہوکر شری رام چندر جی کی جے منانے لگے دیوتاؤن کو اس طرح ڈرے ہوئے دیکھکر شری رام چندر جی نے دھنکھ میں بان چڑھایا۔ ۲۳۔ دوہا۔ کانون تک دھنکھ کو کھینچکر اکتیس ۳۱ بان چھوڑے سو بان شری رام چندر جی کے کیسے چلے مانو کال ہی بہت سے سانپون کا روپ دھر کر چلا آتا ہے۔

١ شایک ایک نابھِ سَر سوکھا اُپر لگے شِر بھُج کر رُوکھا
٢ لے شِر باہ چلے ناراچا شِر بھُج ہین رُنڈ مہہ ناچا
٣ گرجیو مرت گھور رَو بھاری کہان رام رن ہتون پچاری
٤ دَھرن دھسے دھر دھاو پرچنڈا تب پربھُ شر ہت کرت جگ کھنڈا
٥ پَرِیو بیر دُو دُو کھنڈ بڑھائی چاپ بھالُ مرکٹ سمدائی
٦ منڈودری آگے بھُج شیشا دھو شر چلے جہان جگدیشا
٧ تاسُ تیج سمان پربھُ آنن ہرکھے دیکھ شمبھو چترانن
٨ برکھن سُمن دیو مُن برندا جے کرپال جے جینت مکُندا!

٢٤- چھند-

جے کرپا کند مکُند دوند ہرن شرن سکھپرد پربھو
کھل دَل بدارن پرم کارن کارنیک سدا ابھو
سُر سُمن برکھے ہرکھ سنکل باج دُندبھ گہہ گہی
سنگرام آنگن رام انگ اننگ بہو شوبھا لہی

٢٤- دوہا-

کرپا درشٹ کر برشٹ پربھُ ابھے کیے سُر برند
ہرکھے بانر بھالُ سب جے سُکھدھام مکُند

١- ایک بان نے تو پہلے ہی جاکر اُسکی توندی کا اُمرت کنڈ سوکھ لیا پھر اور بانون نے سر اور بھجا اُتار لیے۔ ٢- جب سر اور بھجاؤن کو بان اُتار لے چلے تب تو بنا سر اور بھجا کا رُنڈ پرتھوی پر ناچنے لگا۔ ٣- مرتی بار بھی بُرے گھور شبد سے گرجا کہ کہان ہین رام رن مین للکار کر مارون۔ ٤- اب اسکا بڑا پرچنڈ دھڑ جو پرتھوی پر دوڑتا ہے اُسکے بوجھ سے زمین دھستی چلی جاتی ہے تب شری رام چندر سوامی نے اُس دھڑ کے دو ٹکڑے کر دیے۔ ٥- تب وہ بڑابر دونون ٹکڑون کو بڑھا کر گرا بہت سے ریچھ اور بندرون کو اپنے نیچے دبا کر۔ ٦- شری رام چندر جی کے بان راون کے سر اور بھجا منڈودری کے آگے رکھکر پھر شری رام چندر جی کے پاس آ گئے۔ ٧- راون کا تیج شری رام چندر جی کے مکھ مین سما گیا یہ دیکھکر شوجی اور برہما جی دونون سہانے لگے۔ ٨- پھر تو دیوتا اور منیشورون کے جھنڈ پھول برسانے لگے اور جے کرپال جے جے مکند بولنے لگے۔ ٢٤- چھند- جے کرپا مول جے مکند جے بھجن ہرن جے شرن سکھد ایک جے کھل دل ناشک جے پرم کارن کارنیک جے سدا اپت

ایسے بولنے لگے اور دُندبھی بجانے لگے سنگرام بھوم مین شری رام چندر جی نے اپار کامدیوُن کی شوبھا پائی

۲۴- دوہا- کرپا درشٹ کی برکھا کر کے شری رام چندر جی نے سب دیوتاؤن کو نربھی کر دیا تب تو سب بندر اور ریچھ پرسنّ ہو گئے اور جے سکھ دھام جے مکند اس پرکار سے جے جے کار بولنے لگے۔

۱	پت سر دیکھت مندودری	مرچھت بکل دھرن کھس پری
۲	جوبت برند روت اُٹھ دھائین	تیہہ اُٹھائے راون پہاں آئین
۳	پت گت دیکھت کرین پکارا	چھوٹے کیش نہ بپُہ سنبھارا
۴	تو بل ناتھ ڈول نت دھرنی	تیج ہین پاوک ششِ ترنی
۵	شیش کمٹھ سہہ سکے نہ بھارا	سو تن پریو بھوم بھر چھارا
۶	جگت بدت تمہار پربھتائی	سُت پرجن بل برن نہ جائی
۷	رام بمکھ اس حال تمہارا	رہا نہ کُل کو رووَن ہارا
۸	کال بوش پت کہا نہ مانا	اگ جگ ناتھ منج کر جانا

۲۵- چھند-

جانا منج کر دنج کانن دہن پاوک ہر سوینگ
جہہ نمت شو برہمادِ سُر پت بھجیو نہین کرنا مینگ
آجنم تے پردروہ رت پاپوگھ مے تو تن اَنیگ
تم ہو دیو نج دھام رام نمام برہم نرا منیگ

۲۵- دوہا-

انہہ ناتھ رگھناتھ سم کرپا سندھ کو آن
مُن دُرلبھ جو پرم گت تمہین دینہہ بھگوان

۱- پت کے سروں کو دیکھتے ہی راون کی پٹ رانی مندودری بہت بیاکل ہو کر مورچھا کھا کر سنگھاسن سے نیچے زمین پر گر پڑی۔ ۲- استریاں روتی ہوئی اُٹھ دوڑین اور اسکو اُٹھا کر راون کے پاس لے آئین۔ ۳- پت کی دشا دیکھتے ہی رونے لگین بال کھل گئے تن بدن کی سدھ نہ رہی کہنے لگین کہ ۴- ہے ناتھ تمہارے بل کے مارے نت پرتھوی ڈولا کرتی تھی اگن سورج چندرما سب کا تیج جاتا رہا تھا۔ ۵- شیش اور کچھپ بھی تمہارے تن کے بوجھ کو نہ سہہ سکے سو تن تمہارا راکھ اور مٹی بھرا ہوا زمین پر پڑا ہے۔ ۶- سنسار بھر مین تمہاری پربھتائی پرگٹ تھی پتر اور پروار کا بل تو کہا ہی نہین جاتا ہے۔ ۷- شری رام چندر جی سے بمکھ ہونے سے یہ حال ہوا کہ کُل بھر مین کوئی رونے کو بھی نہ رہا۔ ۸- ہے ناتھ کال کے

پس ہو کہ تمنے کسی کا بھی کہنا نہ مانا چراچر کے ناتھ شری رام چندر جی کو تمنے منکھ ہی جانا۔ ۲۵ - چھند۔ جنکو شو جی اور برہما جی اور اندر بھی نمسکار کرتے ہین تن رام چندر سوامی کی شرن مین نہ گئے پیدا ہوتے ہی سب سے بیر کرتے رہے اور پاپ ہی کا تمہارا یہ تن رہا سو تم ایسے کو بھی شری رام چندر سوامی نے اپنا دھام بکنٹھ دیا ایسے نرامے برہم شری رام چندر سوامی کو مین نمسکار کرتی ہون۔ ۲۵ - دوہا۔ ہا ہو رگھناتھ جی کے سمان دوسرا کون کرپا سندھ ہے کہ جو پرم گت منیشوروں کو بھی دُرلبھ ہے سوئی گت شری رام چندر سوامی نے تمکو بیر بُدھ کرنے پر بھی دیدی۔

۱	مندودری بچن گُن گانا	سُر مُن سِدّھ سبھے سُکھ مانا
۲	اج مہیش نارد سنکادی	بجے مُن برپُر نارتھ بادی
۳	بھر لوچن رگھپت نہاری	پریم مگن سب بھئے سُکھاری
۴	رُودن کرت دیکھ سب ناری	گیو بھبھیکھن مَن دُکھ بھاری
۵	بندھُ دُشا دیکھت دُکھ کینھا	تب پربھ انجھ آیس دینھا
۶	لچھمن تہہ بہُہ پرکار سمجھایو	بہُر بھبھیکھن پربھ پہان آیو
۷	کرپا درِشٹ پربھ تاہ بلوکا	کرو کریا پرہر سب سوکا
۸	کینھ کریا پربھ آئس پائی	بدھ وت دیش کال جنن گائی

۲۶ - دوہا۔

مندادک نار سب دیئی تلانجلی تاہ
بھون گئیں رگھپت گُن گن برنت من ماہ

۱ - مندودری کے جھکار بچن سنکر سُر مُن سدھ سب نے سکھ مانا - ۲ و ۳ - پھر تو برہما جی شو جی نارد مُن اور سنک آدک پرارتھ بادی آنکھ بھر بھر کر شری رام چندر جی کو دیکھکر پریم مین مگن اور سب سکھی ہو گئے - ۴ - اتنے مین بھاوجون کو روتی ہوئی دیکھکر بھبھیکھن مہا دکھی من اُنکے پاس گئے - ۵ - بھائی کی دشا دیکھکر بڑا دکھ کیا تب تو شری رام چندر جی نے لچھمن جی کو اگیا دی - ۶ - لچھمن جی نے جا کر سمجھایا تب بھبھیکھن شری رام چندر جی کے پاس آئے - ۷ - کرپا درشٹ کرکے شری رام چندر جی نے بھبھیکھن کو دیکھا اور کہا کہ ہمارا اور راون کا بیر تو اُسکے جیتے جی تک تھا سو تو اب ہو گیا اب ہمارا اس سے کچھ بیر نہین ہے تم سوچ دور کرکے اُسکی کریا کرم کرو - ۸ - تب تو شری رام چندر جی کی اگیا پاکر بھبھیکھن نے اُسکی کریا دیش اور کال کے انوسار بدھ سے کی - ۲۶ - دوہا - مندودری آد سب انہون نے اُسکو تلانجلی دی اور

شری رام چندر سوامی کے گنون کو من مین کہتی ہوئی گھر کو گئین۔

۱	آئے بھبیکھن پُن سِر ناوا	کِرپا سِندھ تب اَنُج بُلاوا
۲	تُم کپیش انگد نل نیلا	جاموَنت مارُت نَے شیلا
۳	سب مِل جاے بھبیکھن ساتھا	سارِیو تِلک کہا رگھناتھا
۴	پِتا بچن مین نگر نہ جاؤن	آپ سرس کپ انج پٹھاؤن
۵	تُرت چلے سب سُن پربھُ بچنا	لینھی جاے تِلک کی رچنا
۶	سادر سِنگھاسن بیٹھاری	تِلک سار استُت انساری
۷	جُورِ پان سب ہی سِر نانے	سَہِت بھبیکھن پربھُ پہان آئے
۸	تب رگھبیر بول کپ لینھے	کہہ پریہ بچن سُکھی سب کینھے

۲۷۔ چھند

کیے سُکھی کہہ بانی سُدھا سم بل تمھارے رِپ ہیو
پایو بھبیکھن راج تہون پر جس تمھارو نت نیو
موہ سہت سبھ کیرت تمھاری پرم پریم جو گاے ہین
سنسار سندھ اپار پار پرایس بن سَتے پاے ہین

۲۷۔ دوہا

پربھ کے بچن شرون سُن نہین اگھات کپ پُنج
بار بار سِر ناوہین گہین رام پد کنج + +

۱۔ راون کی کِریا کرکے بھبیکھن نے آکر پھر شری رام چندر جی کو پرنام کیا تب شری رام چندر جی نے لچھمن جی کو بُلایا اور کہا۔ ۲و۳۔ تم اور سگریو اور انگد اور نل اور نیل اور جاموَنت اور ہنومان سب ملکر بھبیکھن کے ساتھ جاکر بھبیکھن کے راج تلک کرو۔ ۴۔ پتا کے بچن سے ہے سکھا مین نگر مین نہین جا سکتا ہون اپنے ہی سمان سگریو اور لچھمن کو بھیجتا ہون۔ ۵۔ شری رام چندر جی کے بچن سُنتے ہی سب گئے اور جاکر تلک کی طیاری کی۔ ۶۔ آدر سمیت بھبیکھن کو سنگھاسن پر بیٹھالا اور تلک کرکے بنتی کی۔ ۷۔ پھر ہاتھ جوڑ کر سب نے سر نوایا اور بھبیکھن سمیت شری رام چندر جی کے پاس آئے۔ ۸۔ تب تو شری رام چندر جی نے بندرون کو بلایا اور پیار سے پیارے بچن کہکر سبکو سُکھی کر دیا۔ ۲۷۔ امرت کے سمان مدھر بچن کہے کہ تمھارے ہی بل سے مین نے راون کو مارا اور بھبیکھن کو راج دے پایا تمھارا جس نت نیا بنا رہیگا اور میرے سمیت تمھارے اس جس کو جو کوئی پریم سمیت گاویگا سو اس اپار

سنسار سمدر کا پار پاویگا۔ ۲۷۔ دوہا۔ ایسے سندر بچن شری رام چندر جی کے سنکر بندر اگھاتے نہین ہین بار بار سِر نواتے ہین اور شری رام چندر سوامی کے چرن پکڑتے ہین

۱	پُن پربھُ بول لیے ہنومانا	لنکا جاو کہا بھگوانا +
۲	سماچار جانکی سُناوُ	تاسُ کُشل لے تم چل آوُ
۳	تب ہنومنت نگر مان آئے	سُن نشچری نشاچر دہائے
۴	بہُ پرکار تِن پوجا کینہی +	جنک سُتا دکھائے پُن دیہی
۵	دُورہ سے پرنام کپ کینہا	رگھُپت دوت جانکی چینہا
۶	کہو تات پربھُ کرپا نکیتا	کُشل انُج کپ سین سمیتا
۷	سب بدھ کُشل کوشلادھیشا	مات سمر جیتیو دسشیشا
۸	اچل راج بھبھیکھن پاوا	سُن کپ بچن ہرکھ اُر چھاوا

۲۸۔ چھند۔

اَت ہرکھ من تن پُلک لوچن سجل کہا پُن پُن رما
کا دیوُن توہ ترے لوک مان کپ کِمپ نہین یائی سما سُن
مات مین پایون اکھل جگ راج آج نہ سنشینک
رن جیت رپُ دل بندھو جُت پشیام رام نر انیک +

۲۸۔ دوہا۔

سُن سُت سدگُن سکل تو ہردے بسو ہنومنت
سانکُول رگھُ بلش مَن رہو سمیت اننت

۱۔ پھر تو شری رام چندر جی نے ہنومان جی کو بلا لیا اور کہا کہ ۲۔ سب سماچار سیتا جی کو جا سناوُ اور انکی کُشل لیکر چلے آوُ۔ ۳۔ تب تو ہنومان جی لنکا مین آئے سُنتے ہی نشاچری اور نشاچر سب دوڑے۔ ۴۔ بہت طرح سے انکا پوجن کیا اور سیتا جی کو دکھایا۔ ۵۔ دُور ہی سے ہنومان جی نے جو پرنام کیا سو ہی سیتا جی نے شری رام چندر جی کا دوت پہچان لیا۔ ۶ و ۷ و ۸۔ کہو ہے تات کرپا ندھان سوامی اور لچھمن جی سب سینا سمیت کُشل آنند سے ہین ہنومان جی نے ہاتھ جوڑ کر کہا کہ ہے ماتا سب طرح سے کوشلادھیش سوامی کُشل سے ہین اور سنگرام مین دس شیش راون کو بھی جیت لیا ہے اور اچل راج لنکے شرناگت بھبھیکھن کو دے دیا ایسے بچن سُنتے ہی سیتا جی کے من مین اپنا سنکلپ پورا ہوا جانکر آنند چھا گیا۔ ۲۸۔ چھند۔ مارے آنند کے بدن کے روئین سب کھڑے ہو گئے اور نیترون مین

جَل بھر آیا بار بار سنو ہنگ لچھمی جی کہنے لگین کہ ہے ہنومان جی مین تمکو کیا دُون اس تمہاری بانی کے سمان تینوں لوک مین کچھ بھی تو نہین ہے تب ہنومان جی نے کہا کہ ہے ماتا جو مین نے سنگرام مین دل سمیت راون کو جیت کر اپنے سوامی شری رام چندر جی کو دیکھا ہے تو مانو سب سنسار بھر کا راج مین پا چکا۔ ۲۸۔ دُوہا۔ ایسے منوہر بچن ہنومان جی کے سُنتے ہی سیتا جی نے کہا کہ ہے ہنومان جی سب اچھے گن تمہارے ہردے مین بسین اور اننت لچھمن جی سمیت شری رگھنشمَن ارتھات شری رام چندر جی سدا تم پر پرسن رہین۔

۱ تب ہنومنت رام پہان جائی ‖ جنک سُتا کی کُشل سُنائی +
۲ سُن سندیس بھان کُل بھوکھن ‖ بول لیے جوراج ببھیکھن +
۳ مارُت سُت کے سنگ سدھاوو ‖ سادر جنک سُتا لے آوو +
۴ تُرتہہ سکل گئے جہان سیتا ‖ سیوین سب نشچری بنیتا
۵ بیگ ببھیکھن تنہین سِکھاوا ‖ سادر تن سیتا انھواوا +
۶ بہو پرکار بھوکھن پہرائے ‖ شیوکا رچر ساج پُن لائے
۷ تا پر ہرکھ چڑھی بیدیہی ‖ سمر رام سُکھدھام سنیہی
۸ سیتا پرتھم انل ماہن راکھی ‖ پرگٹ کینہ چہین انتر ساکھی

۲۹۔ دُوہا۔
تِہہ کارن کرنانِدھ کہے کچھک دُرباد +
سُنت جاتُدھانی سکل لاگین کرن بکھاد

۱۔ شری رام چندر سوامی کی اپنے اوپر سدا کرپا الیسامن کا مانا بردان جب سیتا جی سے پایا تب تو ہنومان جی شری رام چندر جی کے پاس گئے اور سیتا جی کی کشل سنائی۔ ۲۔ سیتا جی کا کشل سندیسا سُنکر سورج بنس کے بھوکھن شری رام چندر جی نے جوراج (ولیعہد) انگد اور لنکا پت ببھیکھن کو بلالیا اور کہا کہ ۳۔ ہنومان جی کے ساتھ جاؤ اور بڑے آدر سمیت سیتا جی کو لے آؤ۔ ۴۔ شری رام چندر جی کی آگیا پاتے ہی سب تُرنت سیتا جی کے پاس گئے جہان سب راکچھسیان بڑی آدھینتا سے ہاتھ جوڑے ہوئے سیوا کر رہی ہین۔ ۵۔ اُنکو ببھیکھن نے سکھایا تب اُنھون نے سیتا جی کو آدر سمیت اُبٹن لگا کر اسنان کرایا۔ ۶۔ اور سب طرح کے گہنے پہنائے اور پرم سُندر پالکی سج کر لائے۔ ۷۔ اس پالکی پر سیتا جی اپنے پرم سنیہی شری رام چندر سوامی کو سُمر کر سوار ہوئین۔ ۸۔ اب تو شری رام چندر جی نے جن سیتا جی کو

پہلے پنچ بٹی اگن مین پرویش کرایا تھا اُنکو اگن سے پرگٹ کرنے کے نمت اور سیتا جی کا پت برت دھرم شدھ رہنے کا اُنتر ساکھی ہونے کے لیے شری رام چندر سوامی سیتا جی سے شپتھ (یعنی قسم) لیا چاہتے ہین۔ ۲۹۔ دوہا۔ اِس کارن سے کرُنا کے دھام شری رام چندر جی نے سیتا جی کو کچھ دُربچن کہے سو سُنکر سب راچھسیان دُکھ کرنے لگین۔

۱ پربھو کے بچن شیش دھر سیتا بولی من کرم بچن پنیتا
۲ لچھمن ہوہُ دھرم کے نیگی پاوک پرگٹ کرو تم بیگی
۳ سُن لچھمن سیتا کی بانی برہ بیبیک دھرم نتے سانی
۴ لوچن سجل جوڑ کر دوؤ پربھو سن کچھ کہہ سکت نہ اوؤ
۵ دیکھ رام رُکھ لچھمن دھائے پاوک پرگٹ کاٹھ بہو لائے
۶ پاوک پربل دیکھ بیدیہی ہردے ہرکھ بھے نہین کچھ تیہی
۷ جو من بچ کرم مم اُر ماہین تج رگھناتھ آن گت ناہین
۸ تو کرشانُ سب کی گت جانا ہُوہ ہُوہ شری کھنڈ سمانا

۱۔ سوامی کے بچن پرم ہیت مانکر شیش پر دھارن کیے اور تن من بچن سے پرم شُدھ سیتا جی لچھمن جی سے بولین کہ۔ ۲۔ ہے لچھمن جی تمھارے ہی اُپچار سے سوامی نے مجکو تیاگ کیا تھا اِس سے اب پھر مجکو سوامی سے ملانے کا تمھارا ہی نیگ ہے تم میرے اپرادھ کو چھما کرکے دھرم کے نیگی ہوکر جلدی اگن پرگٹ کرو مین تمھارے ہاتھ کی اگن مین پرویش کرکے سوامی کو سوگند کر دکھاؤنگی۔ ۳ و ۴۔ جب ایسی بیبیک بجوگ اور پریت پرتا دھرم نیت سہت سیتا جی کی بانی لچھمن جی نے سُنی تب تو اُنکے نیتروں مین جل بھر آیا اور ہاتھ جوڑلیے پرنت سوامی سے کچھ نہ کہہ سکے۔ ۵۔ جب لچھمن جی نے سنساری بیواد کے ڈر سے شری رام چندر جی کی بھی یہی اِچھا دیکھی تب تو لچھمن نے آگ سُلگا کے بہت لکڑی لگادی۔ ۶۔ آگ جلتی ہوئی دیکھکر سیتا جی کے من مین آنند اور ڈر کچھ بھی نہوا اور پرتگیا کرکے سب ترسدھ من اور سیتا کے آگے یہ بچن بولین کہ۔ ۷۔ جو من بچن کرم سے اپنے سوامی شری رگھناتھ جی کو چھوڑ مجکو دوسری گت نہو۔ ۸۔ تو ہے اگن دیوتا تم سب کے شریر مین بیاپک ہو اور سب کے انتہ کرن کے ساکھی ہو مجکو چندن کی طرح سیتل ہوجاؤ۔

چھند

شری کھنڈ سم پاوک پرویش کیو سمر پربھو میتھلی
جے کوشلیش مہیش بندت چرن رت اَت نرملی ✢
پرتبمب ارُ لوکک کلنک پرچنڈ پاوک مان جرے
پربھو چرت کاہو نہ لکھا سب سُر سِدّھ مُن دیکھیں کھرے
دھر روپ پاوک پان گہہِ شری سَتّ جگ شرت بدت جو
جم چھیر ساگر اندرا رامہہ سمر پی آن سو ✢
سو رام بام بھاگ راجت رُچر تن شو بھابھلی
نو نیل نیرج نکٹ مانو کنک پنکج کی کلی ✢

۴۳۔ دوہا۔

برکھیں سمن ہرکھ سُر باجیں گگن نشان ✢
گاویں کِنّر سُر بدھو ناچیں چڑھی بمان
جنک سُتا سمیت پربھو شو بھا امت اپار
دیکھ بھالو کپ ہرکھے جے رگھپت سکھ سار

چھند۔ اس پرکار پرتگیا کرکے شری رام چندر سوامی کا سمرن کیا اور چندن کی طرح جلتی ہوئی آگ میں چلی گئیں جو کوشل راج کی جنکے چرنوں کو شری مہادیو جی اَت نرمل بُدھی سے نمسکار کرتے ہیں۔ پرتبمب (سایہ) تو لوپ ہوگیا اور سنساری کلنک بھی دور ہوگیا مانو آگ ہی میں جل گئے یہ چرتر شری رام چندر جی کا کسی کو بھی نہ دکھ پڑا سب سُر سدّھ مُن کھڑے دیکھتے ہی رہے تب اگن دیوتا آپ روپ دھر کر جو سَتّ شری لوک اور بید میں پرسِدّھ ہیں انکو کنیا کی طرح ہاتھ پکڑے لیے آئے اور سیتا جی کے شُدّھ ہونے کی ساکھی ہو کر جیسے چھیر ساگر نے لکشمی جی کو بشن بھگوان کو دی تھی ویسے ہی اگن دیوتا نے سیتا جی کو شری رامچندر جی کو دی۔ شوبھا سندرتا سے سیتا جی شری رامچندر جی کے بائیں طرف براج رہی ہیں جنکے منوہر تن کی شوبھا مہا سندر ہے مانو نیل کمل کے نئے پھولے ہوئے پھول کے پاس سنہلے کمل کی کلی ہے۔ ۴۳۔ دوہا۔ اب تو ایسے آنند کو دیکھکر دیوتا پھول برساتے اور گگن میں دُندبھی بجاتے ہیں دیوتوں اور کنّروں کی استریاں جس گاتی ہیں اور بمانوں پر چڑھی ہوئی ناچتی ہیں۔ سیتا جی سمیت شری رام چندر کی اپار شوبھا دیکھکر بندر اور ریچھ سب پرسن ہو ہو کر جے جے کار بولنے لگے۔

۱	تب رگھپت انشاسن پائی		ماتل چلیو چرن سر نائی	

۲	آئے دیو سدا سوارتھی		بچن کہین جن پرمارتھی	
۳	دین بندھ دیال رگھورایا		دیو کینہہ دیون پر دایا	
۴	بشو دروہ رت یہہ کھل کامی		نج اگھ گیو کمارگ گامی	
۵	تم سم روپ برہم ابناشی		سدا ایک رس سہج اداسی	
۶	ادھم سریر ومن تو پد پاوا		یہ ہمرے من بسمئے آوا	
۷	ہم دیوتا پرم ادھکاری		سوارتھ رت تو بھگت بساری	
۸	بھو پرباہ سنتت ہم پرے		اب پربھو پاہ سرن انسرے	

۱۱۳۔ دوہا۔

کر بنتی سر سدھ سب رہے جہان تہان کر جوڑ
اتی سپریم تن پلک بدھ استت کرت بہوڑ

۱۔ شری سیتارام کے ملاپ کا آنند دیکھکر اور شری رامچندر جی کی آگیا پاکر ماتل اندر کا رتھوان شری رام چندر جی کے چرنون کو پرنام کرکے بدا ہوا۔ ۲۔ اب تو سدا سوارتھی دیوتا آئے بچن ایسے کہتے ہیں مانو بڑے پرمارتھی ہیں۔ ۳۔ ہے دین بندھ ہے دیال سوامی آپ نے ہم دیوتاؤن پر بڑی ہی دیا کی۔ ۴۔ یہ راون بڑا ہی دشٹ سنسار برودھی مہا کامی کمارگی اپنے پاپ ہی سے ناش ہوگیا۔ ۵۔ آپ تو سمان روپ ہیں کسی سے دشمنی دوستی نہین رکھتے ساکشات برہم ابناشی ہیں سدا ایک رس رہتے ہیں۔ ۶۔ آپ سب سے بےلگاو ہیں اس مہا نیچ نشاچر نے جو آپکا دھام پایا سو ہمارے من میں بڑا اچرج ہوا۔ ۷۔ ہم دیوتا لوگ ایسے پد کے پانیکے جوگ تھے سو سوارتھ کے بس ہوکر آپکی پرم پرداینی بھگت کو بھول گئے۔ ۸۔ اس سے سنسار چکر میں سدا بھرمتے رہتے ہیں اس سے ہے سوامی ہماری اس بپت سے رچھیا کیجیے ہم آپکی شرن میں آئے ہیں۔ ۱۱۳۔ دوہا۔ ایسی بنتی کرکے جب سر سدھ ہاتھ جوڑکر جہان تہان سب کھڑے ہوگئے تب تو بڑے پریم سے پلکت تن ہوکر جگت پتامہہ برہما جی بھی شری رام چندر سوامی کی استت کرنے لگے۔

چھند

۱	جے رام سدا سکھ دھام ہرے		رگھنایک سایک چاپ دھرے	
	بھو بارن دارن سنگھ پربھو		گن ساگر ناگر ناتھ بیبھو	
۲	تن کام انیک انوپ چھبی		گن گاوت سدھ منیندر کبی	

جش پاون راون ناگ مہا کھگ ناتھ جتھا کر کوپ گہا
۳ جن رنجن بھنجن شوک بھینگ گت کرودھ سدا پربھ بودھ مینگ
اوتار اُدار اپار گننگ مہی بھار بھنجن گیان گھننگ
۴ گن گیان ندھان امان اجنگ نت رام نمامی وبھو برجنگ
بھج ڈنڈ پرچنڈ پرتاپ بلنگ کھل برند نکند مہا کشلنگ
۵ بن کارن دین دیال ہتنگ چھب دھام نمامی رما سہتنگ
بھو تارن کارن کاج پرنگ من سمبھو دارن دوش برنگ
۶ شرچاپ منوہر تون دھرنگ جلجارن لوچن بھوپ برنگ
سکھ مندر سندر شری رمنگ مد مار مدا ممتا شمننگ
۷ کرت کرتیہ بھو سب بانرے نرکھنت تو آنن سادرے +
دھگ جیون دیو سریر ہرے تو بھگت بنا بھو بھول پرے
۸ کھل کھنڈن منڈن رمیہ چھما پد پنکج سیوت سمبھو اُما
نرپ نایک دے بردان مدنگ چرنانبج پریم سدا شبھ دنگ

۱۳۔ دوہا۔
بنے کینہہ چتر اننت پریم پلک ات گات
سو بھاسندھ بلوکت لوچن نہیں اگھات

ارتھ:- ہے شری رام چندر ہے سدا آنند ندھان – ہے ہر – ہے رگھنایک – ہے بان دھنکھ دھاری – آپکی جے ہو آپ سنسار روپی اگنی کے مارنے والے سنگھ ہیں ہے پربھو آپ گن ساگر ہیں ناگر ہیں سمرتھ ہیں – ۲۔ انیک کامدیو کے سمان آپکا انوپ ہی اور چھب ونت ہے آپکے گنوں کو شیو جی من لگا کر لوگ گاتے ہیں مہا پوتر آپکا یہ جس ہے کہ راون روپی سانپ کو آپنے گرڑ کی طرح ناش کر دیا – ۳۔ آپ داسوں کے آنند دایک ہیں اور انکے دکھ اور ڈر کے مٹانے والے ہیں کرودھ سے رہت اور شدھ گیان سہت ہیں یہ آپکا اوتار اُدار ہے آپ کے گن اپار ہیں پرتھوی کے بوجھ اتارنے والے اور گیان کے گھن آپ ہی ہیں ایسے آپکو میں نمسکار کرتا ہوں – ۴۔ آپ گن اور گیان کے ندھان ہیں مان سے رہت ہیں اجنما ہیں بھو ہیں برج (مایا رہت) آپ کے بھج ڈنڈ پرچنڈ پرتاپ بلوان دشمنوں کے ناش کرنے میں بڑے ہی کشل ہیں – ۵۔ بنا کارن ہی آپ دین دیال ہیں

وین ہنکاری ہین ایسے جب دہام شری رام چندر جی مہاراج کو لچھمی جی سہت میرا پرنام ہو آپ سنسار تارن ہین کارن اور کارج سے پرے ہین من سے پیدا ہوا کھن دوشون کو ناش کرتے ہین۔ ۶۔ آپ منوہر دھنکھ بان ترکش دھارن کئے ہین لال کمل ایسے سندر سہائے نیتر ہین راج راجیندر ہین سکھ کے مندر ہین پرم سندر ہین لچھمی رمن ہین کام کرودھ مد ترشنا ممتا کے مٹا دینے والے ہین۔ ۷۔ ہے سوامی مین ان مندرون کو دھن مانتا ہون جو اور سہت آپ کے مکھار بند کو دیکھتے ہین اور جو آپ کی بھگتی کو بھول کر بھو بندھن مین پڑے ہین ایسے دیو شریر کو ہے سوامی دھکار ہے۔ ۸۔ اس سے ہے سوامی کھل کھنڈن ہے مہہ منڈن ہے اناتھ بندت کمل ہے نرپ نایک شری رام چندر سوامی مجھکو آپ بھی بردان دیجئے کہ سدا سکھ دایک آپ کے چرن کمل مین سدا پریم میرا بنا رہے۔ ۱۳۔ دوہا۔ اس طرح سے چترمکھ برہما جی نے پلکت شریر ہو کر شری رام چندر جی کی استت کی اور مہا شوبھا کو دیکھکر جی اونکا بھرتا ہی نہین ٹکٹکی لگ گئی۔

۱	تیہہ اوسر دشرتھ تہان آئے		تنے بلوک نین جل چھائے	
۲	انج سہت پربھ بندن کینھا		اشرباد پتا تب دینھا	
۳	تات سکل تو پن پربھاؤ		جیتیون اجے نشاچر راؤ	
۴	سن ست بچن پریت اتی بارھی		نین سجل روماول ٹھاڑھی	
۵	رگھپت پرتھم پریم انمانا		چتے پرتھم دینھو درڑھ گیانا	
۶	تاتے اوما موکش نہین پاوا		دشرتھ بھیتہ پریم من لاوا	
۷	سگن اپاسک موکش نہ لینھین		تنکا رام بھگت نج دینھین	
۸	بار بار کر پربھ ہ پرناما		دشرتھ ہرکھ گئے سر دھاما	

۱۔ جب برہما جی استت کر چکے اسی سمے شری مہاراج دشرتھ جی دیولوک سے وہان آگئے اور دونون پترون کو دیکھتے ہی نیترون مین جل چھا گیا۔ ۲۔ لچھمن جی سہت شری رام چندر جی نے ڈنڈوت پرنام کیا اور پتا نے اشیرباد دیا۔ ۳۔ شری رامچندر جی نے کہا کہ ہے پتا یہ جو مین نے مہا درجے راچھسون کے پت راون کو جیت لیا سو سب آپ ہی کی ست ادہنون کا پربھاو ہے۔ ۴ ایسے بچن شری رام چندر جی کے سنکر مہاراجا دشرتھ کا پریم بڑھا نیترون مین جل بھر آیا رومین بدن کے کھڑے ہو گئے۔ ۵ جب شری رام چندر جی نے پتا کو پریم کے بس جانا تب تو

اُونکی طرف دیکھکر پہلے ہی دُرِڑھ گیان دیدیا کہ تم اور میری ماتا کوشلیا جی نو پورب جنم مین سوایمبھو مَنُو اور سَت روپا رانی تھے تہان تمنے میرے ساتھ پتر بھاو پریم اور میرے بچھڑنے سے اپنا مرنا مانگا تھا اِس سے ایسا ہوا اب تم مجھکو پر برہم پرمیشور جانو۔ ۶۔ ہے پاربتی جی اِسی سے مہاراجا دشرتھ نے موکش نہین پائی تھی کہ شری پریم مین مَن لگائے تھے اور دو مطلبون سے یہان دشرتھ مہاراج کا آنا ہوا ایک تو شری رام چندر جی کے ملنے کی اُنکو ابھلاکھا تھی دوسرے شری رام چندر جی کو بن باس دینے سے مہاراجا دشرتھ جی نے بھرت جی سمیت کیکئی کو تیاگ کیا تھا اُنکو بھارجیو اور پُترتو مین گرہن کرایا۔ ۷۔ اور ہے پاربتی جی بھگوت بھگت لوگ موکش چاہتے بھی نہین ہین اِس سے قایم اُنکو شری رامچندر جی اپنی بھگت ہی دیتے ہین۔ ۸۔ پھر تو مہاراجا دشرتھ اپنے پہلے جنم کا گیان پاکر بار بار اپنے سوامی کو پرنام کرکے آنند سہیت سُرلوک کو چلے۔

دوہا۔ اَنُج جانکی سہت پربھو کُشل کوشلادھیش +
شوبھا دیکھ ہرکھ مَن سنے کرت سُر ایش

چھند۔ دِے بھگت رمانِواس تراس ہرن شرن سُکھد ایکنگ
سُکھدھام رام نمام کام انیک چھب رگھُنایکنگ
سُربرند رنجن دوند بھنجن منج تن آتلت بلنگ
برہمادِ شنکر سیبیہ رام نمام کرُنا کوملنگ

۲۳۲ - دوہا۔ اب کرِ کرپا بلوک موہہ آیس دیہہ کرپال
کاہ کرون سُن پریہ بچن بولے دین دیال

دوہا۔ پھر تو لچھمن جی اور سیتا جی سمیت اَتِ کُشل کوشلادھیش شری رام چندر جی کی شوبھا دیکھکر پرسن مَن دیوراج اندر بھی سوامی کی اُستت کرنے لگے۔ چھند۔ ہے رمانواس بشن باسدیو سوامی مجھکو اپنی بھگت دیجیے ہے شرناگت کے بھے ہرن اور سکھد ایک سوامی مین آپکو پرنام کرتا ہون۔ سکھدھام رام سوامی کو پرنام کرتا ہون کوٹ کام سُندر رگھُنایک کو پرنام کرتا ہون۔ دیوتاؤن کے آنند دایک دُوند بھنجن ارتھات سُکھ دُکھ جنم مرت سُورگ نرک آدِ کے مٹانے والے منوشیہ تن نرمنکھم روپ اتھاہ بل برہما جی اور شِو جی آدِ سے سیوا کیے گئے شری رامچندر جی کو مین پرنام کرتا ہون جو دیا سے اَتِ کومل چت ہین ۲۴

دوہا۔ اِس طرح بنتی کرکے ہاتھ جوڑ کے یہ کہا کہ ہے سوامی آپ مجھپر کرپا درشٹ سے

دیکھکر اَگیا دیجیے کہ اِس سمے میں سوامی کا کون کام کرون الیسے اندر کے پیارے بچن سُنکر دین دیال شری رامچندر جی بولے ۔

۱ سُن سُرپت کپ بھال ہمارے   پرے بھُوم نسچرن جو مارے
۲ مم ہت لاگ تجے اِن پرانا   سکل جیاؤ سُریش سُجانا
۳ سُنُ کھگیش پربھُ کی یہ بانی   اَتِ اگادھ جانہِن مُن گیانی
۴ پربھُ سک ترِبھوَن مار جیائی   کیول سکرہ دینھ بڑائی +
۵ سُدھا برکھ کپ بھال جیائے   ہرکھ اُٹھے سب پربھُ پہان آئے
۶ سُر انشک سب کپ اُور رچھا   جیے سکل رگھُپت کی اچھا
۷ رام سرس کو دین ہنکاری   کینھے مُکت نشاچر جھاری
۸ کھل مل دھام کام رت راوَن   گت پائی جو مُن بر پاوَن

۲۳۔ دوہا۔
سُمَن برکھ سب سُر چلے چڑھ چڑھ رُچر بمان
دیکھ سُواوسر رام پہان آئے شمبھُ سُجان

۱۔ سنو ہے سُرپت اندر ہمارے یہ ریچھ اور بندر راچھسون کے مارے ہوئے رن بھوم میں پڑے ہین۔ ۲۔ ہمارے کام کے لیے اُنھون نے اپنے پران دیے ہین سو تم اِن سبکو امرت برسا کر جیا دیو۔ ۳۔ سُنو ہے گرڑ جی شری رام چندر جی کے بچن اَت اگادھ ہین اُنکو گیانی مُن ہی لوگ جانتے ہین۔ ۴۔ شری رام چندر سوامی تو تینون لوک کو مار کر جلا سکتے ہین یہ تو کیول اندر کو بڑائی دینے کے لیے اگیا دی ہے۔ ۵۔ جب اندر نے امرت برسا کر سب ریچھ اور بندرون کو جلا دیا تب تو سب پرسن ہو کر اُٹھے اور شری رام چندر جی کے پاس آئے۔ ۶۔ دیوتاؤن کے انش سب ریچھ اور بندر تھے اِس سے سوامی کی اچھا سے سب جی اُٹھے۔ ۷۔ ہے گرڑ جی شری رام چندر سوامی کے برابر ہتکاری کوئی بھی نہین ہے دیکھو اپنے بیری راچھسون کو بھی مُکت کر دیا۔ ۸۔ مہا دُشٹ اور پاپون کا دھام اور کامی ایسے راون کو بھی پرم گت دیا جو مُن بھی نہین پاتے ہین۔ ۲۳۔ دوہا پھر تو شری رام چندر جی پر پھول برسا کر سب دیوتا اپنے اپنے بمانون پر چڑھکر چلے گئے تب تو ساوکاش کا سمے (فرصت کا وقت) جانکر سُجان شری شوجی مہاراج شری رام چندر سوامی کے پاس آئے۔

دوہا۔
پرم پریت کر جوڑ جگ نلن نین بھر بار
پُلکت تن گد گد گرا بنے کرت ترِپُرار +

۱	مامبھِ رچھکَ رگھُو کُل نایک	دھرت بر چاپ رُچر کر سایک	
۲	مُوہ مہا گھَن پَٹَل پَربھَنجَن	سَنشے بِپِن انَل سُر رنجن	
۳	اَگُن سگُن گُن مَندَر سُندَر	بھرم تم پربل پرتاب دِواکر	
۴	کام کرُودھ مَد گج پنچانَن	بسو نرنتر جن من کانن +	
۵	بھَو بارِدھ مَندَر پَرمَندَر	بارے تارے سنسرت دُستر	
۶	شیام گات راجیو بلوچن	دِین بندھو پرنتارت موچن	
۷	انُج جانکی سہت نرنتر	بسو رام نرپ مم اُر انتر	
۸	مُن رنجن مہہ منڈل منڈن	تلسی داس پربھ تراس بکھنڈن	

۲۴ - دوہا -	ناتھ جبے کوشل پُری ہوئی تلک تمہار کرپا سندھ مَیں آسے ہوں دیکھن چرت اُدار	

دوہا- بڑی پریت سے ہاتھ جوڑے کمل سے سُندر نیتروں میں جل بھرے پُلکت گات گدگد بانی سے پرپرم دن شری شوجی مہاراج شری رامچندر سوامی کی استت کرتے ہیں کہ- ۱- چوپائی- ہے رگھوکُل نایک ہمارے بھی رچھک ہم اسو کی سب اور سے رچھا کیجیے آپنے یہ دھنکھ بان سیوک کی رچھا ہی کے لیے دھارن کیا ہے- ۲- مہاموہ روپی میگھ کیواسطے آپ پَون سنشے روپی بن کے جلا دینے والے اگن ہیں دیوتا کو آنند دینے والے ہیں- ۳- مایا کے گنوں سے نرگن ہیں سُندر اپراکرتی گنوں سے سگن ہیں بھرم کے اندھکار کو سورج ہیں ۴- کام کرودھ اہنکار کے ہاتھیوں کو سنگھ آپ ہی ہیں سو آپ میرے من بن میں ہر ساعت نواس کیجیے- ۵- آپ سنسار روپی سمندر کو مندراچل پرپرم دھام ہیں سو ہم کو اس دستر سنسار سے تاریے اور دور رکھیے- ۶- آپ جو سُندر شیام انگ ہیں کمل لوچن دین بندھو ہیں شرناگت دکھ نوارن ہیں- ۷- ایسے آپ لچھمن جی اور سیتا جی سہت اس رام بھوپ روپ سے میرے ہردے میں نرنتر باس کیجیے- ۸- ہے مُن رنجن ہے پرتھوی منڈل کے سنوارنے والے ہے تلسی داس کے پربھو ہے سنسار ساگر کا ڈر مٹانیوالے- ۲۴- دوہا- ہے ناتھ جب سمے شری اجودھیا جی میں آپکا راج تلک ہوگا اس سمے میں بھی اُس دار چرتر کے دیکھنے کو آؤنگا-

۱	کرجتی جب سمبھ سدھائے	تب پربھ نکٹ بھبھیکھن آئے	
۲	نائے چرن سر کہا مردبانی	بنے سُنیئے پربھ سارنگ پانی	

۳ سکل سندل پربھ راون مارا　پاون جش تربھون بستارا
۴ دین ملین ہین مت جاتی　مو پر کرپا کینہ بہت بھانتی
۵ اب جن گرہ پنیت پربھ کیجے　مجن کرئے سمر شرم چھیجے
۶ دیکھ کوش مندر سمپدا　دیہہ کرپال کپن کا مدا ✣
۷ سب بدھ ناتھ موہ اپنائیے　پن موہ سہت اودھ پر جائیے
۸ سنت بچن پربھ دین دیالا　سجل بھیئے دُو نین بسالا

۱- اس طرح استت کرکے جب شری شوجی بھی چلے گئے تب بھبھیکھن شری رامچندر جی کے پاس آئے ۲- چرنوں کو سر نوا کر اتی کومل بانی بولے کہ ہے دھنکھ دھاری سوامی کچھ میری بھی بنتی سنیئے کہ ۳- پریوار اور سینا سمیت آپ نے راون کو جو مارا سو یہ پوتر جس آپکا تینوں لوک میں ہو گیا ۴- اور مہا دین اتی ملین جن مت ہین جات (نیچ ذات) ایسا میں سو تسپر بھی آپ نے بڑی کرپا کی - ۵- اب آپ اودھ میعاد پہنچنے پر لنکا میں چلکر داس کے گھر کو پوتر کیجے اور وہاں جٹا کھول کر اشنان کیجے سنگرام کا پرشرم دور کیجے - ۶- اور یہ سب لیش کوش (خزانہ) سمپدا آنند پرسن من سے سب بندروں کو بانٹ دیجئے - ۷- سب پرکار سے ہے ناتھ مجھکو اپنا داس کر لیجیے پھر مجھکو بھی ساتھ لیکر آپ اجودھیا جی کو چلیے - ۸- بھبھیکھن کے ایسے بچن سنکر دین دیال سوامی شری رام چندر جی کے بشال نیتروں میں جل بھر آیا اور بولے -

۳۵- دوہا

تور کوش گرہ مور سب ستیہ بچن سن تات ✣
بھرت دشا سمرت موہ نمکھ کلپ سم جات
تاپس بیکھ شریر کرش جپت نرنتر موہ
دیکھوں بیگ سو جتن کر سکھا نہوروں توہ
بیتے اودھ جاؤں جو جیت نہ پاؤں بیر ✣
بھرت پریت سمرت پربھو پن پن پلک شریر
کرہو کلپ بھر راج تم سمریو موہ من مانہہ
پن مم دھام سدھاسے مو جہان سنت سب جانہہ

۳۵- دوہا- تیرا خزانہ اور تیرا گھر تو سب میرا ہی ہے میں سچ کہتا ہوں پرنتُ ہے سکھا سن بھرت بھائی کی دشا سدھ کرتے ہی مجھکو ایک ایک پل کلپ کے سمان جاتا ہے -

پنچھیون کا ایسا تو جنکا گھر ہے اور دبلے بدن ہو رہے ہین نرنتر میرا نام جپتے ہین ایسے بھوت بھائی کو مین دو ہزار کوس سے کیسے پل سکتا ہون اودھ تو بیتنے پر آپہونچی اس سے مین جیسے اونکو دیکھون سوئی اپاے کرو ہے سکھا مصاحب ۱۲ مین تمھاری بنتی کرتا ہون۔ اور جو مین اودھ بیت جانے پر جاؤنگا تو اس بھائی ستّ بادی کو جیتا نہ پاؤنگا کیونکہ چلتی بار مجھ سے سوگند کھا کر کہہ گئے ہین کہ۔ گیتاولی۔ تلسی بیتے اودھ پرتھم دن جو رگھناتھ نہ آیہو۔ تو پربھ چرن سروج شپتھ جیوت پرجنہ نہ پایہو۔ اِس پرکار بھرت جی کی دشا سمر سمر کر شری رام چندر سوامی بار بار پلکت شریر ہو جاتے ہین اس سے مجکو جلد پہونچاؤ۔ اور تم کلپ بھر تک یہان کا راج کرو اور سدا میرا سمرن کرتے رہو کلپ کے انت مین میرے پرم دھام بیکنٹھ کو جاؤگے جہان میرے سب بھگت لوگ جاتے ہین۔

۱ سنت بھبیکھن بچن رام کے ہرکھ گہے پد کرپادھام کے
۲ بانر بھال سکل ہرکھانے گہہ پربھ پد گن بمل بکھانے
۳ بہر بھبیکھن بھون سدھایو من گن بسن بمان بھرایو
۴ لے پشپک پربھ آگے راکھا ہنس کر کرپا سندھ تب بھاکھا
۵ چڑھ بمان سن سکھا بھبیکھن گگن جاے برسو پٹ بھوکھن
۶ نبھ پر جاے بھبیکھن تب ہی برکھ دیے من امبر سب ہی
۷ جوئی جوئی من بھاوین سوئی لیہین من مکھ میل ڈار کپ دیہین +
۸ ہنسے رام شری انج سمیتا پرم کوتکی کرپا نکیتا + +

۳۲۶۔ دوہا۔
من جیہ دھیان نہ پاوہین نیت نیت کہہ بید
کرپا سندھ سوئی کپن سن کرت انیک بنود

۱۔ بھبیکھن نے شری رام چندر جی کے بچن سنتے ہی پرسن ہو کر چرن پکڑ لیے کہ سوامی ایسا ہی کرونگا۔ ۲۔ بندر اور ریچھ بھی سب پرسن ہو گئے اور چرن چھو چھو کر شری رام چندر جی کی بڑائی کرنے لگے۔ ۳۔ پھر تو بھبیکھن لنکا کو گئے اور جا کر من (جواہرات) اور کپڑون سے بمان بھروایا۔ ۴۔ اور کبیر کا پشپک بمان لا کر سوامی کے بھینٹ کیا تب شری رام چندر سوامی نے ہنس کر کہا کہ ہے سکھا تم اس بمان پر چڑھ کر آکاش مین جاؤ اور وہان سے یہ گہنے اور کپڑے برساؤ۔ ۶۔ تب تو آکاش مین جا کر بھبیکھن نے من اور امبر سب برسا دیے۔ جو جسکے من کو بھاتا ہے

سو لیتا ہے اور مَن کو تو بندر مُکھ مین ڈالکر پھینک دیتے ہین - ۸- شری سیتا اور لچھمن جی سہت شری رام چندر جی یہ تماشا دیکھکر ہنستے ہین کرپا کے دھام شری رام سوامی بڑے ہی کوتکی (تماشا بین) ہین - ۳۶ - دوہا - مُن لوگ بھی جن سوامی کو دھیان مین بھی نہین پاتے ہین اور نیدینیت کہتے ہین سو کرپال سوامی بندرون کے ساتھ انیک پرکار کے کھیل کرتے ہین -

دوہا -

اُما جوگ جپ دان تپ نانا برت مکھ نیم
رام کرپا نہین کرین تس جس نِرکیول پریم

۱	بھالُ کپِن پٹ بھوکھن پائے	پہر پہر سب پربھ پہان آئے
۲	سچے سبن پر کینھی دایا	بولے مدھر بچن رگھُرایا
۳	تمھرے بل مین راون مارا	تلک بھبھیکھن کا پُن سارا
۴	نج نج گرہ اب تم سب جاہو	سمرِیو موہ ڈریو جن کاہو
۵	سُنت بچن پریم آکُل بانر	جوڑ پان بولے سب سادر
۶	پربھ جو کہو تمھین سب سوہا	ہمرے ہوت بچن سُن موہا
۷	دین جان کپ کیے سناتھا	تم تیرے لوک ایش رگھناتھا
۸	دیکھ رام رُکھ بانر ریچھا	پریم مگن نہین گرہ کی اچھا

۴۷ - دوہا -

کہہ نہ سکین کچھ پریم بس بھر بھر لوچن بار
سنمکھ چتوین رام تن نین نمیکھ نبار

دوہا - سُنو ہے پاربتی جی جوگ سے جپ سے دان سے تپ سے چاندراین آدی انیک پرکار کے برتون سے جگون سے نیمون سے شری رام چندر سوامی ایسی کرپا جیوون پر نہین کرتے ہین جیسی نِشوت (خالص) پریم سے کرتے ہین کیونکہ ان کرمون کا پھل برہم لوک ہی تک ہے اور پریم سے بھگوت دھام ملتا ہے - ۱- چوپائی - ریچھ اور بندرون نے کپڑے اور گہنے پائے ہین پہنکر شری رامچندر جی کے پاس آئے - ۲- شری رامچندر جی نے سبکو دیکھکر دیا کی اور میٹھے بچن بولے کہ - ۳- تمھارے ہی بل سے مین نے راون کو مارا ہے اور بھبھیکھن کو راج تلک کیا - ۴- اب تم سب اپنے گھر جاؤ میرا ہی سمرن کرنا اور کسی سے نہ ڈرنا - ۵- ایسے بچن سوامی کے سنتے ہی پریم مین بیاکل اور ہاتھ جوڑ کر بولے کہ - ۶- ہے سوامی آپ جو کچھ کہین سنو سب آپکو شوبھا ہے پرنتُ ہمکو آپکے بچن سنکر موہ (بھرم) ہوتا ہے - ۷- دین جانکر

ہمکو آپ نے سناتھ کیا ہے آپ تو تین لوک کے ناتھ ہین۔ ۸۔ آپ تو شری رام چندر جی کی اِچھا جانکر سب ریچھ اور بندر پریم مین مگن ہو گئے گھر جانے کی اِچھا کسی کو بھی نہین ہے ۳۔ دوہا۔ پریم کے بارے کچھ کہہ تو سکتے نہین ہین نیترون مین جل بھر بھر لیتے ہین اور پلکون کو روک کر شری رام چندر جی کے سنمکھ دیکھ رہے ہین۔

۱	اِت سُپریت دیکھ رگھرائی	لینھے سکل بِمان چڑھائی
۲	مَن مانہہ بِپر چرن سِر ناوا	اُتر دِشا بِمان چلاوا
۳	چلت بِمان کُلاہل ہوئی	جے رگھبیر کہین سب کوئی
۴	سنگھاسن اَتِ اُچ منوہر	شری سمیت بیٹھے پربھ تا پر
۵	راجت رام سہت بھامنی	میرُ شرنگ جنُ گھن دامنی
۶	رُچر بِمان چلیو اَتِ آتُر	کینھی سُمن برشٹ ہرکھے سُر
۷	پرم سُکھد بہہ ترِبدھ بیاری	ساگر سر سر نِرمل باری
۸	سگُن ہونہہ سُندر چہوُن پاسا	مَن پرسن نِرمل سب آسا

۸۳۔ دوہا۔
جہان جہان کرپا سندھ بن کینھ باس بِشرام
سکل دِکھائے جانکی کئے سبّن کے نام

۱۔ شری رام چندر جی نے اُنکی اَت پریت دیکھکر سب کے سب اپنے پریتم رچیت منوہر بِمان پر چڑھا لیے۔ ۲۔ پھر تو شری رام چندر سوامی نے براہمنون کے چرنون کو اپنے من ہی مین نمسکار کیا اور اُتر دِشا کو بِمان چلا دیا۔ ۳۔ بِمان کے چلتے ہوئے بڑا آنند ہوا جے رام جے رام سب کہنے لگے۔ ۴۔ سنگھاسن بہت اُونچا اور منوہر ہے اُسپر شری سیتا جی سہت شری رام چندر جی براجتے ہین۔ ۵۔ اَب اُس بِمان کے اُونچے سنگھاسن پر سانولے اور گورے شری رامچندر اور شری سیتا جی کے سوروپ کیسی شوبھا دے رہے ہین مانو سُمیر پربت کے کنگورے پر میگھ اور بجلی ہی سوبھتے ہین۔ ۶۔ جب سُندر بِمان تیز گوتا چل پربت سے چلا تب تو دیوتا لوگ پرسن ہو گئے اور پھولون کی برکھا کرنے لگے۔ ۷۔ پرم آنند دینے والی شیتل مند سگندھ پون بہنے لگی سمندر اور ندی اور تالابون کے جل نرمل ہو گئے۔ ۸۔ چارون دِشا مین سُندر شبھ سگن ہونے لگے سب پرانیون کے من پرسن ہو گئے دسو دِشا نرمل ہو گئین۔ ۸۳۔ دوہا۔ جہانتک سبھے جہان جہان کرپا سندھ

شری رام چندر سوامی نے شری سیتاجی کے بجوگ مین بن باس اور بشرام کیا تھا سو سب شری سیتاجی کو دکھائے اور سب کے نام بتائے۔

۱ ترت بمان تہان چلِ آوا دنڈک بن جہان پرم سہاوا
۲ کمبھج آدِ مُنی نایک نانا گئے رام سب کے استھانا
۳ سکل رکھِن سن پائے اسیشا چترکوٹ آئے جگدیشا
۴ تہان کرِ مُنِن کیر سنتوکھا چلا بمان دھیان تے چوکھا
بہُرِ رام جانکی دکھائی جمُنا کلمل ہرنِ سہائی
۶ پُنِ دیکھی سُرسری پُنیتا رام کہا پرنام کرِ سیتا
۷ تیرتھ پتِ پُنِ دیکھُ پریاگا نرکھت کوٹ جنم اگھ بھاگا
۸ دیکھ پرم پاوَن پُنِ بینی ہرن شوک ہرِ لوک نسینی

۳۹۔ دوہا۔ پُنِ پربھُ آئے تربینی ہرکھت مجن کینھ
کپِنھ سہت بپرن کا دان بِبِدھ دینھ

۱۔ ترنت بمان وہان آپہونچا جہان دنڈک بن پرم سہاوَن ہے۔ ۲۔ جہان اگستیہ مُنی آدِ رکھیشور رہتے ہین اُن سبکے آشرمون مین شری رام چندر جی گئے۔ ۳۔ پھر اُن سے آشیرباد پاکر چترکوٹ مین جگت کے سوامی شری رام چندر جی آئے۔ ۴۔ تہان اترآدِ مُن کو گونکا سنتوکھ کرکے دھیان سے بھی جلد چلنے والا بمان چلا۔ ۵۔ پھر شری رامچندر سوامی نے کلجگ کے پاپون کی ہرنے والی پرم سہاونی کلند نندنی شری جمناجی شری جانکی مہارانی کو آدکھائی۔ ۶۔ تسکے پیچھے پرم پاونی دیو ندی شری گنگاجی کو آگے دیکھا تب تو شری رامچندر جی نے کہا کہ ہے سیتاجی یہ شری گنگا ہین انکو پرنام کرو۔ ۷۔ تسکے پیچھے تیرتھ راج پریاگ دیکھا جسکے دیکھتے ہی کروڑ جنم کے پاپ ناش ہو جاتے ہین۔ ۸۔ پھر پرم پوتر گنگا جمنا کی بینی دیکھی جو دُکھ کی ہرنے والی اور بیکنٹھ کی نسینی (سیڑھی) ہے۔ ۹۳۔ دوہا۔ پھر شری رام چندر سوامی نے تربینی پر آکر بندرون سہت پرسن من سے اسنان کیا اور تیرتھ باسی براہمنون کو طرح طرح کے دان دیے۔

۱ پربھو ہنومنت کہا سمجھائی دھرِ بٹ روپ اودھ پُر جائی
۲ بھرتہِ کشل ہمار سناؤ سماچار لے تم چلِ آؤ

۳	ترت پون سُت گونت بھیوو	تب پربھ بھردواج پہان گیوو
۴	مُن پد پنکج جگل کر جوری	چڑھ بمان پربھ چلے بہوری
۵	سُرسر لانگھ یان جب آوا	اُترو تٹ پربھ آئس پاوا
۶	سُنتے گُہ دھایو پریا کُل	آوا نکٹ پرم سُکھ سنکُل
۷	پربھہ بلوک سہت بیدیہی	پریو آدن تن سُدھ نہین تیہی
۸	پرم پریتِ بلوک رگھُرائی	ہرکھ اُٹھائے لینہ اُر لائی

۱- جب سب اسنان کر چکے تب شری رام چندر جی نے ہنومان جی سے سمجھا کر کہا کہ تم براہمن کا روپ رکھکر اجودھیا جی کے پاس نندگرام مین جاؤ - ۲- اور وہان بھرت جی کو شری سیتا اور لچھمن جی سمیت ہمارے آنے کے سماچار سناؤ اور انکے سماچار لیکر شیگھر ہمارے پاس آجاؤ - ۳- شری رام چندر جی کی آگیا پاکر جب ہنومان جی اجودھیا جی کو گئے تب شری رام چندر جی بھردواج مُن کے پاس گئے - ۴- اور کہا کہ ہے مہاراج آپ مجھکو یہہ بردان دیجیے کہ جہان جہان میرے بندر اور برچھ رہین وہان وہان کند مول پھل بہت ہوا کرین ایسا بردان مانگ کر اور مُن لوگون کے چرنون کو پرنام کرکے دونون ہاتھ جوڑے اور بمان پر چڑھکر شری رام چندر سوامی چلے - ۵- جب گنگا جی کو نانگھکر شرنگ بیرپور مین بمان آگیا تب تو شری رام چندر سوامی کی آگیا پاکر زمین پر اترا - ۶- سنتے ہی نکھادراج گُہ مارے پریم کے گھبرایا ہوا دوڑا اور آنند سے بھرا ہوا شری رام چندر جی کے پاس آیا - ۷- اپنے سوامی شری رام لچھمن جی کو شری سیتا جی سمیت دیکھکر پرتھوی پر گر پڑا مارے آنند کے تن بدن کی کچھ سُدھ نہ رہی - ۸- نکھادراج کی ایسی پریم پریت دیکھکر شری رام چندر جی نے اُٹھا کر اپنے ہردے سے لگا لیا -

چھند

لیے ہردے لائے کرپا ندھان سجان رام رماپتی
بیٹھار پرم سمیپ بوجھی کشل سو کر بینتی +
اب کشل پد پنکج بلوک برنچ شنکر سیبیہ جے
سکھدھام پورن کام رام نمام رام نمام تے

سب بھانت ادھم نکھاد جو پربھُ بھرت جِم اُر لا ئیو
مت مند تلسی داس سو پربھُ موہ بش بسرا ایو +
یہ راؤنارِ چرتر پاون رام پد رت پرد سدا
کامادِ گیان کر سُر سدھ مُن گاوین مُدا +

۴۔ دوہا۔

سمر بجے رگھبیت چرت سُنین جے سدا سجان
بجے بیبک بھوت نت تنھین دیہیں بھگوان
یہ کل کال ملاے تن من کر دیکھ بچار
شری رگھُنایک نام تج ناہین آن ادھار

چھند۔ کرپا ندھان پرم سُجان شری رام رمایت نے اُس نکھاد کو چھاتی سے لگا لیا اور بہت ہی پاس بٹھال کر اُسکی کُشل پوچھی۔

تب تو نکھاد راج بنتی کرکے بولا کہ اب آپ کے چرن کمل دیکھکر کُشل ہوئی جو آپ کے چرن کمل شری برہما جی اور شری شیو جی مہاراج کو بھی سیبیہ (ارتھات سیوا کرنیکے جوگ) ہین ہے سُکھ کے دھام ہے پورن کام (سب کامنا پورن) شری رام سوامی مین آپ کو بار بار پرنام کرتا ہون۔

سب پرکار سے نیچ نکھاد کو جن رام چندر سوامی نے اپنے بھائی بھرت جی کے سمان ہردے سے لگا لیا ارے مند جیو ایسے کرپال سوامی کو تو نے موہ کے بس ہوکر (غفلت مین آکر) بھلا دیا کہ اُنکا دھیان جپ تپ کچھ نہین کرتا۔

یہ راونار (ارتھات راون کے دشمن شری رامچندر جی کا پوتر چرتر ستا شری رام چندر جی کے چرنون کی پریت کا دینے والا ہے اور کام (یعنی شہوت نفسانی) اور کرودھ (یعنی غصہ) اور لوبھ (یعنی لالچ) اور موہ (یعنی محبت دنیا و غفلت آخرت) اور آہنکار (یعنی غرور) ان سب کا دور کرنے والا ہے اور گیان کا کرتا ہے ارتھات آتم بدھ (خود شناسی) دینے والا ہے جسکو شری برہما جی اور شری شیو جی آد سب دیوتا اور سدھ اور مُن لوگ پرم پرسن من سے

گاتے ہین۔ ۱۳۰۔ دوہا۔ یہ شری رام چندر جی کا سمر بجے چرتر ہے اسکو جو سُجان لوگ سدا کہتے اور سُنتے ہین اُون کامناوالون کو تو بجے (یعنی فتح) اور بِبھوت (یعنی دولت) اور کچھ کامنا نہ رکھنے والون کو گیان اور بِجگیت اور بَیراگ سدا شری رام بھگوان دیتے ہین۔

یہ کلجگ پاپون کا گھر ہے ہے من تو بچار کر دیکھ لے کہ شری رام نام کو چھوڑکر اور کوئی اُپاے اِس پاپ سے بچنے کا نہین ہے کیول یہی آدھار (سہارا) ہے۔

یہ لنکا کانڈ کی تیسری چالیسی ہوئی اور
ترِکوٹاچل کا تیسرا کوٹ ہوا + +

اِت شری رام چرترمانسے لنکا کانڈے

کھشٹم شوپان سماپتہ

ارتھات

شری رام چرترمان سروور کی

چھٹھویں سیڑھی لنکا کانڈ

سماپت ہوا

شری گنیشائے نمہ

تلسی داس کرت رامائن

اُتّر کانڈ سٹیک

اشلوک

श्लोक ॥ जित्वालंकपतिं ससेन सकुलं सीतान्वितं
सानुजं। स्थित्वापुष्पकयान सेन सहिता योध्या
पुरी मागतम्॥ भ्रात्रानन्दप्रदं प्रजा सुखकरं राज्या
भिषेकं गतं। त्रैलोकाधिपतिं चराचरपतिं सीता
पतिं संश्रये ॥ ✢ ॥ ✢ ॥ ✢ ॥ ✢ ॥ ✢ ॥ ✢ ॥

دوہا

رِپُ رَن بَدھ سِیتا اَنُج سَہِت سَنگ کپ ایشر
آوَت کَوشَل پُر کُشَل جے جے جے رگھوبیر

یہ ساتوان اُتّر کانڈ رام چرتّر مانس ساتو کانڈون مین ایسا اُتّم ہی کہ - اشلوک

श्लोक ॥ वेदेषुपौरुषं सूक्तं धर्म्मशास्त्रेषु मानवः। भारते भगवद्गीता-
पुराणेषु च वैष्णवः ॥१॥ निम्नगानां यथा गंगा देवानाम च्युतो यथा।
वैष्णवानां यथा शम्भुः सप्तकाण्डेष्विदन्तथा ॥ २ ॥ ✢ ॥ ✢ ॥ ✢ ॥

اشلوک کے ارتھ - ۱ - جیسے بیدون مین پُرش سوکت سب سے اُتم ہی اور دھرم شاستر دن مین منو سمرت ہی اور مہابھارت پُران مین بھگوت گیتا ہی اور اَٹھارہ پُرانون مین بشن پُران ہی اور ندیون مین جیسے دیوندی گنگا جی ہین اور دیوتاؤن مین بشن بھگوان ہین اور بیشنون مین جیسے سرگوتم جگت گرو سری شوجی مہاراج ہین تیسے ہی ساتون کانڈون مین یہ اُتر کانڈ سب سے اُتم ہی کیونکہ اس کانڈ مین جیوون کا پرم ہت روپ بھگوت چرنارنبدون کا پریم سب سے بڑھکر سدھ کیا ہے جیسے اور کانڈون مین جتھا پرسنگ (بسبیل تذکرہ) کہا ہی اِسمین کھلا کھلا اور باندھکر کہا ہی - پچاس چوپائیون مین تو سری رامچندرجی کے چرتر ہین اور چالیس چوپائیون مین نیلاچل پربت کی کتھا ہی اُسکے چارون کنگورون پیچھے دس دس چوپائیون کا پرمان رکھا ہی باقی کتھا پچاس چوپائیون مین کہی ہی سب ایک سو چالیس چوپائی ہین اِسمین چھیپک بہت کم ہی بہدھا پوراہی پرمان ہی - شروع مین ہنومان جی کا بھرت جی کے پاس آنا - بھرت جی کا پرجا اور ماتا سہت سری رام چندرجی کے ملنے کو جانا - سری رامچندرجی مہاراج کا نگر پرویش - راج تلک - بید استت - بندرون کی بدا سری رام چندرجی کے پاس جانا - گپت بیکنٹھ جاترا - یہ پچاس چوپائیون کا پہلا کھنڈ ہی - پاربتی جی کا پرشن سری مہادیو جی کا نیلاچل پربت پہ جانا - گرڑجی کا موہ (یعنی یہ سندیہ کرنا کہ سری رام چندر سوامی پربرہم نہین ہین - گرڑجی کا بھشنڈ کے پاس جانا رام چرتر کا برنن - گرڑجی کا بودھ ہونا - کاگ بھشنڈ کا موہ - یہہ چالیس چوپائیون کا دوسرا کھنڈ ہی - کاگ بھشنڈ کے جنم کی کتھا - کلجگ کے دوش اور گن - کاگ بھشنڈ کو شاپ - لومس رکھ کا آنا - لومس رکھ کا شاپ چھما کرنا - گیان دیپک - بھگت چنتامن - انت مین مانس روگ - گرڑجی کی بیکنٹھ جاترا - پاربتی جی کا بودھ ہونا - کتھا کی سماپت - یہ پچاس چوپائیون کا تیسرا کھنڈ ہی -

راماین

اشلوک

श्लोक ॥ केकीकंठाभनीलं सुरवरविलसद्विप्रपादाब्जचिह्नं । शोभाढ्यं पीतवस्त्रं सरसिजनयनं सर्वदा सुप्रसन्नम्॥ पाणौ नाराच चापं कपिनिकरयुतं बन्धुना सेव्यमानं । नौमीड्यं जानकीशं रघुवरमनिशं पुष्पकारूढरामम् ।१ ॥ कोशलेन्द्रपदकंजमंजुलौ कोमलाम्बुजमहेशवंदितौ । जानकीकरसरोज लालितौ चिन्तकस्य मनभृङ्गसङ्गिनौ ।२। कुन्दइन्दुवर गौर सुन्दरंमाम्बिकापतिमभीष्टकामदम्। कारुणीककलकंज लोचनं नौमिशंकरमनंगमोचनम्। ३ ॥

اشلوک

۱ کیکی کنٹھا بھہ نیلنگ سُربر بلسَت بپر پادابج چہنگ ۔ شوبھاڈھینگ
پیت بسترنگ سرسج نینَنگ سربداسوپرسنّنگ ۔ پانو ناراچ
چاپنگ کپ نکر جتنگ بندھنا سیبیہ مانگ ۔ نوم ایڈینگ
جانکیشنگ رگھبرنگ انشنگ پشپک ارودھ رامنگ ۔

۲ کوشلیندر پد کنج منجلو کوملا مبج مہیش بندتو ۔ جانکی کر سروج
لالتو چنتکسیہ من بھرنگ سنگنو ۔

۳ کنداندر گور سندرنگ امبکا پت مبھیشٹ کا م دنگ
کارنیک کل کنج لوچننگ نوم شنکرمننگ موچننگ ۔

اِس اُتر کانڈ کے شروع مین گسائین تلسی داس جی لنکا جیت کر پُشپک بمان پر چلے آتے اپنے اشٹ دیو شری رام چندر جی کو پرنام کرتے ہین۔

اشلوک کے ارتھ۔ ۱۔ جو شری رام چندر جی مور کے چکنے نیلے کنٹھ کے سمان تو سُندر شیام برن ہین اور چھاتی پر بھرگ لتا کا چنہ ہی کر ڈر کا مدیو کی شوبھا سے پُورن ہین پیتامبر دھارن کیے ہین کمل ایسے نیتر ہین سدا پرسن رہتے ہین۔ داہنے ہاتھ مین بان ہین بائین ہاتھ مین دھنکھ ہے بندرون کی سینا ساتھ ہے لچھمن جی جنکی سیوا مین ہین ایسے پرسنتا یُگ لنکا کو بجی کیے ہوئے پُشپک بمان پر براجتے چلے آتے ہوئے سیتا پت رگھوبر شری رام چندر سوامی کو مین سدا پرنام کرتا ہون۔ ۲۔ کوشلیندر ارتھات کوشل پُری جو اجودھیا ہے تہان کے راجا شری رام چندر جی کے دونون چرن کمل اتی اُتّم ہین اور دونون پرم کومل اور دونون برہما جی اور شِو جی سے نمسکار کیے گئے اور دونون شری سیتا جی کے کر کمل سے لکھت دونون دھیان کرنے والون کے من روپی بھونرون کے ساتھی ہین۔ ۳۔ اب گرنتھ کے مکھ آچارج شری شِو جی کو پرنام کرتے ہین۔ جو شری شِو جی مہاراج کُند پُشپ اور چندرمان اور شنکھ کے سمان تو گورے برن ہین امبکا شری پاربتی جی کے پت ہین سبھون کو من مانگی کامنا کے دینے والے ہین کارُنیک ارتھات بڑے دیال ہین کمل سے سُندر جنکے نیتر ہین تن اننگ موہن کامدیو کے ناش کرنے والے شری شِو جی مہاراج کو مین ڈنڈوت پرنام کرتا ہون۔

دوہا۔ ۱۔ رہا ایک دن اودھ کر آرت پُر لوگ
جہان تہان شوچہین نار نر کرش تن رام بجوگ
۲۔ سگن ہوہین سُندر سکل من پرسن سب کیر
پربھ آگمن جناو جنُ نگر رمیہ چہون پھیر
۳۔ کوشلادک مات سب من انند اس ہوئے
آیئو پربھ سِری انج جُت کہن چہت اب کوئے
۴۔ بھرت نین بھج دچھن پھرکت بارہ بار
جان سگن من ہرکھ اتی لاگے کرن بچار

۱ و ۲۔ یہان اجودھیا جی مین جب سے شری سیتا اور لچھمن جی سہت شری رامچندر جی چتر کوٹ سے ڈنڈک بن کو سدھارے تب سے بہتیرے اجودھیا باسی انکو سیکڑون دن

جو جن تک بار بار دیکھ آئے کہین بھی کھوج نہ پایا اودھو (میعاد) کے بیت جانے مین جب ایک ہی دن رہ گیا اور سوامی کے آنے کی کچھ بھی سُندھ نہ پائی تب تو نگر باسی گھبرائے اور جہان تہان سب استری پُرش دُکھی ہو کر سوچ کرنے لگے اور شری رامچندر جی کے بجوگ مین بہت دُبلے ہو گئے جب ایسی بیاکُلی سبکو ہوئی تب تو کرپاندھان سوامی کی کرپا سے سبکو اچھے سگُن ہونے لگے اور سب کے من بھی پرسن ہو گئے مانو شری رام چندر سوامی کا آنا ہی بتلا رہے ہین اور نگر بھی پرم سُہاون ہو گیا۔

۳۔ کوشلیا آدی ماتاؤن کے من مین ایسا آنند ہونے لگا مانو شری سیتا جی اور لچھمن جی سہت شری رامچندر ہی آئے ایسا منگل سندیسا کوئی ابھی دروازے سے آ کر کہا ہی چاہتا ہے

۴۔ نندی گرام مین بھرت جی کے داہنے نیتر اور بھجا بار بار پھڑکنے لگے ایسے سگن ہوتے جانکر بھرت جی کے من مین آنند تو ہوا پرنتُ بچار کرنے لگے۔

۱ رہا ایک دِن اودھ ادھارا — سمجھت مَن دُکھ بھیو اپارا
۲ کارن کون ناتھ نہین آئو — جان کُٹل کِدھون موہ بِسرایو
۳ اہہ دھنّ لچھمن بڑ بھاگی — رام پد ارِبند انُراگی
۴ کپٹی کُٹل موہ پربھو چینھا — تاتے ناتھ ساتھ نہین لینھا
۵ جو کرنی سمجھین پربھ موری — نہین نِستار کلپ شت کوری
۶ جن اوگُن پربھ مان نہ کاؤ — دین بندھو اَت مِردُل سُبھاؤ
۷ موہرے جیہ بھروس درِڑھ سوئی — مِل ہین رام سگُن شُبھ ہوئی
۸ بیتے اودھ رہین جو پرانا — ادھم کون جگ موہ سمانا

۱۔ دوہا۔
رام برہ ساگر مہان بھرت مگن من ہوت
بپر روپ دھرپون سُت آے گئے جن پوت

۱۔ چودہ برس کی اودھ مین میرے پرانون کا آدھار اب تو ایک ہی دن رہ گیا ہے اور سوامی کی اور سے نہ تو بات چلی نہ کوئی سندیسا آیا ایسا سمجھ کر بھرت جی کے من مین اپار دُکھ ہوا ۲۔ کون کارن ہے جو سوامی اب تک نہین آئے کٹل جانکر کہین مجھکو بھول تو نہین گئے ۳۔ ہم تینون بھائیون مین لچھمن تو بڑ بھاگی ہوئے سو دھن ہین کہ سبکو تنکے کے برابر چھوڑ کر کیول شری رامچند سوامی کے چرن کمل ہی کے پریمی ہو لئے ۴۔ مجھکو تو سوامی نے کپٹی اور کھوٹا ہی جانا اسی سے

ساتھ نہین لیا۔ ۵ ۔جو سوامی میری ہی کرنی سمجھین گے تو تو میرا نستار سو کلپ تک بھی نہوگا۔ ۶ ۔پر سوامی تو بھگت بتسل ہین اُنھون نے اپنے داسون کے اَوگُن کبھی نہین مانے ہین کیونکہ دین بندھو ہین اور بہت ہی کومل اُنکا سبھاؤ ہی۔ ۷ اُسی کا مجھکو پکّا بھروسا ہی کہ سوامی مجھکو ملینگے ہی سگُن بھی شُبھ ہوتے ہین۔ ۸ ۔جو اَودھ (میعاد) بیت جانے پر بھی میرے پران بنے رہین تو پھر میرے سمان پاپی اس جگت مین کون ہی۔ ۱ ۔ دوہا اِس طرح شری رام چندر جی کے برہ ساگر مین بھرت جی کا مَن ڈوبا جاتا تھا کہ اتنے مین براہمن کا رُوپ بنائے ہوئے ہنومان جی آگئے مانو ڈوبتے کو ناؤ کا سہارا مل گیا۔

دوہا

بیٹھے دیکھ کُشاسن جٹا مُکٹ کِرِش گات
رام رام رگھُپت جپت سْرَوت نین جلجات

۱ دیکھت ہنومان اَت ہر کھیو پلک گات لوچن جل بر کھیو
۲ من مان بہُت بھانت سُکھ مانی بولیو شرون سُدھا سم بانی
۳ جاسُ برہ سوچو دن راتی رٹو نرنتر گُن گن پانتی
۴ رگھُکُل تلک سجن سُکھداتا آوت کُشل دیو مُن تراتا
۵ رپُ رن جیت سُجس سُر گاوت سِیتا انُج سہت پربھ آوت
۶ سُنت بچن بسرے سب دُکھا ترِکھاونت جِم پائے پیوکھا
۷ کو تم تات کہان تے آئے موہِ پرم پریہ بچن سنائے
۸ مارُت سُت مین کپ ہنومانا نام مور سُن کرپا ندھانا

دوہا۔ دور سے ہنومان جی نے بھرت جی کو کُشا کے آسن پر بیٹھے دیکھا اور جٹاون کا مکٹ سر پر باندھے رام بجوگ کے دُکھ کے مارے دُبلے ہو رہے ہین رام رام جپ رہے ہین کمل سے سُندر نیترون سے جل گر رہا ہی۔ چوپائی ۔ ۱۔ ایسا پریم بھرت جی کا دیکھتے ہی ہنومان جی پرسن ہوگئے بدن کے روئین کھڑے ہوگئے آنکھون سے جل گرنے لگا۔ ۲ ۔من مین بڑا سُکھ بھرت جی کے کانون کو امرت کے سمان میٹھے بچن بولے کہ ۳ ۔ہے بھرت جی اب تم سوچ نکرو جنکے بچھڑنے سے تم دن رات سوچ کیا کرتے ہو اور جنکے گن گُنون کو سدا رٹا کرتے ہو۔ ۴ ۔ سوئی رگھُکُل تلک سجنون کے سُکھ داتا دیوتن رچھک شری رام چندر جی مہاراج کُشل سے آتے ہین۔ ۵ ۔ رن مین راون بیری کو جیت کر جنکا سُجس دیوتا گاتے ہین سوئی رامچندر سوامی

شری سیتا اور لچھمن جی سہِت پشپک بمان پر چڑھے ہوئے چلے آتے ہین ۔۶۔ ایسے آنند مول بچن سُنتے ہی بھرت جی کے سب دُکھ بھول گئے مانو بڑے پیاسے کو امرت ملا ۔۷۔ پوچھنے لگے کہ ہے تات تم کون ہو اور کہان سے آتے ہو جو تم مجھکو پیارے بچن سُناتے ہو۔

۸۔ ہنومان جی نے کہا کہ مین پون کا پُتر ہون اور بندر کی ذات ہون ہنومان میرا نام ہے شری رامچندر سوامی کی آگیا سے براہمن کا روپ دھر کر شری رامچندر سوامی کے آنے کے منگل آنند سماچار تمکو سُنانے کو آیا ہون۔

۱ دِین بندھو رگھپت کر کِنکر ۔ سُنت بھرت بھیٹیو اُٹھ سادر
۲ مِلت پریم نہین ہردے سماتا ۔ نَین سَروت جل پُلکت گاتا
۳ کپ تو درشن سکل دُکھ بیتے ۔ مِلے آج موہ رام پریتے
۴ بار بار پوچھی کُشلاتا ۔ تُمکا دیوُن کہا سُن بھراتا
۵ یہ سندیس سرس جگ ماہین ۔ کر بچار دیکھیوُن کچھ ناہین
۶ ناہِن تات اُرن مین توہِن ۔ اَب پربھو چرت سُناوُ موہین
۷ تب ہنومنت نائے پد ماتھا ۔ کہے سکل رگھپت گن گاتھا
۸ کہُ کپ کبہوُن کرِ پال گُسائین ۔ سُمرت موہ داس کی ناہین

۲۔ دوہا۔
رام پران پریہ ناتھ تم ست بچن مم تات
پُن پُن مِلت بھرت سُن پریم نہ ہردے سمات

۱۔ دین بندھو شری رام چندر جی کا داس ہون بھگوت بھگت سنتے ہی بڑے آدر سے اُٹھکر بھرت جی ہنومان جی کو ملے ۔۲۔ ملتے سمے بھرت جی کے ہردے مین پریم سماتا نہین ہے نیتر دن سے تو جل بہ رہا ہے اور رومین بدن کے کھڑے ہین ۔۳۔ بولے کہ ہے ہنومان جی تمھارے درشن سے میرے سب دُکھ دور ہو گئے آج مجھکو شری رامچندر جی کے پیارے ملے ۔۴۔ بار بار ہنومان جی سے کُشل پوچھکر بولے کہ ہے بھائی مین تمکو اِس سمے کیا دون ۔۵۔ اِس سندیسے کے برابر تو سنسار مین کوئی پدارتھ ہی نہین مین نے اپنے من مین بچار کر دیکھ لیا ۔۶۔ اِس سے ہے ہنومان جی مین تو تمھارے رِن سے اُرن ہو ہی نہین سکتا ہون اب تم مجھکو سوامی کے چرتر سُناؤ ۔۷۔ تب تو ہنومان جی نے بھرت جی کو پرنام کرکے سب چرتر شری رام چندر جی کے کہے ۔۸۔ بھگوت چرتر سنکر پھر بولے کہ کہو تو ہنومان جی کبھی شری رام چندر سوامی مجھکو بھی داس کی طرح

یاد کرتے ہین ۔ ۳ ۔ دوہا ۔ تب تو ہنومان جی بولے کہ ہے سوامی آپ کیا پوچھتے ہین آپ تو شری رام چندر جی کو پران ہی کے سمان پیارے ہین مین آپ سے سچ ہی کہتا ہون ایسے بچن ہنومان جی کے سنکر بھرت جی بار بار ہنومان جی سے ملتے ہین اور پریم ہردے مین سماتا نہین ہے

۴ ۔ سورٹھا

بھرت چرن سر نائے ترت گیو کپ رام پہان
کہی کشل سب جائے ہرکھ چلے پربھ بمان چڑھ

۱	ہرکھ بھرت کوشل پر آئے	سماچار سب گرہ سنائے
श्लोक ॥ वेदे रामायणे चैव पुराणे भारते तथा । आदौ मध्ये तथा चान्ते हरिस्सर्वत्र गीयते ॥ ६ ॥

۷- اس سے جہان ہر کتھا نت ہوتی ہے تہان مین تمکو بھیجتا ہون وہان جا کر نت ہر کتھا سُنو ۸- سُنتے ہی سب سندیہہ جاتے رہینگے اور شری رام چندر جی کے چرنون مین بڑا پریم ہوگا -

۱۰- دوہا- کیونکہ سَت سَنگ بنا تو ہر کتھا کا سُننا نہین ہوتا ہی اور سُننے بنا مُوہ نہین جاتا ہی- اور بنا مُوہ گئے شری رام چندر کے چرنون مین پریم نہین ہوتا ہی- اشلوک -

श्लोक ॥ श्रुत्वा धर्मं विजानाति श्रुत्वा त्यजति दुर्मतिम्। श्रुत्वा ज्ञानमवाप्नोति श्रुत्वा मोक्षन्तु गच्छति ॥ % ॥ % ॥ % ॥

۱	مِلَین نہ رَگھُپت بن اَنُراگا	کِیے جوگ جب گیان بِراگا
۲	اُتر دِشِ سُندر گِر نِیلا	تہان رَہ کاگ بھُسُنڈ سُشیلا
۳	رام بھگت پَتھ پَرم پربینا	گیانی گُن گرِہ بہُ کالینا
۴	رام کتھا سو کہے نِرنتر	سادَر سُنین بیدھ بِہنگ بَر
۵	جاے سُنو تہان ہرگُن مُوری	ہوئی مُوہ جنت دُکھ دُوری
۶	مین جب تِہہ سب کتھا بُجھائی	چلیو ہَرکھ مَم پَد سِرنائی
۷	تاتے اُما نہ مَین سمجھاوا	رَگھُپت کرپا مَرم مَین پاوا
۸	ہر مایا بَلونت بھوانی	جاہ نہ موہ کون اَس پَرانی

۱۱- دوہا-

گیانی بھگت شِرومَن تربھون پَت کَر پان
تاہ موہ مایا پربل پامَر کرین گمان

۱- پریم کے بنا شری رام چندر جی نہین ملتے ہین جاہے جتنا جپ جوگ بیراگ کرو- ۲- اُتر دِشا مین نیل نام سُندر پربت ہی تہان بھُسنڈ نام ایک کوا رہتا ہی- ۳- شری رام چندر جی کی بھگت مین بڑا چتر اور بڑا گیانی اور گُنی اور بہت دِنی ہی- ۴- شری رام چندر جی کی کتھا نرنتر کہتا ہی تہان بھانت بھانت کے پنچھی آدر سمیت سنتے ہین- ۵- تہان جا کر جب تم شری رامچندر جی کے اننت گُن سنوگے تب تمھارے مُوہ کے سب دُکھ چھوٹ جائینگے- ۶- جب مین نے گرُڑ سے یہ سمجھا کر کہا تب وہ میرے چرنون کو پرنام کر کے چل دیا- ۷- اِس سے مین نے اُسکو ہے پاربتی نہین سمجھایا تھا- کہ شری رامچندر جی کی کرپا سے سب بھید پا گیا تھا- ۸- ہر کی مایا بڑی بلوان ہی ایسا کون پرانی ہی جسکو وہ نہ موہ لیوے- ۱۱- دوہا- مہا گیانی اور بھگتون مین شرومن اور تربھون پت (بھگوان وِشنُن) کا باہن ایسے گرُڑ کو تو مہا بلوان مایا نے موہ ہی لیا بڑا نیچ ہی جو گمان کرے

۱	گیو گرُڑ جہان بَسَے بھُسنڈی	مَت اَکُنٹھ ہر بھگت اَکھنڈی
۲	دیکھت گِرہ پرسَنَّ مَن بھیوٗ	مایا مُوہ سُوچ سب گیوٗ

۳	کر تڑاگ مجن جل پانا	بٹ تر گیو ہردے ہرکھانا	
۴	برِدھ برِدھ بہنگ تہان آئے	سُنئے رام کے چرت سُہائے	
۵	کتھا ارمبھ کرے سو چاہا	تاہی سمے گیو کھگ ناہا	
۶	آوت دیکھ سکل کھگ راجا	ہرکھیو بایس سہت سماجا	
۷	اَت آدر کھگ پت کر کینہا	سواگت پوچھ سُوآسن دینہا	
۸	کر پوجا سمیت انُراگا ÷	مدھر بچن تب بولیو کاگا	

۱۲- دوہا-	ناتھ کرتارتھ بھیون مین تو درشن کھگ راج آئیس ہوئے سو کرون اب پربھ آیو کیہ کاج	

۱- گرُڑ جی وہان گئے جہان کاگ بھُسنڈ رہتے ہین جنکی بُدھ تو اَت اکنٹھ (نہایت تیز) ہے اور اکھنڈ بھگوت بھگت ہین -۲- نیلاچل پربت کے دیکھتے ہی گرڑ جی کا من اَت پرسن ہوگیا اور مایا سے پیدا ہوئے سب سوچ اور موہ جاتے رہے -۳- تالاب مین اسنان اور جل پان کرکے اَت پرسن ہردے برگد کے برچھ کے تلے گئے -۴- تہان بوڑھے بوڑھے پنچھی شری رامچندر سوامی کے چرتر سننے کو آئے تھے -۵- کتھا کا آرمبھ ہی کاگ بھُسنڈ کیا چاہتے تھے کہ اُسی سمے کھگ راج گرُڑ وہان پہونچے -۶- کاگ بھُسنڈ نے جو سب پنچھیون کے راجا گرُڑ جی کو آتے دیکھا تو اپنے سب سماج سمیت پرسن ہوگئے -۷- اُٹھکر گرڑ جی کا بڑا آدر کیا اور کُشل پوچھکر سُندر آسن بیٹھنے کو دیا -۸- بڑے پریم سے انکا پوجن کیا اور اَت مدھر بچن کاگ بھُسنڈ بولے کہ -۱۲- دوہا- ہے ناتھ آج مین آپ کے درشن سے کرتارتھ ہوگیا اب جو اگیا آپ کی ہو وہ مین کرون آپ کس کارج کے نمت یہان آئے ہین-

۱	سُنو ناتھ جہہ کارن آئیون	سو سب بھیو درس تو پایون	
۲	اب شری رام کتھا اَت پاون	سدا سکھد دکھ پنج نشاون	
۳	سادر تات سُناؤ موہن	بار بار بنوون پربھ توہین	
۴	سنت گرڑ کی گرا بنیتا	سرل سپریم سکھد سوپنیتا	
۵	بھیو تاس من پرم اچھاہا	لاگ کہے رگھپت گن گاہا	
۶	پرتھم اَت انراگ بھوانی	رام چرت سر کہس بکھانی	
۷	پن نارد کر موہ اپارا ÷	کہس بہر راون اوتارا	

۸ پربھ اوتار کتھا پھر گائی تب سشُو چرت کہس من لائی

۱۳- دوہا- بال چرت کہہ بِبدھ بِدھ من مان پرم اُچھاہ
رِکھ آگمن کہس پُن سشری رگھبیر بواہ

۱- سنو ہے تات جس مت مین تمھارے پاس آیا ہون سو تو تمھارے درشن ہی سے ہوگیا ۲ و ۳- اب تم شری رام چندر جی کی کتھا مہا پوتر سکھ دائنی دکھ ناشنی آدر سمیت مجھکو سناؤ مین بار بار تمھاری بنتی کرتا ہون- ۴ و ۵- ایسی اَتِ کومل سہج پریم پوتر سُکھد ایک پرم بھری گرُڑ جی کی بانی سنتے ہی کاک بھشنڈ جی کے من مین بڑا ہی آنند ہوا اور شری رامچندر سوامی کے گنون کی کتھا کہنے لگے- ۶- پہلے تو بڑے پریم سے ہے پاربتی جی اس رام چرتر کو مان سرُوور کرکے برنن کیا- ۷- پھر نارد من کا اپار موہ کہا پھر سادن کا بسم کہا- ۸- تسکے پیچھے شری رام چندر کے اوتار کی کتھا بکھان کرکہی اور شری رامچندر جی کے بال چرتر من لگاکر کہے- ۱۳- دوہا اپنا اشٹ دیو بالک روپ رام چندر جی کو جان کر بڑے اُتساہ سمیت اینک بھانت سے بال چرتر کہے پھر بسوامتر جی کا اجودھیا جی مین آنا کہا پھر شری سیتاجی اور شری رامچندر جی کا بواہ کہا-

۱ پھر رام ابھکھیک پرسنگا پُن نرپ بچن راج رس بھنگا
۲ پُربا سِن کر بِرہ بکھادا کہن رام لچھمن سمبادا
۳ بپن گمن کیوٹ انُراگا سُرسر اُتر نواس پریاگا
۴ بالمیک پربھو ملن بکھانا چترکوٹ جم بسے بھگوانا
۵ سچو آگمن نگر نرپ مرنا بھرت آگمن پریم بہُ برنا
۶ کر نرپ کِریا سنگ پُرباسی بھرت گئے جہان پربھو سکھراسی
۷ پُن رگھپت بہُ بِدھ سمجھائے لے پادُکا اودھ پُر آئے
۸ بھرت رہن سُرپت سُت کرنی پربھو اَرُ اَتر بھینٹ پُن برنی

۱۴- دوہا- کہہ براَدھ بدھ جیہہ بدھ دیہہ تجی سرببھنگ
برن ستیچھن پریت پُن پربھو اگست ستسنگ

۱- پھر شری رام چندر جی کے راج تلک کا حال کہا پھر راجا دشرتھ جی کے بچن سے راج کا بھنگ ہو جانا کہا- ۲- نگر باسیون کا برہ بکھاد اور شری رام چندر جی اور شری لچھمن جی کا سمباد کہا

۳ - پھر شری سیتا اور لچھمن جی سہت شری رامچندر جی کا بن کو جانا کہا کیوٹ کا پریم کہا پھر گنگا پار ہو کر پریاگ راج مین بھردواج مُن کا مِلاپ کہا - ۴ - پھر شری بالمیک اور شری رامچندر جی کا ملنا اور اُنکی آگیا سے چترکوٹ مین رہنا کہا - ۵ سُمنت کا اجودھیا جی مین آنا اور مہاراجہ دشرتھ کا مرنا پھر بھرت جی کا آنا اور انکا پریم کہا - ۶ - مہاراجا دشرتھ کی کریا کرکے پرباسیون سمیت بھرت جی کا شری رامچندر جی کے پاس جانا - ۷ - پھر شری رامچندر جی کے اُپدیش سے بھرت جی کا اجودھیا جی مین آنا - ۸ - بھرت جی کی رہن اور اندر کے پُتر جَینت کی کھٹائی اور اَتر مُن اور شری رامچندر جی کا ملاپ - ۱۴ - دوہا - پھر بِرادھ کا بدھ کہا شربھنگ مُن کی بیکنٹھ جاترا کہی پھر اگست مُن کے سِکھ سُتیکشن مُن کا پریم کہا پھر اگست مُن اور شری رامچندر جی کا ملاپ کہا -

۱	کہہ ڈنڈک بن پاوَنتائی	اگدھ بیتری کہی سُہائی
۲	پُن پربھو پنچ بٹی کر باسا	بھنجی سکل مُنن کی تراسا
۳	پُن لچھمن اُپدیش اَنُوپا +	سُورپنکھا جِمِ کینھ کُروپا
۴	کھر دوکھن بدھ پُہُر بکھانا	جِمِ سب مرم دشانن جانا
۵	دش کندھر ماریچ بتکہی	جِہِ بدھ بھئی سُو سب تِہہ کہی
۶	پُن مایا سیتا کر ہرنا +	شری رگھبیر برہ کچھ برنا
۷	پُن پربھو گدھ کریا جِمِ کینھی	بدھ کبندھ شوری گت دینھی
۸	بہُر برہ برنت رگھبیرا	جِہِ بدھ گئے سرور تیرا

۱۵ - دوہا	پربھو نارد سمباد کہہ مارُت ملن پرسنگ پُن سُگریو مِتائی بال پران کر بھنگ

۱ - پھر ڈنڈک بن کی پوترتا کہکر اَتِ سُہائی جٹایو کی مترتا کہی - ۲ - پھر شری رامچندر جی نے پنچ بٹی مین رہ کر جیسے سب مُنیشوروں کا ڈر مٹایا سو کہا - ۳ - تِسکے پیچھے لچھمن جی کا اُپدیش کہا پھر سُورپنکھا کا کُروپ کرنا - ۴ - پھر کھر دُوکھن کا مارا جانا کہا راون کے آگے سُورپنکھا کا بلاپ کرنا کہا - ۵ - راون اور ماریچ کی بات چیت جیسی ہوئی سو کہی - ۶ - پھر مایا کی سیتا جی کا ہرنا اور شری رامچندر جی کا برہ بلاپ کچھ کہا - ۷ - پھر جیسے شری رامچندر جی نے گدھ راج جٹایو کی برہم میدھ کریا کی سو کہی کبندھ کو مارا سو کہا شوری کا اُپکار اور بیکنٹھ کو جانا کہا -

۸-پھر بھُوگ کتھا اور بسنت رِت کا برنن کرتے ہوئے جیسے شری رامچندر سوامی پمپا سر پہونچے سو کہا-۱۵-دوہا-تسکے پیچھے شری رامچندر راونارمن کا سمباد کہا پھر ہنومان جی کے ملنے کی کتھا کہی پھر سگریو کی مترتا اور بال کا مارا جانا کہا-

دوہا-

کپہ ملاپ کر پربھو کرِت پشل پربرکھن باس
برنت برکھا شرد رُت رام رُدش کپ تراس

۱	جہ بدھو کپ پت کیش پٹھائے	سِیتہ کھوج سکل سدھائے
۲	بِسر پرویش کینہہ جیہ بھانتی	کپن بھور بِلا سمپاتی
۳	سُن سب کتھا سمیر کمارا	لانگھوت بھیو پیودِھ اپارا
۴	لنکا کپ پرویش جم کینھا	پُن سیتہ دھیرج جم دینھا
۵	بَن اُجار راونہہ پربودھی	پُہ دہ لانگھیو بہُر پیودھی
۶	آئے کپ سب جہاں رگھورائی	بیدیہی کی کُشل سُنائی
۷	سین سمیت جتھار گھمبیرا	اُترے جاے بارندھ تیرا
۸	ملا بھیکن جہ بدھ آئی	ساگر نگرہ کتھا سُنائی

۱۶-دوہا-

سیِت باندھو کپ سین جسم اُتری ساگر پار
گیو بسٹھی بیز بہ جہہ بدھ بال کمار

دوہا-سگریو کو راج دے کر شری رامچندر جی نے پربرکھن پربت پر نواس کیا اور برکھا رت اور شرد رت کا برنن کیا سو سب کہا پھر شری رامچندر جی کا سگریو پر کوپ اور سگریو کا ڈر کہا-چوپائی-۱-جس پرکار سگریو نے سیتا جی کے کھوجنے کو بندر بھیجے سو کہا-
۲-اُنھوں نے رکش نام بِیر دگڑھے مین پرویش کیا تہاں ہیما نام ایک اپسرا کی سہیلی کی سہایتا سے سمپاتی نام گدھ جٹایو گدھ کا بھائی اُنکو جیسے ملا سو سب کہا-۳-سمپاتی گدھ کے مُکھ سے سب کتھا سنکر پون پتر ہنومان جی نے جیسے سمدر کو نانگھا سو کہا-۴-پھر لنکا مین ہنومان جی نے جیسے پرویش کیا اور شری سیتا جی کو دھیرج دیا سو کہا-۵-پھر بن کو اُجاڑ اور راون کے پتر اکش کمار کو مار کر راون کو سمجھا کر لنکا جلا کر جیسے ہنومان جی سمدر پھر نانگھ آئے سو سب کہا-۶-پھر سب بندروں نے آکر شری سیتا جی کی کُشل کہی سو سب کہا-
۷-پھر سینا سمیت شری رامچندر جی جیسے سمدر کے کنارے اُترے سو سب کہا-

۸- تہان جیسے ببھیکھن شری رامچندر کو آملے سو کہا اور سمدر پر کوپ کر کے ڈنڈ کیا او سمدر آملا سو کہا۔ ۱۶- دوہا- پھر سمدر کا پُل باندھکر بندروں کی سینا جیسے سمدر پار ہوگئی اور بال کے پُتر انگد جیسے بسیٹھی (پیغام بر) کو گئے سو سب کہا۔

دوہا-
نسچر کیش لڑائی برنی ببدھ پرکار۔
کمبھ کرن گھن ناد کر بل پورکھ سنگھار۔

۱ نسچر نکر مرن بدھ نانا — رگھپت راون سمر بکھانا
۲ راون بدھ مندودر شوکا — راج ببھیکھن دیو اشوکا
۳ سیتا رگھپت ملن بہوری — سُرن کینھ استت کر جوری
۴ پُن پشپک چڑھ کپن سمیتا — اودھ چلے پربھو کرپا نکیتا
۵ جہ بدھ رام نگر نج آئے — بایس بشد چرت سب گائے
۶ کہس بہور رام ابھیکھا — پُن برنن نرپ نیت انیکا
۷ کتھا سمست بھُسنڈ بکھانی — جو میں تم سن کہیوں بھوانی
۸ سن سب رام کتھا کھگ ناہا — کہت بچن من پرم اُچھاہا

۱۷- سورٹھا-
گیو موہ سندیہ سنیوں سکل رگھپت چرت
بھیو رام پد نیہہ تو پرساد بایس تلک ✤

دوہا- پھر بندر اور رچھسوں کی لڑائی انیک پرکار کی کہی تسکے پیچھے کمبھ کرن اور میگھناد کا بل پورکھ کے ساتھ سنگرام اور انکا مارا جانا کہا۔ چوپائی- ۱- راچھسوں کے نکر (گروہ) کا مرنا اور شری رامچندر اور راون کا اپار جدھ کہا ۲- راون کا مارا جانا اور مندودری کا بلاپ کرنا اور ببھیکھن کا راج اور دیوتاؤں کا آنند کہا ۳- پھر شری سیتا اور شری رامچندر کا ملاپ کہا اور دیوتاؤں کی استت کہی ۴- پھر پشپک بمان پر چڑھکر بندروں سہت شری رامچندر جی کا اجودھیا جی کو جانا کہا۔ ۵- جس پرکار شری رامچندر جی اپنے نگر میں آئے سو سب بشد چرتر کاگ بھسنڈ نے کہے۔ ۶- پھر شری رامچندر جی کا راج تلک کہا تسکے پیچھے بہت سی راج نیت کہی۔ ۷- سب کتھا کاگ بھسنڈ جی نے گرڑ جی سے کہی جو میں نے تم سے ہے پاربتی جی کہی ہے۔ ۸- اس پرکار سب کتھا شری رامچندر جی کی سنکر گرڑ جی بڑے پریم سن من سے بولے کہ ۱۷- سورٹھا سنو ہے کاگ راج تمہارے پرساد سے میرے

سب سندیہہ دور ہوگئے اور سب چرتر شری رامچندر جی کے سُنے اور شری رام چندر جی کے چرنون مین نیا اور اَت پریم ہوا ۔

۱۶ ۔ سورٹھا

موہ بھیو اَت موہ پربھو بندھن رن مان نر کو
چدانند سندوہ رام بکل کارن کون

۱ دیکھ چرت اَت نر انہاری بھیو ہردے مم سنشے بھاری
۲ سوئی بھرم اب ہت کر مین مانا کینھ انُگرہ کرپا ندھانا
۳ جو اَت آتپ بیاکل ہوئی ترو چھایا سکھ جانے سوئی
۴ جو نہین ہوت موہ اَت موہین ملتیون تات کون بدھ تُہین
۵ سُنتیون کِم ہر کتھا سُہائی اَت بچتر بہو بدھ تم گائی
۶ نگم اگم پُران مت ایہا کہہ سدھ مُن نہین سندیہا
۷ سنت بشدھ ملین پرتیہی چتوین رام کرپا کر جیہی
۸ رام کرپا تو درشن بھیو تو پرسا د سب سنشے گیو

۱۷ ۔ دوہا

سُن بہنگ بت بانی سہت بنے انراگ
پلک گات لوچن سجل من ہرکھیو ات کاگ

سورٹھا ۔ شری رامچندر سوامی کا رن مین نبدھ جانا دیکھکر مجھکو بڑا موہ (بھرم) ہوگیا تھا کہ ست چت آنند کے سمُوہ شری رامچندر سوامی ایسے بیاکل ہین کون کارن ہے ۔

چوپائی ۔ ۱ ۔ بالکل آدمی ہی کے ایسے چرتر شری رامچندر جی کے دیکھکر میرے ہردے مین بڑا بھاری سندیہہ ہوگیا تھا ۔ ۲ ۔ سو بھرم مین نے اب پرم ہت کرکے مانا کرپاندھان شری رامچندر سوامی نے مجھپر بڑی کرپا کی ۔ ۳ ۔ جو کوئی مارے گرمی کے بہت بیاکل ہوتا ہی وہی برچھ کی چھایا کے سکھ کو جانتا ہی ۴ ۔ جو مجھکو بڑا موہ نہوتا تو ہے تات تمسے کیسے ملتا ۵ ۔ اور یہ سُندر کتھا شری رامچندر جی کی کیسے سُنتا جو انیک پرکار سے تمنے اَت بچتر کہی ہے ۶ ۔ بید شاستر پُران سب کا یہی مت ہے اور سدھ مُن لوگ بھی یہی کہتے ہین اور کچھ سندیہہ بھی نہین ہے کہ ۷ ۔ شدھ سنت اُسی کو ملتے ہین جیپر شری رام چندر جی کرپا درشٹ سے دیکھتے ہین ۔ ۸ ۔ شری رام چندر جی کی کرپا سے تو آپ کے درشن ہوئے اور آپ کی کرپا سے سب سندیہہ دُور ہوئے ۱۸ ۔ دوہا ۔ ایسی منوہر بانی بنتی اور پریم کی بھری ہوئی گرڑجی کی سُنکر

کاگ بھشنڈ پلکت تن اور سجل نین ہو کر من مین اَت آنند ہو گئے۔

دوہا

شرد تا سمت سشیل شچ کتھا رسک ہر داس
پاے اما اس گپت مت سجن کرہین پرکاس

۱	بولیو کاگ بھشنڈ بہوری	نبھگ ناتھ پر پریت نہ تھوری
۲	سب بدھ ناتھ پوجیہ تم میرے	کرپا پاتر رگھنایک کیرے
۳	تمہہن نہ سنشے موہ نہ مایا	موپر ناتھ کینہہ تم دایا
۴	پٹھے موہ مس کھگ پت توہین	رگھپت دینہہ بڑائی موہین
۵	تم نج موہ کہا کھگ سائین	سو نہین کچھ آچرج گسائین
۶	نارد شو برنچ سنکادی	جے منی نایک آتم بادی
۷	موہ نہ اندھ کینہہ کیہہ کیہی	کو جگ کام نچاو نہ جیہی
۸	کیہہ ترسنا نہ کینہہ بوراہا	کیہہ کر ہردے کرودھ نہین داہا

۱۹۔ دوہا۔

گیانی تاپس سور کب کوبد گن آگار
کیہہ کر لوبھ بڑمبنا کینہہ نہ یہ سنسار

دوہا۔ جب سننے والا سمت اور سشیلوان اور پوتر اور کتھا کا رسیا اور ہر بھگت پاتے ہین تب ہے پاربتی جی اَت گپت مت بھی سجن لوگ اسپر پرگٹ کر دیتے ہین۔

جوپائی۔ ۱۔ ایسا اتم ادھکاری جانکر پھر کاگ بھشنڈ جی گرڑ جی سے بولے گرڑ جی کے اوپر بڑا پریم ہے۔ ۲۔ ہے ناتھ آپ تو میرے سب پرکار سے پوجیہ ہین اور شری رگھناتھ جی کی کرپا کے پاتر (ظرف) ہین۔ ۳۔ میرے بچار سے تو آپ کو نہ کچھ سنشے ہے نہ موہ ہے نہ مایا ہے کیول میرے اوپر آپ نے کرپا ہی کی ہے۔ ۴۔ یا موہ کے بہانہ سے آپ کو بھیجکر شری رامچندر جی نے مجھکو بڑائی دی ہے۔ ۵۔ اور جو آپ اپنا موہ ہی کہتے ہین تو یہ کچھ اچرج بھی نہین ہے کیونکہ بھگوت مایا کے بس مین سب جیو ہین۔ ۶۔ نارد منی ہین شو جی مہاراج ہین شری برہما جی ہین سنک آدہین اور جتنے منی نایک آتم بادی ہین۔ ۷۔ انمین سے ایسا کون ہے کہ جسکو مایا موہ نے اندھا نہ کیا ہو یا کام دیو نے نہ نچایا ہو۔ ۸۔ ترسنا نے کسکو بوراہا نہین کیا اور کرودھ نے کسکا کلیجا نہین جلایا ہے۔ ۱۹۔ دوہا۔ جو گیانی ہین تپسوی ہین سور بیر ہین کبیشور ہین پنڈت ہین بڑے گنی ہین انمین سے ایسا کون ہے جسکی لوبھ نے

اس سنسار مین بڑمبنا (نندا۔ ہجو) نہین کی ہے۔

دوہا

شری مد بکر نہ کینہہ کہہ پربھتا بدھر نہ کاہ
مرگ لوچنی کے نین سر کو اس لاگ نہ جاہ

۱ گن کرت سنّپات نہین کیہی — کوئی نہ مان مد تجیو نبیہی ٭
۲ جوبن جور کہہ نہین بلکاوا — ممتا کہہ کر جس نہ نساوا
۳ متسر کاہ کلنگ نہ لاوا — کاہ نہ شوک سمیر ڈلاوا
۴ چنتا سانپن کاہ نہ کھاوا — کو جگ جاہ نہ بیاپی مایا
۵ کیٹ منورتھ دار شریرا — جہہ نہ لاگ گھن کو اس دھیرا
۶ ست بت نار ارکھنا تینی ٭ — کہہ کی مت ان کرت نہ ملینی
۷ یہ سب مایا کر پروارا ٭ — پربل امت کو برنے پارا
۸ شو چترانن چاہ ڈراہین — اپر جیو کہہ لیکھے ماہین

۲۰۔ دوہا۔

بیاپ رہیو سنسار ماں مایا کٹک پرچنڈ
سیناپت کامادِ بھٹ دمبھ کپٹ پاکھنڈ

دوہا۔ شری مد (دولت کے گھمنڈ) نے کسکو نہین ٹیڑھا کیا ہی اور پربھتا (مالکیت اور حکومت) نے کسکو نہین بہرا کیا ہی مرگ نینی کے نیتر روپی بان ایسا کون ہی جسکے نہین لگے

چوپائی۔ ۱۔ گنون کا کیا ہوا سنّپات (سرسام) کسکو نہین ہی اور ایسا تو کوئی نہین ہی جسنے مان مد کے تیاگ کا نباہ کیا ہی۔ ۲۔ جوبن کے جور (یعنی بخار) نے کسکو نہین بلکایا ہی مست کیا ہی ممتا نے کسکے جس کو نہین مٹایا ہی۔ ۳۔ متسر (خفگی) نے کسکو نہین کلنک لگایا ہی اور دکھ شوک کی پون نے کسکو نہین ڈلایا ہی۔ ۴۔ چنتا سانپن نے اس جگ مین کسکو نہین ڈسا ہی ایسا کون ہی جسکو مایا نہین بیاپی ہے۔ ۵۔ جسکے شریر روپی کاٹھ مین منورتھون کے کیڑون سے گھن نہ لگا ہو ایسا سنسار مین دھیرج والا کون ہی۔ ۶۔ پتر اور دھن اور استری ان تینون کی ایرکھا (حسد) نے کسکی بدھ کو میلی نہین کیا۔ ۷۔ یہ سب مایا ہی کا پریوار ہی بڑا بلوان اور اپار ہی اسکو کون برنن کر سکتا ہی۔ ۸۔ جبکہ شری شو جی اور شری برہما جی تو بھی اس مایا سے ڈرتے ہین تو پھر سے گرجی اور جیو کس گنتی مین ہین۔ اشوک۔

श्लोक ॥ ब्रह्मेन्द्र रुद्र मुनि मोहन शील लीलां मायापरांसम-
धि गम्य परस्य विष्णोः ॥

اشلوک کے ارتھ - یہ مایا پرم ارتھات بشن بھگوان کی ہی اس سے اسکا نام براہی برہما جی شوجی اندر آدک سب دیوتاؤن کی موہنے والی اور چنچل ہی -

۲۰ - دوہا - اس مایا کا پرچنڈ کٹک زبردست لشکر سنسار مین بھرا ہی کامدیو آد تو اسکے سینا پت یعنی سپہ سالار ہین اور دمبھ کپٹ پاکھنڈ مہا بلوان جودھا ہین -

دوہا - سو داسی رگھبیر کی سمجھین متھیا سوپ
چھوٹ نہ رام کرپا بن ناتھ کہون پد روپ

۱	جو مایا سب جگہی نچاوا	جاسُ چرت لکھ کاہو نہ پاوا
۲	سوئی پربھ بھرو بلاس کھگ راجا	ناچ نٹی اور بہت سماجا
۳	سو سچدانند گھن راما	آج بگیان روپ بل دھاما
۴	بیاپک بیاپ اکھنڈ اننتا	اکھل اموگھ شکت بھگونتا
۵	اگن ادربھ گرا گوتیتا	سم درشی ان بدیہ اجیتا
۶	نرمم نرنکار نرموہا	نت نرنجن سکھ سندوہا
۷	پرکرت پار پربھو سب اُرباسی	برہم نریہہ برج ابناشی
۸	اہان موہ کرکارن ناہین	رب سنمکھ تم کبہون کہ جاہین

۲۱ - دوہا - بھگت ہیت بھگوان پربھو رام دھریو تن بھوپ
کینھے چرت پاون پرم پراکرت نر انروپ

دوہا - اس مایا کو کوئی تو سچی کہتا ہی اور کوئی جھوٹھی کہتا ہی دکوڈ کہہ ست جھوٹھا کہہ گوڈ جگل پرل کرمانے) اور کوئی کہتا ہی کہ کہنے کے جوگ نہین ہی سو مایا جو بھگونت کی داسی ہے تو جھوٹھی بھی نہین ہو سکتی ہی اور جو اسکو متھیا ہی سمجھین تو بھی ہے گرڑجی شری رامچندرجی کی کرپا بنا نہین چھوٹ سکتی ہی - تو مین باتا باندھکر کہتا ہون -

اشلوک -
श्लोक ॥ दैवी ह्येषा गुणमयी मम माया दुरत्यया ।
मामेव ये प्रपद्यन्ते माया मेतां तरन्ति ते ॥

اشلوک کے ارتھ - یہ میری مایا گن بھری ہی بڑی دستر ہی اسلیے جو پرش مجھکو جانتے ہین

اور مجھ مین اپنا چت لگاتے ہین وہ اس مایا سے تر جاتے ہین-
۱-۲و۳- جو مایا سب جیوون کو نچاتی ہے اور جسکے چرتر کو کوئی بھی نہین دیکھ پاتا ہے
سو مایا جس پربھ کی بھونہہ کے ہلنے (جنبش ابرو) ہی سے اپنے سب ساج سمیت
نٹ کی طرح ناچتی ہے سو پربھ سچدانند گھن شری رامچندر ہی ہین اُنمین گیان اور
بل اور روپ کے دھام ہی ہین -۴- بشو بیاپک ہین بشو روپ ہین اکھنڈ ہین اننت
ہین سمست سپھل شکت ہین بھگوان ہین -۵و۶- نرگن نرانکش نربکار مایا رہت سمدرشی
ان بدیہ اجیت ہین - نرمتا نموہ نت نرنجن سکھ کے دھام ہین -۷- مایا سے
پرے (الگ) ہین گھٹ گھٹ باسی ہین برہم ہین نریہ (بلا صورت و شکل کے) ہین رجوگن سے
پرے ہین ابناشی -۸- تہان بھلا موہ کا کون کارن ہے سورج کے سامنے اندھکار بھلا
کیسے جاسکتا ہے -۲۱- دوہا- اپنے بھکتون کے اُدھار کے نمت شری رامچندرجی نے
یہ راج روپ دھارن کیا ہے اور اُنھین نے منکھون کی طرح پرم پوتر اپار چرتر کیے ہین-

دوہا-
جتھا انیک بیکھ دھر نرت کرے نٹ کوے
سوئی سوئی بھاو دکھا دہی آپن ہوے نہ سوے

۱ اس رگھوپت لیلا اُرگاری ‏ دنج بموہن جن سکھ کاری
۲ جے مت ملن بکھے رت کامی ‏ پربھ پر موہ دھرہن ام سوامی
۳ نین دوش جا کا جب ہوئی ‏ پیت برن سسش کا کہہ سوئی
۴ جب جہ دش بھرم ہوے کھگیشا ‏ سو کہہ پچھم اُیو دنیشا
۵ نوکارڑھ چلت جگ دیکھا ‏ اچل موہ بس آپے لیکھا
۶ بالک بھرمے نہ بھرمے گرہادی ‏ کہین پرسپر متھیا بادی
۷ ہر بکھیک اس موہ بہنگا ‏ سپنیو نہین جہ گیان پرسنگا
۸ مایا بس مت مند ابھاگی ‏ ہردے یونکا بہہ بدہ لاگی

۲۲- دوہا
کام کرود مد لوبھ رت گرہاسکت دکھ روپ
تے کم جانہن رگھوپتہ موڑھ پرے بھو کوپ

دوہا- جیسے کوئی نٹ طرح طرح کے بھیس دھر کے چرتر کرتا ہے اور ویسے ہی ویسے بھاو دکھاتا ہے پر آپ ویسا نہین ہوجاتا ہے - چوپائی -۱- ایسے ہی شری رامچندر سوامی کی لیلا

ہے گرڑجی رجھپی پرکرت والون کو بھلانے والی اور بھگت جنون کو سُکھ دینے والی ہی - ۲ - جو
لوگ میلی بدھ اور بِکھی (یعنی دُنیا کے مزون) مین لپٹے ہوئے اور کامی (شہوت پرست) ہین وی
سری رام چندرجی پر ہے گرڑجی موہ بھرم کر لیتے ہین - ۳ - جیسے جب کسی کو نیتر بکار
(خلل بصارت) ہوتا ہی تب وہ چندرما کو پیلے رنگ کا کہنے لگتا ہی - ۴ - اور جب کسی کو
دِسا کا بھرم ہو جاتا ہی تب وہ سورج کا اُدی پچھم مین کہتا ہی - ۵ - ناو پر چڑھا ہوا جیسے
سب جگ کو چلتا ہوا جانتا ہی اور موہ کے بس ہو کر آپ کو اچل مانتا ہی - ۶ - بالک
گھومتے ہین گھر آدِ نہین گھومتے ہین ایسے ہی ہے گرڑجی جو متھیا بادی مایا بادی ہین وسے
ایشین بھاگوت کے اوتارون کو بھی اور ہی کچھ کہتے ہین - ۷ - بھگوت کے بکھے (مقدمہ) مین
ہے گرڑجی ایسا ہی موہ اُن لوگون کو جانو جنکو گیان کا پرسنگ سپنے مین بھی نہین ہی - ۸ -
مایا کے بس ہین مت کے مند ہین ابھاگی ہین اگیان کے پردے جنکے ہردے پر بہت طرح
کے پڑے ہین - ۲۲ - دوہا - کام کرودھ اہنکار لوبھ موہ مین لگ رہے ہین - گھر گرہستی
مین پھنس رہے ہین دکھ کے روپ ہو رہے ہین سو بھگوت کے جنم کرمون کو کیا
جان سکتے ہین وی موڑھ تو سنسار روپی اندھے کنوین مین پڑے ہین - بھگوت گیتا کا اشلوک

गीतायां ।। जन्म कर्मच मे दिव्यं यो मां वेत्तिच नत्वतः । त्यक्त्वा देहं
पुनर्जन्म नैति मामेति सोर्जुन ।।

اشلوک کے ارتھ ہے ارجن جنم اور کرم میرے بہت اچھے ہین جو پرش اُنکو جانتا ہی
وہ دیہہ چھوڑ کر مجھ مین لین ہو جاتا ہی -

دوہا	نِرگن روپ سُلبھ اَپ سگن جان نہین کوے سگن اگم نانا چرت سُن مُن مَن بھرم ہوے			
۱	سُن کھگیش رگھپت پربھتائی		کہون جتھامت کتھا سُہائی	
۲	جیہ بدھ موہ بھیو پربھو موہین		سو سب کتھا سُناؤن توہین	
۳	رام کرپا بھاجن تم تاتا		ہرگن پریت موہ سُکھداتا	
۴	تاتے نہین کچھ تمہین دُراؤن		پرم رہسیہ منوہر گاؤن	
۵	سُنو رام کر سہج سُبھاؤ		جن ابھمان نہ راکھہِن کاؤ	
۶	سنسرت مول سول پرد نانا		سکل سوک داک ابھمانا	

۷ تاتے کرین کرپانِدھ دُوری   سیوک پر ممتا اَتِ بھوری
۸ جِمِ شِشُ تن برن ہوے گسائین   مات چراو کٹھن کی نائین

۲۳ دوہا
جدپ پرتھم دکھ پاوئی رووی بال اَدھیر
بیادھ ناش ہِت جننی گنئی نہ سو شِشُ پیر

دوہا- نِرگُن رُوپ اِیشور کا جاننا توکسی رِیت سے سَہج بھی ہی پرنت سگُن رُوپ اِیشور کے چرتروں کے آشیَ (منشا) کو کوئی بھی نہین جان سکتا ہی اِنہین سَہج اور کٹھن بہت طرح کے چرتر ایسے ہین کہ جنکو سُنکر مُنیشوروں کے من کو بھی بھرم ہو جاتا ہی- چوپائی- ۱- سُنو ہے گرڑجی شری رام چندرجی کی پربھتا کو مین تمسے اپنی مت کے انُسار کہتا ہون جو کہ اَتِ سُندر سُہائی کتھا ہی- ۲- جس طرح پر مجھکو ہے پربھو موہ ہوا سو سب کتھا تمکو سُناتا ہون- ۳- شری رام چندرجی کی کرپا کے آپ بھاجن ہین اور جو ہرگُن مجھکو سُکھ داتا ہین- ۴- اُنہین آپ کی بھی بڑی پریت ہی اِس سے مین تم سے کچھ نہین چھپاتا ہون پرم گُپت بھید منوہر تمسے کہتا ہون- ۵ ہے گرڑجی شری رام چندرجی کا یہ سہج سوبھاو ہی کہ اپنے جن کا ابھمان کبھی نہین رہنے دیتے ۶ کیونکہ جنم اور مرن کا مول اور سب شول اور شوک کا دینے والا تو ابھمان ہی ہوتا ہی- ۷- اس سے کرپانِدھان شری رام چندر سوامی اُسکو دُور کر دیتے ہین کیونکہ سیوکون پر بہت پریت رکھتے ہین- ۸- جیسے جب کسی بالک کے تن مین پھوڑا ہو جاتا ہی تو اُسکی ماتا اُس پھوڑے کو کٹھن ہردی ہو کر چِراتی ہی- ۲۳- دوہا- جدپ وہ بالک پہلے بڑا دکھ پاتا ہی اور ادھیر (بے تاب) ہو کر روتا ہی پرنتُ اُس روگ کے ناش ہونے کے لیے اُس بالک کی ماتا اُسکی مہادُسہ پیڑ کو کچھ بھی نہین سمجھتی ہی پھوڑے کو چِروا ہی کر چھوڑتی ہی -

دوہا
تم رگھپت نِج داس کر ہرین مان ہت لاگ
تُلسی داس ایسے پربھہ کس نہ بھجے بھرم تیاگ

۱ رام کرپا آپن جڑتائی   کہون کھگیش سُنو من لائی
۲ جب جب رام منُج تن دھرہین   بھگت ہیت لیلا بہہ کرہین
۳ تب تب اودھ پُری مان جاؤن   بال چرت بلوک ہر کھاؤن
۴ جنم مہوتسو دیکھون جائی   برس پانچ تہان رہون لبھائی
۵ اِشٹ دیو مم بالک راما   سُوبھا بپکھ کوٹ شت کاما

۶	نج پربھو بدن نہار نہاری	لوچن سپھل کرون اُرگاری
۷	لگھو بایس بپُ دھر ہر سنگا	دیکھون بال چرت بہُ رنگا
۸	اَرچر پھرِیُ تہان سنگ اُڑاؤن	جُوٹھن پری بین سو کھاؤن

۲۴- دوہا	ایک بار اَتِ شی پربل چرت کیے رگھبیر سمرت پربھو لیلا سوئی پُلکِت بھیو سریر

دوہا- ایسے ہی شری رام چندر سوامی اپنے داس کے بھلے کے لیے اُسکا ابھِمان دُور کر دیتے ہین
ایسے بھکت بتسل سوامی کو بھرم چھوڑکر کیسے نہ بھجیے- چوپائی ۱- شری رام چندر سوامی کی
توکرپا اور اپنی جڑتا کہتا ہون سو ہے گرڑجی تم من لگا کر سُنو کہ- ۲- جب جب شری
رام چندر سوامی منُکھ کا رُوپ دھرتے ہین اور اپنے بھکتون کے لیے انیک لیلا کرتے ہین-
۳- تب تب مین اجُودھیا پُری مین جاکر رہتا ہون تہان بال چرتر دیکھکر پرسن ہوتا ہون-
۴- سوامی کا جنم اُتساہ دیکھتا ہون پانچ برس تک وہین لُبھائے رہتا ہون-
۵- کیونکہ بال رُوپ رام سوامی میرے اِشٹ دیو ہین جنکے انگ کی شوبھا سو کروڑ کامدیو سے
بھی اَدھک ہے- ۶- سوامی کے سُندر مُکھار بند کو دیکھ دیکھکر نیترون کو سپھل کرتا ہون-
۷- سنساری کوّون کا ایسا شریر دھر کر شری رام چندر جی کے ساتھ رہکر بھانت بھانت کے
چرتر دیکھتا ہون- ۸- آنگن مین جہان جہان شری رام چندر سوامی پھرتے ہین تہان تہان
مین بھی ساتھ پھرتا ہون اور جو جُوٹھن سوامی کی گرتی ہے سوئی سوئی چن چن کر کھاتا ہون
۲۴- دُوہا- ایک بار تو سوامی نے بہت ہی منُکھ کے ایسے چرتر کیے
اُس لیلا کو یاد کرتے ہی کاگ بھسنڈ کے بدن کے رُوئین کھڑے ہو گئے-

۱	کہو بھسنڈ سنو کھگ نایک	رام چرت سیوک سکھدایک
۲	نرِپ مندر سندر سب بھانتی	کھچت کنک مَن نانا جاتی
۳	برن نہ جائے رُچر انگنائی	جہان کھیلین نت چارو بھائی
۴	بال بنود کرت رگھورائی ٭	بچرت اجِر جننِ سکھدائی
۵	مرکت مرِدُل کلیور شیاما	انگ انگ پرت چھب بہُ کاما
۶	نو راجیو ارُن مرِدُ چرنا	پدج رُچر نکھ سس دُت ہرنا
۷	للت انک کلِش آدک چاری	نوپر چارُ مدھر رو کاری

۸ چار پُرٹ مَن رَچت بَنائی — کٹ کِنکِن کل کُھر سُہائی

۲۵- دوہا
ریکھا تری سُندر اُدر نابھہ رُچر گمبھیر
اُر آیت بھراجت بِبدہ بال بِھوکھن چیر

۱- کاگ بھشنڈ کہتے ہین کہ ہے گرڑ جی سُنو شری رام چندر جی کے چرِتر سُد ایشیوگون سے سُکھد ایک ہی ہوتے ہین -۲- مہاراجا دشرتھ کا مَندر سب بھانت سے سُندر بنا ہی جسکے سُبرن مین بھانت بھانت کے مَن جڑے ہین -۳- اور اُس مَندر کا آنگن تو کچھ کہا ہی نہین جاتا ہی جہان نِت چارون بھائی کھیلتے ہین -۴- اینک پرکار کے بال چرتر شری رام چندر جی کرتے ہین اور ماتاؤن کے آنند دایک آنگن مین کھیلتے پھرتے ہین -۵- نیل مَن کے سمان تو سُندر شیام شریر ہی اور انگ انگ پر کروڑ کروڑ کا مدیو کی شوبھا چھائی ہی -۶- نئے لال کمل کے سمان چرن ہین پدج ارتھات انگلی اَت منوہر ہین اور اُن انگلیون کے ناخن چندرما کے پرکاش کو بھی ہرتے ہین -۷- دھوجا انکُش کمل بجر آدی کی چارو ریکھا شوبھا دے رہی ہین سُندر گھونگھرو مدھر شبد کر رہے ہین -۸- اَت سُندر سونے کی مَن جٹت کٹ کِنکِنی (کردھنی) بنی ہی جسکا مدھر شبد ہی اور بہت سُہاونی ہی -

۲۵- دوہا- بہت ہی سُندر پیٹ ہی جسمین ترِبلی کی تین ریکھا ہین اور گمبھیر نابھہ ہی ہردے چوڑا ہی جسمین بال آبھوکھن اور بستر شوبھتے ہین -

۱ اُرن پان نکھ کرج منوہر — باہُ بشال بھوکھن سُندر
۲ کندھ بال کیہر در گریوان — چار چبُک آنن چھب سیوان
۳ کل بل بچن ادھر آرنارے — دُوی دُوی دشن بشد برارے
۴ للت کپول منوہر ناسا — سکل سُکھد سسِ کر سم ہاسا
۵ نیل کنج لوچن بھو موچن — بھراجت بھال تلک گوروچن
۶ بِکٹ بھرکُٹ سم سرون سُہائے — کنچت کچ میچک چھب چھائے
۷ پیت جھین جھنگلی تن سوہی — کلکن چتون بھاوت موہی
۸ روپ راس نرپ اجر بہاری — ناچین نج پرتِمب نہاری

۲۶- دوہا
پراکرت سسُ لیلا او دیکھ بھیو موہ موہ
کون چرتر کرت پربھ چدانند سندوہ

۱- لال کمل کے سمان اَتِ سُندر ہاتھ ہین اور اُنکے ناخن اور اُنگلیان اَت منوہر ہین سُندر بھُجا ہین تنین سُندر بھُودکھن سوہتے ہین - ۲ - بال سِنگھ کے ایسے اُونچے کندھے ہین شنگھ کے سمان گردن ہے اَتِ سُہائی سُندر چِبُک (ٹھوڑھی) ہے اد مُکھ تو چھب کی سیوان (حد) ہی ہے - ۳ - کل بلی ارتھات توتری بولی ہے لال لال اُدھر ہین دو دو اوپر نیچے کے دانت ہین سو اَتِ اُجل اور اَلگ اَلگ ہین - ۴ - سُندر منوہر گال ہین اور منوہر ناک ہے سب سُکھ کی دینے والی چندر کرن کے سمان ہنسی ہے - ۵ - نیل کمل سے سُندر دونون نیتر ہین جو سنساری دُکھ کے چھُڑا دینے والے ہین ماتھے پر سُندر گوروچن کا تِلک سوہتا ہے - ۶ - بانکی بھوئین ہین سُندر سُہائے کان ہین گھونگھر والے چِکنے شیام چھب چھائے بال ہین - ۷ - پیلی جھینی جھنگلی تن پر سوہتی ہے کلکن اور منوہر چِتون تو مجھکو بہت ہی بھاتی ہے - ۸ - ایسے رُوپ راشِ دشرتھ) اَجِر بہاری شری رامچندر جی اپنی پرچھاہین کو دیکھ دیکھکر ناچتے ہین

۲۶- ایسے اَتِ ہی سنساری بالکون کی طرح شری رام چندر جی کے چرتر دیکھ دیکھکر مجھکو بھرم ہو گیا کہ یے ست چت آنند کے سموہ کیسے ہین جو اگیان بالکون کے ایسے چرتر کرتے ہین -

۱ اِتنا مَن دیکھت کھگ رایا — رگھپت پربھرت بیاپی مایا
۲ سو مایا نہ دُکھد موہ کاہین — آن جیو او سنسرت ناہین
۳ ناتھ اہان کچھ کارن آنا — سنو سو ساوَدھان ہر یانا
۴ بھرم تے چکت رام موہ دیکھا — بہنسے سو سُن چرت بشیکھا
۵ تِہہ کوتک کر مرم نہ کاہو — جانا آنُج نہ مات پِتا ہو
۶ جانُ پانِ دھائے موہ دھرنا — شیامل گات ارُن کر چرنا
۷ تب مین بھاج چلیون اُرگاری — رام گہن کا بھُجا پساری
۸ جِم جِم دور اُڑاون آکاسا — تہان تہان دیکھو آنج پاسا

۲۷- دوہا

برہم لوگ لگ گیون مین چِتیون پاچھے اُڑات
جگ انگل کر بیچ رہ رام بھُجہ موہ تات

۱- اتنی چنتا من مین لاتے ہی ہے گروڑ جی شری رام چندر سوامی کی اِچھا سے مایا مجھکو بیاپ گئی

۲- پرنتُ سو مایا مجھکو دُکھدا ایک نہوئی کیونکہ اور جیوون کے سمان مجھکو سنسار بندھن

نہین ہے- ۳- یہان ہے ناتھ کچھ اور ہی کارن ہے سو تم ساودھان ہو کر سُنو ۴- اب جو شری رام چندر جی نے مجھکو بھرم سے چکرایا ہوا دیکھا سو ہنس دیے سو چرتر اب تم سُنو ۵- اِس تماشے کا بھید نہ تو بھائی نے جانا نہ ماتا پتا نے جانا- ۶- ہاتھ پانون سے میرے پکڑنے کو دوڑے شیام شریر ہین اور ہاتھ پانون لال ہین- ۷- تب تو مین وہان سے بھاگا اور اور شری رام چندر سوامی نے میرے پکڑنے کو ہاتھ پھیلایا- ۸- اب جہان جہان مین اکاش مین دُور تک اُڑ جاتا ہون تہان تہان شری رام چندر سوامی کا ہاتھ اپنے پاس ہی دیکھتا ہون ۲۷- برہم لوک تک مین چلا گیا اور پیچھے دیکھا تو شری رام چندر سوامی کی بھجا سے اور مجھ سے دو ہی انگل کا بیچ رہگیا دیکھ پڑا-

دوہا

سپت آبرن بھید کر جہان لگے گت مور
گیون تہان پربھج نرکھ بیاکل بھیون بھور

۱	موندیون نین ترست جب بھیون	پُن چتوت کوشل پر گیون
۲	موہ بلوک رام مسکاہین	بہنست ترت گیون مکھ ماہین
۳	اُدر ماجھ سُن انڈج رایا	دیکھیون بہہ برہمانڈ نکایا
۴	ات بچتر تہان لوک انیکا	رچنا ادھک ایک تے ایکا
۵	کوٹن چترانن گورِیشا	اگنت اڈگن رب رجنیشا
۶	اگنت لوکپال جم کالا	اگنت بھودھر بھوم بشالا
۷	ساگر سر تا بین اپارا	نانا بھانت سرشٹ بستارا
۸	سُر مُن سدھ ناگ نر کنر	چار پرکار جیو سچر اچر

۲۸- دوہا-

جو نہین دیکھا نہین سُنا جو من ہو نہ سمائے
سو ادبھت دیکھت بھریون برن کون بدھ جا

دوہا- برہم لوک کے اوپر پرتھوی جل اگن بایو اکاش پرکرت مہت تتو یے سب ایک سے ایک دس گنے جو ساتو آبرن (سات طبق) برہمانڈ کے ہین انکو نانگھ کر جہان تک میری پہنچ تھی تہان تک مین گیا وہان بھی جب شری رام چندر جی کے ہاتھ کو پیچھے آتے دیکھا تب تو مین گھبرا کر پھرا- چوپائی- ۱- جب مین بہت ڈرا تب مین نے اپنی آنکھ بند کر لی پھر جو آنکھ کھول کر دیکھا تو اجودھیا جی مین آگیا- ۲ مجھکو دیکھکر شری رام چندر سوامی

مُسکانے لگے ہنستے ہی مین اُنکے مُکھ مین چلا گیا۔ ۳۔ پھر تو شری رام چندر جی کے پیٹ مین ہے گرُڑ جی مین نے بہت سے برہمانڈ دن کے سموُہ (گرُوہ) دیکھے۔ ۴۔ تھان بہت سے اَدبھُت (عجیب وغریب) لوک دیکھے اور ایک سے ایک کی اَدھک رچنا دیکھی۔ ۵۔ کرُوڑون برہما جی کرُوڑون شو جی دیکھے بے گنتی نچھتر اور سورج اور چندر ما دیکھے۔ ۶۔ بہت سے اِندر برن کبیر آد لوکپال دیکھے بے گنتی جمراج اور کال دیکھے اگنت پربت اور پرتھوی دیکھی ۷۔ اگنت سمدر ندی بن بہت طرح کی سرشٹ کا بستار دیکھا۔ ۸۔ دیوتا منی سِدھ ناگ نر کِنر چار پرکار کے (انڈج پنڈج سویدج اُدبھج) چراچر جیو دیکھے۔ ۲۸۔ دوہا اور جو مین نے کبھی دیکھا نہین سُنا نہین اور جو من مین سماتا نہین ایسا ایسا اَدبھُت چرتر دیکھا تو پھر اُسکا برنن کیسے کیا جاے۔

دوہا۔
ایک ایک برہمانڈ ماہ رہیون برس شت ایک
یہ بدھ دیکھت پھرون مین انڈ کٹاہ انیک

۱	لوک لوک پرت بھِن بدھاتا	بھن بشن شومن دش تراتا
۲	نر گندھرب بھوت بیتیا لا	کنر نشچر پشُ کھگ بیالا
۳	دیو دنج گن نانا جاتی	سکل جیو تہان آنے بھانتی
۴	مہی سرِت ساگر گرنانا	سب پرپنچ تہان آنے آنا
۵	انڈکوش پرت نج نج رُوپا	دیکھیون جنس انیک انوپا
۶	اودھ پری پرت بھون نہاری	سرجو بھن بھن نر ناری
۷	دسرتھ کوشلیا دِک ماتا	بِبدھ بھانت بھرت آدک بھراتا
۸	پرت برہمانڈ رام اوتارا	دیکھیون بال بنود اُدارا

۲۹۔ دوہا
بھن بھن سب دیکھ مین اَت بچتر ہریان
اگنت بھون پھریون پربھ رام نہ دیکھیون آن

دوہا۔ ایک برہمانڈ مین ہے گرُڑ جی مین سو سو برس تک رہا اسیطرح بہت سے برہمانڈ دیکھتا پھرا۔ چوپائی۔ برہمانڈ برہمانڈ پیچھے الگ۔ الگ برہما جی دیکھے بشن جی دیکھے شو جی دیکھے منُ دیکھے دِگپال دیکھے۔ ۲۔ منکھ دیکھے گندھرب دیکھے بھوت دیکھے بیتال دیکھے کم پرُش دیکھے راچھس دیکھے پشُ دیکھے پنچھی دیکھے ناگ دیکھے۔ ۳۔ بہت طرح کے دیو داؤن کے

جھنڈ دیکھے سب جیو اور ہی اور طرح کے دیکھے - ۴- بھانت بھانت کی پرتھوی دیکھی ندیان دیکھین سمدر دیکھے پربت دیکھے سب رچنا تہان اور ہی اور بھانت کی دیکھی - ۵- برہمانڈ برہمانڈ پیچھے اپنے اپنے روپ کی انیک جنس (بہت طرح کی چیزین) دیکھین ۶- اجودھیا پری ہر برہمانڈ پیچھے نیاری ہی بھانت کی دیکھی نیاری سرجو دیکھی نیاری استری پرش دیکھے - ۷- مہاراجا دشرتھ اور ہی بھانت کے دیکھے اور کوشلیا آدماتا بھی اور ہی بھانت کی دیکھین تیسے ہی بھانت بھانت کے بھرت آد بھائی دیکھے - ۸- برہمانڈ برہمانڈ پیچھے شری راما اوتار دیکھے تہان ات اُدار بال چرتر دیکھے - ۲۹- دوہا- سب رچنا تو ہے گرو جی مین نے نیاری نیاری اور ات انوکھی دیکھی اور بہت سے برہمانڈون مین مین پھرا پرنت شری رام چندر سوامی اور بھانت کے کہین بھی نہ دیکھے -

دوہا

سوئی سشش پن شوبھا سوئی سوئی کرپال رگھبیر

بھون بھون دیکھت پھرون پریرت موہ سمیر

۱	بھرمت موہ برہمانڈ انیکا	بیتے منو کلپ شت ایکا
۲	پھرت پھرت نج آشرم آیون	تہان پن رہ کچھ کال گنوایون
۳	نج پربھ جنم اودھ سن پایون	نربھر پریم مگن اٹھ دھایون
۴	دیکھیون جنم مہوتسو جائی	جہہ بدھ پرتھم کہا مین گائی
۵	رام اُدر دیکھیون جگ نانا	دیکھت بنئ نہ جائے بکھانا
۶	تہان پن دیکھیون رام سجانا	مایا پت کرپال بھگوانا
۷	کرون بچار بہور بہوری	موہ کلل بیاپت مت موری
۸	ابھے گھری مان مین سب دیکھا	بھیون بھرمت من موہ بشیکھا

۳۰- دوہا

دیکھ کرپال بکل موہ بہنسے تب رگھبیر ؞

بہنست ہی مکھ باہر آیون سن مت دھیر ؞

دوہا- موہی تو بال دیکھا وہی شوبھا دیکھی وہی کرپال رام چندر سوامی دیکھے موہ کی پون کا مارا ہوا برہمانڈ برہمانڈ مین بھرمتا پھرا- چوپائی - ۱- اسی طرح بہت سے برہمانڈون مین بھرمتے بھرمتے مجھکو ایسا جان پڑا کہ مانو سو کلپ بیت گئے - ۲- پھر ایک برہمانڈ مین بھرتے بھرتے اپنے استھان مین آجاؤن اور تہان رہ کر کچھ کال بتاؤن - جب اپنے سوامی کا

جنم اجودھیا جی مین ہوا اُسن پاؤن تب بڑے پریم مین مگن ہو کر اُٹھ دوڑون - ۴ - تہان جا کر اپنے سوامی کے جنم کے مہا اُتساہ کو دیکھون جیسا بال کانڈ مین تمکو سُنایا ہی - ۵ - یہ سب شری رام چندر ہی کے پیٹ مین ہے گُرڑ جی مین نے دیکھا سُو کچھ کہا نہین جاتا ہی - ۶ - پھر تہان تہان شری رام چندر سوامی کو مین نے سُجان رُوپ اور مایاپت بھگوان کرپال رُوپ دیکھا - ۷ - بار بار بچار کیا پرنتُ میری بدھ تو موہ کے کیچڑ مین پھنسی تھی اِس سے کچھ بھی سمجھ مین نہ آیا - ۸ - یہ سب چرتر مین نے دو ہی گھڑی مین دیکھے من مین میرے موہ بہت تھا اِس سے مین تھک گیا ۔ ۳۰ - دوہا - تب تو کرپال سوامی مجھکو بہت بیاکُل دیکھکر جو ہنسے تو ہنستے ہی مین اُنکے مکھ سے باہر ہو گیا ہے دھیرمت گُرڑ جی سُنو -

(یہ نیلاچل تیس ستکھ کا ہوا)

دوہا -
سُوئی لرکائی موہ سن کرن لگے پُن رام
کوٹ بھانت سمجھاوہون من نہ لہئے بشرام

۱	دیکھ چرت یہ سو پربھتائی	سمجھت دیہہ دشا بسرائی
۲	دھرنِ پریُون مُکھ آو نہ باتا	تراہِ تراہِ آرت جن تراتا
۳	پریم آکل پربھ موہ بلو کی	نج مایا پربلتا روکی
۴	کر سروج پربھ مم سر دھریو	دین دیال سکل دکھ ہریو
۵	کینھ رام موہ بگت بموہا	سیوک سکھد کرپا سندوہا
۶	پربھتا پرتھم بچار بچاری	من مان ہرکھ ہوے اَت بھاری
۷	بھگت بچھلتا پربھ کی دیکھی	اُپجی مم اُر پریت بشیکھی
۸	سجل نین پلکت کر جوری	کینھی بہُ بدھ بنے بہوری

۳۱ - دوہا
سُنِ سپریم مم بانی دیکھ دین نج داس
بچن سکھد گمبھیر مردُ بولے رما نواس

دوہا - وہی بال چرتر پھر میرے ساتھ شری رام چندر سوامی کرنے لگے مین اپنے جی کو کروڑ طرح سے سمجھاتا تھا پرنت دھیرج نہین ہوتا تھا - چوپائی - ۱ - اِس چرتر کو دیکھکر اور اُس پربھتا کو سمجھکر مجھکو اپنی دیہہ کی دشا بھول گئی - ۲ - پرتھوی پر گر پڑا مُکھ سے کچھ بات نہ نکلی کیول اتنا ہی کہا کہ ہے دُکھی لوگون کے پتا میری رچھا کیجیے - ۳ - ایسا پریم مین بیاکُل مجھکو دیکھکر

سوامی نے اپنی مایا کی پربلتا کو رُوک لی - ۴ - اپنا کمل ایسا ہاتھ میرے ماتھے پر دھر دیا اور دین دیال نے میرے سب دُکھ ہر لیے - ۵ - مُوہ سے مجھکو چھُڑا دیا ایسے شری رامچندر جی سیوکون کے سُکھ داتا اور کِرپا کے سندوہ (گھر) ہین - ۶ - پہلے جو شری رام چندر سوامی کی پربھتا کو دیکھ آیا تھا اُسکو بچار بچار کر میرے من مین بہت ہی آنند ہونے لگا - ۷ - اور سوامی کی بھکت بتسلتا دیکھکر ہردے مین بڑی ہی پریت مجھکو پیدا ہوئی - ۸ - نیترون مین تو میرے جل بھر آیا اور رومین بدن کے کھڑے ہو گئے ہاتھ جُوڑ کر بہت بھانت سے بنتی کی -

۳۱ - دُوہا - تب تو پریم سہت میری بنتی کو سُنکر دین اور داس اپنا جان کرات سُکھد ایک اور گمبھیر اور کومل بچن شری رام چند سوامی بولے کہ -

دُوہا

کاگ بھشنڈ مانگ برات پرسن موہِ جان
انِما دِک سِدھ اپر ندھ موکش سکل گن کھان

۱ گیان ببیک برت بگیانا — منِ دُرلبھ گن جے جگ جانا
۲ آج دیون سب سنشے ناہین — مانگ جو توہِ بھاو من ماہین
۳ سُن پربھ بچن اُمنگ انُراگا — من انُمان کرن تب لاگا
۴ پربھ کہا دین سکل سکھ سہی — بھگتِ آپنی دین نہ کہی
۵ بھگت ہین گن سُکھ سب کیسے — لون بنا بہُ بنجن جیسے
۶ بھگتِ ہین سُکھ کونے کا جا — اس بچار بولیو کھگ راجا
۷ جو پربھ ہوے پرسن بر دیہو — مو پر کرپا کرو ار نیہو
۸ من بھاوت پر مانگون سوامی — تم اُدار ار انتر جامی

۳۲ - دوہا -

ابرل بھگتِ بشد تو شرت پُران جو گاو
جہہ کھوجت جوگیش مُن پربھ پرساد کوو پاو

دُوہا - ہے کاگ بھشنڈ بر دان مانگو مجھکو اپنے اُوپر بہت پرسن جانکر جو تم چاہو انما اور مہما آدِ سدھ اور ندھ اور سب سُکھ کی کھان موکش - چوپائی - ۱ و ۲ - گیان ببیک بیراگ بگیان اور مُن لوگون کو بھی دُرلبھ گن جو تم سنسار مین جانو وہ سب آج مین تم کو دونگا اس سے جو تمھارے من کو بھاوے سو مانگ لو - ۳ و ۴ - ایسے بچن سوامی کے سُنکر پریم اُمنگا اور من مین بچار کرنے لگا کہ سوامی نے سب سُکھ اور گن دینے کو کہے تو سہی پرنتُ

اپنی بھگتی دینے کو نہ کہی - ۵ - بھگتی بنا سب گن اور سکھ کیسے برتھا ہین جیسے لون (نمک) بنا سب بنجن (طرح طرح کے کھانے) برتھا ہوتے ہین - ۶ - بھگتی کے بنا مجھکو سکھ کس کام کے ہین یہ بچار کرکے گرڑجی مین سوامی سے بولا کہ - ۷ - ہے سوامی جو مجھکو آپ پرسن ہوکر بردان دیتے ہین اور مجھپر کرپا اور پریم کرتے ہین - ۸ - تو مین من مانا بردان آپ سے مانگتا ہون آپ تو بڑے اُدار اور انتر جامی ہین —

۳۲- دوہا- ابرل ارتھات گھنی اور سندر آپ کی بھگتی جو وید پرانون مین کہی ہو اور جسکو جوگیشور منیشور لوگ سب کھوجتے ہین اور جسکو آپ کے پرساد سے کوئی کوئی پاتا ہو —

دوہا-

بھگتی کلپ ترُ پرنت ہت کرپا سندھ سکھ دھام
سوئی نج بھگتی موہ پربھ دیو دیا کر رام

۱ اَیومستُ کہہ رگھُکُل نایک بولے بچن پرم سکھدایک
۲ سُن بایس تین سہج سیانا کاہے نہ مانگس اس بردانا
۳ سب سکھ کھان بھگتی تین مانگی نہین کوؤ توہ سمان بڑبھاگی
۴ مُنِ جو کوٹ جتن نہین لہہین جے جپ جوگ انل تن دہہین
۵ ریجھیون دیکھ تور چترائی مانگس بھگتی موہ ات بھائی
۶ سُن بہنگ پرساد اب مورے سب سبھ گُن بسہین ار تورے
۷ بھگتی گیان بگیان براگا جوگ چرتر رہسیہ بِبھاگا
۸ جانب تین سب ہی کر بھیدا مم پرساد نہین سادھن کھیدا

۳۳- دوہا-

مایا سمبھو بھرم سب اب نہ بیاپہین توہ
جانیو برہم انادِ اج اگن گنا کر موہ ❊

دوہا- ہے بھگتون کے کلپ برچھ ہے شرناگتون کے ہتکاری ہے کرپا سندھ ہے سکھ دھام شری رام چندر سوامی وہی اپنی بھگتی دیا کرکے مجھکو دیجیے - چوپائی - ۱ - ایسی میری اتم مانگ سنکر اَیومستُ (ایسا ہی ہو) کہکر رگھوکل نایک شری رام چندر سوامی پرم سکھدایک بچن بولے - ۲ - کہ سنو کاگ تم تو سوبھاوہی سے چتر سیانے ہو ایسا بردان کیون نہ مانگو - ۳ - سب سکھون کی کھان میری بھگتی تمنے مانگی تو تمھارے سمان بڑبھاگی کون ہے - ۴ - جس میری بھگتی کو منی لوگ بہت جتن کرنے سے بھی نہین پاتے ہین جو جپ کرتے ہین جوگ سادھتے ہین

پنچ اگن تاپتے ہین۔ ۵۔ مین تیری چترائی دیکھکر بہت پرسن ہوا کہ میرے لبھانے پر بھی تو نے بھگت ہی مانگی یہ تیری چترائی مجھکو بہت اچھی لگی۔ ۶۔ سنو ہے کاگ بھسنڈ اب میری کرپا سے تمھارے ہردے مین سب شبھ گن رہا کرینگے۔ ۷ و ۸۔ بھگت کے ساتھ ہی گیان بگیان بیراگ جوگ چرتر رہسیون کے بھاگ (گپت باتین) ان سب کے بھید تم جان جاؤگے میرے پرساد سے کچھ کشٹ سادھنے کا تمکو نہوگا۔ ۴۲۔ دوہا۔ مایا سے پیدا بھرم اب تمکو ایک بھی نہین ستاوینگے سدا مجھکو اناد اجنما ابدیا گن رہت دبیہ گن سہت برہم جانا

دوہا	موہِ بھگت پریہ سنتت اس بچار سن کاگ کاے بچن من پد کمل کرس اچل انراگ	

۱	اب سن پرم بمل مم بانی	ستّ سگم نگم آدِ بکھانی	
۲	نج سدھانت سناؤن توہین	سن من دھر سب تج بھج موہین	
۳	مم مایا سمبھو سنسارا	جیو چراچر ببدھ پرکارا	
۴	سب مم پریہ سب مم اپجائے	سب تے ادھک منج موہ بھائے	
۵	تن مان دوج دوج مان شرت دھاری	تن مان نگم دھرم انساری	
۶	تن مان پریہ برکت پن گیانی	گیانی تے اِت پریہ بگیانی	
۷	تن سب مان موہ پر پریہ نج داسا	جیہہ گت موہ نہ دوسر آسا	
۸	پن پن ستّ کہون توہ پاہین	موہ سیوک سم پریہ کوؤ ناہین	

۴۳۔ دوہا	شچ سشیل سیوک سمت پریہ کہہ کاہ نہ لاگ شرت پران کہہ نیت اس ساودھان سن کاگ	

دوہا۔ سب سے ادھک بھگت ہی مجھکو سدا پیارا ہے یہ بچار کرکے ہے کاگ بھسنڈ تن من بچن سے میرے چرن کمل مین پریم کرتے رہنا۔ چوپائی۔ ۱۔ اب تم پرم اتم میری بانی سنو جو ست اور سگم ہے اور نگم آدِ سدگرنتھون مین کہی ہے۔ گیتا کا اشلوک۔

श्लोक ॥ सर्व गुह्य तमं भूयः शृणु मे परमं वचः। इष्टो:सिमे
दृढ मति स्त तो वक्ष्या मिते हितं ॥

۲۔ اپنا سدھانت جیوون کا پرم ہت مین تمکو سناتا ہون سو سنکر من مین دھارن کرو کہ سب تج کر مجھکو بھج (سرب دھرمان پرتج امیکم شرنم برج) یہ گیتا مین کہا ہے کہ

سب دھرمون کو چھوڑ کر ایک میری شرن مین ہوؤ ۔ ۳ ۔ کیونکہ یہ سب سنسار میری ہی مایا سے پیدا ہی جسمین چر اور اَچر جیو بہُت طرح کے ہین ۔ ۴ ۔ سو سب میرے پیارے ہین کیونکہ میرے ہی پیدا کیے ہوئے ہین تِن سب مین منکھ مجھکو بہت پیارے ہین ۔ ۵ ۔ منکھون مین براہمن پیارے ہین براہمنون مین بید پڑھنے والے بہت پیارے ہین اُنمین سے بید کی راہ پر چلنے والے پیارے ہین ۔ ۶ ۔ تِن سے بیراگی پیارے ہین تِن سے گیانی پیارے ہین گیانیون سے بگیانی اَتِ پیارے ہین ۔ ۷ ۔ اِن سب مین جو میرا داس ہو اور تھات چاہے کوئی ذات ہو پر نشت بھکت ہو سو مجھکو سب سے اَدھک پیارا ہی جسکو کیول میری ہی گت ہی اور دوسرے کا آسرا بھروسا نہین ہی ۔ ۸ ۔ بار بار مین تُمسے سچ سچ کہتا ہون کہ مجھکو سیوک کے برابر اور کوئی بھی پیارا نہین ہی ۔ ۳۴ ۔ دوہا ۔ پوتر اور شیلوان اور سمت سیوک کہو کسکو پیارا نہین لگتا ہی بید پران سب یہ نِیت کہتے ہین اسکا دِرشٹانٹ (تمثیل) تم ہی کاک بھشنڈ ساودھان ہو کر مجھسے سُنو کہ ۔

۱ ایک پِتا کے بِپُل کُمارا ۔ ہوُین پرتھک گُن شیلا چارا
۲ کوُ پنڈت کوُ تاپس گیاتا ۔ کوُ دھن ونت شور کوُ داتا
۳ کوُ سربگیہ دھرم رت کوئی ۔ سب پر پِتھہ پریت سم ہوئی
۴ کوُ پت بھگت بچن من کرما ۔ سپنیہو جان نہ دوسر دھرما
۵ سو سب پِت پریہ پران سمانا ۔ جدپ سو سب بھانت اَجانا
۶ یہ بدھ جیو چر اَچر جیتے ۔ ترجگ دیو نر اسُر سمیتے
۷ اکھل بشو یہ مور اُپایا ۔ سب پر موہ برابر دایا
۸ تِن مان جو پر ہر مد مایا ۔ بھجی موہ من بچ اَر کایا

۳۵ ۔ دوہا ۔ پُرش نپنسک نارِ مان جیو چر اچر کوے
سرب بھاو بھج کپٹ تج موہ پرم پریہ سوے

۱ ۔ ایک پتا کے بہُت سے پتر ہوتے ہین اُن سب کے گُن شیل آچرن (چال چلن) الگ الگ ہوتے ہین ۔ ۲ و ۳ ۔ کوئی تو اُنمین سے پنڈت ہوتا ہی کوئی گیانی ہوتا ہی کوئی دھن وان ہوتا ہی کوئی داتا ہوتا ہی کوئی سربگیہ (ہمہ دان) ہوتا ہی کوئی دھرماتما ہوتا ہی پتا کی پریت اُن سب پر برابر ہی ہوتی ہی ۔ ۴ و ۵ ۔ کوئی پتر کیول پتا کی سیوا مین

تن من بچن سے انگا رہتا ہی دوسرا دھرم سپنے مین بھی نہین جانتا تو وہی پُتر پتا کو پران کے سمان پیارا ہوتا ہی جدپ وہ سب بھانت سے اگیان ہی ۶ و ۷ - اسی پرکار جتنے چراچر جیو دیوتا منگھ راچھس پشُ پچھی آدہین سب سرشٹ میری ہی پیدا کی ہی سب پر میری دیا برابر ہی ۸ - اُنمین سے جو مد مایا کو چھوڑ کر تن من بچن سے کیول مجھی کو بھجتا ہی ۳۵ - دوہا چاہے وہ پُرش ہو چاہے نپنسا - (نامرد - ہجڑا -) ہو چاہے استری ہو چراچر جیو مین کوئی ہو جو سب بھاوے سے مجھی کو بھجتا ہی وہ مجھکو پرم پیارا ہوتا ہی -

سورٹھ	ستّ کہون کھگ توہِ شُچ سیوک مم پران پریہ اس بچار بھج موہِ پرہر آس بھروس سب	

۱	کبہوں نہ کال بیاپ ہی توہین	سمرسُ بھجیس نرنتر موہین
۲	پربھُ بچنامرت سُنِ نہ اگھاؤن	پُلکت تن من اتِ ہرکھاؤن
۳	سو سُکھ جانئی من اُر کانا	نہین رسنا پر جائے بکھانا
۴	پربھُ شوبھا سُکھ جانین نینا	کہہ کم سکین تنھین نہین بینا
۵	بہُ بدھ موہ پربودھ سُکھ دیئی	لگے کرن شِشُ کوتک تیئی
۶	سجل نین کچھ مکھ کر روکھا	چتئی ماتُ لاگی اتِ بھوکھا
۷	دیکھ ماتُ آتر اُٹھ دھائی	کہہ مِردو بچن لیے اُر لائی
۸	گود راکھ کرا اسے پیانا	رگھُپت چرت للت کر گانا

۳۶ - سورٹھ -	جیہہ سکھ لاگ پُرارِ اشُو بیکھ کرت شو سُکھد اودھ پُری نر نارِ تہہ سکھ ماں سنتت مگن	

سورٹھ - ہے کاگ بھشنڈ مین تمسے سچ ہی کہتا ہون کہ مجھکو سب گنون سے رہت کیول سیوک ہی پرانون کے سمان پیارا ہی یہ بچار کر سب دھرمون کا آسرا اور بھروسا چھوڑ کر کیول میری ہی شرن مین ہو جو - چوپائی - ۱ - کبھی تمکو کال نہین بیاپیگا نرنتر (برابر) مجھی کو سمرتے اور بھجتے رہنا - ۲ - ایسے امرت کے سمان بچن سوامی کے سنکر مین ترپت نہوا - تن تو میرا اُپلکت ہو گیا اور آنند من مین بڑھنے لگا - ۳ - اُس آنند کو ہے گرڑ جی میرا من اور کان ہی جانتے ہین جیبھ سے کہا نہین جا سکتا ہی - ۴ - اور سوامی کی شوبھا کے سکھ کو میرے نیتر ہی جانتے ہین سو وہ کیسے کہہ سکین اُنکے تو بانی ہی نہین ہے -

۵ - پھر تو شری رام چندر سوامی بھگوان انیک پرکار سے سمجھا کر اور آنند دے کر پھر اپنے وہی بال چرتر کرنے لگے کہ - ۶ - ماتا کی اور دیکھ کر نیترون مین تو جل بھر لیا اور رو کھا مکھ کر لیا مانو بڑی ہی بھوک لگی ہے - ۷ - سو دشا دیکھتے ہی ماتا اُٹھ دوڑی اور کومل بچن کہکر ہردَے سے لگا لیا - ۸ - گود مین بیٹھا کر دودھ پلا کر شری رام چندر جی کے چرتر گانے لگی -

۳۶ - سورٹھ - جس سکھ کے لوبھ سے تریپُرمردن شری شوجی مہاراج نے بشن بھگوان کی آگیا سے یہ انگل بیکھ اپنے اوپر دھارن کر لیا ہے اُسی آنند مین اجودھیا جی کے سب استری پرش سدا مگن رہتے ہین - پدم پران کا اشلوک -

पद्मपुराणे,विष्णुरुवाच ।। त्वंच रुद्र महाभाग मोहनार्थं सुरद्विषाम्। पाषण्डाचरणं धर्मं कुरुष्व सुरसत्तम ।। एवं देवहितार्थाय वृत्तिं वेद विगर्हिताम्। विष्णोराज्ञां पुरस्कृत्य कृतं भस्मादिधारणम् ।। * ।।

اشلوک کے ارتھ - بشن بھگوان کا بچن - ہے رُدر مہاراج تم بڑے بھاگوان ہو دیوتاؤن کے بھرمانے کے لیے تم پاکھنڈ آچرن (یعنی بید شاستر کے خلاف چال چلن) اختیار کرو ہے دیوتاؤن مین اُتّم - اسطرح دیوتون کے بھلے کے لیے مہادیو سوامی نے بشن بھگوان کی آگیا سے بھسم لگانا اور بید کے پرتیت چنہ دھارن کیے

سورٹھا	شوئی سکھ لولیش جیہہ بار اک سپنہو لہیو تے نہین گنہین کھگیش برہم سکھ سجن سمت	

۱	مین پُن اودھ رہیون کچھ کالا		دیکھیون بال بنود رسالا		
۲	رام پرساد بھگت بر پایون		پربھ پد بندہ نج آشرم آیون		
۳	تب تے موہ نہ بیاپی مایا		جب تے رگھنایک اپنایا		
۴	یہ سب گپت چرت مین گاوا		ہر مایا جم موہ نچاوا		
۵	نج انبھو اب کہون کھگیشا		بن ہر بھجن نہ جاین کلیشا		
۶	رام کرپا بن سن کھگ رائی		جان نہ جائے رام پربھتائی		
۷	جانے بنا نہ ہوئے پرتیتی		بنا پرتیت ہوئے نہین پریتی		
۸	پرتیت بنا نہین بھگت دڑھائی		جم کھگ پت جل کی چکنائی		

۳۷ - سورٹھا	بن گر ہوے کہ گیان گیان کہ ہوے براگ بن		

گاوین بید پُران سُکھ کِہ لہیے ہر بھگت بِن

سُورٹھ جس آنند مین اجودھیا باسی لوگ مگن رہتے ہین اُس آنند سُمدر کے بُوند کا ذرا بھی انکا جن سُمت سجنون نے سُننے مین بھی پایا ہی وے سُمت سجن برہانند کو بھی کچھ نہین گنتے ہین

چوپائی - ۱- تِسکے پیچھے مین نے اجودھیا جی مین رہکر کچھ دِنون تک سوامی کے اَت اُدار بال چرتر دیکھے - ۲- شری رام چندر سوامی کی کرپا سے مین نے بھگتی کا بردان پایا اور سوامی کے چرنون کو پرنام کرکے اپنے استھان پر آیا - ۳- تب سے مجھکو مایا نہین بیاپی جب سے شری رگھناتھ سوامی نے اپنا کر لیا ہی - ۴- یہ سب گُپت چرتر مین نے تمکو سُنایا جیسا کچھ بھگوت مایا نے مجھکو نچایا - ۵- اب مین اپنا جتھارتھ گیان ہے گرُڑجی تمسے کہتا ہون کہ بھگوت بھجن کے بِنا جیوون کا کلیش کسی اُپاے سے نہین جاتا ہی - ۶- شری رام چندر سوامی کی کرپا بِنا تو ہے گرُڑجی شری رام چندر سوامی کی پربھتا ہی نہین جانی جاتی ہی - ۷- اور پربھتا جانے بِنا بھگوت کے اوتارون مین پرتیت نہین ہوتی ہی اور پرتیت بِنا پریت نہین ہوتی ہی - ۸- اور پریت کے بِنا بھگتی کے استھر نہین رہتی ہی جیسے جل کی چکنائی جل کے سوکھ جانے پر جاتی رہتی ہی - ۳۷ - سورٹھ - گرُو کے بِنا کہین گیان ہوتا ہی اور گیان کہین بیراگ کے بِنا ہوتا ہی ایسے ہی بید اور پُران سب کہتے ہین کہ جیو بھگوت بھگتِ بِنا کہین بھی سُکھ نہین پاتا ہی -

سورٹھ

گُرُو بِن شرام کِہ پاوتا بِت سہج سنتوکھ بِن
چلے کہ جل بِن ناؤ کوٹ جتن پچ پچ مرے

۱	بِن سنتوکھ کِہ کام نساہین	کام اچھت سُکھ سپنیو ناہین
۲	رام بھجن بِن مِٹہِ کِہ کاما	تھل بہین تر کبہون کِہ جاما
۳	بِن بگیان کِہ سمتا آوی	کوؤ اوکاش کِہ نبھ بِن پاوے
۴	شردھا بِنا دھرم نہین ہوئی	بِن مہ گندھ کِہ پاوے کوئی
۵	بِن تپ تیج کِہ کر بستارا	جل بِن رس کِہ ہوے سنسارا
۶	شیل کِہ مِل بِن بُدھ سیوکائی	جِم بِن تیج نہ روپ گُسائی
۷	نج سُکھ بِن مَن ہوے کہ تھیرا	پرس کِہ ہوے بہین سمیرا
۸	کونو سِدھ کِہ بِن بشواسا	بِن ہر بھجن نہ بھو بھو ناشا

۳۸۔ دوہا۔

بن بشواس بھگت نہین تہہ بن دروین نہ رام
رام کرپا بن سپنیو جیو کہ لہہ بشرام

دوہا۔ سہج سنتوکھ بنا کوئی بشرام نہین پاتا ہی جیسے جل بنا ناو کروڑ اپاے سے بھی نہین چلتی ہی۔ چوپائی۔ ۱۔ کیونکہ سنتوکھ بنا کامنا نہین سراتی ہی اور کامنا گئے بنا بشرام سپنے مین بھی نہین ہوتا ہی۔ ۲۔ شری رام چندر جی کے بھجن بنا کامنا نہین ٹتی ہی جیسے پرتھوی بنا برچھ نہین جمتا ہی۔ ۳۔ جیسے گیان بنا سمتا نہین آتی ہی اور آکاش بنا پھیلاؤ نہین ملتا ہی۔ ۴۔ جیسے شردھا بنا دھرم نہین ہوتا ہی اور پرتھوی بنا گندھ نہین ملتی ہی۔ ۵۔ جیسے تپ (یعنی تپسیا) کے بنا تیج کا بستار نہین ہوتا ہی اور بنا جل کے رس نہین ہوتا ہی۔ ۶۔ جیسے بدھ جنون کی سیوا بنا شیل نہین ملتا ہی اور بنا تیج کے روپ نہین ہوتا ہی۔ ۷۔ جیسے آتما کے سکھ بنا من استھر نہین ہوتا ہی اور پون بنا اسپرش نہین ہوتا ہی۔ ۸۔ جیسے کسی کام کی سدھ یا آتما او سدھ بشواس کے بنا نہین ہوتی ہی تیسے ہی بنا ہر بھجن کے سنسار کا ڈر یعنی جنم مرن کا دکھ نہین ٹلتا ہی۔ ۳۸۔ دوہا۔ جب تک جیو کو بھگوت کے اوتارون مین بشواش نہین ہوتا ہی تب تک بھکت نہین ہوتی ہی اور جب تک بھکت نہین ہوتی تب تک شری رام چندر سوامی کرپا نہین کرتے ہین اور جب تک شری رام چندر سوامی کرپا نہین کرتے ہین تب تک ہے گرڑجی اس جیو کو بشرام نہین ملتا ہی۔

سورٹھا

اس بچار مت دھیر تج کترک سنشی سکل
بھجو رام رگھبیر کرنا کر سندر سکھد

۱ نج مت سرس ناتھ مین گائی پربھ پرتاپ مہما کھگ رائی
۲ کہیون نہ کچھ کر جگت بشیکھی یہ سب مین نج نینن دیکھی
۳ مہما نام روپ گن گاتھا سکل امت اننت رگھناتھا
۴ نج نج مت من ہر گن گاوین نگم شیش شو پار نہ پاوین
۵ تمھین آد کھگ مشک پر جنتا نبھ اڑاہین نہین پاوین انتا
۶ تم رگھپت مہما اوگاہا + تات کبہون کوؤ پاو کہ تھاہا
۷ رام کام شت کوٹ سبھگ تن درگا کوٹ امت ارمردن
۸ شکر کوٹ شت سرس بلاسا نبھ شت کوٹ امت اوکاشا

٣٩ - دوہا

مرُت کوٹ شت بِپُل بل رب شت کوٹ پرکاش
ششِ شت کوٹ سُشیتل شمن سکل بھوتراس

سورتھ - ایسا بچار کرکے مَتِ دِھیر گرُڑجی بھگتون کے اوتارون مین سب کُترک یعنی اعتراضات ناقص اور سندیہ چھوڑ کر شری رام رگھُبیر ہی کا بھجن کرویے ہی شری رام چندر سوامی دیا کرنے والے ہین اور پرم سُندر ہین سب سُکھ کے دینے والے ہین انسے بڑے اور کوئی بھی نہین ہی - اسلوک -

श्लोक ॥ रामं सत्य परब्रह्म रामात्किंचिन्न विद्यते ॥ ५ ॥

چوپائی - ١ - اپنی بُدّھ کے سمان سب ناتھ مین نے شری رام چندر جی کے پرتاپ کی مہما کہی ٢ - یہ سب مین نے اپنی آنکھون کا دیکھا ہوا کہا ہی کچھ بناکر نہین کہا ہی - ٣ - شری رام چندر سوامی کی مہما اور اُنکے نام اور اُنکے گُنون کی کتھا سب اتھاہ ہی کیونکہ شری رام چندر سوامی اننت ہین - ٤ - اپنی اپنی بُدّھ کے انُسار مُنیشور لوگ شری رام چندر سوامی کے گُن جہانتک بجدہ ١٢ بنتا ہی بڑھا کر کہہ لیتے ہین پرنت پار تو نہ ہین پاتے ہین نہ شیش جی پاتے ہین نہ شِو جی مہاراج پاتے ہین - ٥ - و ٦ - سے لیکر اِستک (مسا - مچھر) تک پنچھی اکاش مین اُڑتے ہین اور اُسکا پار کوئی بھی نہین پاتے ہین ایسے ہی شری رام چندر سوامی کی مہما اپار ہی اُسکی تھاہ کوئی لیسے پاسکتا ہی - ٧ - سَو کروڑ کامدیو کے سمان تو شری رام چندر سوامی سُندر ہین اور اننت کوٹ دُرگا دیبی کے سمان شتر کے مارنے والے ہین ایسا کہنے مین بھی کیا شری رام چندر سوامی کی مہما کا پار مِل سکتا ہی نہین مِل سکتا ہی - ٨ - سَو کروڑ اندر کے سمان شری رام چندر سوامی کا سُکھ بھوگ ایشورج ہی اور سَو کروڑ اکاش کے برابر شری رام چندر جی کا اوکاش (یعنی پھیلاو) ہی - ٣٩ - دوہا - سَو کروڑ پون کے برابر شری رام چندر سوامی کا بل ہے اور سَو کروڑ سورج کے برابر پرکاش ہی اور سَو کروڑ چندرما کے سمان شیتل ہین -

دوہا -

کال کوٹ شت سرس اتِ دُستر دُرگ دُرنت
دھوم کیتُ شت کوٹ سم دُرادھرکھ بھگونت

١ پربھ اگادھ شت کوٹ پتالا ۔ شمن کوٹ شت سرس کرالا
٢ تیرتھ امِت کوٹ سم پاون ۔ نام اکھل اگھ پُنج نساون
٣ ہم گِر کوٹ اچل رگھبیرا ۔ سِندھ کوٹ شت سم گمبھیرا

۴ کامدھین شت کوٹ سمانا ٭ سکل کامدا ایک بھگوانا
۵ شارد کوٹ امت چترائی ٭ بدھ شت کوٹ سرشٹ نپنائی
۶ بشن کوٹ شت پالن کرتا ٭ رُدر کوٹ شت سم سنگھرتا
۷ دھند کوٹ شت سم دھنوانا ٭ مایا کوٹ پرپنچ ندھانا
۸ دھرادھرن شت کوٹ اہیشا ٭ نربدھ نروپم پربھ جگدیشا

دوہا- سو کروڑ کال کے سمان شری رام چندر سوامی دُستر ہیں۔ دُرگ ہیں وُرنت ہیں اور سو کروڑ اگن کے سمان دُرادھرکھ ہیں۔ چوپائی- ۱- پاتال سے سو کروڑ گنے اتھاہ اور گہرے ہیں اور بجر سے سو کروڑ گنے کٹھور ہیں- ۲- اننت کوٹ تیرتھوں کے سمان پوتر ہیں جن سوامی کا نام پاپوں کا ناش کرنے والا ہے ۳- کروڑ ہماچل پربت کے سمان شری رگھناتھ جی اچل ہیں سو کروڑ سمندر کے سمان گمبھیر ہیں- ۴- سو کروڑ کامدھین کے سمان سب کامنا کے دینے والے ہیں- ۵- سو کروڑ شاردا کے سمان چتر ہیں سو کروڑ برہما جی کے سمان سرشٹی کرتا ہیں- ۶- سو کروڑ بشن کے سمان پالنے والے ہیں سو کروڑ رُدر کے سمان سنگھار کرنے والے ہیں ۷- سو کروڑ کُبیر کے سمان دھن وان ہیں مایا سے کروڑ گنے پرپنچ ندھان ہیں- ۸- شیش جی سے بھی سو کروڑ گنے دھرادھرن ہیں ایسی اودھ کلپنا (خیالی اندازہ) کب لوگ یعنی شاعر لوگ کر لیتے ہیں شری رام چندر سوامی تو نربدھ ہیں نروپم ہیں سرمیشور ہیں-

۴۰- چھند
نرپم نہ اُپما رام سمان نگم آگم کہو ٭ ٭ ۶
جم کوٹ شت کھدیوت سم رب کہت اتِ لگھتا لہو
یہ بھانت نج نج مت بلاس منیش ہر وکھان ہیں
پربھ بھاؤ گاہک اتِ کرپال سپریم سُن سکھ مان ہیں

دوہا-
رام امت گن ساگر تھاہ کہ پاوے کوئے
سنتن سن جس کچھ سُنیوں تمہیں سُنایوں سوئے

سورٹھ
بھاؤ بشیہ بھگوان سکھ ندھان کرنا بھون
تج ممتا مد مان بھجیے سدا سیتا رمن

۴۰ چھند- شری رام چندر سوامی تو سب گرجی نراُپمان ہیں کوئی بھی اُن کے سمان نہیں ہے ایسا بید اور شاستر کہتے ہیں پھر بڑوں بڑوں سے سو کروڑ گنا شری رام چندر سوامی کو کہنے سے

